برطانوی ہند کا نظام سیاسی

تصنیف

ای۔ اے۔ ہارن آئی۔ ای۔ ایس

ترجمہ

مولوی سید نجیب اشرف صاحب ندوی

سنہ ۱۳۵۰ھ سنہ ۱۳۴۰ف سنہ ۱۹۳۱ء

یہ کتاب آکسفورڈ یونیورسٹی پریس کی اجازت سے
جس کو حق اشاعت حاصل ہے اردو میں ترجمہ کرکے
طبع وشائع کی گئی ہے

برطانوی ہند کا نظام سیاسی

برطانوی ہند کے سیاسی نظام کا یہ تمہیدی خاکہ جس میں سنہ ۱۹۱۹ء کی دستوری تبدیلیوں پر خاص طور سے اظہار خیال کیا گیا ہے، ان تقریروں پر مبنی ہے جو مصنف نے بہار سنہ ۱۹۲۱ء میں جامعۂ ہارورڈ میں کی تھیں۔

عملاً یہ کتاب طلبہ کے لئے ترتیب دی گئی ہے، کہ ایک طرف تو یہ اس موضوع پر تمہیدی مواد بہم پہنچاتی ہے، اور دوسری طرف البرٹ کی "حکومت ہند" اور راسٹر بچی کی "ہندوستان" جیسی مستند نصابی کتابوں کے ضمیمہ کا کام دیتی ہے، اس لئے موخر الذکر خیال کے ماتحت اس کتاب میں ہندوستان کے جدید آئین کو باب (۲) میں بیان کیا گیا ہے۔

تاہم اس وقت یہ موضوع محض علمی دلچسپی سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے، ہندوستان کی حکومت خود اختیاری کا منشور دراصل اس عالمگیر جنگ کا لازمی نتیجہ ہے جو آزادی عمومیت کے لئے تھی اور حال ہی میں ختم ہوئی ہے، اور جو لوگ بعد از جنگ کے بند و بست سے دلچسپی رکھتے ہیں، ان کے لئے یہ منشور قابل مطالعہ ہے، ایسے ناظرین کی توجہ پہلے باب کی طرف جس میں ایک عام خاکہ پیش کیا گیا ہے، خاص طور سے مبذول کرائی جاتی ہے۔

ان تقریروں اور اس کتاب کی اشاعت میں ایک سال کا وقفہ ہو گیا ہے، اور اس وجہ سے یہ بات ممکن ہو گئی ہے، کہ اس میں ایک ایسے باب (۱۲) کا اضافہ کیا جائے، جس میں اصلاح شدہ دستور کی عملی صورت پر اظہار خیال کیا گیا ہو، اور اس کے ساتھ ہندوستان کی انقلابی تحریک کے حال کے مظاہروں پر

بحث کرنا بھی ممکن ہوگیا ہے۔ جن لوگوں نے گزشتہ بارہ مہینوں میں اہم ترین واقعات کا مطالعہ کیا ہے، ان کے لئے یہ مظاہرے منظم آئینی ترقی کے لئے بڑا خطرہ ہیں، باب ۷، اسی موضوع پر مشتمل ہے،

سینٹ انڈریوز
۱۵۔ اپریل ۱۹۲۲ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

برطانوی ہند کا نظامِ سیاسی

باب (۱)

ایک سرسری نظر

(۱)

آج سے تقریباً تین صدی قبل پہلی انگریزی ایسٹ انڈیا کمپنی نے جسے ملکہ الیزبتھ نے سولھویں صدی کے آخری دن منشور عطا فرمایا تھا، ہندوستان میں اپنی کوٹھیاں، یا تجارتی مرکز قائم کئے جیسا کہ اکثر کہا گیا ہے الیزبتھ نے لندن کے تاجروں کے گورنر اور کمپنی کو جو مشرقی جزائر ہند میں تجارت کرتی تھی جو فرمان عطا کیا تھا، وہ اپنے نظام حکومت خود اختیاری میں، چارلس اول کے اس فرمان سے بہت مشابہ تھا جو اوس نے "انگلستان جدید" میں خلیج میساچوسٹس کی کمپنی اور اس کے گورنر کو عطا کیا[1] تھا، اس فرمان کے ذریعے سے ایک گورنر ایک منتخب مجلس عاملہ (کورٹ آف ڈائرکٹرس

---

[1] البرٹ گورنمنٹ آف انڈیا (حکومت ہند) صفحہ ۱۰، بہرکیف یہ ملحوظ خاطر رہے کہ ایسٹ انڈیا کمپنی کا منشور اُس عہد کے استعماری فرمانوں سے اس حیثیت سے عملاً بہت مختلف تھا مثلاً مؤخر الذکر فرمانوں میں جہاں کمپنی کو نہ صرف اپنے ملازمین کے متعلق بلکہ مقبوضہ علاقہ کے متعلق بھی قانون سازی کے حقوق حاصل تھے، اول الذکر میں اس قسم کا کوئی حق علاقہ پر حکومت کرنے کا نہیں تھا۔

تاریخ دکن مولفہٗ مولانا ہاشمی صاحب فورتھ اسٹانڈرڈ اور فسٹ فارم میں حسب احکام ذیل منظور اور شریک نصاب ہوئی ہے قیمت (عمہ) سکہ عثمانیہ مِن مشتہر سے طلب فرمالیں ورنہ دوسری اڈیشن کا انتظار کرنا ہوگا۔

نقل مراسلہ صدر دفتر نظامت تعلیمات ممالک محروسہ سرکار عالی واقع ۵ دے ۱۳۲۶ف

نشان (۸۷) ۵۲-۱۷ف

منجانب نواب مسعود جنگ بہادر ناظم تعلیمات

بخدمت صدر مہتمم صاحبان تعلیمات اسماء بلدہ و صدر مہتمم صاحبہ مدارس نسواں و پرنسپل صاحبان ٹریننگ کالج بلدہ سٹی کالجیٹ اسکول بلدہ۔ انٹرمیڈیٹ کالج اورنگ آباد۔ جاگیردار کالج بیگم پیٹھ و پرنسپل صاحبہ زنانہ کالج نامپلی۔ و مہتمم گرلز اسکول حیدرآباد۔ و صدر صاحب صدر دارالضرب سرکار عالی

مقدمہ

شرکت نصاب تاریخ دکن مولفہٗ مولوی سید ہاشمی صاحب رکن دارالترجمہ سرکار عالی

مقدمہ مندرجہ عنوان نگارش ہے کہ تاریخ دکن مولفہ مولوی سید ہاشمی صاحب رکن دارالترجمہ سرکار عالی کو جماعت چہارم تحتانیہ (فورتھ اسٹانڈرڈ) اور فارم اول (فسٹ فارم) طبقہ وسطانیہ مدارس سرکار عالی میں امرداد ۱۳۲۶ف سے پانچ سال تک شریک نصاب کرنے کی منظوری ذریعہ مراسلہ محکمہ سرکار صیغہ تعلیمات نشان ۱۲ واقع ۲ آذر ۱۳۲۶ف صادر ہوئی ہے پس ان جماعتوں میں اسوقت جو تاریخیں پڑھائی جاتی ہیں وہ امرداد ۱۳۲۶ف سے موقوف فرمائی جائیں اور اوائل سال تعلیمی ۱۳۲۶ف سے تاریخ مذکور کے پڑھائی کا بندوبست فرمایا جائے۔ یہ تاریخ ماہ خورداد ۱۳۲۶ف تک طبع ہوجائیگی اور حیدرآباد کے کل کتب فروشوں سے مل سکیگی

مثنیٰ:۔ اطلاعاً بخدمت مولوی سید ہاشمی صاحب رکن دارالترجمہ سرکار عالی مرسل فقط

شرح دستخط
مولوی محمد عظمت اللہ خاں صاحب۔ مددگار ناظم تعلیمات

حسب مسودہ دستخطی
ناظم صاحب تعلیمات

المشتہر سید عبدالقادر تاجر کتب چارمینار حیدرآباد۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مدارس میں اجتماعی زندگی کی تربیت

موٹے الفاظ میں تعلیم کا مقصد یہ ہے کہ نونہالان قوم سیرت حسنہ کے زیور سے
آراستہ ہو کر جائز طریقہ سے کمانے اور اپنی مذہبی۔ قومی اور اجتماعی ذمہ داریوں کو باحسن
وجوہ انجام دینے کے قابل ہوں۔ بادی النظر میں اس مقصد کا حصول بہت ہی آسان
معلوم ہوتا ہے لیکن جن حضرات کو آیندہ نسلوں کے بگاڑنے یا بنانے کا فخر حاصل ہے
اُن سے یہ امر پوشیدہ نہیں ہے کہ اِن آسان الفاظ کو عملی جامہ پہنانا کس قدر مشکل ہے
اس غلط فہمی کی حقیقت یہ ہے کہ تدریس اور تعلیم کو عام طور پر مترادف سمجھا جاتا ہے
جس کی وجہ سے ہر اُس شخص کو جس نے معمولی نوشت و خواند کی بھی قابلیت حاصل کر لی ہو
تعلیم یافتہ کہا جاتا اور تعلیم دینے کے قابل تصور کیا جاتا ہے لیکن ایک ذرا سے غور و تعمق
کے بعد واضح ہوگا کہ تدریس کے معنی جس کا ماخذ درس ہے درس دینے یا کسی نئی چیز کے
طلباء کو بتلانے کے ہیں مگر تعلیم کا عام مفہوم اس سے کہیں زیادہ وسیع ہے اور اس عمل میں
نہ صرف تدریس ہی شامل ہے بلکہ اُس سیرت کا بھی حصول ہے جو ملک اور قوم کی بقا کے لئے
لابدی ہے بالفاظ دیگر تعلیم کے عمل میں دو جز شامل ہیں ایک تدریس دوسرا سیرت حسنہ کا

حصول۔ ظاہر ہے کہ پہلا جزو یعنے تدریس کا عمل بیحد آسان ہے اور ہر شخص جو نوشت وخواند میں معمولی دستگاہ رکھتا ہو اس جزو کی تکمیل کرسکتا ہے اور تعلیمی دنیا کے اکثر و بیشتر حصوں میں اسی کو نصب العین قرار دے لیا گیا اور یہی ہماری نام نہاد تعلیم ہے۔ مگر دوسرا جزو جس کے بغیر تعلیم بیکار و فضول ہے جتنا اہم ہے اتنا ہی مشکل سے تکمیل پاتا ہے اور اس جزو کی تکمیل کے لئے ان بزرگ ہستیوں کی ضرورت ہے جو نہ صرف حق اللہ اور حق العباد سے بلکہ اپنی اہم ذمہ داریوں سے بھی بخوبی واقف ہیں۔ اس اہم جزو کے نظر انداز کئے جانے کے یا اس کی طرف سے ایسی غفلت اور لاپروائی برتے جانے کے کئی وجوہ ہیں۔ پہلی وجہ یہ ہے کہ فی زمانہ تعلیم کا چرچا ہے جس کی وجہ سے طلبا کی تعداد اتنی کثیر ہے کہ لایق اساتذہ کا ملنا تقریبًا محال ہے۔ اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوا کہ معمولی نوشت وخواند جاننے والے حضرات بھی جن میں نہ اعلیٰ تخیلات ہیں نہ فرض شناسی اور نہ اپنے کام کی اہمیت کا احساس ہے تعلیم دینے کے لئے مامور بکار کر دیئے گئے جن طلبا نے ان حضرات کے روبرو زانوئے ادب تہہ کیا ہو اُن کی ذہنیت قابلیت اور فرض شناسی کا اندازہ کرنے کے لئے کچھ زیادہ قوت متخیلہ کی ضرورت نہیں ہے

دوسرا سبب یہ ہے کہ آج کل کی نام نہاد تہذیب و تمدن کے ساتھ ساتھ ہماری ضروریات زندگی اور اخراجات میں بھی اضافہ ہونے لگا جس کی وجہ سے محکمہ تعلیمات کی قلیل تنخواہیں لایق اور اولوالعزم حضرات کے لئے کافی ترغیب اور تحریص کا باعث نہیں ہوتیں۔ آج متمدن ممالک میں بھی یہی حال ہے کہ ذہین اور طباع لوگ عام طور پر ملازمت اور خصوصًا تعلیمات کی ملازمت کو ناپسند کرتے ہیں۔

تیسری وجہ تعلیم کی جانچ کا طریقہ ہے۔ اکثر حکومتیں کسی مدرسہ یا کالج کی کامیابی کی جانچ اس کے کامیاب شدہ طلبا کی تعداد سے کرتی ہیں اور نیکنامی و شہرت کا سہرا اس صدر مدرس کے سر ہوتا ہے جس کے مدرسہ سے سب سے زیادہ تعداد و فیصد کامیاب

ہوئی ہو۔ معائنہ مدرسہ کے وقت بھی طلبار کے صحیح جوابات ہی تعلیم کے تنہا معیار ہیں اور ہمارے خیال میں یہ محض تدریس کی جانچ ہے نہ کہ تعلیم کی حکومت کے اس طرز عمل سے مدرسین کا کل اسٹاف کتابوں کے رٹانے پر اکتفا کرتا ہے اور تعلیم کے دوسرے شاندار اور اہم پہلو کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ کسی زمانہ میں انگلستان میں بھی مدرسین کو نتائج کے حساب سے تنخواہیں دی جاتی تھیں اور اس کو (Payment by Results) کہا جاتا تھا مگر اس طرز عمل کی کمزوری کو بہت جلد محسوس کر لیا گیا اور اس قانون کی تنسیخ کر دی گئی۔ ہمارے ہاں گو یہ قانون نافذ نہیں ہے مگر مدرسین کی فلاح و بہبود کا بہت کچھ انحصار اسی قسم کے اصول پر ہے۔

چوتھی وجہ یہ ہے کہ خود مدرسین اور اعلیٰ تعلیم یافتہ مدرسین اجتماعی زندگی کے مفہوم اور اس کی تربیت کے طریقہ سے ناواقف ہیں۔ کچھ عرصہ ہوا کہ راقم الحروف سے ایک جلیل القدر مدرسہ فوقانیہ کے صدر مدرس صاحب نے فرمایا کہ وہ مختلف کلب اور سوسائٹیاں جن میں آیندہ نسل کے تخیلات کی تشکیل اور نفس کی تہذیب ہوتی ہے اپنے مدرسہ میں اس وجہ سے قائم نہیں کر سکتے کہ اُن کے ہاں اچھے یعنی سوسائٹیوں کے کام کو جاننے والے مددگار نہیں ہیں۔ کیا یہ اس امر کا ثبوت نہیں ہے کہ ہمارے تعلیم یافتہ مدرسین بھی اُن شعبوں کے مفہوم سے ناواقف ہیں جو ہماری آیندہ زندگی کے بناؤ اور سنوار کے جزو لاینفک ہیں۔

پانچویں وجہ یہ ہے کہ ہمارے مدارس کی زندگی جیسا کہ مہارانی صاحبہ بڑودہ نے اپنے خطبہ صدارت میں فرمایا مذہب اور قوم کے اعلیٰ تخیلات سے ملہم نہیں ہے مختصراً یہ کہ تعلیم کے عمل میں تدریس کے علاوہ اعلیٰ تخیلات کے ذریعہ ذہنی اور نفسی پاکیزگی شامل ہونی چاہیے اور مدارس کی زندگی میں وہ تمام شعبے داخل ہونے چاہئیں جن میں نونہالانِ قوم کو آگے چل کر حصہ لینا ہے۔

اگر مدارس کی چار دیواری کے باہر ایک بڑی سوسائٹی رہتی ہے تو اس کے اندر بھی ایک چھوٹی سی سوسائٹی ہے۔ ان دونوں میں فرق صرف اتنا ہے کہ بیرونی سوسائٹی میں جو بزن

اور بھلائیوں کے علاوہ بدیاں اور برائیاں بھی موجود ہیں اور مدرسہ کی مختصر سی سوسائٹی میں محض خوبیاں ہی خوبیاں ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ آج جو طلبا، مدارس میں تعلیم پا رہے ہیں انہیں کل مدرسہ کے باہر کی سوسائٹی میں جانا اور رہنا سہنا ہے۔ ملازمت اور ازدواج کے ساتھ ساتھ ان کی ذمہ داریوں میں اضافہ ہوگا۔ ان کے ہمسایہ اور پڑوسی بھی ہوں گے جن کے حقوق کا جاننا اس سوسائٹی کے ہر ممبر کا فرض ہے۔ ملک اور قوم کی بقا کے لئے اشتراک عمل محبت اتفاق اور ایثار کی ضرورت ہے۔ شکست و فتح سے بھی دو چار ہونا ہے۔ انتظام مملکت میں حصہ لینا اور حکومت و ماتحتی بھی کرنی ہے۔ غرض کہ دنیا میں قدم رکھتے ہی طلبا، کو ایسے ہی بے شمار کام کاج کرتے ہیں جن سے وہ کسی طرح پہلو تہی نہیں کر سکتے۔ اس لئے مدارس میں اس اجتماعی زندگی کا ایک چھوٹا سا نمونہ ہونا چاہئے جس میں طلبا، کو حکومت و ماتحتی۔ نظم و نسق۔ محبت۔ اتفاق۔ ایثار۔ ہمدردی اور ان بیشمار فرائض کی تربیت دی جائے جن کو انھیں آگے چلکر انجام دینا ہے ورنہ ایسے طلبا چار پائے بر و کتابے چند کے مصداق ہوں گے اور ایک کامیاب زندگی بسر کرنا ان کے لئے محال ہو جائے گا۔ بدقسمت ہیں وہ مدارس جن میں تعلیم کے اس درخشاں پہلو کو نظر انداز کیا جاتا ہے اور ہماری رائے میں ایسے مدارس خواہ اُن کی تعداد کامیاب شدگاں کتنی ہی بڑی ہو ہرگز ہرگز کامیاب مدارس نہیں کہلائے جا سکتے۔

یورپ میں اکسفورڈ اور کیمبرج۔ امریکہ میں ہارورڈ اور ایل۔ ہندوستان میں علیگڈھ اسی امتیازی خصوصیت کی وجہ سے دوسری تعلیم گاہوں کے پیش پیش ہیں یہاں طلبا کو نہ صرف لکھنا پڑھنا سکھایا جاتا ہے بلکہ حق العباد اور حق اللہ کی تعلیم بھی دی جاتی ہے بالفاظ دیگر ان تعلیم گاہوں کی زندگی قوم کی زندگی سے بیحد ملتی جلتی اور مذہب اور قوم کے اعلیٰ تخیلات سے ملہم ہوتی ہے۔

بہرحال اس ساری تمہید کا ماحصل یہ ہے کہ مدارس میں اجتماعی زندگی کی

تربیت کی طرف خاص توجہ کی جانی چاہئیے۔ اس مقصد کے حصول کے لئے مختلف کلب اور سوسائٹیاں قائم کی جائیں۔ طلباء کو اُن کے فوائد بتائے جائیں اور انہیں شرکت کی ترغیب و تحریص دیجائے مدرسین ان کلب اور سوسائٹیوں میں شریک ہوں اور ان کے مختلف مشاغل میں حصہ لیں اور خود صدر مدرس ان تمام کی روح رواں رہے

(باقی دارد)

جغرافیہ بیرون مدرسہ

از مولوی عبد الغفور صاحب بی۔ اے۔ بی۔ ٹی مددگار مدرس عثمانیہ ٹریننگ کالج حیدرآباد دکن

نصاب کے جملہ کتب میں صرف جغرافیہ ایسا مضمون ہے جس کو اچھی طور سے سمجھنے کے لئے بالراست عملی تجربہ کی ضرورت ہے اطراف و اکناف کے اشیاء کو دیکھکر دیگر اشیاء کے نسبت ٹھیک اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

گھر مدرسہ اور کھیل کے میدان سے جغرافیہ کی ابتداء ہوتی ہے اس مضمون کی تعلیم میں اگر اس سے چشم پوشی کی جائے تو گویا ایک ایسے عمارت کی تعمیر کی کوشش کی جاتی ہے جس کی کوئی بنیاد نہیں اور جب بنیاد کا وجود ہی نہ ہو تو عمارت کی تعمیر کی کوشش لاحاصل ہے۔ اس بنیادی اصول کو پس پشت ڈالنے کے سبب سے جغرافیہ کی تعلیم سے جو فوائد حاصل ہونے چاہئیے تھے نہیں ہوئے۔

بطور مثال دکن کے دریاؤں کو لیا جائے اور ان کی نسبت بچوں سے سوال کیا جائے۔ قوت حافظہ کی مدد سے جو کچھ کتاب میں لکھا گیا ہے اس کو دہرانے کی کوشش

کی جائے گی اگر قوت حافظہ بروقت مدد نہ دے تو خاموشی اختیار کی جائے گی دکن کے دریاؤں کو ذہن نشین کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہوسکتا ہے کہ مقامی دریا کی واقفیت بخوبی ہو اور جو کچھ واقفیت ہو وہ ذاتی تجربہ کی بنا پر ہو۔ اگر بچے بلدہ کے مدارس میں زیر تعلیم ہیں تو رود موسی پر بآسانی سبق دیا جاسکتا ہے مشاہدہ کی بنا پر موزوں سوالات کے ذریعہ جوابات اخذ کرائے جاسکتے ہیں اس قسم کی تعلیم کا اثر دیرپا ہوگا اب یہ دیکھنا چاہئے کہ ہر مدرسہ خواہ وہ کسی مقام پر ہو جغرافیہ کے معلومات کا پیش خیمہ ہوسکتا ہے یا نہیں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ مدرسہ خواہ کسی مقام پر ہو جغرافیہ کی ابتدائی تعلیم کا مواد بخوبی میسر آسکتا ہے۔

چنانچہ مدرسہ کے کمپونڈ یا کھیل کے میدان میں بارش ہونے کے بعد خاکنائے، آبنائے، جزیرہ نما جھیل وغیرہ کے اشکال نمودار ہو جاتے ہیں ان کا مشاہدہ کرا کر سوالات کے ذریعہ جوابات اخذ کرائے جائیں۔ اور ان کی مدد سے اصلی چیزوں کا تصور دلایا جائے اگر مدرسہ کے قرب وجوار میں یہ سطحی شکلیں قدرتی طور پر موجود ہوں تو مدرسین کو اسباق کی تیاری میں بہت کچھ سہولت ہوگی۔

بلدہ کے طبقہ تحتانیہ کے مدرسین حسب ذیل اشیاء سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

(۱) رود موسیٰ

(۲) املی بن (جزیرہ)

(۳) بڑی چادر (ابشار)

(۴) میر عالم (جھیل)

(۵) کھیت (موسیٰ کے کنارے موقعہ چادر گھاٹ)

(۶) جنگل (زیرین کٹہ حسین ساگر)

اس قسم کے اسباق کی کامیابی صرف اسی وقت ہوسکتی ہے جبکہ مدرس دلچسپی لے اور ایک باقاعدہ پروگرام مرتب کرے اور حسب پروگرام ان چیزوں کا معائنہ کرے۔ بوقت معائنہ

مدرس اس امر کی احتیاط کرے کہ بچوں کے پاس نوٹ بک مہیا رہیں۔ مدرس کو چاہئے کہ عملی سبق دینے کے پیشتر خود بغور ان چیزوں کا مشاہدہ کرے اور اسباق تیار کرے اگر وہ اس خصوص میں لاپروائی برتے گا تو بیرون مدرسہ جو کچھ تعلیم ہوگی وہ محض بیکار ہوگی۔ صرف رسمی طور پر بیرون مدرسہ تعلیم دینے سے کوئی فائدہ نہ ہوگا بلکہ الٹا نقصان ہوگا۔ بچوں کے دل میں غلط خیالات جاگزیں ہوجائیں گے جو ان کے آیندہ تعلیمی ترقی میں سدِّ راہ ہونگے اس لئے یہ نہایت ضروری ہے کہ مدرس دلچسپی سے پہلے سبق تیار کرے اور پھر بچوں کی توجہ ان اشیاء کی خصوصیات کی طرف مبذول کرائے۔

بچے خاص خاص باتوں کو نوٹ کرتے جائیں۔ دوسرے دن جماعت میں مکالمے کے طور پر اس خصوص میں بحث کی جائے اور بچوں سے کہا جائے کہ اس کی نسبت ایک مفصل نوٹ پیش کریں۔

ذیل میں رود موسیٰ پر بطور نمونے کے ایک مختصر سبق دیا جاتا ہے۔

سبق

سابقہ واقفیت کی بنا پر نشیب کے طرف پانی بہنے کے متعلق سوالات کئے جائیں

پانی بہنے کی وجہ | بچوں کو رود موسیٰ میں بڑی چادر کے نیچے لے جاکر مشاہدہ کرایا جائے ڈھلوان کی طرف اشارہ کیا جائے پانی کے بہنے میں جو رکاوٹ پیدا ہوتی ہے اس کی طرف توجہ مبذول کرائی جائے۔ رکاوٹ پیدا کرنے والی اشیاء کو بچے بتلائیں۔

ریت کی نسبت سوال کیا جائے۔ یہ کیا ہے؟ کہاں سے آئی؟

تھوڑی سی ریت پانی میں ڈال دی جائے بڑے پتھروں کے قائم رہنے اور ریت کے بہنے کی نسبت سوال کیا جائے۔

رفتار دریا | دریا کے کنارے بڑی چادر کے پہلو میں جو نالا بہتا ہے اس میں ایک

کارک ڈوری سے باندھا ہوا ایک سو قدم کے فاصلہ تک بہتا ہوا چھوڑا جائے۔ بچوں سے کہا جائے۔ کہ گھڑی دیکھکر بتلائیں کہ اس قدر فاصلہ طے کرنے کے لئے کس قدر وقت صرف ہوا۔ مگر اس کارک کو چھوٹی چادر کے نیچے تھوڑے فاصلہ پر چھوڑا جائے ایک سو قدم کا فاصلہ طے کرنے کے بعد۔ وقت نوٹ کر لیا جائے سوال کے ذریعہ کارک کی رفتار کا فرق معلوم کیا جائے۔ رفتار میں کیوں فرق ہے؟

دریا کی زمین پتھریلی ہے بنا بریں دریا کے پانی کی رفتار تیز ہونے کے نسبت جواب اخذ کرایا جائے۔

ناقابل جہازرانی | ایک چھوٹی کاغذ کی کشتی چھوٹی چادر کے نیچے دریا میں چھوڑ دی جائے کشتی کے چلنے کے نسبت جواب اخذ کرایا جائے مشاہدہ کی بنا پر اس دریا کا ناقابل جہازرانی ہونا بتلایا جائے۔

زرخیز مٹی | ایک بچے سے کہا جائے تھوڑی سی مٹی دریا کے تہ سے نکالے اس جگہ سے مٹی نکالی جائے جہاں دریا کی گہرائی کم ہے۔ اس مٹی کا معمولی مٹی سے مقابلہ کرایا جائے مشاہدہ کی بنا پر اس مٹی کا نہایت عمدہ ہونا ظاہر کیا جائے۔ اور یہ بتلایا جائے کہ یہ مٹی زرخیز ہے۔ نیز یہ بتلایا جائے چونکہ دریا تیز بہتا ہے اس لئے مٹی بہجاتی ہے اور جہاں دریا کی رفتار سست ہوتی ہے وہاں مٹی جمع ہو جاتی ہے۔

ہمیشہ نہیں بہتا | موسم گرما و باراں میں دریا کا مشاہدہ کرایا جائے۔ مشاہدہ کی بنا پر یہ امر ذہن نشین کرایا جائے کہ دریا موسم باراں میں بہتا ہے اور موسم گرما میں خشک رہتا ہے۔

طلبا کی کامیابی

(گذشتہ سے پیوستہ)

عمل صحیح | رنگ برنگ کے پھول خوشبودار کلیاں ہرے بھرے پتے میٹھے میٹھے لذیذ پھل سایہ گستر درخت سبھی کو پسند آتے ہیں لیکن شگوفہ و گل میں اگر رنگینی و خوشبو برگ و بار میں سرسبزی و شیرینی نہ ہو تو پھینک دئے جانے کے قابل ہیں اور درختوں میں اگر بارآوری یا سایہ گستری نہ ہو تو قطع کر دئے جانے کے لائق۔ بے فیض انسان کا یہی حال ہے بے عمل عالم کے متعلق سعدی علیہ الرحمۃ نے کیا اچھا کہا ہے ؎

بار درختِ علم ندانم مگر عمل | علم اگر عمل نکنی شاخ بے بری

مال و زر نفع اٹھانے اور فائدہ پہنچانے کے لئے ہے ورنہ ع

زبہر نہادن چہ سنگ و چہ زر

اسی طرح دولتِ علم کا ماحصل یہی ہے کہ اہل علم عمل صحیح سے خود کو آراستہ کریں اور اپنے معلومات سے اوروں کو نفع پہنچاتے رہیں بعض طالب علم صرف پڑھنا جانتے ہیں پڑھے ہوے پر کاربند ہونا انہیں نہیں آتا جن علوم سے یہ بہرہ ور ہوتے جاتے ہیں اُن پر عمل پیرا ہوتے نظر نہیں آتے۔ ریاضی میں مہارت انہیں حاصل ہو گئی تاریخ و جغرافیہ میں دور تک معلومات پیدا کئے فارسی و انگریزی جاننے والے کہلائے گئے عربی اور دینیات میں بھی دخل رکھنے والے مشہور ہو چکے مگر حالت اور اصلی حالت یہ ہے کہ عملی جیومٹری بھی پڑھی مگر اس پر عمل ندارد حساب جانا مگر روزمرہ کے کاروبار بے حساب ہی طے پاتے رہے جبر و مقابلہ سے ضروریات زندگی میں سنتا ید ہی کبھی

کام لیا گیا سائنس میں مشاق ہوئے مگر ایجاد و اختراع سے علیحدگی ہی رہی تاریخ
ازبر ہوگئی مگر اس سے نیک و بد کا سبق حاصل نہ ہوا جغرافیہ یاد ہے لیکن سیاحت
وتجارت میں اس علم سے مدد نہیں لی گئی فارسی بول نہیں سکتے انگریزی کا یہ حال کہ
خواہ بولیں یا لکھیں غلطیوں سے کلام پاک نہیں۔ عربی تو اتفاقاً زبان زاید کے طور پر
آئی اور چلی گئی دینیات کے مسائل قریب امتحان یاد تھے پھر لاتو ان کی ضرورت
ہی نہ پڑی یا کسی نہ کسی طرح کام چل ہی گیا ؎

واہ اے بیخودی شوق کیا خوب سلوک — اس کو گر ڈھونڈ نکالا تو کیا گم مجکو

میرے شفیق طالب علمو! ہمن ناچیز تحریر کو مبالغہ نہ خیال کرو خلاف طبع باتیں سمجھکر
کشیدہ خاطر نہ ہو انصاف بالائے طاعت است ذرا غور کرو اور انصاف سے
غور کرو کہ کون ایسا طالب علم ہے جسے ضروریات زندگی سے سابقہ نہیں پڑتا ؎

سلطان وگدا در طلب جامۂ نان اند — تا باز رہا نند جسد را و شکم را

میں نے بارہا طلبا سے اس کے متعلق سوالات کئے ہیں مگر کسی جماعت کے طلبا نے
مجھے تشفی بخش جوابات نہیں دئے مختلف قیمتوں کی متعدد چیزیں بازار سے لانے کے لئے
کہا جاتا ہے طالب علم ہر سودے کے لئے بغیر پنسل کاغذ لئے اور دس پانچ منٹ صرف
کئے صحیح جواب نکال ہی نہیں سکتا۔ حالانکہ تھوڑی دیر میں دس دس بیس بیس
سودے ہر روز خریدنے پڑتے ہیں غریب ہے خود لانا پڑتا ہے دولتمند اوروں سے
منگواتے ہیں۔ طلبا سے جب روزمرہ حسابات کے متعلق مجھے صحیح جوابات نہ ملے
تو میں نے عرض کی کہ تمہاری زندگی پھر کس طرح بسر ہوگی یہی حال رہا تو ہمیشہ خرید و
فروخت کے وقت نقصان اٹھاتے رہوگے اس پر مختلف طلبا نے جو جوابات دئے
ہیں سننے کے قابل ہیں۔ (۱) سوداگر خود منصف اور حساب داں ہوتے ہیں برابر ہی
دیں گے (۲) ابا جان سودا لایا کرتے ہیں مجھے بازار جانے کی ضرورت نہیں پڑتی۔

(۳) یہ معمولی نقصانات کچھ زیادہ مضرت بخش نہیں (۴) بڑے بڑے سوالات حل کرلئے
جانے کے بعد یہ معمولی سوالات لایق توجہ ہی نہیں۔ غرض عزیز طالب علموں نے سب کچھ
کہا مگر کسی سے یہ جواب نہ ملا کہ جو سکھیں گے اُس کو کام میں لانے کی تجویز کریں گے اور ریاضی
کے گہرے سوالات کے ساتھ ساتھ معمولی روزمرہ کے سوالات کی مشق بھی جاری رکھیں گے
ان چشم دید واقعات سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ بعض تعلیم یافتہ کے مقابلہ میں ایک بوریا
باف رقبہ نکالنے میں سبقت لے جاتا ہے تو ایک بقال جزئی حسابات میں صحت پر رہتا ہے
طالب علمو اگر تمھیں حقیقی طور پر علم کی روشنی سے منور ہونا ہے تو جو کچھ سیکھو اُس کا
استعمال حتی الامکان جاری رکھو مثلاً حساب میں جتنے معلومات بہم پہونچیں اُن کو حسب ضرورت
برتتے بھی جاؤ جغرافیہ سیکھو تو جہاں کہیں تمھیں سفر کا موقع ہو اس علم سے مدد لینے کی کوشش
کرو اور علم کو عملی حیثیت سے کام میں لاتے رہو۔ تاریخ میں جو واقعہ بھی پڑھو اس کے اچھے
برے نتائج ذہن نشین کرو اور حسب موقع تاریخی تذکروں اور ان کے نتیجوں سے اوروں کو
مستفید کرتے رہو اگر تاریخ میں بُروں کا ذکر آئے تو وہ بری خصلتیں اپنی طبیعت سے دور کرو
اچھوں کے حالات سے عمدہ خصائل اپنے میں پیدا کرنے کی کوشش کرو۔

فارسی پڑھکر زبان فارسی کے بلند پایہ مصنفین کی تصانیف سے بہرہ اندوز
ہوتے رہو انگریزی پڑھو تو صرف زبان دانی یا ناول بینی پر اکتفا نہ کرو بلکہ جو علمی ذخیرے
اس زبان میں جمع ہیں حتی المقدور اُن سے جتنا بھی کام لے سکتے ہو لو۔ عربی سیکھی ہے
تو علم وفن اور دینی کتب کا مطالعہ جاری رکھو دیندار بنو اوروں کو نیک بنانے میں
کوشاں رہو۔ دینیات کے ضروری مسائل حاضر فی الذہن رکھو اور خود عمل پیرا رہکر اوروں کو
بھی ان سے واقف کرتے جاؤ۔

اطاعت واحترام والدین و اساتذہ | ایک شیر خوار بچہ جسے کچھ عقل وتمیز ہے نہ اپنے برائے کی خبر اپنی راحت
کی کچھ فکر کرسکتا ہے نہ تکلیف وہ چیز کو دفع کرنے کی قدرت رکھتا ہے

پاکیزگی سے اسے کچھ سروکار ہے نہ غلاظت سے ننگ و عار بھوک کے وقت رونا تو جانتا ہے مگر خورد و نوش کے اسباب مہیا کرنے سے قاصر ہے۔ برہنگی کی حالت میں سردی کی شدت سے لرزتا ہے مگر اپنے جسم کو محفوظ رکھنے کی تدبیر سے واقف نہیں اس کا جینا مشکل ہے اور آفتوں سے محفوظ رہنا دشوار مگر باوجود اس بے بسی کے ناز و نعمت میں پلتا ہے تمام ضروریات زندگی کی تکمیل بغیر کسی محنت و مشقت کے ہو جاتی ہے اس لئے کہ جان سے زیادہ عزیز رکھنے والی والدہ اور دلی ہمدردی کرنے والا والد موجود ہے والدہ اپنا خون پلا کے اوسے پرورش کرتی ہے اپنی راحت و آسائش کو اس پر قربان کر دیتی ہے والد اپنی محنت کی کمائی اس کی پرورش میں خوشی خوشی خرچ کرتا ہے اور اس کی صلاح و فلاح کا جان و دل سے طالب ہے۔ بچہ ہے کہ کبھی رات رات بھر والدہ کو جگاتا ہے تو کبھی چیخ چیخ کے والد کا دماغ پریشان کرتا ہے یہ شرارتیں کرتا ہے ماں باپ خوش ہوتے ہیں یہ انہیں مختلف طریقوں سے ستاتا ہے" والدین اس کو دعائیں دیتے ہیں۔ غرض خدا خدا کرکے یہ صاحبزادہ بڑا ہوا ہوش و حواس سنبھالے داخل مدرسہ بھی ہو گیا۔ زیر تعلیم تو ہے مگر والدین کے ساتھ اس کا برتاؤ جاہلانہ ہی رہا۔

بعض طلبار کی حالت یہ ہے کہ ان کا تعلیم پانا ماں باپ پر غضب ڈھانا ہے یہ مدرسہ کیا آتے ہیں والدین کے سر پر ایک آفت لاتے ہیں۔ بات بات پر والدین کی نافرمانی بار بار تعلیم مدرسہ کا بہانہ۔

غریب باپ کہتا ہے کہ آج مجھے ضروری کام ہے ذرا بازار سے سودا لے آنا عزیز بیٹا ترش رو ہو کر جواب دیتا ہے کہ مجھے مدرسہ کا کام انجام دینا ہے اسباق یاد کرنے سے مجھے فرصت نہیں باپ کچھ کہہ نہیں سکتا مجبوراً خود ہی بازار چلا جاتا ہے صاحبزادے فوراً پڑھنا چھوڑ اپنے دوست کی ملاقات کے لئے راہی ہوتا ہے کوئی طالب علم برخاست مدرسہ کے بعد گھر پہنچتا ہے والدہ محبت بھری نگاہوں سے اپنے تعلیم یافتہ لخت جگر کو

دیکھتی ہے اور دلی مسرت کے ساتھ اس سے ہمکلام ہونا چاہتی ہے مگر طالب علم ہے کہ اپنی والدہ کی طرف نظر اٹھا کر دیکھنے کو تک کسرشان سمجھتا ہے اور مدرسہ کی تکان کا والدہ پر اس طرح اظہار کرتا ہے کہ گویا تھکاوٹ کی وجہ سے بات کرنا بھی دشوار ہے مگر یہی تھکا ماندہ طالب علم جب گھر سے باہر نکلتا ہے تو بیوفا دوستوں کے ساتھ چرب زبانی میں مشغول ہو جاتا ہے۔

کسی طالب علم کا بھی خواہ باپ اگرچہ خود بے علم ہے مگر اس کو لائق بنانا چاہتا ہے اور تاکیداً کہتا ہے کہ ادھر اُدھر اوقات ضائع نہ کیا کرو مغرب کے ساتھ ہی اسباق یاد کرنے میں مشغول ہو جاؤ اس پر طالب علم نے ان پڑھ باپ کے سامنے کتاب کھولی اور اناپ شناپ سنا کر یہ باور کرا دیا کہ یہی صحیح ہے پھر اپنے دوستوں میں اس بے ادبی کا تذکرہ قہقہے لگا لگا کے بیان کرتا ہے اور اپنے بزرگ باپ کی ہنسی اوڑاتا ہے سعدی علیہ الرحمۃ نے سچ کہا ہے ؎

زنانِ باردار اے مرد ہشیار — اگر وقت ولادت مار زائید
ازاں بہتر بہ نزدیک خردمند — کہ فرزندان ناہموار زائید

طلبا نے ذکاوت پیدا کی حاضر جوابی سیکھی مگر اپنی چستی و چالاکی، لسانی و طراری کا نشانہ اپنے غمخوار والدین ہی کو بناتے رہے۔

عزیزو تمہاری آنکھیں اس لئے نہیں ہیں کہ غریب والدہ پر نکالی جائیں تمہاری زبان اس واسطے نہیں ہے کہ نرم دل والدہ سے سخت کلامی کی جائے تمہارا علم تمہاری لیاقت و قابلیت والدسے اپنے کو برتر و بزرگ سمجھنے کے لئے نہیں ہے تمہاری چستی و چالاکی والدین کو پریشان کرنے میں صرف نہیں ہونی چاہیے۔ اگر عقلمند ہو تو ماں باپ کے بے نظیر احسانات کبھی نہ بھولو لائق کہلاتے ہو تو والدین کا انتہائے ادب ملحوظ رکھو۔

مشہور ہے کہ رستم ایک دن اپنی والدہ پر کسی وجہ سے خفا ہوا اور غصے کی حالت میں اپنی انگلی سے اشارہ کر کے کہنے لگا کہ بڑھیا میرے سامنے تیری کیا حقیقت ہے صرف اس انگلی کی ایک مار تیری جان لینے کو کافی ہے" ضعیفہ نے اپنے پہلوان بیٹے کو کچھ جواب نہ دیا آہستہ اُٹھی اور حجرہ میں سے ایک گہوارہ نکالا اور رستم کے سامنے لا رکھا اور کہنے لگی کہ رُستم اس وقت تو مجھے ڈرا دھمکا یا اپنی انگلی سے مجھے مار ڈال مگر تجھے یہ یاد رہے کہ کسی زمانہ میں تو اتنا سا بچہ تھا اور میں تجھے اپنا خون پلاتی تھی اور اس گہوارہ میں تجھے جھلا جھلا کے پالتی تھی"۔

عزیز طالب علمو! از قدر خود شناس کے مصداق تم کتنے ہی قابل کیوں نہ ہو جاؤ اپنی اصلی حالت کو نہ بھولو اور والدین کی ان محنتوں مشقتوں کو نظر انداز نہ کرو جو تمہارے پرورش کرنے میں انہوں نے برداشت کی ہیں تمہارا باطمینان تعلیم پانا ان کے وجود پر موقوف ہے تمہاری لیاقت ان کی اطاعت پر منحصر پس اس مسعود وجود کو غنیمت سمجھو اور ان کی زندگی کی قدر کرو حضرت سعدی علیہ الرحمۃ نے اپنے والد ماجد کے زیر سایہ رہنے پھر مبارک سایہ کے سر سے اُٹھ جانے کے زمانہ کا باہمی فرق کیا ہی موثر اور درد بھرے الفاظ میں ظاہر فرمایا ہے پڑھو اور اس سے اپنے والدین کی قدر و منزلت کا سبق حاصل کرو فرماتے ہیں ؎

من آنگہ سر تاجور داشتم	کہ سر در کنار پدر داشتم
اگر بر وجودم نشستے مگس	پریشاں شدے خاطر چند کس
کنوں گر بزنداں برندم اسیر	نباشد کس از دوستانم نصیر

اکثر والدین کو یہ شکایت رہا کرتی ہے کہ بچہ جب سے مڈل یا میٹرک کامیاب ہو گیا ہے ہماری سنتا نہیں اپنے میں آپ مست رہتا ہے۔ ہم غریب آدمی ہیں بڑی مشکل کا سامنا ہے کہ نہ ہمارا غریبانہ گھر اسے پسند ہے نہ ہمارے گھر کا کھانا پینا اسے اچھا معلوم ہوتا ہے

خود کماتا ہے نہ ہماری کمائی خوشی کھاتا ہے ہر وقت آزردگی کے سامان ہیں اور رات دن کی فضول تکراریں۔

طالب علمو اور بڑی جماعتوں کے طالب علمو یہ کیا غضب ہے کہ تم تعلیم سے صرف فیشن کا سبق حاصل کرتے ہو اور اپنی سادہ اور آرام دہ زندگی کو خواہ مخواہ پرتکلف بنا کر تکلیفیں اٹھاتے ہو کیا یہ انصاف ہے کہ تم تو لڑ جھگڑ کے اپنے غریب باپ کی کمائی سے قیمتی پوشاک جو تمہاری حیثیت سے بہت زیادہ ہے تیار کرواؤ اور اپنے زیب تن کرو اور تمہارا غمگسار باپ پھٹے پرانے کپڑے پہنا ہوا پریشان حال پھرتا ہے۔ تمہارے پاؤں تو ولایتی بوٹ سے مزین ہوں اور والد ماجد برہنہ پا ٹھوکریں کھاتا پھرے ع

نہ ہے شریعت و تقوی نہ ہے طریقت و کیش

والدین کا یہی احسان بہت زیادہ ہے کہ تمہاری تعلیم کا حسب حیثیت انتظام انہوں نے کر دیا نوشت و خواند کی ضروری اشیا تمہارے لئے وقتاً فوقتاً وہ مہیا کرتے رہتے ہیں۔ تمہاری حق شناسی یہ ہے کہ تم ان کے شرمندۂ احسان رہو اور جو کھلائیں خوشی سے کھاؤ جو پہنائیں مسرت کے ساتھ پہن لیا کرو۔ والدین کے ساتھ نہایت نرمی سے گفتگو کیا کرو اپنی کسی خواہش کا اظہار مطلوب ہو تو دبی زبان میں ان سے عرض کر دیا کرو پھر تمہاری آرزو پوری ہو کہ نہ ہو بہر حال شاد و خرم رہو۔ والدین کبھی تم پر غضبناک ہوں تو انکا غصہ خواہ بے محل ہی ہو تمہاری لیاقت یہ ہے کہ ہمیشہ تحمل سے کام لو اور ان کی سخت باتوں سے بجائے آزردہ دل ہونے کے لذت لو کیونکہ تمہاری سخت کلامی پر وہ تمہیں پیار کیا کرتے تھے ان ہے تمام احسانات سے قطع نظر صرف تمہیں انکا کھلانا پلانا ہی کافی احسان ہے نمک حلالی بہت ضروری چیز ہے جس کا نمک کھاؤ اس سے بیوفائی نہ کرو ماں باپ نے تمہیں پالا پوسا ہر طرح تمہاری دیکھ بھال کی اس شکریہ میں عمر بھر ان کے شکرگذار رہو اور اپنی جان و مال ان کے لئے وقف خیال کرو۔

یہ ظاہر ہے کہ جسم و روح میں فرق ہے جسم کثیف ہے روح لطیف جسم فانی ہے روح باقی۔ جب جسم کے پرورش کرنے والوں کی تعظیم لازمی ٹھہری تو روحانی تربیت کرنیوالوں کی تکریم نہایت ضروری ہوگی۔ اساتذہ ہماری روحانی تربیت کے کفیل رہا کرتے ہیں تہذیب و شائستگی ہم انہیں کے طفیل سیکھتے ہیں۔ ہماری آیندہ زندگی کی عظمت و شان اساتذہ ہی کے دم قدم سے وابستہ ہے اس لئے طلبار کا فرض ہے کہ ان کا ادب ماں باپ سے بھی زیادہ ملحوظ رکھیں مگر افسوس ہے کہ اساتذہ کی حقیقی قدر و منزلت میں آئے دن کمی ہوتی چلی جا رہی ہے ظاہری توقیر تو کسی قدر کر لی جاتی ہے مگر دلوں میں اساتذہ کی جو وقعت ہونی چاہیئے اس سے طلبار بے بہرہ نظر آتے ہیں۔

بعض طالب علموں کے پاس استاد کی کرسی اور معمولی اسٹول برابر ہیں ادھر سبق پڑھا کر استاد جماعت سے رخصت ہوئے دوسرے استاد کے آنے تک خواہ کچھ منٹ ہی کیوں نہ ملیں شاگرد اپنی جگہ سے اٹھتا ہے اور کرسی استاد پر متمکن ہو جاتا ہے حالانکہ ؎

دلا تا بزرگی نیاری بدست　　　بجائے بزرگاں نباید نشست

بعض طلبا کا یہ حال ہے کہ جب تک شریک جماعت رہے استاد متعلقہ کا ادب لحاظ ایک حد تک برقرار رکھا جیسے ہی اعلیٰ جماعت میں ترقی پائی اور پہلے استاد سے بے تعلقی ہوئی ان کا ادب بھی رخصت ہو گیا آخر کار آخری جماعت کا امتحان پاس کرنے کے بعد جب مدرسہ چھوٹا تو قدیم اساتذہ سے راستہ میں بھی چار آنکھ ہونا بار خاطر ہو گیا اتفاقاً کبھی مقابلہ ہو ہی گیا تو طوعاً و کرہاً سلام کر لیا ورنہ اس کی بھی نوبت آنے نہ پائی ؎

مدتے بر تو بگذرد کہ گذر　　　نکنی سوئے تربتِ پدرت

تو بجائے پدر چہ کردی خیر　　　کہ ہماں چشم داری از پسرت

ایسے بھی حق شناس شاگرد دیکھنے میں آئے کہ کسی قدر لیاقت پیدا کی اور اساتذہ کے

علم و لیاقت پر نکتہ چینیاں شروع کردیں کبھی ایک استاد کے پاس دوسرے استاد کی شکایت کی جاتی ہے کبھی غلط بیانات کے ذریعہ ماں باپ کو اساتذہ سے بدظن کیا جاتا ہے کہیں جماعت کی جماعت متفق ہوکر استاد کو مختلف طریقہ سے تنگ کیا جاتا ہے کبھی غائبانہ میں استاد صاحب کے حرکات و سکنات کا مضحکہ اڑایا جاتا ہے کبھی بالمشافہ زبان درازیاں کی جاتی ہیں غرض مدرس صاحب کو بعض طلبا نے بندۂ بے دام سمجھ رکھا ہے انہیں بے ادبیوں کا اثر ہے کہ استاد کے فیضان علم سے کافی طور پر مستفیض نہیں ہو سکتے ع

با ادب باش تا بزرگ شوی

چونکہ بعض طلبا نے ادب میں کمی کردی عزت علم سے بھی محروم رہنے لگے۔

حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے استاد حضرت حماد رح کا اس طرح ادب کیا کہ جب تک حماد زندہ رہے امام نے ان کے گھر کی طرف اپنے پاؤں نہ پھیلائے اس ادب کا صلہ یہ ملا کہ دنیا آج تک ان کو امام اعظم کے نام سے یاد کرتی ہے اور اس آخری زمانہ میں بھی کم و بیش پانچ کرور مسلمان اس امام کے پیرو ہیں اور اس کے مجتہدانہ اقوال پر عمل کرنے کو سعادت دارین سمجھتے ہیں۔ فاضل ہندی قاضی شہاب الدین رحمۃ اللہ علیہ اپنے اساتذہ کے خویش و اقارب کی تک تعظیم و تکریم کرتے چنانچہ ایک وقت ایک عالم کی شاگردی کے لئے روانہ ہوئے راستہ میں معلوم ہوا کہ عالم کے قرابت دار بہت ہیں قاضی صاحب یہ سنتے ہی محض اس لئے واپس ہوگئے کہ استاد کے ان تمام اقربا کا احترام ان کے لئے ناممکن تھا تاہم قاضی صاحب اپنی پیرانہ سالی میں بھی جب کبھی اس راہ سے گذرتے ازراہ ادب پیدل ہوجاتے اور دوسروں کے سہارے چلتے۔ فرماتے کہ آخر میں نے اس عالم کی شاگردی کا ارادہ تو کیا تھا۔

حیرت کا مقام ہے کہ اگلے زمانہ کے بزرگ استاد کے خویش و اقارب کی تک تعظیم کیا کرتے اور جس کی شاگردی کی نیت بھی کرتے اس کا ادب اپنے اوپر لازم سمجھتے اب

استاد کے احباب تو در کنار خود استاد ہی کی خاطر داری بار خاطر ہو گئی ہے استاد کے مقام اور اس کے راستہ کی تعظیم رہی ایک طرف خود استاد صاحب جماعت میں تشریف فرما ہوں تو بعض طلبا کے لیے تعظیماً اپنی جگہ صرف کھڑے ہو جانا ناگوار ہے۔

میرے ہونہار طالب علمو ہر اہل علم کو عموماً اپنے استاد کو خصوصاً نہایت بزرگ ہستی خیال کرتے رہو اس کے ادب و تعظیم کے لحاظ سے تمھارا ظاہر و باطن ایک رہے اس کی دریا دلی کی قدر کرو کہ فضل و کمال کے کیسے کیسے جواہر تمھارے دامن مراد میں بھر دیا کرتا ہے اور علم و فن کے بے بہا موتی تمھارے گوش گزار کیا کرتا ہے۔ اس کا چشمہ علم تمھارے لئے آب حیات ہے اس کی مار تمھارے واسطے ماں باپ کے پیار سے بہتر ہے کیوں کہ اس کا انجام نیک نامی و کامیابی ہے۔ ع

جس کا انجام ہو اچھا وہ مصیبت اچھی

اگر کامیابی چاہتے ہو تو استاد کا بحد ادب ملحوظ رکھو اس کی ہر بات کو غور سے سنو جو کہے اس پر بطیب خاطر عمل کیا کرو

محمد حسام الدین فاضل

کھیلوں کا طرز تربیت

مولوی سید محمد ہادی صاحب بی اے بی ٹی (کنٹب) ناظم ورزش جسمانی

معلم ورزش گیمس ماسٹر کا طرز عمل اس میزبان کی طرح ہونا چاہیے جو میزبانی کی ہر بات میں

حصہ لیتا اور اس کی کوشش کرتا رہتا ہے کہ اس کا مہمان خوش وخرم رہے۔ نہ صرف یہی بلکہ
گیمس ماسٹر کو اس کا خیال رکھنا چاہیے کہ وہ اپنے ہر ایک طالب علم کی سیرت سے واقف
ہو جائے اور اس کی خوبیوں اور برائیوں کو جانچ سکے۔ اس مقصد کے حصول کا بہتر طریقہ یہ ہے کہ
اس کو اپنے رتبے کا خیال نہ رہے بلکہ بچوں کے ساتھ خود بھی کھیل میں حصہ لے کیونکہ اس صورت
میں وہ بچوں کے اطوار و افعال سے بخوبی واقف ہو سکتا ہے۔ اور اس کی محبت بچوں کے
دلوں میں جاگزیں ہوتی ہے۔ ان اساتذہ کو جو کلاس روم میں سبق پڑھایا کرتے ہیں
اس قسم کا موقع نہیں مل سکتا کیوں کہ اگر وہ بچوں کے ساتھ مذاح کریں یا انہیں آزادی دیں تو
ضبط (ڈسپلن) میں فرق آجائے گا جس کی ان کو ضرورت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ایسے
اساتذہ نہ اپنے لڑکوں کی سیرت سے اچھی طرح واقف ہوتے ہیں اور نہ ان میں اور
بچوں میں ایسا خلوص پیدا ہوتا ہے جیسا کہ ہونا چاہیے۔ پس اگر کوئی گیمس ماسٹر ہوشیار
اور تعلیم یافتہ ہے تو وہ اُن مواقع سے جو اس کو اکثر کھیل میں ملا کرتے ہیں بیحد فوائد اٹھا
سکتا ہے اور بچوں کے چال وچلن درست کرنے اور ان کی جسمانی حالت کو ٹھیک کرنے
میں اپنے کو نہایت کارآمد ثابت کر سکتا ہے۔ اس کام کے لئے سب سے بڑی شرط
دلچسپی ہے اگر استاد کو اپنے لڑکوں کی درستگی میں دلچسپی نہ ہو اور وہ صرف تنخواہ کمانا
چاہتا ہو تو اس کے لئے مواقع کا ملنا اور نہ ملنا یکساں ہے۔

یوں تو ہر استاد حالات اور اپنی طبیعت کے مطابق کھیل سکھلانے کا اصول
اپنے لئے مرتب کر سکتا ہے لیکن چند باتیں یہاں بتلائی جاتی ہیں جو اُن لوگوں کے کام
آسکتی ہیں جو ناتجربہ کار اور نو سکھ ہیں۔

کسی نئے کھیل کو شروع کرنے کے قبل استاد کو چاہیے کہ سب لڑکوں کو جمع کر کے
ایک چھوٹی سی تقریر کرے جس میں اس کھیل کے اصول اور طریقوں کو سلیس الفاظ میں
بیان کیا جائے۔ اور جب لڑکے ان سے آگاہ ہو جائیں تو چند ہوشیار طلباء کو منتخب کیا جائے

اوران سے کہا جائے کہ اس کھیل کو کھیلیں اور دوسرے طلباء مشاہدہ کریں۔ اس طرح بہت جلد لڑکے کھیل سے واقف ہو جائیں گے۔

اب رہا یہ مسلہ کہ استاد کس قسم کے کھیل سکھائے اس بات کو خود اسے جانچنا اور سمجھنا چاہیئے اسے لازم ہے کہ کئی ایک کھیلوں سے واقف ہو تاکہ جب وہ محسوس کرے کہ بچوں کا دل ایک طرح کے کھیل سے اُکتا گیا ہے تو دوسرا کھیل شروع کر دے جس سے ان کی دلچسپی قائم رہے اور کسی وقت بھی ضبط میں فرق نہ آنے پائے۔ کیوں کہ کھیلتے وقت اگر لڑکے شور وغل مچائیں تو کھیل کا لطف جاتا رہتا ہے۔ نیز استاد بھی مشکلات میں پھنس جاتا ہے۔ لڑکوں کی تعلیم ایسی ہونی چاہیئے کہ جس وقت استاد حکم دے وہ اپنے کو ساکت بنا دیں اور اس کے حکم کی پابندی کریں۔ چونکہ استاد کا بار بار چلانا معیوب تصور کیا جاتا ہے اس لئے اگر وہ اپنے یہاں ایک سیٹی رکھے تو بہتر ہوگا۔ لڑکوں کو تاکید کی جائے کہ سیٹی کی آواز پر وہ خاموش ہو جایا کریں۔

گیمس ماسٹر کو دھیان رکھنا چاہیئے کہ جو فوائد کھیل سے حاصل ہوتے ہیں وہ ہر ایک لڑکے کو ملیں جو لڑکے بزدل اور شرمیلے ہوں ان کو جرأت دلائی جائے اور ان سے ہمدردی کی جائے۔ کیونکہ ایسے ہی لڑکے ہمدردی کے مستحق ہوتے ہیں۔ جب کبھی وہ ذرا سی بھی ہمت دکھائیں تو ان کی تعریف کی جائے اور ان کی برائیوں کو پوشیدہ رکھنے کی کوشش کی جائے جو طلاب خود غرض اور جری ہوں اور اس فکر میں رہتے ہوں کہ کھیل میں سب سے زیادہ حصہ لیں اور شرمیلے لڑکوں کو محروم رکھیں تو استاد کا فرض ہے کہ ان کو اس روش سے روکیں اور ان کے حق کے مطابق انہیں حصہ دے۔ بچوں کو اس بات کی ترغیب دلائی جائے کہ وہ چست و چالاک رہیں اور اپنے کام کو پھرتی سے انجام دیں۔ کم عمر بچوں کے گرنے یا چوٹ کھانے کی زیادہ پروا نہ کریں کیونکہ ان کا گرنا اور چوٹ کھانا ان کے لئے فائدہ مند ہوتا ہے اور آیندہ چلکر وہ مضبوط اور تندرست نکلتے ہیں۔

ٹیم گیمس کی طرف زیادہ توجہ کی جانی چاہیے کیونکہ ان کی بدولت بچوں میں اتفاق و ہمدردی کا مادہ ہوتا ہے۔ اس بات پر زور دیا جائے کہ ایک ٹیم کے سب لڑکے اپنی ٹیم کی کامیابی اور عزت حاصل کرنے کی کوشش کریں اور اس میں خود غرضی کا دخل نہ ہونے دیں۔ اگر کوئی لڑکا اپنی شہرت کا خواہاں ہو کر دوسروں کا کھیل خراب کرتا ہے تو اس کو تاکید کی جائے کہ ایسا نہ کرے اس پر بھی اگر وہ اپنی روش نہ بدلے تو اسے ٹیم سے نکال دیا جائے کیونکہ ایسے لڑکے کا اثر دوسروں پر برا پڑتا ہے۔

استاد کا فرض ہے کہ کھیل کے قواعد سے بخوبی واقف ہو اور ان کے مطابق کھیل سکھلائے جو لڑکے قواعد کی پابندی نہ کریں ان کے ساتھ سختی سے پیش آنا چاہیے۔ ورنہ ضبط میں فرق آجائے گا اگر کوئی لڑکا کھیل کے درمیان بے ایمانی کرے تو اسے اچھی خاصی سزا دینی چاہیے تاکہ آیندہ کے لئے اسے سبق مل جائے۔ تجربہ سے ثابت ہوا ہے کہ کھیل جیتنے کے لئے جو لڑکے بچپن میں جھوٹ بولتے اور بے ایمانی کرتے ہیں وہ بڑے ہونے کے بعد بھی ان عیوب کو دور نہیں کر سکتے لہذا اس بات کا زیادہ خیال رکھا جائے کہ لڑکے بچپن ہی سے ایسی تربیت پائیں کہ جھوٹ و بے ایمانی ان کی سرشت سے دور ہو جائے۔

اکثر دیکھا جاتا ہے کہ ہندوستانی طلبا کھیل کے درمیان منصف (رفری) کی جانچ سے برہم ہو کر ناشایستہ الفاظ اس کی شان میں استعمال کرتے ہیں اور بعض اوقات لڑنے جھگڑنے کے لئے کھڑے ہو جاتے ہیں یا جب کبھی کھیل میں شکست ہوتی ہے تو بجائے اس کے کہ ایک اعلیٰ کھلاڑی (اسپورٹسمن) کی طرح اپنی شکست قبول کریں اور غالب ٹیم کو اس کی کامیابی پر مبارکباد دیں فوراً کوئی حیلہ ڈھونڈ کر اعتراض پیش کر دیتے ہیں۔ یہ ایک نہایت ہی بری خصلت ہے۔ منصف حتی الامکان انصاف سے کام لینے کی کوشش کرتا ہے لیکن وہ بھی انسان ہے کبھی بھول چوک ہو جاتی ہے۔ لہذا اس پر لعنت بھیجنا اور اعتراض کرنا شرفا و کھلاڑی کا شیوہ نہیں گیمس ماسٹر کا فرض ہے کہ لڑکوں کو ابتدا ہی سے اس بات کا عادی بنا دے کہ وہ منصف کے

ہر حکم کو بلا عذر و حیلہ بجا لائیں اور شکست کے بعد فاتح ٹیم کو اس کی کامیابی پر مبارکباد دیں اور اُن خوبیوں پر نظر ڈالیں جو اس ٹیم کی کامیابی کا باعث ہوئیں اور اپنی برائیوں کو دور کرنے کی کوشش کریں۔

ہمارے مدارس میں کھیلوں کی تعلیم اصول کے مطابق نہیں ہوتی۔ اس کی یہ وجہ ہے کہ اکثر ہیڈ ماسٹر اس جانب توجہ نہیں کرتے اور نہ ان کو اہم تصور کرتے ہیں۔ حالانکہ کھیل ایک ایسا ذریعہ ہے جس کی بدولت طلباء کے چال چلن بہ نسبت کتبی تعلیم کے زیادہ درست ہوسکتے ہیں۔ یہی سبب ہے کہ انگلستان اور امریکہ میں کھیل کو بہت اہمیت دی گئی ہے اب وہ وقت آگیا ہے کہ ہم بھی اپنے دقیانوسی خیالات کو بدل دیں اور کھیل میں جو وقت صرف ہوائے سے رائگاں نہ سمجھیں۔ اگر ہمارے یہاں کے صدر مدرسین کھیل کی تعلیم کو ایسے اساتذہ کے زیر نگرانی کریں جو خود اپنے زمانے میں عمدہ کھلاڑی رہے ہوں اور جنہیں اب تک کھیل سے دلچسپی باقی ہو اور جو اعلیٰ تعلیم یافتہ بھی ہوں تو یقیناً بہت جلد ہمارا ملک بھی اس شعبہ میں ترقی کرے گا۔ ہمارے یہاں کے مدارس میں کھیلوں کی تعلیم عموماً ڈرل ماسٹروں کے ذمہ کی جاتی ہے جو اس کام سے ناواقف اور تعلیم یافتہ بھی نہیں ہوتے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ یہ اصحاب کھیل میں دلچسپی نہیں لیتے اور اگر کسی قدر لیں بھی تو ان کے اصول سے واقف نہیں ہوتے ہیں۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ لڑکے ابتدا ہی سے غلط اصول پر کھیل سیکھتے ہیں جو آئندہ چلکر ایسی جڑ پکڑتے ہیں کہ اگر انہیں درست اصول و طریقے بتائے بھی جائیں تو کار آمد ثابت نہیں ہوتے جس کی وجہ سے ان کی ترقی محدود ہو جاتی ہے۔

مجھے امید ہے کہ اگر متذکرہ بالا اصول و ہدایات پر اساتذہ متعلقہ عمل پیرا ہوں تو طلباء مدارس کے چال چلن بھی درست ہوں گے اور وہ کھیل میں بہت کچھ ترقی کریں گے۔

طلبائے دارالعلوم کی سیر ایلورا

از جناب پرکاش راؤ صاحب ایم۔ اے۔ ایل۔ ٹی۔ مددگار دارالعلوم
مترجمہ مولوی اللہ بخش صاحب بی۔ اے مدرسہ فوقانیہ عثمانیہ دارالعلوم

تعلیمی سفر اگر عمدہ اور صحیح اصول پر ترتیب دیا جائے تو نہایت ہی اہمیت اور قدر و قیمت رکھتا ہے چنانچہ اسی خیال کو مد نظر رکھ کر ہم نے چند مہینوں قبل اس امر کا تہیہ کر لیا کہ اس خصوص میں اپنی ابتدائی مہم کی افتتاح کر دیں اور جب اس معاملہ پر غور و خوض سے کام لیا گیا تو یہ بات ذہن میں آئی کہ اگر ہم ایلورہ کے سفر کا ارادہ کریں تو ہم کو بہت سے تاریخی مقامات کے دیکھنے کا موقع مل سکے گا کیونکہ ناندیڑ میں سکھوں کا گردوارہ۔ اورنگ آباد میں رابعہ دورانی کا مقبرہ۔ دولت آباد کا قلعہ۔ خلد آباد کے مقابر یہ کل عمارات حیدرآباد سے ایلورے تک ہم کو راستے ہی میں ملتی ہیں اور ہر مقام اپنی اپنی انوکھی خصوصیت رکھتا ہے ان میں سے ایک سکھوں کا مندر ہے دوسرا ایک مقبرہ ہے جو دنیا کے مقبروں میں سب سے زیادہ ممتاز مقبرہ ممتاز محل کے طرز پر تعمیر کیا گیا ہے تیسرا ایک قلعہ ہے جس کا ذکر ہندوستان کی ہر تاریخ میں موجود ہے اور چوتھا مقام مشاہیر کے مزارات کا نادر مجموعہ ہے جو زمانہ قدیم کے اولیاء اللہ اور بادشاہوں کا قبرستان ہے اور جو اس قابل ہے کہ اس پر بھی ایک ایسی ہی پراثر اور گداز نظم لکھی جائے جو انگلستان کے مشہور و معروف قبرستان ویسٹ منسٹر ابے پر لکھی گئی ہے جہاں انگلستان کے ہر علم و فن کے ذی کمال اور یگانۂ روزگار شعرا اور علما مدفون ہیں۔ اور سب سے آخری وہ نادرۂ روزگار پہاڑوں میں تراشے ہوے مندر ہیں جنہوں نے دنیا کو اپنی قدرت اور شان و عظمت سے محو حیرت بنا رکھا ہے اور جن کی

برکت سے بارہ صدیاں گذر جانے کے بعد بھی ایلورے کے کھنڈر اب تک تیرتھ گاہ بنے ہوئے ہیں جہاں نہ صرف ہندوستان اور ممالک مشرق سے لوگ امنڈے چلے آتے ہیں بلکہ ان کی عجیب غریب صناعی اقالیم امریکہ و یورپ کے شوقین سیاحوں کو بھی اپنی طرف کھینچتی رہی ہے

الغرض ہم نے اس خیال سے کہ یہ ہمارے طلبا کے حق میں نہایت ہی مفید اور سبق آموز ثابت ہوگا۔ ایلورے ہی کے سفر کی ٹھان لی اور ضروری انتظام و اہتمام کے بعد اس تجویز کو عملی جامہ پہنا دیا۔ آگے چلکر میں اس سفر کے تفصیلی حالات بیان کرونگا مگر قبل ازیں یہ عرض کردینا ضروری سمجھتا ہوں کہ یہ تفصیل دوسروں کے لئے ایسی دلچسپ ثابت نہیں ہوگی جیسی میرے اور میرے طلبا کے لئے ہو سکتی ہے لیکن باوجود اس کے میں اپنے ہم پیشہ اساتذہ کے روبرو اس امید پر تفصیلی حالات پیش کرنا چاہتا ہوں کہ وہ بھی جب کبھی اس قسم کے سفر کا تہیہ کریں تو ہمارے تجربات سے ان کو کچھ نہ کچھ فائدہ اور سہولت حاصل ہو۔

اس سفر کا تہیہ کرنے کے بعد روانگی سے ایک مہینہ پیشتر ہی ہم نے لڑکوں کو اس سے آگاہ کردیا چونکہ سفر دور دراز کا تھا اس لئے صرف جماعات فوقانیہ کے طلبا کو شریک کرنے کی تجویز کی گئی اور یہ طے پایا کہ سفر تعطیلات سرما میں کیا جائے۔ سفر کی دلچسپی کو بڑھانے کی غرض سے میں نے اس خیال کا بھی اظہار کردیا کہ کچھ حصہ سفر پاپیادہ بھی طے کیا جائے کیونکہ اس سے ایک تو اخراجات میں بھی تخفیف ہوگی اور دوسرے لڑکوں کے لئے سیر و تفریح کا بھی موقع ہاتھ آئے گا۔ جو رقم ہر لڑکے کے ذمے مقرر کی گئی بہت ہی قلیل تھی سفر کو لڑکوں کے لئے دلکش بنانے میں جملہ ممکنہ طریقوں سے کام لیا گیا پہلے پہل تو لڑکوں نے بڑے ہی جوش کا اظہار کیا یعنے پچاس طلبا نے ساتھ چلنے میں رضامندی ظاہر کی اور میں اپنے دل میں سمجھتا تھا کہ اگر بارہ لڑکے بھی ہمارا ساتھ دے سکیں تو کچھ کم خوشی کی بات نہیں ہے کیونکہ میں نے مصمم ارادہ کرلیا تھا کہ کم سے کم بارہ لڑکے بھی جمع ہوجائیں تو سفر پر روانہ ہوجاؤں گا لیکن جب سفر پر روانہ ہونے کا وقت آپہونچا

تو بارہ لڑکوں میں سے بھی ایک لڑکا کم ہوگیا اور میرے شامل ہونے کے بعد بارہ کی تعداد پوری ہوئی۔

یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ حیدرآبادی لڑکوں کے سرپرست ہنوز تعلیمی سیر و سیاحت کے مفید اور سبق آموز تجربات کا مطلق احساس نہیں رکھتے وہ اپنے بچوں کی پوشاک و خوراک میں بیس پچیس روپے وقت واحد میں صرف کردیں گے لیکن تعلیمی سیر و سیاحت کی غرض سے دس بارہ روپے کا صرف بھی بیکار سمجھتے ہیں کیونکہ جوتوں اور کپڑوں کا مصرف وہ خود اپنی آنکھوں سے دیکھ لیتے ہیں لیکن علمی سیر و سیاحت کے فوائد کوئی مادی شئے تو نہیں کہ اُس کو بھی وہ آنکھوں سے دیکھ لیں۔

خیر اس کا ذکر جانے دیجئے اصل واقعہ سنئے۔ ہم کو اپنے سفر کے لئے ریلوے رعایتی ٹکٹ حاصل کرنے میں پہلے پہل کسی قدر دقت اٹھانی پڑی لیکن خدا بھلا کرے ٹرافک منیجر کا کہ اس نے ازراہ ہمدردی ہمارے اس سفر کو قواعد ریلوے کے منافی خیال نہیں کیا بلکہ اس کا تعلیمی اغراض پر مبنی ہونا تسلیم کرکے رعایت منظور کرلی۔ اگر آئندہ کسی مدرسے کو اس قسم کی دقت پیش آئے تو ہماری یہ نظیر اس دقت کو حل کرنے میں بہت ہی موید ثابت ہوگی۔

سفر کا نظام العمل قبل از قبل تیار کرلیا گیا اور لڑکوں کو اس کی اطلاع دیدی گئی پہلے ہمارا یہ خیال تھا کہ باورچی کو ساتھ لے جائیں لیکن لڑکوں نے خود پکانے پر آمادگی ظاہر کی تو یہ خیال کچھ اپنی مدد آپ کرنے کے اصول کو مدنظر رکھ کر ترک کردیا گیا لیکن ساتھ ہی لڑکوں کو متنبہ کردیا گیا کہ ہر قسم کی سختی اٹھانے پر تیار رہیں ان کو یہ ہدایت بھی کردی گئی کہ اپنے ساتھ جہاں تک ممکن ہو ہلکی گٹھڑیاں لائیں تاکہ وقت ضرورت ان کو اپنی کمر سے باندھ کر بھی چل سکیں۔ حقیقت میں جب ہم

دولت آباد پر ریل سے اترے تو بنڈی والوں نے کرائے کے بارے میں تکرار شروع کردی لڑکے خود خلدآباد تک اپنا سامان آپ لیکر چلنے پر آمادہ ہوگئے اور جب کرائے کا تصفیہ ہوگیا تو لڑکوں نے بڑی مشکل سے میرے کہنے پر اپنا سامان بنڈی والوں کے حوالے کیا۔ ہر ایک لڑکے کو ایک توشک ایک تکیہ۔ ایک بلانکٹ۔ ایک یا دو کپڑوں کے جوڑے ایک رکابی ایک لوٹا صابون اور برسش رکھنے کی ہدایت کی گئی جن کے پاس پانی کی بوتلیں اور سفری تھیلے تھے ان سے کہا گیا کہ یہ چیزیں بھی ساتھ رکھیں تو اچھا ہے۔

ہم ۲۵ ڈسمبر کو عین سردی کے زمانے میں روانہ ہونیوالے تھے اور ہمیں ایک سطح مرتفع پر جانا تھا لہذا لڑکوں کو ہدایت کردی گئی کہ وہ گرم لباس پہنیں بعض لڑکوں نے اپنی نادانی کی وجہ سے ہماری نصیحت پر توجہ نہیں کی جس کا یہ نتیجہ ہوا کہ انہیں صبح کے دس بجے تک خلدآباد کے کڑکڑاتے ہوئے جاڑوں میں سر سے پاؤں تک کانپتے ہوئے دیکھ کر ہمیں بڑا افسوس ہوا کرتا تھا۔

بعض لڑکے بھاری ہانڈ بیگ اور بستر اپنے ساتھ لائے تھے اگر اتفاق سے دولت آباد پر بنڈی والے سے کرائے کا تصفیہ نہ ہوتا تو اس وقت ان کے بھاری بوجھ کی حقیقت کھلتی ان کو اپنی حماقت اور نادانی کا پورا پورا خمیازہ بھگتنا پڑتا۔ لڑکوں سے یہ بھی کہا گیا تھا کہ وہ اپنے ساتھ پنسل اور نوٹ بک بھی رکھ لیں اور دن بھر جن جن چیزوں کا مشاہدہ کریں رات کو بطور ڈائری کے لکھ لیا کریں تاکہ حیدرآباد واپس ہونے کے بعد اس کی مدد سے مضامین لکھ سکیں۔ ہم نے اپنے ساتھ ایک کوڈاک (کیامرہ) بھی اس غرض سے رکھ لیا تھا کہ جو جو مقامات ہمارے دیکھنے میں آئیں وہاں کے بعض بعض مناظر کے فوٹو بھی لے لیں۔ نیز ہم نے ناظم صاحب آثار قدیمہ سے اس امر کی اجازت بھی حاصل کرلی تھی کہ ایلورا کے بعض غاروں کے فوٹو لے سکیں۔

غرض اس طرح ساز و سامان سے درست ہو کر ہم پچیسویں دسمبر ۱۹۲۶ء کو رات کی ٹرین میں حیدر آباد سے روانہ ہوئے اور دوسرے دن دو بجے اورنگ آباد پہونچے۔ یہاں پہونچنے کے بعد جب یہ معلوم ہوا کہ جن صاحب کے پاس ہم نے قیام کا انتظام کیا تھا وہ شہر میں موجود نہیں ہیں تو ایک گونہ مایوسی ہوئی لیکن اتفاق سے وہاں بعض دوستوں کی مہربانی سے ہماری رہائش کا خاصا انتظام ہو گیا اور ہم بہت جلد آرام و آسائش کے ساتھ گورنمنٹ ہائی اسکول کے ایک کشادہ ہال میں فروکش ہو گئے ہمارے ساتھ کا ایک لڑکا فوراً دوڑ کر شہر گیا اور ایک اسکاوٹ بائے کی مدد سے روٹی پھل اور دودھ خرید لایا جو ہمارے دوپہر کے کھانے کے لئے کافی ہو گیا بعض لڑکوں نے کانا پھوسی شروع کر دی کہ ان کی سختی کا زمانہ ابھی سے شروع ہو گیا کیونکہ چپاتی چاول اور سالن نہیں ملا۔ حقیقت تو یہ ہے کہ اس کے بعد چوبیس گھنٹوں تک ان کو اسی طرح گزارنا پڑا کیونکہ وہاں پکانے کا کوئی انتظام نہیں ہو سکتا تھا اور دوسرے دن بارہ بجے تک ہم کو محض ڈبل روٹی چائے پھلوں پر بسر کرنا پڑا جب ہم شہر میں گشت لگا رہے تھے تو کہیں لڑکوں کی نظر ایک ہوٹل پر پڑ گئی اور سب نے اصرار شروع کر دیا کہ دن کا کھانا اسی ہوٹل میں کھالیں وہ ایسا کثیف ہوٹل تھا کہ کبھی میری نظر سے نہیں گذرا تھا اور نہ میں نے کبھی عمر بھر ایسی جگہ قدم رکھا تھا مگر لڑکوں کے اصرار پر مجھے بھی جانا پڑا اور جب میں نے ان کو شوق کے ساتھ نوالے پر نوالہ اڑاتے اور رکابیوں پر رکابیاں جو ہوٹل کا آدمی لالا کر دے رہا تھا چٹ کرتے ہوئے دیکھا تو محسوس ہوا کہ بھوک بھی انسان کو کس حالت پہونچا دیتی ہے کہ اس کو نہ اچھے کا خیال رہتا ہے نہ برے کا۔ میں دل ہی دل میں اپنے آپ پر نفرین کر رہا تھا کہ کیوں میں نے ان کو ایسی کثیف جگہ پر کھانے کی اجازت دی اور اورنگ آباد ہی سے مجھے اس بات کا خوف دامنگیر ہو گیا کہ دیکھیں آخر تک لڑکوں کے طرز عمل کی حالت کیسی رہتی ہے لیکن جیسا کہ آپ آگے چلکر دیکھ لیں گے۔

لڑکوں نے ہر ایک بات میں جوانمردوں کی طرح کام کرنا شروع کر دیا حالانکہ ابتدا میں وہ
کسی قدر پست ہمت نظر آتے تھے۔

ہم نے اورنگ آباد کے مختلف مقامات کی سیر میں نہایت تیزی سے کام لیا
اور جب تک وہاں ٹھیرے ایک لمحہ بھی بیکار جانے نہیں دیا اس میں شک نہیں کہ سب سے
زیادہ مسرت بخش نظارہ روضہ کا تھا۔ ہم نے پن چکی، ایک مشہور و معروف مسلمان ولی
کا مقبرہ، اورنگ زیب کا محل عثمانیہ کالج اور مدرسۂ صنعت و حرفت بھی دیکھا۔ ہم نے
آبادی کا اندازہ کرنے کی غرض سے شہر کی بعض گلیوں میں بھی گشت لگایا۔ فٹ بال،
ہاکی اور کرکٹ کے مقابلے بھی جو اس وقت وہاں ہو رہے تھے دیکھنے کا اتفاق ہوا
اور اڑتالیس گھنٹے قیام کرکے اس مقام کی سیر سے پورا پورا لطف اٹھانے کے بعد ہم
۲۸ ڈسمبر کو دولت آباد روانہ ہوئے۔

ہم دولت آباد کو تقریباً دو بجے شام کے پہونچے اور اپنا سامان ایک بنڈی
میں ڈال کر خلد آباد پیدل گئے سفر نہایت ہی دل کش اور دلپذیر تھا جس سے ہم سب
کمال درجہ مسرور و محظوظ ہوے۔ سڑک کے دونوں جانب بیر کے درخت جو بیروں سے
لدے ہوئے تھے دو رویہ قطار باندھے چلے گئے تھے لڑکے دوڑ دوڑ کر بیر چننے میں
ایسے مصروف ہوئے کہ سفر کی تکان بھی قریب قریب بھول گئے۔ جا بجا ہم چکردار
راستے کو چھوڑ کر ایک ڈھالوان پہاڑی پر جو چھوٹے چھوٹے پتھروں سے بھری ہوئی
ہوتی تھی مسافت کم کرنے کی غرض سے نہیں بلکہ کھیل اور دلگی کے طور پر چڑھ جایا کرتے تھے
مجھے ان کو ایسی حالت میں دیکھ کر ہمیشہ بڑی مسرت ہوتی تھی کیونکہ میں اچھی طرح سے محسوس
کر رہا تھا کہ کھلی ہوا اور مناظر قدرت ان پر علانیہ اپنا اثر ڈال رہے ہیں اور اس طرح سے
مجھے ان کے یہاں لانے کے مقاصد میں سے ایک مقصد پورا ہوتا ہوا نظر آتا تھا اس میں
کوئی شک نہیں کہ میں نے یہاں اپنا تحکمانہ طریقہ بالکل ہی ترک کر دیا اور سفر بھر میرا

طرز عمل ایسا ہی رہا میں بلا تکلف ان کی ہنسی دل لگی میں ان کا شریک حال ہو گیا کیونکہ اس سے میرے دل کو بے انتہا تسکین حاصل ہوتی اور وہ تمام رکاوٹیں جن سے بناوٹ اور تکلف کا اظہار ہوتا تھا یک لخت جاتی رہیں اور مجھے ایسا محسوس ہونے لگا کہ گویا خود اپنے بچوں میں ہوں۔ لڑکوں کی اس قابل تعریف بات کا یہاں ذکر کر دینا ضروری ہے کہ انہوں نے اس آزادی کو جو میں نے انہیں دے رکھی تھی بری طرح استعمال نہیں کیا۔ شروع سے آخر تک ان کا رویہ لایق تحسین و مستحق ستایش رہا مجھے فی الحقیقت اس بارے میں اپنے آپ کو نہایت خوش قسمت تصور کرنا چاہئے کیونکہ میں نے اکثر اس قسم کے سیر و تفریح کے موقعوں پر لڑکوں کو کسی نہ کسی وجہ سے مطلق العنان ہوتے ہوئے سنا ہے۔

ہم تقریباً مغرب کے وقت خلد آباد پہونچے راستہ میں ایک شخص نے ہمیں یہ متوحش خبر سنائی کہ ڈاک بنگلے مسافرین سے معمور ہیں اور دو یا تین موٹر لاریوں میں بھرے ہوے مسافرین اسی صبح کو غار ہائے ایلورا کے دیکھنے کے لئے بمبئی سے وارد ہوے ہیں اور ہم کو وہاں ٹھیرنے کی جگہ نہیں ملسکتی۔ اسی وقت سے شدید سردی شروع ہو گئی تھی اور ہم سب اس قدر بھوکے اور تھکاوٹ میں چور تھے کہ ہمارے دل میں یہی خیالات گذر رہے تھے کہ اب ہم کو کرنا کیا چاہئے۔ ڈاک بنگلے نظر کے روبرو تھے اور ہم تھکاوٹ کی وجہ سے نہایت ہی آہستہ قدم اٹھاتے ہوے اس امید میں آگے بڑھے چلے جا رہے تھے کہ کاش کم سے کم ایک ہی کمرہ مل جائے تو غنیمت ہے جب ہم ابھی خیال میں مستغرق تھے تو ہمارے ساتھ کے دو لڑکے جو کسی قدر آگے بڑھ گئے تھے ایسے ایسا کیساتھ جو مژدہ فتح و نصرت بن کر ہمارے کانوں تک پہونچے دوڑتے ہوے آئے اور کہا کہ "ماسٹر صاحب ہم بہت ہی خوش قسمت ہیں ہمیں ایک کمرہ اور کچھ برتن کھانے پکانے کے قابل مل گئے ہیں" اس وقت ہم سب کے دل پر وہی جذبہ مسرت طاری ہو گیا جو ریگستان میں نخلستان کو دیکھ کر سیوں ہڈسیں کے دل میں پیدا ہوا تھا۔ چند ہی منٹ کے بعد

ہم ڈاک بنگلے کے ایک آراستہ اور خوبصورت کمرے میں ہم ہنستے بولتے نظر آنے لگے ڈاک بنگلہ ایک مرتفع پہاڑی پر ہے جس کے دامن میں غار ہائے ایلورا واقع ہیں جب ہم صبح بیدار ہوے اور بنگلہ کے برآمدے سے اطراف وجوانب پر نظر دوڑائی تو ایک نہایت ہی دلکش منظر پیش نظر ہوگیا۔ تیس یا چالیس میل تک وسیع وکشادہ میدان پھیلا ہوا چلا گیا تھا اور بیل گاڑیوں کی قطاریں دامن کوہ کی چکردار سڑک پر سے اوپر آتی ہوئی نہایت بھلی معلوم ہو رہی تھیں۔ تھوڑی دیر کے وقفہ سے کسی نہ کسی موٹرلاری کی آواز بھی کانوں میں آجاتی تھی۔ غرض یہ کہ صبح کے آٹھ نو بجے تک نیچے کا تمام میدان ان مسافرین سے جو ایلورے کی سیر کو آئے ہوئے تھے آباد نظر آنے لگا جب ہم نے سیکڑوں مسافروں کو ان اعلیٰ صنعت و کاریگری کے نمونوں کی داد دینے کے لئے چاروں طرف سے امنڈ امنڈ کر آتے ہوے دیکھا تو ایک ایسا نظارہ پیش نظر ہوگیا جو قوت خیال میں ایک ہیجان پیدا کرنے والا تھا۔

ہم غاروں کو دیکھنے کی غرض سے بھی جلدی جلدی پہاڑی سے نیچے اترے ڈاک بنگلے سے لیکر دامن کوہ تک کی ڈھالوں گھاٹی بذات خود ایک دلچسپ چیز تھی ہم پہاڑی کے دامن میں پہونچ کر جس پہلے غار میں داخل ہوے وہ کیلاش مندر (غار نمبر ۱۶) کہلاتا ہے اور جب ہم اس مندر میں ادھر اُدھر اس کی حیرت انگیز صناعی کا مشاہدہ کرتے ہوے پھر رہے تھے اور ایک ایک چیز کو حیرت سے آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھ رہے تھے تو ہم کو ایسا محسوس ہوا کہ گویا ہم تمام غاروں کو جو تعداد میں تیس سے زیادہ ہیں ان چند گھنٹوں میں جو ہم صرف کر سکتے تھے ہرگز نہیں دیکھ سکیں گے۔

ان غاروں کا بیان میرے حیطۂ امکان سے باہر ہے۔

ایک تو مجھے طوالت کا خوف ہے اور دوسرے یہ کہ جب میں ان اعلیٰ صناعی کے زبردست نمونوں کے بیان کرنے کا خیال کرتا ہوں جو حقیقتاً ناقابل بیان ہیں تو مجھپر ایسے

جذبات طاری ہو جاتے ہیں کہ میں کما حقہا ان کے بیان سے اپنے آپ کو عاجز و قاصر پاتا ہوں اللہ اکبر کس قدر غیر محدود استقلال اور کیسی ناقابل تصور ہنر مندی سے کام لیا گیا ہوگا کہ بڑے بڑے پہاڑ ایسی آسانی سے تراش دئے گئے گویا لکڑی سے بھی کم حیثیت رکھتے ہیں اور ان بے ڈول اور بے جان چٹانوں میں لازوال خوبصورتی کی روح پھونک دی گئی۔ جب ہم ان غاروں کا حیرت و استعجاب سے معائنہ کرتے اور اُن جادوگروں کی سحر طرازی کی داد دیتے ہوئے جنہوں نے پتھر سے موم کا کام لیا تھا اِدھر اُدھر پھر رہے تھے تو ہم پر ایک ایسی وارفتگی چھائی ہوئی تھی کہ ہم کو مطلق اِس بات کا احساس نہیں تھا کہ ہم نے پہاڑی پر سے یہاں پہونچنے میں چار میل سے زیادہ مسافت طے کی تھی اور چھ گھنٹے سے بھی کم عرصہ میں تیس غاروں کا معائنہ کیا تھا۔

ہمارے لڑکے اپنے تجربے سے نہایت خوش تھے ہر ایک نے اس مقام کو دیکھنے میں بڑی دلچسپی کا اظہار کیا اور ایک ایک چیز کا بغور معائنہ کرکے اس کی حقیقت و ماہیت کو معلوم کرنے کی کوشش کرنے لگے مثلاً زمین میں سوراخ کے ہونے کی کیا وجہ اور چٹاں کے آگے کی طرف بڑھ آنے کا کیا سبب وقس علیٰ ہذا۔ بعض لڑکے موم بتیاں روشن کرکے تاریک کمروں اور غاروں میں داخل ہوئے اور سب کے سب ایسا محسوس کر رہے تھے کہ گویا پہلی ہی دفعہ اس مقام کی تحقیق اور مشاہدہ کر رہے ہیں۔ چند لڑکوں نے یہاں اور ایک دن ٹھیرنے کی درخواست کی لیکن مقتضاء وقت اور اخراجات کی کمی نے ہم کو دوسرے ہی دن یہ مقام چھوڑ کر دولت آباد جانے پر مجبور کردیا۔ بعض بہت ہی جوشیلے طلباء نچلے نہ بیٹھ سکے اور دوسرے دن صبح ہوتے ہی ایلورا کے غاروں کو پھر ایک دفعہ دیکھنے کی غرض سے چلے گئے۔ ۳۰ ہر ڈسمبر کی صبح کو ہم ایلورے سے بادل ناخواستہ روانہ ہوے۔

راستہ میں ہم نے خلد آباد کے بعض مشہور مزارات مثلاً مزار ابو الحسن تانا شاہ

مزار عالمگیر۔ مزار نظام الملک اول۔ مزار ملک عنبر اور ان کے علاوہ کئی اولیا اللہ کے
مزارات کی بھی زیارت کی ایک گھنٹہ مقابر کی سیر کرنے کے بعد ہم دولت آباد کو روانہ
ہوئے جہاں ہم تقریباً شام کے دو بجے تک پہونچ گئے۔ اس روز یہاں گاؤں میں ایک
میلہ ہو رہا تھا سیکڑوں ہندو جاتری قلعہ کے اوپر چڑھتے اور اترتے نظر آرہے تھے
One of the main arguments of the educational critic is that University education has proved a failure, that Indian universities have failed, speaking broadly, to produce men of character, and that Indian graduates lack not only the wide knowledge and broadmindedness that is culture, but very often the superficial veneer that passes for such. The academic training of the average university man does not fit him for a career of independent research after he has left the university, and in the fundamental qualities which go to make up what is called, for want of a better word,' character'—such qualities as initiative, inde-

ment on the classical doctrine and its classification. The old theory which held that fluids were present in our body in a certain proportion and determined our temperament, has been entirely exploded by modern research. Nevertheless, fluids are still to be found, but not in the proportion imagined by the classical doctrine.

As to the old classification, we find that it ignores the very fact that is supposed to be taken into account *viz.*, the real temperament of men. No human being can be found with the quality of only superficiality or depth or quickness or slowness; for, all of them are bound to possess something of all these qualities.

Men have a 'mixed' temperament; and it is obvious that the classification which has no place for the real, is artificial, and hence of no use for our purpose. Hume's analysis of his own character furnishes us with an illuminating instance which shows the classical classification in its true colours. He informs us that he was naturally of a cheerful and sanguine temper, and that in spite of many disappointments, he possessed the same ardour as ever in study and the same gaiety in company. He declares that he had one 'ruling passion, the love of literary fame', which, as we know, he pursued to the end of his life. It is curious to find that his biographer describes him as a man of placid and even phlegmatic temperament.

If we regard this as a test case, we are not surprised to find that the whole fabric of classification erected by the old philosophers crashes to the ground and disappears most disastrously.

Modern philosophers, working on the same problem from the physiological point of view, discovered the close

crimes, and have been the terror or admiration of the universe."

Stewart says that men of bilious temperament are not 'impulsive' but passionate; jealous, revengeful and unscrupulous.

Now, we have to examine the remaining two temperaments—the Nervous and the Phlegmatic. Here a little difficulty crops up. The leading men do not seem to be quite agreed about the true nature of the Nervous temperament. "Rapidity of mental action," says Stewart, "is one of the most striking characteristics of the nervous temperament". He also adds that it is both 'rapid' and 'enduring' in work; while M. Fonillee thinks that it is a 'sensitive' not an 'active' temperament, and its tendency is to grow melancholic. Malapert remarks that its inclination is to respond to pleasurable or positive emotions. Mill, on the other hand, gives a striking description of the nervous temperament. He opines that "it is the character of the nervous temperament to be capable of sustained effort. It is what is meant by 'spirit'. It is what makes the highbred race-horse run without slackening till he drops down dead. People of this temperament are the material of great orators, great preachers, impressive diffusers of moral influences". This account, if accepted, would force us to change our conception of the bilious temperament; for, stability of feeling, as we have seen, is the chief quality of the bilious. It would be safe, for our purpose, if we retain its popular conception as the quick temperament.

The Phlegmatic, unlike the Bilious, is 'slow.' M. Malapert considers it as 'apathetic' and Cortes as 'well-nigh passionless'.

Having considered the nature and significance of the four temperaments, we are in a position to pass judge-

Perhaps, it would be interesting and suggestive if an attempt were made to discover certain types of facial expressions and to classify 'temperament' on their basis. It seems that this kind of classification would not suffer from that vagueness which is the glaring defect of the classical and even of the modern classification of the 'naturel.'

The classical doctrine divides temperament into four classes—the Sanguine, the Bilious, the Nervous and the Phlegmatic. The qualities of the Sanguine are supposed to be inconstancy, lack of perseverance and of impulsiveness. Richerand writes: "Inconstancy and levity are, in fact, the chief attributes of men of Sanguine temperament". Cortes says about men of Sanguine temperament: "Their anger is easily kindled, but it as speedily vanishes; all their passions are lively and inconstant." Stewart adds that they are "impulsive, excitable, not enduring in work." M. Fonillee emphasises their 'superficiality,' and thinks that they are optimists by instinct. M. Malapert says, "precisely because they are optimists they turn towards pleasure and are of good humour, are jovial, unreserved, good-livng and generally well-wishing". In short, the Sanguine temperament has come to mean the superficial and cheerful temperament.

The Bilious temperament is just the opposite of the Sanguine. Richerand says," if sensibility which is vivid and easily excited, can dwell long upon one object...the passion will be violent, the movements of the soul often abrupt and impetuous, the character firm and inflexible. Bold in conception of a project, constant and indefatigable in its execution, it is among men of this temperament, we find those, who in different ages have governed the destinies of the world; full of courage, boldness and activity, all have signalised themselves by great virtues or great

to the present day, 'temperament' has been acknowledged as having a physiological basis. The acceptance of this theory expresses the common belief, that there is an inseparable connection between the physiological constitution of a human being and his 'temperament,' and that, just as physique is inherited from parents, so also is 'temperament' inherited from them and is therefore something innate.

It is a highly interesting fact that the classical attempt to find a physiological explanation of 'temperament' should be partly responsible for the consideration of the different parts of the human body as an index to character. Thus a receding forehead is supposed to show lack of intelligence; strongly marked eyebrow-ridges, energy and strength; a pronounced chin, determination; and, most important of all, the expression of the whole face, character.

We may rightly dismiss all this as ridiculous and absurd but it can hardly be denied that the expression of the face does denote something even though it be not character. The skin of the face is under the control of an elaborate system of muscles, which is regulated by the facial nerve. Its vessels are delicately controlled by the 'sympathetic nerve system over which Will has no power.' This system responds to the emotions. Thus the face is equipped with special means for reflecting our mental states, which the other parts of the body are incapable of doing. But it would be a grievous mistake to think that the expression of the face indicates character, for we believe that character is not inborn and innate. It is acquired and not inherited. It is, really, the crystallisation of habits. The facial expression, then, may be said to express something which is inborn and persists through life. In fact it denotes 'temperament.'

The Naturel.

BY

SAJJAD MIRZA, M. A., (CANTAB).

Divisional Inspector of Schools, Gulburga.

THE choice of a foreign term for the subject of an article indicates, to some extent, the lack of a proper word for it in English language. In French, the word 'naturel' means something which is as clear, precise, and definite as its English equivalents, 'temper' and 'temperament,' are vague, obscure and indefinite. Both the terms 'temper' and 'temperament' are often used as synonymous, and in such a lax manner, that it becomes imperative to explain their meaning clearly and to assign to them a definite sense, before employing them in a psychological discussion.

We shall consider, then, 'temper' in a restricted sense, as something affecting a particular emotion, and 'temperament', like 'naturel,' in a comprehensive sense, as 'something affecting the emotional nature in general.' In other words, 'temper' is an exceptional and a particular tone of our feeling and its manifestations, while 'temperament' is the general tone of our feeling and behaviour. Moreover, abruptness, suddenness, unstability and transitoriness are as remarkable characteristics of 'temper' as continuance, constancy, stability and permanence are the salient features of 'temperament.' According to this explanation, anger represents 'temper' and angriness, 'temperament.'

The next important point to consider is: What is the nature of 'temperament'? Is it innate or acquired? From the times of Hippocrates and Galen up

Nalgonda, organised the Conference and Mr. Abdul Aziz Khan, Divisional Inspector of Schools, Medak Division presided over its deliberations. As the Secretary has not favoured us with a copy of the proceedings, we are not in a position to offer any remarks on the topics dealt with at the Conference. From a perusal of the programme we are glad to observe that the conference discussed only such subjects as were of pratcical value to the teachers.

Extracts from the address delivered by Mr. Abdul Aziz Khan we publish in our Urdu section.

We understand that the authorities of the Osmania University have decided,

1. to make the City, the Zenana and the Aurangabad Intermediate Colleges, permanent Institutions, and
2. to open the Intermediate classes at the Government Osmania High School, Warangal, as an experimental measure.

H. E. H. The Nizam has been pleased to give a donation of a lakh of Rupees to Sir Rabindranath Tagore's "Viswa Bharati" for the establishment of a Chair of Islamic Studies.

We understand that the Director of Boy Scouts, Hyderabad, has organised inter-troop competitions in First Aid, Signalling, Bridge-Building, Swimming etc., for the benefit of Local Scout Troops.

Regular work has commenced at the Osmania Medical College, for the M. B., B. S., degree of the Osmania University, with Urdu as the medium of instruction.

the public of Hyderabad do not get a clear idea of the numbers that get through these examinations. With a view to supply this deficiency, we wanted to publish a tabular statement showing the results for this year. But as our information is not yet complete, we shall do this in our next number. Of course, it will not be possible for us to include in our statement, figures showing the numbers of such candidates as had sat for examinations outside the Dominions.

News and Notes.

Messrs. Mohamed Husain B. A., (Oxon) and Ali Akbar B. A., (Cantab) the two officers of the Education Department selected by H. E. H. The Nizam's Government, to attend the Imperial Conference on Education in London left Hyderabad on the morning of 22nd, May. Both were profusely garlanded and were given a hearty send off by a large number of teachers and officers belonging to the Education Department.

A few days earlier, Mr. Abdur Rahman Khan B. Sc. (London), Principal of the Osmania University College, left Hyderabad for London, having been deputed by the Government to attend the Centenary celebrations of the University College, London.

A conference of teachers belonging to the Nalgonda District was held on the 15th, 16th, and 17th, June 1927 at Nalgonda. Mr. Malik Sardar Ali B.A., Inspector of Schools,

diate Examination in Arts. It is only when teachers who have studied Geography at a University, are given charge of the teaching of this subject at schools, that any improvement in the present dull and dreary teaching of the subject at schools could be hoped for.

We draw the attention of the Osmania University authorities to the urgent necessity for the provision of a lecturership in Geography at the Osmania University College as a first step towards the recognition of the importance of Geography.

Intermediate Colleges in Hyderabad State.

People interested in the progress of the Osmania University will welcome the news that three temporary Intermediate Colleges have been converted into permanent institutions. It will be remembered that they were started four years ago as an experiment and their continued success has compelled the University to make them permanent. Further, the greater demand for University education has obliged the University to open another College at Warangal. Though we welcome this news we should have preferred an Intermediate College at Gulburga as, in our opinion, Secondary Education has made greater progress in that Division. The decision to start a college at Warangal, we hope, will not come in the way of a College at Gulburga.

Examination results for 1927.

In no Province in India are, perhaps, the public interested in so many examinations as in Hyderabad State. This is partly due to the fact that many of the students prepare for examinations conducted by outside bodies and partly to the fact that certain local examinations of the same denomination are conducted by two different bodies. The results of these various examinations are published at different times and

young. But unfortunately even many older Societies have made a habit of obtaining loans from Banks regularly. Here also there are Societies which take deposits from non-members. Lastly, accounts are not audited with sufficient frequency and promptness. The first two reforms can be introduced by the organisers of Societies themselves. But so far as the last is concerned, though members can do something in the matter by appointing their own auditors, still, we are afraid, there is much leeway to be made up by the Registrar himself in the exaction of a more efficient and prompt audit from his subordinates. With regard to the organisation of Stores, one has to confess with a certain amount of shame, that the charges which Mr. Collins brings against the Managers, of lack of experience in business matters, and, in some cases, of dishonesty, are perfectly true. Better education alone could remove these blots and let us hope this we shall have in the not distant future.

Amongst the resolutions passed, the one suggesting the starting of Building Societies and the other requesting Government to empower officers to deduct amounts due to registered Societies from the pay of their defaulting subordinates, need special mention. To those familiar with the working of the Societies here and the acuteness of the housing problem in the city these demands have come none too soon.

Geography teaching at schools.

After years of weary waiting, at last there are signs that the teaching of Geography in schools in India might take a turn for the better, in the near future. Following the example of some of the newer Universities, the older ones also are introducing this subject in their college courses. Even the slow-moving Madras University has added Geography to the list of optionals for the Interme-

and bad points of the teachers of classical languages in schools and colleges. We are in entire agreement with the views put forward therein. As the address has already appeared in the Punjab Educational Journal and elsewhere, we refrain from quoting from it here. However, for the benefit of the Urdu-knowing public, we shall publish a translation of it in the Urdu section of our next number. It is a matter for great pleasure that the reforms which Mr. Woolner contemplates in the teaching of classical languages were anticipated by the founders of the Osmania University. As everybody knows, the Theology Faculty of this University gives a touch of modernism to the moribund Oriental courses of studies, by the introduction of modern subjects in the curriculum, the object being the production of scholars who, in addition to being familiar with classical learning and culture, are expected to be in touch with modern thought.

Co-operative conference at Hyderabad.

For the first time in the history of the city, a conference of people interested in the Co-operative Movement was held at Hyderabad under the chairmanship of Mr. B. A. Collins, I. C. S. The president delivered a thoughtful address pointing out some practical difficulties in the way of Credit Societies and suggesting the lines on which they should work if they are to be a success. Those responsible for the Credit Societies attached to schools and colleges would do well to ponder over the desirability of introducing here the three reforms which Mr. Collins found necessary for putting life into the Credit Societies of Bihar and Orissa. We are afraid the three evils which Mr. Collins found rampant elsewhere have also become a feature of the Societies in the Dominions. People start Societies merely to borrow money. Loans are constantly taken from Banks. This is easily understood in the case of Societies comparatively

former was answered by the candidates concerned within an hour and a half, whereas the latter took up the full time alloted to it. We should not be understood to be condemning the examiner in Ethics. This paper was as it should be. It is the paper for the Sunni boys that needs stiffening, so that it might also be a fair test of what the students are expected to learn during a course of two years.

The next point we wish to make is the necessity for greater vigilance in future, on the part of moderators of the Mathematics papers. The first paper in Elementary Mathematics this year appears to us to be a bit stiff for the candidates concerned. We have before us a copy of the University Calendar showing the syllabus for both Elementary and Optional Mathematics. A few problems in Algebra seem to us to be not quite from the syllabus prescribed, but from the portions set apart for the Optional Mathematics boys. We admit the rest of the paper was quite fair, as also the fact that the second paper was of the right standard. It might be said that candidates should get the necessary minimum required for a pass from these. A good many candidates, no doubt, would do so. But, at the same time, there must have been some who, not being strong in Arithmetic, expected to score much in Algebra; such candidates must have been terribly disappointed. We hope, from next year at least, no loop-hole would be left for the creeping in of such disappointments.

Mr. Woolner on the teaching of classical languages.

The presidential address delivered by A. C. Woolner Esq. C. I. E., M. A., Principal of the Oriental College, Lahore, to the Classical Languages section of the Punjab Educational Conference deserves careful reading by educationists all over India. We commend specially that part of his address wherein he has attempted to bring out the good

for the last Osmania Matriculation Examination lest we should be classed along with the carping critics referred to above. But, on second thoughts, we have considered it necessary in the interests of both the University and the students, to bring to the notice of the authorities, one or two points that, in our opinion, need rectification.

The first point concerns the papers set for compulsory Theology. This subject is a unique feature of this examination and, up till now, was not attached much importance to, as arrangements had not been made for examining boys other than Sunnis appearing for the examination. Though a paper of 3 hours' duration was set for the Sunni boys, neither school authorities nor students paid much attention to the subject of this paper, as the examiner or examiners always set a paper containing simple questions that required very short answers, and passed almost all. But from this year, with the prescription of a special book on General Ethics for Shia and Hindu boys and arrangements for examining them, the character of the examination has entirely changed. Now, the marks obtained in this paper, should be made use of for purposes of moderation in accordance with rule No. 13 of 'Rules and Regulations of Matriculation Examination' of the University Calendar. It is only then that the boys will study the subject with sufficient seriousness, and the object of making this subject compulsory in the University would be realised. Further, it is necessary that the moderators should insist upon an equal standard in the papers both for Sunni and Non-Sunni boys. Otherwise, one or the other set of candidates, will be at a disadvantage. On comparing the two papers on this subject set for this year's examination, we find that the paper for Sunni boys was as usual short and simple though of 3 hours' duration, whereas the paper on Ethics was comparatively difficult and long in the sense that it required fairly long answers. We understand that the

Editorial Notes.

Ourselves.

With the publication of the present issue, the HYDERABAD TEACHER enters upon the second year of its existence. Though the hopes with which this Quarterly was started have not been fully realised, yet the small success that has attended our efforts, emboldens us to hope that, as time goes on, we shall meet with greater success. Ours is a technical journal that carries its appeal only to a special class and unless a larger number of people belonging to the teaching profession take interest in the journal and try to help us both by sending contributions and increasing our circulation, we cannot introduce all those improvements which should be a feature of every well-conducted journal. No doubt, it is customary on the part of conductors of journals struggling for existence to issue frantic and pathetic appeals to the public asking for help. We are also appealing for help; but our appeal differs from others in that we do not wish to fill our pockets by running the journal. All that we expect is enough to make both ends meet. Our Association contributes a certain amount annually. But this by itself is not enough to run the journal. Hence the need for more subscribers so that what we realise from this source might be spent on the journal itself.

The Osmania University Matriculation Examination, 1927.

Whatever might be the amount of care bestowed in the selection of examiners and moderators etc. for the preparation of question papers for any public examination, experience shows there are people who will find fault with this or that paper on some ground or other. Knowing this, we were rather reluctant to review the papers set

THE HYDERABAD TEACHER.

CONTENTS.

Regtd. Asafia No. 47.

June 1927 A. D.

Vol. II.] [No. 1.

Amardad 1336 Fas'i.

Under the Patronage of

Nawab Masood Jung Bahadur, B.A., (Oxon.),

Director of Public Instruction.

THE HYDERABAD TEACHER

Quarterly Magazine of The Teachers' Association, Hyderabad-Deccan.

Editorial Staff.

S. ALI AKBAR, B. A., (Cantab.)

F. C. PHILIP, M. A.

AHMED HUSSAIN KHAN, B. A.

HYDERABAD-DECCAN

THE CHANDRAKANTH PRESS.

1927.

رجسٹری شدہ ٹپہ سرکار عالی نمبر ۴۸

حیدرآباد ٹیچر

انجمن اساتذہ حیدرآباد دکن کا سہ ماہی رسالہ

حلقہ ادارت

مولوی سید علی اکبر ایم اے (کینٹب)

مولوی ولایت علی بی اے (عثمانیہ)

اعظم اسٹیم پریس چار مینار حیدرآباد میں طبع ہو کر دفتر انجمن اساتذہ واقع دفتر صدر مہتممی تعلیمات سے شائع ہوا

غایات

(۱) طبقۂ اساتذہ کے احساس معلمی کو بیدار کرنا۔

(۲) طبقہ اساتذہ کے مخصوص انفرادی تجربات معلمی کو شائع کرنا

(۳) فن معلمی پر نفسیاتی حیثیت سے نقد و نظر۔

(۴) انجمن اساتذہ کے مفید مضامین کی اشاعت۔

(۵) انجمن اساتذہ کے مقاصد و اغراض کو ملک کے طول و عرض میں مکمل طور پر پھیلانا۔

اصول

(ا) رسالہ کا نام حیدرآباد ٹیچر ہوگا اور ہر سہ ماہی پر صدر دفتر انجمن اساتذہ بلدہ سے شائع ہوگا

(ب) رسالہ کی سالانہ قیمت بہ تفصیل ذیل ہوگی۔

(۱) اندرون و بیرون ممالک محروسہ سرکار عالی ۲ روپیہ معہ محصول ڈاک سالانہ (سکہ رائجہ)

(۲) " " ۱۲ ار علاوہ محصول ڈاک فی پرچہ (")

(ج) رسالہ نصف انگریزی و نصف اردو ہوگا جس میں حسب صوابدید تغیر بھی ہوسکیگا

(د) صرف وہی مضامین درج ہوسکیں گے جو تعلیم و تعلم سے متعلق ہوں اور جن میں ملک کے مفاد تعلیمی کے لحاظ سے ندرت اور جدت ہو۔

(ہ) اشتہارات کا نرخ حسب تفصیل اشاعت نہار ہے گا۔

(ر) جملہ مضامین و مراسلت دفتر کے پتہ سے ہونی چاہئے۔

فہرست مضامین

جلد (۲) بابتہ ماہ آبان سنہ ۱۳۳۶ف م ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء نمبر (۳)

ہندوستان کوآپریٹو انشورنس کمپنی لمیٹیڈ

(صدر دفتر کلکتہ)

خالص ہندوستانی بیمہ کمپنی

آخری منافع بحالہ (بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء)
۵؍روپیہ فی ہزار آئندہ منافعہ
(بابتہ سنہ ۱۹۲۶ء) اسمیں ایک معتدبہ
رقم کی توقع کیجاتی ہے کہ۔

سرمایہ زائداز ۸۰۰،۰۰۰،۰۰ روپیہ جدید کاروبار۔ بابتہ سنہ ۱۹۲۵ء سنہ ۱۹۲۶ء زائداز ۶۰،۰۰۰،۰۰ روپیہ۔

توسیع بالذات بابتہ ادائی قسط بیمہ، قرض، قیمت بازگشت اقساط و تجدید پالسی منقضی شدہ وغیرہ کے متعلق فیاضانہ شرائط۔ شرح قسط بیمہ (بامنافعہ) کافی کم رکھا گیا ہے اور شرح بلا منافعہ تقریباً سب سے کم ہے۔ لہذا "ہندوستان" ہی میں اپنی زندگی کا بیمہ کرواکر اپنی ذات اور خاندان کی کفالت سے مطمئن رہیئے۔ سب ایجنسی کے لئے درخواست مطلوب ہیں ماہانہ تنخواہ (صہ سے للعہ تک) بہترین شرائط گارنٹی شدہ کاروبار کے لئے۔

تفصیلی معلومات کے لئے مندرجہ ذیل پتہ پر دریافت فرمائے

یس۔ جی۔ نائیڈو۔ نارایں آشرم (ترپ بازار حیدرآباد دکن)

نرخ اشتہارات حیدرآباد ٹیچر حسب ذیل ہے۔

مقدار	سال بھر	۶ ماہ	فی اشاعت
پورا صفحہ	عـــہ	صہ۸ر	ســے
نصف ؍؍	صہ	عالہ ۱۲ر	عہ ۸ر
ربع ؍؍	عالہ ۸ر	عہ ۶ر	۲ار
فی سطر ؍؍	۱۰ر	۸ر	۶ر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

طلبا کی کامیابی

(گذشتہ سے پیوستہ)

ازمولوی حسام الدین صاحب فاضل

درستی اخلاق و عادات | کھانے پینے اور دیگر حرکات میں جانور بھی انسان کا ہم پلہ ہے اور بے سوچے سمجھے بولنے میں طوطا۔ مینا بھی اس کے ہمنوا۔ مگر فرق ہے تو یہ ہے کہ انسان میں ہر ایک کام کے آداب ملحوظ رکھنے کا ملکہ موجود ہے اور جانوروں میں مفقود۔ یہ اپنی گفتگو کو مہذب بنا سکتا اور عقلمندی کی باتیں کہہ سکتا ہے۔ طوطا۔ مینا لکیر کے فقیر ہیں انہیں سکھائی ہوئی باتوں کی نقالی آتی ہے اور بس۔ اب اگر انسان اپنے حرکات و سکنات کو شائستہ بنائے اور اپنی گفتگو کو درست نہ کرے تو چارپایوں کا ہم پایہ ہے اور اگر اس نے بدتہذیبی اختیار کی بد اخلاقی سیکھی تو جانوروں سے بھی بدتر ہے اس لئے کہ وہ مجبور محض تھے اور یہ باوجودِ قدرت ناقص رہا ؎

ولم ار فی عیوب الناس عیبا کنقص القادرین علی التمام

یعنی انسان کا بڑا عیب یہ ہے کہ تحصیل کمال کی قدرت کے باوجود ناقص رہے۔

عزیز طالب علمو آؤ اب ہم اپنے افعال و اعمال۔ حرکات و سکنات پر غور کریں کہ

ان کے لحاظ سے ہم انسان اور ایک کامل انسان کہلانے کے قابل ہیں یا نہیں کیونکہ تحصیل علم سے اصلی غرض یہی ہے کہ انسان انسان بنے۔ اخلاق و عادات درست ہوں سے

علم آدمیتست و جوانمردی وادب ورنہ دَدی بصورتِ انساں مصوری

بعض طالب علم جتنی توجہ تحصیل علم کی طرف کرتے ہیں اخلاق و عادات کی درستی کی جانب نہیں کرتے۔ تعلیم یافتہ ہو کر بھی ان کے حرکات و سکنات نادانوں کے مانند رہتے ہیں ان کا کھانا پینا چلنا پھرنا بات چیت کرنا غرض ہر ایک کام قابل اصلاح۔ ایک دفعہ میں طلبا کے پانی پینے کے مقام کو دور سے دیکھتا رہا تاکہ معلوم کروں کہ طالب علم پانی پینے کے آداب اور صفائی کا کس حد تک لحاظ کرتے ہیں حالت یہ دیکھی کہ کوئی تو زمین پر کا آبخورہ اٹھاتا اور دھوئے بغیر گھڑے میں سے پانی لیتا اور غٹ غٹ پی جاتا کوئی بائیں ہاتھ ہی سے آبخورہ لیتا اور گھڑے میں پورا ہاتھ داخل کرکے پانی لیتا اور اس طرح پیتا کہ آدھا پانی حلق میں تو آدھا اپنے سینہ و شکم پر کوئی پانی پیتے پیتے ہنس پڑتا اور آبدار خانہ کو غلیظ کر دیتا غرض ہر ایک پیاسا طالب علم بدتمیزی میں۔ ع

ہر گلے را رنگ و بوئے دیگر است

کا مصداق بنا ہوا تھا۔ دو چار ایسے بھی نکلے جنہوں نے آداب کا لحاظ رکھا۔ آبخورہ کو صفائی کے ساتھ سیدھے ہاتھ میں لیا اور ٹھہر ٹھہر کر پانی پیا سانس لینے کے وقت آبخورہ منہ سے ہٹاتے گئے اور مابقی پانی پھینک دینے کے بعد آبخورہ کو احتیاط سے رکھ دیا اور چلے گئے۔

بعض طالب علم بیہودہ گوئی کے بڑے دلدادہ ہوتے ہیں جہاں چار پانچ طالب علم ملے کہ بیکار باتیں شروع ہو گئیں اور بجائے علمی تذکروں کے لاطائل گفتگو میں وقت گذر گیا اور کبھی باہمی تکرار کی بھی نوبت آگئی مثلاً کسی عہدہ دار کی تنخواہ کا ذکر آیا

ہر ایک نے ایک مقدار بیان کی اور اس پر گھنٹوں بحث ہوتی رہی مگر صحیح نتیجہ پر نہ پہنچے ہر ایک نے دوسرے کو جھٹلایا اور باتیں کرتے کرتے جنگ کرنے لگے۔

کبھی طلبار باتوں باتوں میں دوسروں کی غیبتیں کرنے لگ جاتے ہیں نوبت یہاں تک پہنچ جاتی ہے کہ استاد کی غیبت اپنے صدر مدرس کی غیبت دلچسپی لیکر بیان کرنے لگتے ہیں۔ غیبت بری چیز ہے پھر اساتذہ کی غیبت نہایت ہی بری یاد رہے کہ جو بات ہم کسی کے سامنے کہنا پسند نہیں کرتے اسے غائبانہ میں بھی نہ کہنا چاہیئے یہ بدترین خصلت ہے کہ کسی کے سامنے تو ہم انتہائے ادب کے ساتھ خاموش رہیں اور اس کے غیاب میں عیب چینی کریں اور برا بھلا کہیں۔

بعض طلبار کی بے ادبی اور بدطینتی کا یہ حال کہ حلم و عفو تو درکنار اور روکے ساتھ رحم و کرم ایک طرف خود اپنے اساتذہ کے ساتھ ہی مقابلہ کے لئے تیار اور انہیں نقصان پہنچانے مستعد۔ ایک جماعت سے حاضری کا رجسٹر گم ہوگیا استاد صاحب نے جماعت میں کہلا بھیجا کہ اگر رجسٹر ملے تو خیر ورنہ سب مار کھائیں گے بس اتنی ہی بات کا سننا تھا کہ چند طالب علم آپس میں کہنے لگے کہ مارنے تو دیجئے دیکھئے ہم کیا کرتے ہیں بعض حق تناس تو یہاں تک کہہ بیٹھے کہ اگر استاد جی ماریں گے تو ہم ان پر فوجداری کردیں گے۔ وہ تو خیر گذری کہ گم شدہ رجسٹر مل گیا ورنہ خدا جانے کیا ہوتا۔ اب غور فرمائیے جو طلبار ابھی سے استاد پر فوجداری کرنے تیار ہوں وہ آیندہ زندگی میں کہاں تک رفع فساد فرمائیں گے اور مقدمہ بازی سے کس حد تک کنارہ کش ہوں گے

جھوٹ بدترین چیز ہے دروغ کو فروغ نہیں مگر اکثر طالب علموں نے دروغ بیانی کو اپنا پیشہ بنا رکھا ہے دیر سے آئے جھوٹ کہہ کے چھوٹ گئے غیر حاضر ہو گئے جھوٹا عذر گھڑ لیا۔ رخصت لینی چاہی تو بعض نافہموں نے درخواستِ رخصت پر جھوٹی تصدیق میں اپنے قلم سے سرپرست کے دستخط قلمبند کر لئے۔ اگر کبھی اور عذرات سے

رخصت منظور ہوتی معلوم نہ ہوئی تو فوراً کسی عزیز کے انتقال کی خبر لکھی اور رخصت مانگ لی۔ جو طلبار بے ضرورت رخصت لینے کے لئے زندہ و سلامت عزیزوں کی خبر مرگ اُڑانے میں کوتاہی نہ کریں ان سے خویش و اقارب کی امیدیں کس طرح وابستہ رہ سکتی ہیں۔ اور آیندہ صلہ رحمی کی کیا توقع کی جاسکتی ہے

بعض طالب علم جھوٹ اور دھوکہ دہی کی بھی حد کر دیتے ہیں۔ حال ہی کے ایک طالب علم کا واقعہ ہے کہ اسے مدرسہ سے بعلت غیر حاضری خارج ہوئے آٹھ ماہ گزر گئے مگر یہ اپنے والدین کو یہی باور کراتا گیا کہ مدرسہ میں پابندی سے تعلیم پا رہا ہوں روزانہ اوقات مدرسہ میں گھر سے غائب رہتا۔ ابا جان کی بے خبری بھی قابل تحسین ہے کہ اس طویل عرصہ میں بندۂ خدا نے یہ بھی دریافت کرنے کی کوشش نہ کی کہ لڑکا مدرسہ میں حاضر بھی ہو رہا ہے یا نہیں طرفہ یہ کہ شرکتِ امتحان کی فیس بھی ہونہار طالب علم نے اپنے ابا سے وصول کر لی اور چٹ کر گیا۔ والدِ بزرگوار خوش ہیں کہ بچہ شریک امتحان ہو گیا ہے نتیجہ کے منتظر ہیں اور کامیابی کے لئے دست بدعا۔ خدا خدا کرکے نتیجہ نکلا تو دغا باز طالب علم نے کمال ہی کیا کہ اخبار میں اپنے ہمنام کامیاب طالب علم کا نام اپنے والد کو بتایا کہ میں کامیاب ہو گیا ہوں۔ والد کی خوشی کی حد نہ تھی اور رنج و ملال کی بھی انتہا نہ رہی جب وہ مزید اطمینان حاصل کرنے کی غرض سے مدرسہ تشریف لائے اور یہ سن پایا کہ ان کا لائق فرزند کامیابِ امتحان تو کہاں مدرسہ کی حاضری ہی میں مہینوں سے ناکام ہے ؎

ہم کو تو دوستوں ہی سے ملنے کا رنج تھا دشمن سے تم ملے یہ ستم پر ستم ہوا

بعض طلبا اپنی شرارتوں سے استاد کا ناک میں دم کر دیا کرتے ہیں کبھی تو صرف ان کی باہمی لڑائی جھگڑوں کے فیصلے کرنے ہی میں استاد کا عزیز وقت صرف ہو جاتا ہے کبھی حوائج ضروریہ کے لئے طلبا یکے بعد دیگرے اجازت طلب کرنے اور جماعت سے

باہر جانے آنے میں اوقات گزار دیتے ہیں یہ نہیں جانتے کہ ان حرکات سے اُستاد کو دق کرنے کے جرم کے علاوہ عادت پر برا اثر پڑرہا ہے اور اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ تعلیم میں کسی وقت بھی دلجمعی نہ ہوسکے گی اور امتحان گاہ میں جہاں گھنٹوں ایک ہی کام میں مصروف رہنا پڑے گا یہ بری عادت وہاں بھی بے وقت امتحان گاہ سے نکالے گی اور ناکامی کا باعث بنے گی طلباء کو چاہئے کہ صبر و ضبط سے کام لیں اور ایسی خصلتوں کو ترک کرنے کی کوشش کریں جن کا آیندہ زندگی میں تکلیف دہ اور نقصان رسان ثابت ہونے کا اندیشہ ہو۔

طلباء کا یہ بھی فرض ہے کہ اپنی زبان کو خراب نہ ہونے دیں اکثر تعلیم یافتہ بچوں میں بھی گالی گلوچ کی بری عادت پائی جاتی ہے جو نہایت مذموم ہے۔ زبان خداداد نعمت ہے گویائی قابل قدر چیز ہے اس کو اچھے اصول پر استعمال کرنا چاہئے۔ فحش کلامی شریفوں کا شیوہ نہیں۔

بعض بدکردار طالب علموں نے زبانی گالیوں سے گذر کر تحریری دشنام دہی کو بھی اپنا ضروری شغلہ بنا رکھا ہے یہ کس قدر قابل افسوس امر ہے کہ مدارس کے بیت الخلاؤں کی دیواریں ان سیاہ کاروں کا تختۂ مشق بنی ہوئی ہیں اور دنیا بھر کی گالیاں وہاں لکھی ہوئی پائی جاتی ہیں جو طلباء کی افسوسناک نالایقی کا ثبوت دے رہی ہیں۔

بے محل چیخ پکار بھی بری خصلت ہے۔ اظہار مسرت اچھے اصول پر ہونا چاہئے بعض طالب علم ذرا سی خوشی میں آپے سے باہر ہوجاتے ہیں مثلاً برخاست مدرسہ کے وقت کثرت مسرت سے نعرے لگاتے اور اتنا شور مچاتے ہیں کہ سننے والوں کے کان پھٹے جاتے ہیں۔

اُستاد صاحب سے اگر کسی وقت جماعت خالی رہے تو بھی شور و غل سے طلباء اپنی ناہنجاری کا ثبوت دیتے جاتے ہیں حالانکہ استاد صاحب جماعت میں رہیں نہ رہیں مدرسہ بہرحال مدرسہ ہے جس میں سوائے نوشت و خواند یا اس کے معاون مشاغل کے

دوسرے مشغلوں کو دخل نہیں۔

کسی قصور پر سزا پاتے وقت فریاد کرنا یا چیخ چیخ کر رونا غلاموں اور کمینے انسانوں کا کام ہے۔ طلبار کو زیبا نہیں کہ وہ استاد یا صدر مدرس کی مار کھاتے وقت چیخیں چلائیں بلکہ انہیں چاہئیے کہ صبر و ضبط سے کام لیں اور اپنی خطاؤں پر نادم ہوکر تائب ہو جائیں۔

اکثر طلبا کو عبث حرکات سے گہری دلچسپی رہا کرتی ہے مدرسہ میں سبق ہو رہا ہے اور بعض طلبار کی یہ کیفیت کہ کوئی پنسل کے ذریعہ بیکار لکیریں کھینچنے میں مشغول ہے تو کوئی اپنے دستخط کرنے اور مٹانے میں مصروف۔ کوئی اپنے ناخن کے ذریعہ بے اصول خط ناخن کی بے محل تحریر میں محو ہے تو کوئی اپنے ناخن آپ کترنے میں منہمک۔ ایک ایک حرکت کے ظاہر کرنے سے پہلے طلبار کو سوچ لینا چاہئیے کہ وہ بیکار رہے یا کار آمد بے کار حرکتوں سے خود کو دور رکھنا چاہئیے طالب علمی کے زمانے کی گھڑیاں بہت قیمتی ہیں بیکار مشغلوں میں انہیں برباد کرنا عقلمندی نہیں۔

کھیل کود مفید چیز ہے مگر اس کے یہ معنی نہیں کہ طلبا صبح سے شام تک کھیل ہی کی دھن میں لگے رہیں بعض طالب علم ایسے بھی دیکھے گئے کہ مدرسہ میں زیر تعلیم ہیں جماعت میں استاد موجود مگر طالب علم ہے کہ اپنے پاؤں سے فٹ بال کو حرکت دینے میں مصروف ہے استاد کی نظر پڑی تو پاؤں ٹھیر گیا ورنہ عین سبق کے وقت بھی کھیل جاری کا جاری ہے کسی طالب علم کو پتنگ بازی کا شوق ہے تو اس حد تک کہ صبح صادق سے مدرسہ کے وقت تک پتنگ۔ دوپہر کی چھٹی میں گھر آیا تو پتنگ۔ برخاست مدرسہ کے بعد سے رات کا اندھیرا چھا جانے تک پتنگ ہی پتنگ۔ کیا غضب ہے کہ ایک میٹرک کا طالب علم صرف پتنگ بازی کے ایک جلسہ میں مبلغ دو سَو روپیہ اُڑا دیتا ہے اور پھر طالب علم ہے۔

شعبان کی عید آتی ہے آتش بازی کی آتش شوق کے شعلے طلبار کے بھی دل و دماغ تک

ضرور پہنچ جاتے ہیں۔ عید کے بعد مدرسہ کھلتا ہے تو کسی طالب علم کا ہاتھ چلا ہوا ہے تو کسی کا چہرہ جھلسا ہوا یہ سب کچھ تو ہمارے طلبا سے ہو سکتا ہے مگر اپنے ضروری کام اپنے ہاتھ سے آپ انجام دینا نہیں ہو سکتا۔ اپنے گھر کا سودا لانا ناگوارِ خاطر ہے غریب ماں باپ کے گھر پانی بھر دینا سخت ترین ننگ و عار کا باعث خیال کیا جاتا ہے ایک راستے سے میرا گذر ہوا دیکھا کہ پانی کے نل کے پاس ایک طالب علم جو کسی وقت انجمن حمایت میں زیر تعلیم تھا صراحی لئے کھڑا ہے دوسری صراحی نل کے نیچے پانی بھرنے کے لئے رکھ چھوڑی ہے۔ حیرت ہے کہ جیسے ہی اس طالب علم کی نظر مجھ پر پڑی اور مجھے نل کے قریب سے گذرتا دیکھا صراحیوں کو چھوڑ اس تیزی سے اپنے گھر کی طرف بھاگ گیا کہ گویا وہ چوری کرنے میں مشغول تھا اور محتسب نے اسے دیکھ لیا۔

عزیز طالب علمو جب پانی پینے سے تمہیں عار نہیں تو پانی لانے سے کیوں شرم۔ جب تم بازار میں پھرنے اور بیٹھنے سے نہیں شرماتے تو اپنے گھر کا سودا سلف خریدنے سے شرمانے کی کیا ضرورت۔

مڈل پاس طالب علم سے اس کی والدہ عاجزانہ لہجہ میں کہتی ہے کہ چار پیسے کے پان خرید لا۔ طالب علم اپنی والدہ کو ڈرا دیتا ہے اور کہتا ہے کہ مجھے دکان سے پان خرید لانے شرم آتی ہے۔ میرے تعلیم یافتہ ساتھی اگر دیکھ لیں گے تو کیا کہیں گے حالانکہ یہی طالب علم اپنے تعلیم یافتہ احباب ہی کے ساتھ پان کی دکان پر کھڑا ہو گلوریاں خریدتا جاتا ہے۔ اور شرم و حیا کا نام تک نہیں لیتا۔

طالب علمو لیاقت ایسی ناپائدار چیز نہیں ہے کہ دکان پر گئے اور رخصت ہو گئی تم کو پہلے علمائے کرام میں اکثر علما ایسے ملیں گے جو ذہی مقدرت ہونے کے باوجود اپنا کام آپ کیا کرتے تھے۔

ابو الاسودؒ واضع فن نحو پر اخیر عمر میں فالج گرا تھا اور اس کے اثر سے ان کے تم

پاؤں بے کار ہو گئے تھے اس معذوری کی حالت میں بھی وہ ہر روز پاؤں گھسیٹتے ہوئے اپنے کام کی خاطر بازار کو جاتے یہ نہ سمجھنا چاہیئے کہ ضرورت اُن کو یہ تکلیف کرنے پر مجبور کرتی تھی کیونکہ ابو الاسود بہت آسودہ تھے اور بہت سے خادم ان کی سرکار میں حاضر رہتے۔

حضرت امام بخاریؒ نے شہر بخارا کے باہر ایک مہمان سرا بنوائی تھی اس تعمیر کے وقت جو مزدور معماروں کو اینٹیں پہنچاتے تھے اُن میں خود امام بخاری بھی شامل تھے یہ امام اپنے سر پر اینٹیں رکھ کر لے جاتے اور راجوں کو دیتے۔ ایک روز ایک شاگرد نے ازراہ دلسوزی عرض کی کہ آپ کو اس محنت کی کیا ضرورت ہے امام ممدوح نے فرمایا کہ ھٰذا الذی ینفعنی یعنے یہ کام مجھ کو نفع دے گا۔

یہ اور بات ہے کہ اپنی اوقات کی حفاظت کی غرض سے استطاعت ہونے کی صورت میں خرید و فروخت کا کام خادموں کے ذریعہ لیا جائے کہ یہ وقت بھی تحصیل علم میں صرف ہو۔ تاہم خرید و فروخت کی عادت ضرور رکھنی چاہئے اور کبھی کبھی معمولی چیزیں بھی خریدنے بازار چلے جانا لازمی ہے تاکہ بیجا شرم و حیا باقی نہ رہے اور وہ منافات دور ہو جائے جو طالب علموں نے اپنی کوتاہ بینی سے علم و لیاقت اور خرید و فروخت کے درمیان سمجھ رکھی ہے۔

بعض طلبا اپنے لباس کے بڑے شیفتہ ہوتے ہیں۔ اور ہمہ تن جسم و لباس کی آراستگی ہی میں مصروف رہتے ہیں اور جماعت میں آتے ہیں تو اپنی خوش لباسی کی وجہ سے ایک دوسرے پر فخر کرنے لگتے ہیں اور کمال یہ کہ درس کے وقت بھی اپنے سوٹ بوٹ کی وضع و ترکیب ہی کی طرف متوجہ رہتے ہیں حالانکہ ؎

لیس الجمال باثواب تزیننا ان الجمال جمال العلم والادب

یعنے خوبصورتی زینت دینے والے لباس سے نہیں ہے حقیقی خوبصورتی علم و لیاقت سے ہے

اس کا یہ مطلب نہیں کہ ہم خواہ مخواہ پھٹے پرانے کپڑے پہنا کریں یا صاف ستھرے اچھے لباس سے سروکار نہ رکھیں صفائی و پاکیزگی ضروری چیز ہے حسب حیثیت عمدہ لباس استعمال کرنا مستحسن ہے۔ حضرت امام مالکؒ لباس نہایت پاکیزہ پہنتے تھے اور فرماتے تھے کہ میں نے اپنے شہر (مدینہ طیبہ) کے جتنے فقہا دیکھے سب کو خوش پوشاک دیکھا۔

حضرت امام ابو حنیفہ بہت خوش لباس تھے ایک مرتبہ ان کی چادر کا تخمینہ کیا گیا تو تیس اشرفی ہوا۔ مگر یہ سب کچھ دین کی شوکت کے اظہار اور خدائے تعالیٰ کی نعمتوں کے شکر کے طور پر تھا نہ کہ دوسروں پر فخر کرنے اور خود مغرور و متکبر بننے کے لئے۔

طلبا میں بعض تو اپنی بدتمیزی کے باعث لباس کو جلد میلا کچیلا کر دیتے ہیں اور غلیظ حالت میں مدرسہ چلے آتے ہیں جس سے ساتھیوں کو نفرت ہونے لگتی ہے اس کے برعکس بعض طلبا، اپنے کپڑوں کی درستگی اور حیثیت سے بڑھ کر عمدہ پوشاک کی دھن میں ایسے لگ جاتے ہیں کہ عزیز اوقات کا اکثر حصہ صرف لباس کی درستگی میں گذر جاتا ہے اور بجائے اس کے کہ اچھا لباس پہن کر خدا تعالیٰ کا شکر کرتے پھٹے پرانے کپڑے پہنے ہوئے غریب ساتھیوں پر فخر کرنے لگتے ہیں اور ان کے دردِ افلاس کی زیادتی کا باعث ہوتے ہیں۔

ہونہار طالب علمو۔ ان سب باتوں کا خلاصہ یہ ہے کہ اگر تمہیں حقیقی کامیابی مقصود ہو اور آئندہ زندگی کی صلاح و فلاح مطلوب تو ہر ایک بری خصلت کو ترک کرو تمہارے تمام معاملات ایسے رہیں جن پر عقلمند ہستیاں حرف گیری نہ کر سکیں اور کسی طبع سلیم کے تنفر کا باعث نہ ہونے پائیں۔

حرکت و سکوں اور گفتگو وغیرہ کے آداب بیان کرنے کا یہ موقع نہیں ہے جو کچھ اپنی اپنی کتابوں میں اس کے متعلق پڑھتے جاؤ یا استادوں سے سیکھتے جاؤ اس پر عمل کرنے کی کوشش کرو اور خاص طور پر کوشش کرو۔

ہمدردی ملک و قوم | سردار فوج اور اس کی رہنمائی کے بغیر کسی بہادر و جانباز فوج کی فتح و فیروزی امر محال ہے قافلہ سالار و خضر راہ کے نہ ہوتے کسی قافلہ کا منزل مقصود تک پہنچ جانا خواب و خیال۔ اسی طرح ہر ملک کی ترقی بھی خواہان ملک کے مساعی جمیلہ سے وابستہ ہے اور کسی قوم کا مدارج کمال تک پہنچنا رہنمایانِ قوم کی اعانت و ہمدردی سے پیوستہ۔ چمن کی سرسبزی و شادابی اس کی آبیاری پر موقوف ہے اس کی خوبی و خوش اسلوبی درختوں اور پودوں کی باہمی عمدہ ترتیب پر منحصر۔ اسی طرح باغ عالم کی بہار علم و عقل کے مصفا پانی کی محتاج ہے اور اس کی خوش وضعی انسانوں کی باہمی ہمدردی و حمایت کی دست نگر

کسی بستی میں اگر ایک گھر کو (خدا نہ کرے) آگ لگے اور بستی والے اس خیال سے بے حس و حرکت بیٹھے رہیں کہ ہمارے گھر محفوظ ہیں تو اس بےخبری کا نتیجہ یہ ہوگا کہ تھوڑی سی آگ بڑھتے بڑھتے تمام آبادی کو جلا کر خاک سیاہ کردے گی۔ ع

آتش کہ بلند شد جہاں سوخت

اسی طرح اگر کسی قوم کے ایک فرد میں بھی بدمعاشی و بداطواری کے آثار پائے جانے لگیں اور دوسرے افراد یہ سمجھ کر کہ اس میں صرف اس شخص کا اپنا نقصان ہے خاموش بیٹھے رہیں تو یاد رہے کہ یہ متعدی مہلک مرض بڑھتا جائے گا اور ایک نہ ایک دن قوم کے ہر فرد میں سرایت کرکے رہے گا۔

شفیق طالب علمو۔ اگر اہل علم ہستیاں جاہلوں کو اُن خرابیوں سے آگاہ نہ کرتے رہیں جو ان میں نادانی کے سبب جاگزیں ہوچکی ہیں تو تمہیں بتاؤ کہ یہ برائیاں اُن سے کس طرح دور ہوسکیں گی۔ خدا تعالیٰ نے تمہیں دوسروں سے زیادہ عقل اور علم سے سرفراز کیا ہے تو تمہارا فرض ہے کہ اس علم کے ذریعہ اوروں کو فائدہ پہنچاؤ اور جاہلوں کو قعر مذلت و جہالت سے نکالنے کی کوشش کرو ع

چوں استادہ دستِ افتادہ گیر

مگر حالت یہ ہے کہ طالب علموں کو گویا اوروں کی امداد و اعانت سے سروکار ہی نہیں زمانہ طالب علمی میں کم فرصتی کا گلہ رہا اور مدرسہ کی حاضری ۔ امتحانات کی تیاری کے عذر سے کبھی کوئی کلمۃ الخیر تک زبان پر نہ آسکا فارغ التحصیل ہونے کے بعد فکر معیشت و ترقی جاہ و منزلت میں ایسی سرگردانی رہی کہ عمر گذر گئی مگر ملک و قوم کے ساتھ ہمدردی کی نوبت نہ آئی

عزیزو صرف علم سیکھنا فائدہ مند نہیں جب تک اس کا مفاد اوروں تک نہ پہنچے ۔ فقط لائق ہوجانا لائق تحسین نہیں تاوقتیکہ دوسروں کو بھی قابل بنانے کی تجویز نہ کی جائے ۔ یہ نہیں کہتا کہ دوسروں کی خاطر ناقابل برداشت مصیبتیں جھیلو اور عزیز اوقات کو خدمت خلق ہی میں صرف کرو ہاں یہ ضرور عرض کروں گا کہ جو کچھ سیکھتے جاؤ اوروں کو اس سے مستفید بھی کرتے جاؤ ۔ جو اخلاقی سبق کو حسب موقع دوسروں کو بھی اس سے واقف کرتے رہو ۔ قوم میں اگر خرابیاں پاؤ تو اس کے انسداد کے لئے متوجہ ہوجاؤ ۔ طالب علمی کے زمانہ میں اپنے ضروری مشاغل کی انجام دہی کے بعد جو کچھ بھی وقت ملے کسی نہ کسی طرح کی ہمدردی کردیا کرو مثلاً کسی بیمار کی حتی المقدور تیمارداری کسی غریب و پریشان حال مصیبت زدہ کے ساتھ غمخواری ہمسایوں کے ساتھ نیک برتاؤ اور معاونت عزیز و اقارب کی حسب ضرورت کچھ نہ کچھ خدمت وغیرہ وغیرہ ۔

جب تعلیم سے فارغ ہوجاؤ تو اپنی تقریر و تحریر سے قوم کو فائدہ پہنچاتے رہو ۔ اگر کسی عہدہ سے تمہیں سرفرازی ہو تو اس نعمت کے شکریہ میں اس عہدے کے ذریعہ سے ملک و قوم کو جس قدر بھی فوائد پہنچا سکتے ہو پہنچاتے رہو اور مخلوق خدا کی کارا جرائی میں دریغ نہ کرو

بد و نیک مردم چو می بگزرند ۔ ہماں بہ کہ نامت بہ نیکی برند

عدل و انصاف کے ساتھ رحم و کرم کو اپنا پیشہ بناؤ ذاتی منفعت کو ملک و قوم کے نقصان پر ترجیح نہ دو بلکہ یہ سمجھو کہ ملک و قوم کا نقصان حقیقت میں اپنا نقصان ہے ۔ اگر تونگری نصیب ہو تو اپنی دولت کو صرف اپنی خواہشات نفسانی کی تکمیل میں صرف نہ کرو بلکہ اپنے

مال ومنال کے ذریعے غریبوں کی امداد کیا کرو اپنے پیسہ میں ان کا بھی حق سمجھو اگر اپنی لیاقت ودیانت کی وجہ سے مرجع خلائق ہو جاؤ تو ہر ایک کے ساتھ اخلاق ومروت سے پیش آتے رہو۔ ان مصیبتوں کی پروانہ کرو جو خدمت خلق میں پیش آیا کرتی ہیں بلکہ خدائے عزوجل کا شکر کرو کہ تم سے اپنے بندوں کی خدمت لے رہا ہے اور تم خیر الناس من ینفع الناس کے مصداق بن رہے ہو ؎

چوں بینی دعا گوے دولت ہزار — خداوند را شکرِ نعمت گزار
کہ چشم از تو دارند مردم بسے — نہ تو چشم داری بدستِ کسے

چونکہ تمہاری پر امن زندگی۔ عمدہ تعلیم۔ اور ملک کی تمام ترقیوں۔ قوم کی ہر قسم کی بہبودیوں کا دارومدار ظل اللہ بادشاہ ذیجاہ کی ذات ستودہ صفات پر ہے اس لئے تمہارا فرض ہے کہ اپنے بادشاہ کے ساتھ جان نثاری ووفا شعاری کو اپنا مسلک بنائے رہو اور اپنے جان و مال کو اس کے لئے وقف خیال کرو اپنے ظاہر و باطن کو اس کی محبت وعقیدت کے لحاظ سے ایک رکھو اور خلوص دل کے ساتھ اس کی عمر و اقبال اور جاہ وجلال کی ترقی کے لئے دست بدعا رہو فقط

طریقہ تعلیم اردو (جماعت مڈل)

از مولوی شمس الحسن صاحب زبیری بی اے بی ٹی

ہمارے مدارس میں اردو کی طرف سے اکثر لاپروائی برتی جاتی ہے اس کی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ اردو طلبا کی مادری زبان ہے بلا کسی کی مدد کے پڑھی اور سمجھی جاسکتی ہے

اردو کا مادری زبان ہونا ہی اس کی اہمیت ثابت کرتا ہے اور اس کی جانب سے لاپروائی کرنے کی بجائے اس پر خاص توجہ کی ضرورت ہے۔ یہ امر مسلمہ ہے کہ کوئی شخص کسی غیر زبان کے ادب سے اس وقت تک لطف اندوز نہیں ہو سکتا اور نہ اس زبان سے کماحقہٗ واقف ہو سکتا ہے جب تک کہ وہ اپنی مادری زبان میں اچھی قابلیت نہ رکھتا ہو مدرسہ کی زندگی میں ابتدا سے انتہا تک ہر مدرسہ کا فرض ہے کہ اردو کو اہم ترین مضمون خیال کرے۔ اپنی رائے کے مطابق تعلیم جماعت مڈل کے لئے میں ایک مختصر سا خاکہ پیش کرتا ہوں۔

معلومات سابقہ چودہ سال کی عمر کو پہونچنے تک طلبار کو اپنے مافی الضمیر کو صحیح اردو میں اظہار کرنے کی کافی مہارت اور قابلیت حاصل ہو جانی چاہئے۔ وہ بسہولت بامحاورہ اردو بولنے اور لکھنے کے قابل ہو جائیں اور ان کی تحریر و تقریر دونوں سے یہ ظاہر ہو کہ وہ آسان اردو صحیح پڑھ سکتے ہیں سمجھ سکتے ہیں اور اس میں اظہار خیال کی قابلیت بھی رکھتے ہیں

مقصد چودہ سال کی عمر میں اردو پڑھانے کا یہ مقصد ہونا چاہئے کہ طلبا میں غور و خوض سے مطالعہ کرنے سوچنے اور ادب سے لطف اندوز ہونے کی قابلیت پیدا ہو جائے۔

طریقہ اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ طلبار کو مطالعہ کرنے کی ترغیب دی جائے اور مدرس محض نگرانی رکھے۔ مدرس ادب کے عمدہ نمونے طلبا کو پڑھ کر سنائے یہ اس طرح پڑھنے چاہیں کہ وہ خود متاثر معلوم ہو تاکہ طلبار پر بھی اس کا اثر پڑے۔ طلبا کے لطف اندوز ہونے کے بعد ان سے اس پر بحث و نکتہ چینی کرائی جائے۔ اگر مشکل الفاظ پیش آجائیں تو ان پر زور دینے کی چنداں ضرورت نہیں۔ ان کا مفہوم اکثر محل استعمال سے نکل آتا ہے۔ طلبار کو ہدایت کی جائے کہ وہ پارہائے ادب کو افسانوں، مضامین، نظم و دیگر کتب سے خاموشی سے اور بآواز بلند پڑھیں۔ ان پر بھی جماعت میں طلبا کے نقطۂ نظر سے بحث و مباحثہ کیا جائے اور مدرس گاہے گاہے اشارہ دیتا رہے تاکہ بحث صحیح راستہ پر قائم رہے۔ افسانوں سے طلبار کے تخیل کو ترقی ہوگی۔ اردو کے مشہور اہل قلم کے مختلف

مضامین بھی طلبا، خاموشی سے اور بہ آواز بلند پڑھیں اور مدرس ان کی طرف زیادہ توجہ کرے ایک ہی بحث پر مختلف اہل قلم کے مضامین بھی طلباء کو پڑھنے چاہیں تاکہ انہیں ایک مسئلہ پر مختلف مشاہیر کے خیالات معلوم ہو جائیں۔ اور یہ بھی معلوم ہو کہ ان لوگوں نے اس مسئلہ کو کس طرح پیش کیا اور وہ ان کی زندگی پر عملاً کیا اثر رکھتا ہے۔ مدرس و نیز طلباء مثالیں دے کر اس کی وضاحت کر سکتے ہیں۔

نظم نظم ہمیشہ نثر سے زیادہ موثر ہوتی ہے۔ مدرس کو بمقابلہ نثر کے اس میں زیادہ احتیاط اور قابلیت کو کام میں لانے کی ضرورت ہے۔ نظم اس طرح پڑھانی چاہیئے کہ اس کے ظاہری حسن کو قائم رکھتے ہوئے طلباء اس کا اصل مطلب اور مخفی نکات سمجھ جائیں مدرس کو محض وہ نظمیں منتخب کرنی چاہئیں۔ جو اپنی اپنی نوعیت میں مختلف ہوں مگر ان میں کام کی باتیں بھی ہوں۔ وہ نظمیں جن میں قصہ ہو یا اور کسی چیز کا مسلسل بیان ہو پوری کی پوری ایک ساتھ لینی چاہئیں یا خیالات کے اعتبار سے ایک ایک بند کر کے۔ ان نظموں سے جو خیالات طلبا حاصل کریں اپنی سلیس نثر میں لکھیں اور جماعت کے روبرو پڑھیں۔ پوری جماعت اس پر تنقید کرے۔

دوسری قسم کی نظموں کو (مثلاً غزل۔ قصیدہ) اس درجہ میں زیادہ اہمیت دینے کی ضرورت نہیں۔ انہیں فوقانیہ جماعتوں کے لئے چھوڑ دیا جائے۔ اس لئے کہ اس زینہ پر طلبا کی قوت متخیلہ بڑھی ہوئی ہوتی ہے اور وہ زیادہ لطف حاصل کر سکتے ہیں۔

مطالعہ زبان چیدہ چیدہ نظم و نثر کے ٹکڑے بچوں کے گہرے مطالعہ کے لئے مقرر کرنے چاہئیں مشکل الفاظ و محاورات کے لئے طلبا کو لغت دیکھنے کی عادت ڈالنی چاہیئے محاورات کو جملوں میں استعمال کر کے ان کے معنی کی وضاحت کی جائے اور ان کا محل استعمال سمجھایا جائے۔ مدرس جملوں کی نوعیت اور الفاظ کی مناسبت اور اہمیت سے بحث کرے کبھی کبھی مدرس الفاظ کی ترتیب بدل دے اور طلباء اس فرق پر غور کریں جو اس تبدیلی سے

معنی میں ہوجاتا ہے۔ بعض اوقات ایک لفظ کی جگہ دوسرا لفظ رکھ دیا جائے تاکہ طلبار کو معلوم ہو سکے کہ محض الفاظ کے ردو بدل سے جملہ کے معنی کیونکر بدل جاتے ہیں۔

طلبا کو نظم و نثر کے خاص خاص حصے زبانی یاد کرانے چاہئیں۔ یہ طویل نہ ہوں مگر ایسے ضرور ہوں کہ اپنے مفہوم پر پوری طرح حاوی ہوں۔ اس سے طلبا میں استعارات و کنایات وغیرہ کے سمجھنے کی قابلیت اور طرز بیان میں امتیاز کی قوت پیدا ہوگی۔

مضمون نگاری مضمون نگاری اس جماعت کے نصاب کا جزو ہونی چاہیے مگر اس درجہ پہونچکر وہ تخیل اور غور و خوض سے زیادہ کام لیں۔ مضمون نگاری کے لئے مدرس احتیاط سے مباحث منتخب کرے۔ بعض اوقات کسی بڑے اہل قلم کا مضمون پڑھکر طلبا کو سنایا جائے اور ان سے طرز بیان کی نقل کرنے کی فرمائش کی جائے تخیل کی تربیت کے لئے ان کو ناتمام افسانے دئے جائیں کہ تمام کریں۔ کبھی کبھی اشارات دیدئے جائیں کہ ان سے پورا قصہ مرتب کریں اور اپنی قوت بیان و تخیل کو پوری طرح کام میں لائیں۔ جو کچھ وہ کتاب سے پڑھ چکے ہوں اس کا خلاصہ لکھوایا جائے۔ جوابات لکھنے کے لئے سوالات دیدئے جائیں اور کتابوں کا حوالہ دے دیا جائے۔

ادب کا سمجھنا اور اس سے لطف اٹھانا ادبی ذوق اور اس سے لطف اندوز ہونے کے یہ معنی ہیں کہ کسی خاص اسلوب بیان سے انسان کے دل میں ایک جوش پیدا ہو اور اس پر ایک خاص کیفیت طاری ہوجائے اس کے لئے سب سے پہلی ضرورت یہ ہے کہ مدرس نفس مضمون کا مطالعہ اس طریقہ سے کرے کہ خود اس پر وہ کیفیت طاری ہو جو بوقت تحریر مصنف پر تھی یا جو کیفیت وہ پیدا کرنا چاہتا تھا۔ اس کے بعد اسی پُرکیف طریقہ سے طلبا کو وہ مضمون پڑھ کر سنایا جائے۔ مدرس کی کامیابی اسی میں ہے کہ اس کے پڑھنے کے طرز سے طلبا متاثر ہوں اور یہ طرز اس قدر موثر ہو کہ اُن پر وہی کیف طاری ہوجائے۔ اس کے لئے وہ ماحول پیدا کرنا ضروری ہے جو اس کیفیت کے طاری کرنے میں موید بن سکے۔ ہم طلبا کو

کسی منظر کی تعریف پڑھاتے وقت اگر کوہ و دشت کی سیر نہیں کرا سکتے تو کم از کم سبق دینے سے قبل اس قسم کی تمہید ضرور بیان کر سکتے ہیں جو ان کے لئے وہ ماحول پیدا کر دے اور اپنے حرکات و سکنات سے انہیں ضرور متاثر کر سکتے ہیں۔ اس سے سبق میں دلچسپی بھی پیدا ہو جاتی ہے اور ہمارا مقصد بھی پورا ہو سکتا ہے۔ قبل اس کے کہ اصل سبق دیا جائے کوئی قصہ جو اس قسم کی کیفیت پیدا کر سکے یا کسی منظر کا دلچسپ حال بیان کیا جا سکتا ہے اس کے بعد طلبا کو ہدایت کر دی جائے کہ وہ آنکھیں بند کر کے تھوڑی دیر کے لئے اپنے آپ کو ایسے جنگل، میدان یا مجمع میں تصور کریں جہاں کہ یہ واقعات رونما ہوئے ہیں۔ اس کے بعد مدرس اصل سبق شروع کرے۔ ایک ہی منظر کے لئے مختلف اہل قلم کا کلام پیش کر کے اس کی خوبی میں اضافہ کیا جا سکتا ہے۔

اب رہا سمجھنے کا سوال۔ اس کے لئے مدارج ماقبل کی ذہنی تربیت طلبا کی حساس طبیعت اور اس کا رجحان موید ہو سکتے ہیں علاوہ اس کے الفاظ پر قدرت اور عبور بھی ضروری ہے۔ ایک ہی مفہوم کے لئے مختلف الفاظ اور ان کا محل استعمال اور معنی کا اختلاف سمجھایا جا سکتا ہے۔ طلبا اگر لغت دیکھنے کے عادی ہو گئے ہوں تو اس سے بھی اُن کی معلومات میں وسعت ہوتی ہے اور حصول علم کا شوق پیدا ہوتا ہے۔ مدرسین طلبا کی واقعی اور اصلی دقتوں کے دور کرنے میں ساعی رہیں۔ بے جا امداد بھی نقصان پہونچاتی اور بجا امداد سے گریز اس سے بھی زیادہ نقصان کا باعث ہو جاتا ہے۔ سبق دینے سے قبل مدرس کو تیاری کرنی چاہئے اور طلبا کے نقطۂ نظر سے یہ سوچنا چاہئے کہ اس میں کونسی باتیں انہیں بتائے جانے کے قابل ہیں۔ بتانے کے طریقے پر کافی غور کر لینے کے بعد وہ باتیں جماعت کے سامنے پیش کی جا سکتی ہیں۔

مندرجہ بالا طریقہ پر تعلیم دے کر ہم اپنے طلبا سے توقع رکھ سکتے ہیں کہ وہ اپنی مادری زبان (اردو) صحیح بولنے اور لکھنے کے قابل ہو جائیں گے۔ یہ جو کچھ لکھا گیا ہے اس تصور پر

لکھا گیا ہے کہ اس درجہ پر پہونچنے سے قبل طلبا میں اپنا مافی الضمیر ظاہر کرنے کی کافی مہارت پیدا ہو جاتی ہے۔

بدقسمتی سے ہمارا مروجہ طریقہ تعلیم اردو کو اس کا جائز حق نہیں دیتا۔ نیچی جماعتوں میں اردو کی تعلیم کم قابلیت رکھنے والے حضرات کے سپرد کر دی جاتی ہے یا بلا لحاظ استعداد طلبا کو اوپر کی جماعت میں ترقی دے دی جاتی ہے جس کا یہ نتیجہ ہوتا ہے کہ ٹمل جماعت میں پہونچنے کے وقت طلبا کا تلفظ بھی ٹھیک نہیں ہوتا اور وہ عبارت بھی صحیح نہیں پڑھ سکتے اور مدرس کو اپنا بیشتر وقت تلفظ درست کرنے، عبارت پڑھنے کی مشق کرانے اور پھر اس کو صفائی سے بیان کرانے میں صرف کرنا پڑتا ہے اور اس کی وجہ سے جو کام اسے اس وقت کرنا چاہئے وہ اس سے معذور رہتا ہے۔

کنڈر گارٹن

سید پیر صاحب مدرس درگ چاگھاٹ ہائی اسکول

کنڈر گارٹن جرمنی زبان کا لفظ ہے، جس کے لغوی معنی "بچوں کا باغ" ہے یورپ کی زبانوں میں اس کے لئے متعدد الفاظ تجویز ہوئے۔ مثلاً انگریزی میں Playhouse, Paradise of children, Children's garden وغیرہ مگر عام قبولیت اسی جرمنی لفظ کو نصیب ہوئی۔ اردو میں بھی اس کے ترجمے کی کوشش کی گئی، مثلاً گلزار نونہال، بازیچہ اطفال، بالک باڑی، فردوس اطفال، حدیقۃ الصبیان وغیرہ لیکن حقیقت یہ ہے کہ جامعیت جرمنی

لفظ ہی میں مضمر ہے۔ یہ نام فروبل نے ۱۸۴۰ء میں تجویز کیا تھا۔ اس لفظ سے اصل مفہوم بخوبی واضح ہوتا ہے مگر اس سے یہ مراد نہیں کہ بچوں کے لئے سچ مچ پھول پھل والا باغ کوئی موجود ہے۔ بلکہ فروبل ہمیشہ بچوں کو پودوں سے، اسکول کو باغ سے اور استاد کو مالی سے تشبیہ دیا کرتے تھے۔ اس لئے اس لفظ سے مراد ایک ایسی تعلیم گاہ ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ مدرسہ میں داخل ہونے کی عمر سے پہلے بچوں کے قوائے جسمانی و دماغی کی باقاعدہ اور تدریجی نشو نما ہو سکے۔

فروبل ملک جرمنی کے ایک قصبہ میں آج سے تقریباً ڈیڑھ سو سال قبل ایک مذہبی پیشوا کے گھر میں پیدا ہوئے تھے۔ گو ان کے پیشرؤں نے بچوں کی ابتدائی طرز تعلیم کے ایجاد میں کافی حصہ لیا تھا مگر اصل کامیابی کا سہرا فروبل ہی کے سر رہا۔ اس خصوصیت سے فروبل اس فن اور طرز کے رفارمر ثابت ہوئے ہیں۔ ابتدائی تعلیم کی کٹھن منزلوں کو انہوں نے جس طرح طے کیا وہ قابل حیرت ہے۔ اور اپنے ذاتی تجربوں کی بنا پر انہوں نے جو نتائج اخذ کئے اور جو تعلیمی اصول قرار دئے، آج دنیا کے متمدن اقوام ان سے فائدہ اٹھا رہی ہیں اس لحاظ سے فروبل اس فن کے موجد بھی کہلائے جا سکتے ہیں۔ اپنی کتاب موسوم بہ "انسان کی تربیت" میں انہوں نے جن پاکیزہ علمی خیالات کا اظہار کیا ہے وہ بالکل انوکھے اور اچھوتے ہیں، جن کو وہی شخص سمجھ سکتا ہے جو تعلیمی میدان میں "اپنی زندگی اپنے بچوں کے لئے وقف ہے" کے مقولہ پر کاربند ہے۔ جس شخص میں اس طرز کے تحت تدریس و تربیت کا شوق محبت کے درجہ تک پہونچ گیا ہو اس کو زیادہ دقتیں اٹھانی نہیں پڑتیں، کیونکہ اس کا بڑھتا ہوا شوق ہی علمی میدان میں ہر طرح اس کی رہنمائی کرتا ہے اور وہ خود بخود بچوں سے یہ سیکھتا ہے کہ بچے کس طریقہ سے سکھائے جانے کے لئے تیار ہیں۔ چند اصول اس طرز تعلیم کے ایسے بھی ہیں جو اپنے عمیق فلسفہ کی وجہ سے بآسانی سمجھ میں نہیں آسکتے۔ مگر جن لوگوں نے ان اصول میں سے ایک کو بھی سمجھ لیا، وہ ایک جداگانہ اور نئے

طرز تعلیم کے موجد بن گئے۔ چنانچہ مانٹی سوری سسٹم، پلے ہنڈ، تیشد وغیرہ جو رائج ہیں اور ہو گئے اسی سرچشمہ سے سیراب ہوئے اور ہوتے رہیں گے۔ فروبل نے خود پیشگوئی کر دی تھی کہ اُن کی وفات کے دو صدیوں کے بعد ہی دنیا اس کے خیالات کو کماحقہ سمجھکر عمل پیرا ہو سکے گی۔

یہ ایک مبالغہ نہیں بلکہ امر حقیقی ہے کہ فروبل کے تعلیمی اصول نہ صرف بچوں کی تعلیم کے لئے مختص ہیں بلکہ عام تعلیم کے بھی ممد و موید ہیں۔ امریکہ میں آج تک ضروری ترمیمات کے باوجود بھی یہی اصول رائج ہیں۔ اور امریکہ کی قومیت پر اسی اصول کا زبردست اثر پڑا اور اسی ملک نے ان اصول کا پرزور استقبال کیا، ان کی حمایت کے لئے شہرۂ آفاق علما کو منتخب کیا گیا، جنھوں نے ان کی تبلیغ کے لئے اپنی عمریں صرف کر دیں اس ضمن میں ڈاکٹر ہارس، ادم گراس بولیٹ، بلو، ہارسن اور ہیوز کے نام قابل ذکر ہیں۔ جس اقلیم میں یہ طرز پیدا ہوا وہاں کے دماغ اس کو قبول کرنے کے لئے تیار نہ تھے لیکن امریکہ نے اس کا نہایت فراخدلی سے استقبال کیا جہاں کی ذہانت، مستعدی، اور جدت پسندی نسبتاً ترقی پر تھی۔ آج اس کی ترویج ملک جاپان میں بھی ہو رہی ہے۔ ہندوستان میں بظاہر کوئی خاص تعلیمی مقصد، ملکی مفاد کی بناء پر مقرر نہیں ہے اس لئے اصولِ کنڈرگارٹن کے خوشہ چینوں کو سخت مشکلوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ یہ خوشی کی بات ہے کہ باوجود ان دقتوں کے چند قابلِ قدر افراد ہندوستان میں، ایسے بھی موجود ہیں جو اپنی ان تھک کوششوں اور تجربوں سے اصول کنڈرگارٹن کو فروغ دے رہے ہیں امید ہے کہ وہ اپنی اس جد وجہد میں کامیاب ہو کر ملک کو ترقی دیں گے۔

طرز کنڈرگارٹن کا مقصد جیسے کہ فروبل نے بیان کیا ہے یہ ہے کہ خردسالی کے زمانہ میں، یعنے مدرسہ میں داخل ہونے سے پہلے بچے کنڈرگارٹن میں داخل ہوں اور اس کا مقصد یہ ہوگا کہ بچے ایسے مشاغل میں معروف رکھے جائیں جو ان کی طبیعت کے مناسب ہوں اور ان کے جسموں کو توانا و مضبوط کریں، ان کے حواس کی پرداخت ہو قدرت اور سوسائیٹی کی باتوں کا بذریعہ ذہانت مطالعہ کیا جاے۔ اور خاص کر اُن کے

دل و دماغ کی نشو و نما ہو سکے، یعنے جس طرح یونیورسٹی کی تعلیم کے لئے اسکول بمنزلہ پیش خیمہ کے متصور ہوتا ہے، اسی طرح اسکول کی تعلیم کے لئے کنڈر گارٹن متصور ہو، اس مقصد برآری کے لئے فروبل نے جن فلسفانہ طریقوں کو تجویز کیا ہے وہ قابل وقعت ہیں۔ خصوصاً ان کے مجوزہ "شغلے" "تحفے" اور کھیل ان کی زندگی کے کاوش، دریافتوں کا نتیجہ، اور نفسیات انسانی کے اصول پر مبنی ہیں۔ جس نے ان کے پوشیدہ فلسفہ کو سمجھا اور اس پر عمل کیا اسے تعلیمی دنیا میں بہترین فریضہ ادا کرنے کا فخر حاصل ہوا۔

اکثر لوگوں کا یہ خیال ہے کہ کنڈر گارٹن کی تعلیم سے بچوں کو کوئی نمایاں فائدہ حاصل نہیں ہوتا، بلکہ بچوں کا وقت بہت ضائع ہوتا ہے یعنے نہ وہ کتاب کے اوراق کو فر فر پڑھ سکتے ہیں اور نہ انہیں کوئی پہاڑہ وغیرہ از بر ہے، ہاں، ان کا یہ اعتراض اس حد تک بجا ہے کہ کنڈر گارٹن میں ایسے کوئی رسمی اسباق کی تدریس نہیں ہو سکتی کنڈر گارٹن کے معلم کے پاس سبق نہیں بلکہ بچہ کی زندگی زیادہ اہم اور قابل احترام ہوتی ہے۔ وہ اس کو تو مدرسہ اور آیندہ زندگی کے لئے تیار کرتا ہے۔ وہ مناسب طریقوں پر اپنے طریقہ تعلیم کی اس طرح تراش خراش کرتا ہے جس سے بچہ خود بخود کھیل اور کام کے ذریعہ سے ایک خاص قانون کے تحت، ان گرانقدر قوا ر ذہنی کا اظہار اور ان کی نشو نما خود بخود کر سکے جو قدرت کاملہ کا عطیہ ہیں۔ بظاہر کنڈر گارٹن میں ایسے اسباق پر زیادہ زور نہیں دیا جا سکتا، مگر یہ ایک حقیقی امر ہے کہ کل تعلیمی نصاب میں کنڈر گارٹن کا زمانہ ہی ایک ایسا زمانہ ہے جس میں بچہ مفید اور کثیر معلومات بالواسطہ اور بلا واسطہ حاصل کرتا ہے۔ مناسب کھیل اور شغلوں کے ذریعہ اس کے ہاتھوں میں وہ صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے، جو آیندہ چلکر قلم کی گرفت اور اس کے موزوں استعمال کے لئے بے حد مفید ثابت ہوتی ہے۔ لکڑی کے ٹکڑوں کے کھیل سے اعداد کا تصور بخوبی ہو جاتا ہے جس سے حساب میں مفید مدد ملتی ہے یا اشکالِ اقلیدس کے مشاہدہ سے آنکھوں کی مرکزیت

قائم ہوجاتی ہے جو بہت اہم ہے۔ گیتوں اور کہانیوں کے ذریعہ سے الفاظ کا ذخیرہ
بڑھتا جاتا ہے جس سے بچہ کے آیندہ اسباق سہل تر ہوجاتے ہیں۔ ان سب قواعد کے
علاوہ کنڈرگارٹن سیرت سازی کا گہوارہ ہے۔ آپس میں مل جل کر کھیلنے سے بھائی چارا
پیدا ہوجاتا ہے۔ میرا یہ خیال ہی نہیں بلکہ عقیدہ ہے کہ اگر ہندوستان میں کنڈرگارٹن کی
اسپرٹ قائم رکھکر تعلیم دی جائے تو ہماری آیندہ نسلوں سے اُن تمام اختلافات کی بیخ کنی
بآسانی ہوجائے گی جو آج ہندوستان کی ترقی میں حائل ہیں۔ میرے کنڈرگارٹن میں یہ
میں دیکھ رہا ہوں کہ سب بچے ایسے ملے جلے رہتے ہیں جیسے حقیقی بھائی۔ رلے بالمکند
آنجہانی ایک وقت تشریف فرمائے ہوے تھے۔ اتفاقاً میں کنڈرگارٹن کا بیونڈ کے
باہر چلا گیا تھا واپس آکر کیا دیکھتا ہوں کہ صاحب موصوف بلا تکلف بچوں کے ساتھ
کھیل رہے ہیں۔ اور جوں ہی مجھے انہوں نے دیکھا امبار کباد دیتے ہوے فرمایا "
مولوی صاحب آپ بہت خوش قسمت ہیں کہ ان معصوم بچوں میں اپنا وقت صرف
کرتے ہیں۔ خدا گواہ ہے کہ اُس کے سب فرشتے یہیں آگئے ہیں" خیر میں تو ہنستا ہوا خاموش
رہ گیا مگر ایک بچہ نے جس کی عمر کچھ اوپر کم چھ سال کی ہوگی اور جو مجھے لپٹا ہوا گفتگو سن رہا تھا
فوراً رائے صاحب کی طرف اشارہ کرتے ہوے دریافت کیا "سر کیا یہ بھی فرشتہ ہیں" تو دوسرے
اور لڑکے نے اس کا جواب اُسی وقت یہ دیا کہ "ہاں یہ بڈھے فرشتہ ہیں" اس واقعہ سے
مجھے صرف یہ بتلانا مقصود ہے کہ بچوں کے اخلاق کے ساتھ ساتھ ان کا تخیل بھی ضرور بڑھتا
رہتا ہے۔ مشاہدہ قدرت کے ذریعہ بچہ بالراست قدرت کے طریقوں کا علم حاصل کرتا رہتا ہے
جس کو اصل مذہب اور مذہب کی تعلیم کا پہلا زینہ کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ ایک چھ سالہ
لڑکا اپنے ذاتی تجربہ کی بنا پر کم ازکم اس نتیجہ پر ضرور پہونچ جاتا ہے کہ ایک زبردست طاقت
جس کو وہ دیکھ نہیں سکتا ہر لمحہ اور ہر جگہ اپنا کام کررہی ہے۔ وہی طاقت ہے جو نباتات کو
اگاتی ہے، پرندوں کو اڑاتی ہے مچھلی کو تراتی ہے اور خود کو دو پیروں پر چلاتی ہے وغیرہ وغیرہ

مختصر یہ کہ کنڈرگارٹن میں بچوں کا وقت ضائع نہیں ہوتا بلکہ یہاں عاقلانہ اصول پر اس فرض کی ادائی کی ابتدائی تربیت و تعلیم دی جاتی ہے جس کے لئے انسان دنیا میں پیدا کیا گیا ہے۔ یہ ایک چھوٹے پیانہ کی سوسائٹی ہے، اور اسٹیٹ بھی جہاں انہیں ان تمام ضروری منزلوں کو خوش آئینی کے ساتھ طے کرنا پڑتا ہے جس کے بعد وہ سوسائٹی اور ملک کے مفید افراد بن سکتے ہیں۔

مگر افسوس کا مقام ہے کہ ہندوستان میں عموماً اس ابتدائی تعلیم کی طرف منصفانہ توجہ نہیں کی جاتی ہے۔ یہ منزل جس قدر اہم ہے اسی قدر غیر موزوں اشخاص کے سپرد کی گئی ہے۔ کیا مقتضائے انصاف بھی ہے کہ شاندار عمارت کی بنا، بیلداروں سے ڈالی جائے اور بڑے بڑے انجنیروں سے تکمیل عمارت کی جائے۔ اور امید یہ رکھی جائے کہ شاندار عمارت منہدم نہ ہونے پائے۔ معلم کی ذہانت کی اگر کہیں زیادہ ضرورت ہوتی ہے تو ایسی ابتدائی تعلیم میں ہوتی ہے۔ کیونکہ ایسی تعلیم کا اثر بقیہ حصۂ عمر سے وابستہ رہتا ہے کنڈرگارٹن ہی وہ جگہ ہے جہاں زمانہ اور ملک کی ضروریات کے مدنظر افراد بنائے جا سکتے ہیں۔ یہ ایک نیک فال ہے کہ تعلیمات دولتِ آصفیہ پہلے پہل اس نقص سے آگاہ ہو کر بچوں کی ابتدائی تعلیم میں کافی دلچسپی لے رہی ہے۔ اور آلات تعلیمی کے لئے زر کثیر صرف کیا جا رہا ہے بلکی سالح اپنے ذاتی مشاہدات کی بنا پر طرز تعلیم اطفال میں مناسب ترمیمات کر رہے ہیں۔ نفسیات اطفال کے اصول پر کتب شائع ہو رہی ہیں۔ ایک نفیس بچوں کا قاعدہ بھی چھپ چکا ہے کسی نے چھوٹے بچوں کے لئے کہانیاں بھی لکھدی ہیں۔ اور میں نے سنا ہے کہ ایک صاحب نے کنڈرگارٹن کے طرز تعلیم کی کتاب کا اردو ترجمہ بھی کیا ہے جس کو ایک ماہر فن نے انگریزی میں تالیف کیا تھا۔ جاپان کی تعلیمی تنظیم کا اردو ترجمہ ہو گیا ہے جس سے اس شعبہ کو گرانقدر مدد ملتی ہے الحاصل یہ چہل پہل یقین دلاتی ہے کہ وہ زمانہ

بہت دور نہیں کہ ملک میں ایک زبردست تعلیمی انقلاب ہوگا جو ملک کے حق میں ابر رحمت ثابت ہوگا اور جس سے ملک ترقی کرے گا

کلاسکل زبانوں (السنہ قدیم) کی اہمیت

خطبہ صدارت از اے سی وولنر سی آئی ای ایم اے پرنسپل اورنٹل کالج لاہور جو پنجاب کی تعلیمی کانفرنس میں پڑھا گیا

(مترجمہ مولوی اللہ بخش صاحب بی اے مددگار دار العلوم بلدہ)

غالباً ہر ایک شعبے کے صدر نشین نے کانفرنس میں اپنے اپنے شعبے کی سب سے زیادہ اہمیت ظاہر کی ہے لیکن میں نے کلاسیکل زبانوں کے شعبے کی اہمیت پر جن وجوہ کی بنا پر زور دیا ہے وہ صرف یہی نہیں کہ یہ بحث ایک خاص دلچسپی رکھتا ہے بلکہ ایک وجہ یہ بھی ہے کہ مدرسوں اور کالجوں کی تعلیم میں جس قدر مباحث داخل ہیں ان سب کی تعلیمی مشکلات کو رفع کرنے میں کوئی کسر باقی نہیں رکھی گئی ہے اور صرف یہی ایک بحث ایسا ہے جو سب سے زیادہ اصلاح کا محتاج ہے۔

کلاسیکل زبانوں کی اہمیت اُن قواعد وضوابط سے صاف صاف ظاہر ہے جن کی رو سے وہ انٹرمیڈیٹ کے طبقہ تک فنون کے شعبوں میں لازمی قرار دی گئی ہیں لیکن دیگر امور دنیاوی کے لحاظ سے جن میں مالی فوائد بھی شامل ہیں ہر ایک شخص کے دل میں یہ خیال پیدا ہوسکتا ہے کہ ان کلاسیکل زبانوں کو مطلق اہمیت حاصل نہیں۔

کلاسیکل زبان تعلیم میں کیوں لازمی قرار دی گئی ہے؟ بیشک بہت سے افراد ایسے ملیں گے جو یہ خیال رکھتے ہوں گے کہ ایسا نہ ہونا چاہیے۔ بعض افراد بجائے اس کے

کسی جدید ہندوستانی زبان کو تعلیم میں داخل کرنا پسند کریں گے۔ لیکن میرے خیال میں وہ غلطی پر ہیں۔ کوئی جدید زبان اس وقت تک ایک کلاسیکل زبان کی جگہ حاصل نہیں کر سکتی جب تک کہ وہ خود ایک کلاسیکل زبان کا درجہ نہ حاصل کرلے میں خود آیندہ سطور میں کلاسیکل زبان کی اہمیت کو وضاحت سے بیان کرنے والا ہوں لیکن فی الوقت میں آپ کے روبرو یہ سوال پیش کرتا ہوں کہ کلاسیکل زبان کے لازمی قرار دینے کی کیا وجہ ہے۔ اس سوال کی دو طریقوں پر وضاحت ہو سکتی ہے اوّل تو یہ کہ لاطینی اور یونانی زبانیں یورپ میں لازمی قرار دی گئی ہیں جب ہندوستان میں مغربی تعلیم رائج کی گئی تو لاطینی اور یونانی زبانوں کو ہندوستانیوں کے لیئے لازمی قرار دینا ایک فضول اور بیکار بات ہوتی لیکن اس امر کی ضرورت محسوس کی گئی کہ کوئی نہ کوئی زبان ضرور اس کے معاوضہ میں رکھی جائے لہٰذا مشرقی کلاسیکل زبانیں بجائے لاطینی اور یونانی زبانوں کے تعلیم میں داخل کی گئیں۔ یہ وجہ اس وقت تک قابل تسلیم نہیں سمجھی جاسکتی جب تک ہم اس امر کو اچھی طرح نہ ثابت کردیں کہ لاطینی اور یونانی زبانوں کو لازمی قرار دینے کی کیا وجہ تھی اور نیز یہ نہ بتلادیں کہ جو اصول ان زبانوں کو لازمی قرار دینے میں مدنظر رکھے گئے ہیں وہی اصول پنجاب میں بھی مفید خیال کئے جاسکتے ہیں۔

دوئم ہر ایک طالب علم کے لئے اپنی مذہبی کتاب کی زبان جاننا ضروری ہے لیکن اگر یہی وجہ قرار دی جائے تو یہ ضرورت ایک عمدہ ترجمہ سے بھی پوری ہو سکتی ہے واقعی کتنے ایسے ہندو ہیں جو سنسکرت جانتے ہیں کتنے عیسائی عبرانی سریانی یا یونانی زبانوں سے واقف ہیں۔ کتنے مسلمان ہیں جو عربی پڑھ سکتے ہیں۔ فارسی اور لاطینی کسی صحیفہ آسمانی کی زبانیں نہیں ہیں گو یہ اعتراضات وارد ہو سکتے ہیں لیکن پھر بھی جو وجوہ اوپر بیان کئے گئے ہیں ان میں کچھ نہ کچھ صداقت ضرور پائی جاتی ہے۔

یونانی اور لاطینی زبانیں یورپ کی ان دو با لامتیاز متمدن قوموں کی زبانیں

رہ چکی ہیں جن کے تمدن پر یورپ کے موجودہ تمدن کی بنا رکھی گئی ہے! اس میں شک نہیں کہ یورپ کے تمدن پر علاوہ ان کے اور دوسری چیزوں مثلاً تورات کی زبان ہونے کی حیثیت سے عبرانی زبان اور نیز ان مشرقی خیالات کا بھی اثر پڑا جو نشاۃ ثانیہ اور علوم وفنون کے دور جدید سے پہلے رائج تھے لیکن حقیقی طور پر یورپ کا تمدن یونانی اور لاطینی لٹریچر کا مرہون احسان ہے

میں بالکل مختصر طور پر ان دونوں زبانوں کی تاریخ بیان کرنی چاہتا ہوں ۔ یونانی اُن آریا حملہ آوروں کی زبان ہے جو جزائر بحیرہ ایجین اور اطراف واکناف کے ان مقامات میں آباد تھے جو اُن سے بھی ایک قدیم تمدن کے مرکز سمجھے جاتے تھے ۔ اُن قدیم باشندوں کے ساتھ جن کی میخی تحریر پڑھی نہیں جاسکتی ان نوواردوں کے خلط ملط ہونے سے ایک ایسی قوم پیدا ہوئی جنہوں نے ایک حیرت انگیز فن مصوری اور لٹریچر کو درجہ کمال پر پہونچا دیا ۔ اس لٹریچر کی سب سے پہلی تصنیف یعنے ہومر کی نظمیں ایشیائے کوچک کے سواحل پر آج سے تقریباً تین ہزار سال پہلے اشاعت پاچکی تھیں یہ عظیم الشان رزمیہ نظمیں یعنے "ایلیڈ اور اوڈیسی" کسی ایک شاعر کی فکر کا نتیجہ نہیں ہیں بلکہ یہ اُن سطرب شعرا کے ذریعے سے تکمیل کو پہونچیں جو نسلاً بعد نسلٍ گروہ بن بن کر امیروں کے گھروں پر سے گذرتے اور ان کو وہ اشعار گا گا کر سنایا کرتے تھے جن میں ان کے آبا و اجداد کے کارناموں کا ذکر ہوا کرتا تھا ۔ ہر نسل میں یا تو ان نظموں میں کچھ نہ کچھ اضافہ ہوتا رہا یا ترتیب و زبان میں تبدیلی ہوتی گئی یہاں تک کہ ایک خاص نسخہ مشخص کر دیا گیا ۔

نظم اور ڈراما کی ابتدا جن کو شہر ایتھنس کے نام کے ساتھ گہرا تعلق حاصل ہے اس جنگ عظیم کے زمانے میں ہوئی جب کہ یونانیوں نے ایشیا کی حکومت کا جوا اتار پھینکا اور خودمختاری حاصل کر لی تھی ۔ فلسفۂ یورپ کی ابتدا بھی اسی زبان یونانی سے ہوئی جو ایک نچلی نہ بیٹھنے والی اور آزاد مشرب قوم کی زبان تھی ۔ یونانی فلسفہ افلاطون

اور ارسطاطالیس کے زمانے میں درجۂ کمال کو پہونچ گیا تھا اور اس میں مزید اضافہ اور ترمیم و اصلاح کئی صدیوں کے بعد عمل میں آئی۔

جبکہ بحیرۂ روم کا کل علاقہ سلطنت روما کے تصرف میں آگیا تو اُس وقت یونانی زبان سلطنت روما کے نصف مشرقی حصے کی دفتری زبان بن گئی تھی ایشیائے کوچک اور مصر کے ایک رومی حاکم کو جس کا نام سسرو تھا اپنے کل کاروبار یونانی زبان ہی میں انجام دینے پڑتے تھے۔ توراۃ جدید بھی یونانی زبان میں مرتب کی گئی تھی جبکہ سلطنت روما کے دو حصے ہوگئے اور قسطنطنیہ مشرقی سلطنت کا دارالسلطنۃ قرار دیا گیا تو وہاں کی زبان بھی یونانی تھی اور لاطینی زبان کو قانون روما کی زبان کی حیثیت سے رواج دینے میں سخت ناکامی ہوئی۔ قسطنطنیہ میں اس وقت تک بھی جبکہ ترکوں نے اس کو فتح کرلیا تھا یونانی زبان بولی جاتی تھی۔ موجودہ یونانی اخبار کی زبان بناوٹ اور لغات کے اعتبار سے پیراکلس کے زمانے کی مروجہ بولی یا توراۃ جدید کی زبان سے کچھ زیادہ اختلاف نہیں رکھتی اگرچہ آج کل کی مروجہ یونانی زبان میں بہت کم تبدیلی ہوئی ہے لیکن پندرہ سو سال کے عرصہ سے اس میں کوئی نمایاں اور معرکتہ الآرا تصنیف ظہور میں نہیں آئی۔ یونانیوں نے ادبیات کی شغل رومیوں کے حوالے کر کے ان کو تو نظم و بلاغت کے فن کا ماہر کر دیا اور خود دینیات کے فروعی مسائل کی موشگافیوں میں مصروف ہوگئے۔

لاطینی زبان کی تاریخ اس سے بالکل جداگانہ ہے۔ یہ اصل میں لاٹیم کی جو دریائے ٹائبر کے جنوب میں واقع تھا دیہاتی زبان تھی۔ دریائے ٹائبر کے بائیں کنارے معمولی بلندی کی پہاڑیوں کا ایک سلسلہ چلا گیا تھا جس پر متعدد دیہات کا ایک چھوٹا سا مجموعہ واقع تھا جو شاید دریا کے اُس پار قوم یوٹرسکن کی نقل و حرکت کی دیکھ بھال کے لئے زیادہ کئے گئے تھے۔ یوٹرسکن عجیب و غریب لوگ تھے اُن کی زبان بھی عجیب تھی

جو لاٹیم کے باشندوں کی زبان سے بالکل مختلف تھی۔ یقیناً وہ ایشیا سے آئے تھے ہر حیثیت سے ان کا مادی تمدن بہ نسبت لاطینی چرواہوں اور کاشتکاروں کے زیادہ ترقی یافتہ تھا جیسا جیسا زمانہ گذرتا گیا یوٹرسکن لوگوں نے دریائے ٹائبر کو عبور کرلیا اور روما کی پہاڑیوں پر ایک شہر آباد کیا جس کا نام ان کی قوم کے نام سے ملتا جلتا تھا۔ یہ نیا شہر شمالی یوٹرسکن شہروں اور جنوبی یونانی شہروں کے درمیان واقع تھا۔ ندی کے نیچے اور براہ سمندر کارتھیج کے ساتھ بھی ان کا سلسلہ رسل و رسائل قائم تھا۔ یوٹرسکن اطالیہ کے سب سے پہلے اور بڑے انجنیر تھے جنہوں نے دلدلوں میں نالیاں نکلوائیں جنگلوں کو صاف کروایا اور سڑکیں اور شہر بنوائے جن باتوں کو ہم رومیوں کے تمدن کی خصوصیات خیال کرتے ہیں اور بعض لوگوں کے خیال کے مطابق رومیوں کی عادات و اطوار کے درشت خصائص انہیں قدیم لوگوں سے نسبت رکھتے ہیں آخر کار قوم یوٹرسکن کی قوت کا زوال شروع ہو گیا۔ جنوبی اطالیہ میں انہوں نے یونانیوں کے مقابلے میں شکست پائی اور روما کو چھوڑ دیا۔

نیا لاطینی شہر جو قوم یوٹرسکن کی حکومت میں بہت کچھ تبدیل ہو گیا تھا (یہ نہیں معلوم کہ زبان پر کس قدر اثر پڑا) طول و طویل معرکہ ہائے کارزار میں مصروف ہو گیا جن میں وہ کبھی اپنی بقا کے لئے معرکہ آرا نظر آتا اور کبھی حرص و آز اور وحشیانہ غیظ و غضب کے جوش میں اپنے رقبۂ حکومت کو وسعت دینے میں کوشاں دکھائی دیتا تھا لاٹیم۔ یوٹرسکن۔ یونانی دیگر اطالوی قبائل۔ شمالی اطالیہ کے کلٹ اقوام۔ فرانس اور برطانیہ۔ ہسپانیہ کے آئیبریں لوگ کارتھیج شمالی افریقہ کی بربری قومیں سب نے شکست پائی اور ان تمام فتوحات کے بعد رومی آبادی۔ رومی قانون۔ رومی فنون اور لاطینی زبان کا دور دورہ شروع ہو گیا لاطینی کے اس بڑھتے ہوئے سیلاب کو صرف مشرق میں یونانی زبان نے اور شمال میں وحشی قبائل کی جرمن بولیوں نے روک دیا

برطانیہ اور افریقہ نے دوسری زبانیں اختیار کرلیں لیکن اس وسیع رقبے کے بقیہ حصہ میں اب بھی وہی زبانیں بولی جاتی ہیں جو لاطینی زبان سے نکلی ہیں۔

اگرچہ ادبیات میں روما کو ایتھنس سے تلمذ حاصل تھا لیکن اس نے نظم و نثر میں ضبط و تنظیم پیدا کر کے اپنی ایک جداگانہ خصوصیت قائم کرلی جو رومیوں کے عادات و خصائل کو نمایاں کر کے دکھاتی ہے۔ جمہوریتہ کی آخری اور خود مختارانہ حکومت کی پہلی صدی میں روما نے شاندار لٹریچر پیدا کیا۔ لاطینی مغربی یورپ کی دفتری زبان ہوگئی اور اس کے بعد مغرب میں مسیحیت کی زبان قرار دی گئی جو اس وقت بھی کلیسائے روم میں رائج ہے۔ مختلف ممالک کے تعلیم یافتہ لوگوں میں رسل و رسائل کا وسیلہ بن گئی اور کئی صدیوں تک مغربی یورپ میں یہی زبان تعلیم و تعلم کا وسیلہ بنی رہی چند ہی صدیاں ہوئیں کہ فرانسیسی اور انگریزی یونیورسٹیوں میں بجائے لاطینی کے ذریعہ تعلیم قرار دی گئی ہیں نیوٹن کا مشہور رسالہ لاطینی زبان میں ہی ہے اگرچہ موجودہ زمانے تک بھی علما و فضلا لاطینی زبان کو استعمال کرتے ہیں لیکن جب سے جدید زبانوں نے ترقی پائی ہے کوئی شاندار لٹریچر اس زبان میں پیدا نہیں ہوا۔

اس مختصر خاکے سے یہ پتہ چلتا ہے کہ یورپ کے خیالات کس حد تک یونانی و لاطینی زبان کے مرہون احسان ہیں۔ واقعات ہم کو بتلاتے ہیں کہ ان دونوں زبانوں نے مسیحیت کی تاریخ میں بھی ایک بڑا حصہ لیا۔ اب لاطینی اور یونانی زبانوں کی تاریخ کے سلسلہ میں ایک دوسرا سوال پیدا ہوتا ہے اور وہ یہ ہے کہ کلاسیکل زبان سے ہمارا کیا مطلب ہے۔ ابتدائی زمانے میں ایک کلاسک مصنف (اسکرپٹر کلاسکس) اول درجے کا مصنف اور انشا پرداز خیال کیا جاتا تھا۔ "کلاسکس" سے ادبیات یونان و روما کی منتخب اور بہترین تصانیف مراد لی جاتی تھیں۔ اب یہ اصطلاح کسی قدر وسیع معنوں میں استعمال کی جاتی ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ ادبیات کی ترقی و توسیع کے

زمانے میں ایک "زرین دور" شروع ہوتا ہے یہ وہ دور ہے جس میں کوئی خاص زبان اور کسی خاص تمدن کے ادائے مطالب و اظہار خیالات کے ذریعے معراج کمال کو پہونچ جاتے ہیں خود زبان ایک انتہائی ترقی حاصل کر لیتی ہے اور اس زبان کا لٹریچر نہایت ہی مکمل صورت اختیار کر لیتا ہے۔ ایک قلیل مدت میں ایسی انتہائی ترقی کی ایک یا دو موجیں پیدا ہوتی ہیں پھر اس کے بعد ایک نقرئی دور آتا ہے جس میں طرز تحریر اور اسلوب بیان تو بدلا ہوا نظر آتا ہے لیکن کوئی زیادہ جدت کا اظہار نہیں ہوتا اور پھر آخر میں تنزل و انحطاط کا ایک طولانی دور شروع ہو جاتا ہے۔ وہ زبان جس کا لٹریچر اعلیٰ ترین درجہ پر پہونچ گیا اور تازہ و جدید لٹریچر پر تفوق و برتری رکھتا ہو کلاسیکل زبان کہلاتی ہے اس معیار سے دیکھا جائے تو فارسی کلاسیکل زبان ہے اور مجھے اس امر پر یقین ہے کہ فرانسیسی بھی کلاسیکل زبان بن چکی ہے اور وہ زمانہ بالکل قریب ہے کہ انگریزی بھی کلاسیکل زبان کا درجہ حاصل کرے۔

اب ہم کو اپنی خاص تینوں کلاسیکل زبانوں کے بحث طلب مسائل کی طرف توجہ کرنی چاہئے لیکن ان پر بحث کرنے سے قبل میں آپ کو یہ یاد دلانا چاہتا ہوں کہ یہ مسئلہ یورپ میں کلاسیکل زبان کی تعلیم کس طریقہ پر دینی چاہئے ایک ایسا مسئلہ ہے جس پر دور جدید علوم و فنون" کے زمانے سے اب تک تقریباً چار سو سال سے ہر ایک صدی میں بہتر سے بہتر دماغ غور کرتے رہے ہیں۔ ۱۵۷۰ء میں راجر آشام اس امر کی شد و مد سے تبلیغ کر رہا تھا کہ لاطینی زبان کی تعلیم ترجمہ کے ذریعے سے دی جائے اور بہت جلد اس میں بات چیت شروع کرا دینے کے طریقے کا سخت مخالف تھا۔ ملٹن محض تقریری مہارت کو لغو خیال کرتا تھا۔ ۱۹۰۳ء میں کلاسیکل اسوسی ایشن قائم کی گئی جس کا ایک مقصد کلاسیکل زبانوں کی تحصیل کے بارے میں پبلک کو اس امر کی جانب توجہ دلانا تھا کہ قومی تعلیم کے نظام العمل میں کلاسیکل تعلیم کی قدر و قیمت اور اہمیت کا پورا پورا لحاظ رکھا جائے اور دوسرا

مقصد یہ تھا کہ کلاسیکل زبانوں کے طرز تعلیم اور فوائد کے بارے میں آزادانہ بحث و مباحثے کے ذریعہ کلاسیکل تعلیم کے رواج کو ترقی دی جائے۔

کلاسیکل زبان کا معلم کس امر کی کوشش کر رہا ہے اور اس کے مطمح نظر کونسا مقصد ہے

ان سوالات کا جواب چار مختلف مدارج تعلیم پر ترتیب دیا جا سکتا ہے جو ذیل میں درج کئے گئے ہیں۔ درجہ اول۔ سب میں ادنی درجہ ہے جس میں صرف یہی مقصد پیش نظر رکھا جائے کہ کم سے کم محنت میں بہترین سے بہترین نتائج امتحان برآمد ہو سکیں یا کم عمر پنجابی لڑکوں کے دماغ میں صرف اسی قدر مردہ زبان کا ذخیرہ بھر دیا جائے کہ وہ میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے امتحانوں میں کامیابی حاصل کر سکیں دوسرا درجہ وہ ہے جس میں کلاسیکل زبانوں کے نصاب سے بہترین طریقے پر کام لینے کی کوشش کی جائے یعنے تکمیل نصاب کے ساتھ ساتھ طالب علم کی ذہنی ترتیب کا بھی خیال رکھا جائے یا قواعد زبان کے اصول کا استعمال اس طریقہ پر کروایا جائے کہ اچھی خاصی دماغی ورزش کا کام دے سکے۔

تیسرا درجہ وہ ہے جس میں کلاسیکل زبانیں نہ صرف لازمی قرار دی جائیں بلکہ ان کی قدر و قیمت اور اہمیت بھی تسلیم کی جائے اور طالب علم کو ایک ایسے طریقہ تعلیم کی ترغیب دی جائے جس سے اس کے ذہن میں جودت اور فہم میں ترقی ہو اور مضمون زیر تعلیم کے متعلق اس کے دل میں ایک ایسی امنگ پیدا ہو جو اس کو خود بخود آگے بڑھنے پر آمادہ کر دے اور شاید عجب نہیں کہ وہ بھی آگے چلکر ہماری طرح ایک معلم بن جائے۔

چوتھا درجہ سب سے اعلیٰ ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ کلاسیکل زبان کے نصاب کو تعلیم۔ عادات و اطوار کی درستی۔ اور قوت فیصلہ و تخیلہ کی ترتیب کا مرکز بنا دیا جائے متعدد میں اعلیٰ و ارفع خیالات کے ذریعہ کمسن لڑکوں کے دماغوں میں کچھ نہ کچھ زمانہ گذشتہ کی دانشمندی کا ذخیرہ بھر دیا جائے تاکہ موجودہ زمانے کے لڑکے زمانۂ سلف سے دلچسپی لینے لگیں۔ اور ان کے دل وطن کی پاک اور گہری محبت کے جذبے سے معمور ہو جائیں۔

کلاسیکل زبان کا جدید زبان پر اچھا اثر مترتب ہو اور وہ قدیم زبان کے مغلق اور دقیانوسی لغات سے ثقیل اور عسیر الفہم نہ بننے پائے ۔ قدیم روایات میں جو قیمتی سرمایہ ہے اس میں تازہ روح پھونکی جائے اور اس کو جدید پیرائے میں منتقل کر لیا جائے ۔ خاص کر شعبہ علوم و فنون میں کلاسیکل تعلیم سے اس طریقے پر کام لیا جائے کہ طبقۂ اناث و ذکور میں زبردست اور قابل مورخین و ماہرین آثار قدیمہ ۔ علمائے علم اللسان ۔ فلاسفر و سیاست داں و نیز شاعر و انشا پرداز پیدا ہوں ۔

یہ چاروں مدارج چار مختلف قسم کے معلمین کی جانب منسوب ہو سکتے ہیں جن کی ترتیب حسب ذیل ہے ۔

قسم اول ۔ کام چور

قسم دوم ۔ قواعد داں ۔

قسم سوم ۔ فاضل مدرس یا پروفیسر

قسم چہارم ۔ محقق عالم یا مافوق الفطرت دماغ رکھنے والے ۔

ادنیٰ ترین درجہ کو نظر انداز کر کے ہم صرف دوسرے یا تیسرے درجہ ہی سے بحث کریں گے اور ہماری عملی تجاویز کا تعلق انہیں سے ہوگا لیکن اپنی تجاویز کو معرض بحث میں لانے سے پہلے ہم یہ بیان کر دینا چاہتے ہیں کہ وہ تینوں زبانیں جن سے ہمارا مضمون متعلق ہے بلحاظ بناوٹ بلحاظ تاریخ اور اس تعلق کے لحاظ سے جو اُن کو ہندوستان کے ساتھ ہے آپس میں اہم اور ضروری اختلافات رکھتی ہیں ۔ سنسکرت ایک نہایت ہی قدیم زبان ہے اور ایک وسیع لٹریچر کی مالک ہے ۔ یونانی اور لاطینی کی طرح مکمل صرف و نحو رکھتی ہے اور ادائے مطالب پر اس قدر قادر ہے کہ جو مطلب ہندی اور انگریزی کے کئی لفظوں میں ادا ہوتا ہے اس کے ایک لفظ میں ادا ہو سکتا ہے ۔ اس کی صرف و نحو پیچیدہ ہے جس کا سیکھنا آسان نہیں ہے ۔ اس زبان میں بڑے بڑے مرکب الفاظ استعمال ہوتے ہیں ۔ جن کا ترجمہ ہندی یا

یا انگریزی میں کیا جائے تو ہر مرکب لفظ کی تشریح کے لئے کئی جملوں کی ضرورت ہو گی
ایک لفظ کا آخری جز دوسرے لفظ کے ابتدائی جز کی مطابقت سے بدل جایا کرتا ہے
مبتدی اس امر کے پہچاننے میں سخت پریشان ہوجاتا ہے کہ ایک لفظ کہاں ختم ہوا
اور دوسرا کہاں شروع ہوا۔ ادبی زبان بول چال کی زبان سے بالکل مختلف ہے غرض کہ
اس زبان کی ابتدائی دقتیں دوسری زبانوں سے بڑھی چڑھی ہیں۔ تاریخی لحاظ سے سنسکرت
کی ابتدا (بشمول زبان جدید زمانۂ رگ وید یعنے ۱۵۰۰ ق۔م۔ یا اس سے بھی پہلے کے زمانے سے
ہوئی اور اسی زمانے کی زبان بناوٹ کے لحاظ سے ہندی یورپین سے ملتی جلتی نظر آتی ہے
جو ان زبانوں کے بڑے خاندان سے تعلق رکھتی ہے جو آئس لینڈ سے لیکر لنکا تک رائج ہیں
انگریزی۔ المانی۔ روسی۔ یونانی۔ لاطینی فارسی وغیرہ سنسکرت سے نہیں بلکہ اسی
ماخذ سے نکلی ہیں جس سے سنسکرت نکلی ہے بعد میں چلکر سنسکرت کی قواعد میں کسی قدر اضافہ
تو ہوگیا لیکن آسانی نہیں پیدا ہوئی کچھ تو نئے نئے مشتقات کے وضع کئے جانے اور کچھ
بیرونی اثرات کے زبان میں داخل ہوجانے کی وجہ سے لغات میں معتد بہ ترقی ہوگئی۔ جب
گوتم بدھ کا زمانہ آیا تو اس زبان کا رواج جاتا رہا اور تیسری صدی ق۔م میں تو یہ ایسی مفقود
ہوگئی کہ شہنشاہ اشوک کے کتبات میں ہم کو ڈھونڈے سے بھی کوئی سنسکرت جملہ نہیں مل سکتا۔
بودھ اور جین مت کی قدیم مذہبی کتب پالی اور آردھامگدھی زبانوں میں لکھی گئی ہیں۔ گو یہ
دونوں زبانیں سنسکرت نہیں ہیں تاہم اس سے نہایت قریبی تعلق رکھتی ہیں۔ بعد میں چلکر
ہندوستان میں بودھ مت کے ایک گروہ نے سنسکرت زبان اختیار کرلی۔ بادشاہ
کنشک کے زمانے میں آسواگوش نامی عالم نے متعدد ڈرامے اور بودھ کے واقعات زندگی
سنسکرت میں لکھے تھے جس میں اس نے نہایت اعلیٰ انشا پردازی کا زور دکھایا تھا۔
رودرادمن جو دوسری صدی میں مغربی ہندوستان میں حکومت کرتا تھا ہمارے لئے خالص
سنسکرت میں کتبے چھوڑ گیا ہے۔ خاندان گپت کا زمانہ سنسکرت ادب کا زرین زمانہ ہے

جس میں راجہ ہرشس کا عہد سلطنت بھی شامل ہے اس زمانے میں اور اس کے صدیوں بعد بھی سنسکرت کی ادبیات میں معتدبہ ترقی ہوتی رہی اور بہت سی از بر نظمیں۔ پورانین۔ قانونی کتب وغیرہ لکھی گئیں اور سنسکرت ادبیات کے بڑے بڑے مصنفین نے اسی عہد زرین میں شہرت حاصل کی۔

سنسکرت تصنیف وتالیف کا سلسلہ اس وقت تک بھی جاری رہا جب کہ شمالی سلطنتیں مسلمانوں کے قبضے میں آگئیں جو مغرب سے آئے تھے۔ رگ وید کی معتبر شرح چودھویں صدی میں لکھی گئی۔ جنوبی ہند میں ادبی لحاظ سے یہ بڑی ترقی اور عروج کا زمانہ تھا اگرچہ کل کے کل واقعات مطابقت نہیں رکھتے تاہم کم سے کم چودھویں صدی تک سنسکرت کی تاریخ کو تاریخ ہند کا آئینہ سمجھنا چاہیئے۔ اب تک بھی سنسکرت کو ہندوستان کی قدیم تہذیب سے ربط وتعلق حاصل ہے اور اب تک بھی وہ ہندوستانی زندگی کی ہر بات میں دخل رکھتی ہے

فارسی سنسکرت کی چھوٹی بہن ہے۔ وہ دارائے اعظم کی زبان یعنے قدیم فارسی سے نکلی ہے۔ قدیم فارسی زرتشت کی مستعمل زبان یعنے اوستا کی بہن اور دور ساسانی کی فارسیٔ متوسط کی ماں ہے۔ جدید فارسی کی ابتدا سنہ ۱۰۰۰ئ سے ہوئی جس کا پہلا ادبی نمونہ فردوسی کے قلم سے معرض ظہور میں آیا۔ فارسی جدید کے ادب کی ابتدا ایران میں عربی زبان کی روک تھام کی غرض سے ہوئی جو ادبی اغراض کے لئے عام طور پر استعمال ہونے لگی تھی۔ فارسی شاہی درباروں اور ایران ووسط ایشیا ونیز شمالی ہندوستان کے مہذب وتعلیم یافتہ طبقہ کی زبان بن گئی۔ ایران میں اکثر الحاد یعنے آزاد خیالی کی گرم بازاری رہی ہے جس کی وجہ سے فارسی ایک آزادانہ فلسفہ کے اظہار کا ذریعہ بنی ہوئی تھی اور اب تک بھی ہے۔ ہندوستان میں فارسی ایک جداگانہ تہذیب اور جداگانہ طرز معاشرت کا نمونہ نظر آتی ہے جو اسلامی علوم کا ذریعہ تعلیم بنی رہی جس میں نہ صرف راسخ الاعتقادی اور مذہبی تعصب سے بھرے ہوئے اصول کا اظہار کیا گیا ہے بلکہ آزاد اور غیر متعصبانہ خیالات بھی

کام لیا گیا ہے جو ایک جانب ہندی اور دوسری جانب یونانی فلسفہ کے اثرات سے لبریز نظر آتے ہیں۔ ایران کی اس نئی زبان کے ساتھ ہندوستانی سنسکرت کی آمیزش سے ایسے نتائج پیدا ہوئے جو دلچسپی سے خالی نہیں۔ اس آمیزش کا اثر کبیر وغیرہ شعرا کے کلام اور جدید مذہبی تحریک سے ظاہر ہوتا ہے۔ قدیم کتب نصاب سے دوبارہ دلچسپی اسی آمیزش کا اثر ہے یہ تمام باتیں ہم کو ان جدید خیالات و تحریکات کو یاد دلاتی ہیں جو مغربی یورپ کی جدید تہذیب اور خیالات کے میل جول سے پیدا ہوئیں۔

جس فارسی کی اب تعلیم دی جاتی ہے وہ بالکل جدید ہے قدیم فارسی اور اوستا کی تعلیم ہمارے مدارس اور کالجوں میں مفقود ہے۔ جدید فارسی کی قواعد آسان ہے اور ہم اس کو بول چال کے ذریعہ بہ نسبت سنسکرت کی قواعد کے زیادہ آسانی کے ساتھ سیکھ سکتے ہیں اگرچہ طرز تحریر فصیح اور بلیغ اور صنائع و بدائع سے مملو ہے تاہم مستعملہ زبان کی بناوٹ روزمرہ کی زبان سے زیادہ مغائرت نہیں رکھتی۔ نیز لغات کا ایک بڑا ذخیرہ ایسا ہے جس سے اردو بولنے والے واقفیت رکھتے ہیں۔ جب پنجاب یونیورسٹی کی بنیاد قائم ہوئی تو اس مسئلہ پر کہ آیا فارسی کلاسیکل زبان ہے یا جدید زبان بڑی بحث ہوتی رہی میں نے ابھی ابھی اوپر بیان کر دیا ہے کہ فرانسیسی اور انگریزی کے مانند اس کا اطلاق کلاسیکل اور جدید دونوں زبانوں پر ہو سکتا ہے۔

فارسی سے واقفیت پیدا کرنا ہندوستان کی تیرھویں صدی کی تاریخ اور ملکی ترقی کے سمجھنے کے لئے ہر حالت میں ضروری ہے۔ اردو زبان کا ضروری اور اہم عنصر ہونے کے علاوہ اس نے ہندوستان کی دیگر زبانوں پر بھی اپنا بہت کچھ اثر ڈالا ہے یہی وہ زبان ہے جو اب تک ہندوستان کے سرحدی علاقوں میں بولی جاتی ہے۔ افغانستان کے تعلیم یافتہ لوگ اسی زبان کو استعمال کرتے ہیں جہاں سے اس کا استعمال وسط ایشیا تک پھیل گیا ہے وہ ایک ایسے ملک کی قومی زبان ہے جو ایک طول و طویل تاریخ رکھتا ہے اور جس کا مستقبل

شاندار نظر آتا ہے۔

عربی ایک دوسری مکمل صرف و نحو رکھنے والی زبان ہے لیکن اس کی طرز وضع بالکل جداگانہ ہے۔ اس کے سہ حرفی مصادر اور اسم پر فعل کی سبقت اس سامی خاندانی کی مشہور و معروف خصوصیات ہیں جس میں عبرانی اسیریا اور توراۃ قدیم اور عراق عرب کی زبانیں شامل ہیں عربی زبان ایک ایسے دماغ کے اظہار خیالات کا ذریعہ ہے جو ایک ایرانی شاعر کے دماغ سے جو باغ میں گل و بلبل اور شیشہ و ساغر کے ساتھ کے نغمے گنگناتا ہو بالکل جداگانہ ہے اور جو اس سے بھی زیادہ ہندوستان کے محلوں کی طرز معاشرت اور جنگلوں کی درویشانہ زندگی سے ناآشنا ہے عرب اور شاید تمام قدیم سامی قبائل مفتوحہ علاقوں کی دوسری نسلوں سے خلط ملط ہونے سے پہلے صحراؤں میں بود و باش رکھتے تھے گرم ہواؤں اور ریگ زاروں میں پرورش پاتے تھے اپنے اونٹوں کے گلوں میں خاموش زندگی بسر کرتے تھے اور عداوت اور محبت کے معاملات میں ایک ایسی جراوت اور جوش کا اظہار کرتے تھے اور ایسی ایسی سختیاں اٹھاتے تھے جو آرام و آسائش کی زندگی بسر کرنے والوں کے حاشیہ خیال میں بھی نہیں آسکتیں۔ ان کی زبان میں بھی ان سب باتوں کا اثر پایا جاتا ہے۔ لیکن بدوی قبائل کی یہی شاعرانہ بولی جو اونٹ اور تلوار کی تعریف میں رجز خوانی کیا کرتی تھی اور جو ہجو اور دشنام میں دشنہ و خنجر سے زیادہ تیزی دکھاتی تھی ایک نئے دین اور ایک ایسی مذہبی تحریک کی اشاعت کا ذریعہ بن گئی جو مغرب میں اسپین تک اور مشرق میں چین کی سرحد سے لے کر جاوے تک پہونچ گئی۔

فتوحات کے ساتھ ساتھ عربوں نے یونانی علوم و فنون کا کل ذخیرہ اپنی زبان میں منتقل کر لیا اور اس کو اتنا اپنایا کہ یورپ کا مغربی حصہ بھی انہیں کے چشمۂ فیض سے سیراب ہوا۔

تیرھویں صدی میں آکسفورڈ اور پیرس کے علاوہ اور دیگر لاطینی یونیورسٹیوں نے جو علوم و فنون کی سخت محتاج تھیں اس میں اور دیگر مقامات کی عربی یونیورسٹیوں سے

بہت کچھ علوم و فنون کا ذخیرہ حاصل کیا۔ اسلام کو جاننے اور سمجھنے اور اسلامی تاریخ کے ایک بہت بڑے حصے سے واقفیت حاصل کرنے کے لئے عربی کا سیکھنا ضروری ہے۔ وہ فارسی اور اردو دونوں زبانوں کا ضروری عنصر بن گئی ہے۔ یہ ہندوستان جدید کا ایک اہم بالشان مسئلہ ہے کہ ان قدیم تعلیم کی نہروں کو زمانۂ حال کے سائنس اقتصادیات سیاسیات اور معاشیات کے اس سیلاب سے جو مغرب سے آرہا ہے ملا دیا جائے اور ساتھ ساتھ انگریزی ادبیات کی ضرورت اور اہمیت کو بھی فراموش نہ کیا جائے اس بات کی ضرورت ہے کہ یہ تمام عناصر ایک نئی تعلیم کے قالب میں ڈھال دیئے جائیں۔

اس مسئلہ کو حل کرنے میں ہم اس وقت تک کامیاب نہیں ہو سکتے جب تک کہ دنیائے جدید اور دنیائے قدیم دونوں سے واقفیت نہ حاصل کرلیں ایک گولی کا صدمہ اٹھائے ہوئے مریض کے مانند جس کی قوت حافظہ سلب ہو چکی ہو تہذیب و تمدن میں بالکل نئی ترقی کرنا ممکن امر ہے۔ ایک روز ایک فرانسیسی افسر کی کہانی فرانسیسی زبان میں میری نظر سے گذری جو میدان جنگ میں بے ہوش پڑا ہوا تھا المانی اس کو بعض واقعات کی وجہ سے اپنی قوم کا شخص سمجھ کر اٹھا لے گئے وہ ہوش میں تو آیا لیکن اس کی قوت حافظہ بالکل ہی مفقود ہو چکی تھی اس کو بات کرنا لکھنا پڑھنا سب المانی زبان میں سکھایا گیا گو وہ المانی اچھی طرح لکھ پڑھ سکتا تھا تاہم دوسرے المانیوں سے بالکل مختلف معلوم ہوتا تھا اس کی تحریر سے بھی ایک ایسی بات ظاہر ہوتی تھی جس کو المانی اپنے مذاق سے جداگانہ پاتے تھے چند سال کے بعد وہ ایک زبردست انشا پرداز ہو گیا لیکن اس کے خیالات اور اس کے طرز تحریر سے صاف ظاہر ہوتا تھا کہ وہ کسی دوسری قوم کا ہے آخرکار اس کے ایک دوست کی کوشش سے جس نے اس کی اصلیت کو دریافت کر لیا تھا رفتہ رفتہ اس کا زائل شدہ حافظہ تازہ ہوتا گیا اور اس کی اصلی شخصیت عود کر آئی یہ کہانی میں نے بطور تمثیل اپنے اس فقرے کی وضاحت کے لئے بیان کی ہے جس کا اوپر ذکر ہو چکا ہے یعنے انسان کے لئے اپنے اصلی تمدن کو

فراموش کرکے ایک بالکل نئے تمدن میں ترقی کرنا ناممکن امر ہے۔

اگر ہندوستان جدید سائنس کے کل ذخیرے کو مغربی زبان کی وساطت سے اپنے آپ میں جذب کر لینے کی کوشش کرے تو اس کو نہایت اچھی طرح سے کرسکتا ہے لیکن اگر پرانی یادداشتیں معطل کردی جائیں۔ تو اسکی کوششوں میں کچھ نہ کچھ خامی رہ جائیگی ایسا معلوم ہوگا کہ کسی چیز کو اس نے گم کر دیا ہے۔ اور کوئی چیز اس کے ذہن میں ایسی بسی ہوئی ہے جو اظہار کے لئے بے چین ہے۔ اور جس کے بغیر ہندوستان پوری طور پر اپنی خاص انفرادی حیثیت کو محسوس نہیں کر سکتا۔

قدیم تذکرے اور وہ مباحث جن سے ہم اچھی طرح واقف ہیں قدیم زبانوں ہی کے ذریعہ سے اعلیٰ اور شاندار پیرائے میں ادا ہو سکتے ہیں۔

جو مسئلہ ہمارے زیر بحث ہے اس کا مقصد پرانی اور نئی زبانوں میں اتحاد پیدا کرنا ہے نہ یہ دیکھنا کہ کس زبان کا کس قدر ذخیرہ دماغوں میں ٹھونس ٹھونس کر بھرا جا سکتا ہے اگر کوئی چاہے تو قدیم روایات کا پابند ہو کر بھی زمانۂ حال کی جدید تہذیب سے آراستہ ہو سکتا ہے اور قدیم حالات و رسم و رواج سے محبت اور انس پیدا کر سکتا ہے۔

ان تمام امور پر بحث کرنے کے بعد اب ہم کو اس امر پر غور کرنا ہے کہ مذکورۂ بالا مسئلہ کو کامیاب بنانے کے لئے کس قسم کی تجاویز سے کام لینا چاہیئے جو مضامین اس شعبے کے متعلق وصول ہوئے ہیں ان میں غالباً اس بحث کے ہر ایک پہلو پر بحث کی گئی ہوگی لیکن میں طالب علموں اور مدرسوں کے متعلق صرف ایک یا دو عمومی امور پیش کرنے پر ہی اکتفا کرتا ہوں۔

طالب علموں کو خود کام کرنے اور پڑھنے کی تعلیم دیجائے صرف بیٹھے ہوئے مدرس کی تشریح و توضیح کو سننے اور دئے ہوئے ترجمہ کو یاد کرنے سے کوئی فائدہ حاصل نہیں ہو سکتا ہر ایک طالب علم کے پاس لغت کا موجود رہنا ضروری ہے اور اس کو لغت کے استعمال کی

مجبور کرنا چاہیے اور اس امر کی ہرگز اجازت نہ دینی چاہیے۔ کہ وہ مدرس کو زندہ لغت تصور کرکے جس وقت جی چاہے استعمال کرے۔ ہر ایک طالب علم کے پاس قواعد بھی موجود رہے اور اس کو حسب موقع قواعد سے کام لینے کا طریقہ بتلایا جائے محض قواعد کے حصے از بر نہ کرائی جائیں بلکہ سبق کے ساتھ ساتھ ہی قواعد کی تشریح طلب باتیں سمجھادی جائیں خود مدرس کو اس امر کا فیصلہ کر لینا چاہیے کہ قواعد کا کس قدر حصہ زبانی یاد کرایا جائے اور کس قدر حصہ قاعدوں کے استعمال وغیرہ کی مشقی تعلیم کے لیے رکھا جائے۔ قواعد کے پیچیدہ اصول پورے طور پر اسی وقت سمجھ میں آسکتے ہیں جبکہ طالب علم اعلیٰ تعلیمی زینہ پر پہونچ جائے۔ ابتدائی مدارج میں قوت حافظہ سے سوچ سمجھ کر صرف اس حد تک کام لینا چاہیے کہ قوت استدلال میں کوئی ہرج اور فتور واقع نہ ہو۔

ناخواندہ عبارتوں کا ایک زبان سے دوسری زبان میں ترجمہ کرانے کی تدریجی مشق کرائی جائے۔ موقع بموقع زیر تعلیم زبان کے مباحث کی تطبیق دوسرے مباحث مثلاً تاریخ۔ فیلالوجی (علم اللسان) اور روزمرہ زندگی کے واقعات سے کرائی جائے زیادہ ترقی یافتہ اور اعلیٰ مدارج میں یہ طریقہ اختیار کیا جائے کہ کلاسیکل زبان کی تعلیم کے ساتھ ساتھ اس زبان کے ادب۔ تاریخ اور بانیاں ادب کے تمدن سے بھی واقفیت کرائی جائے۔ اور ان کا ماحول یہ ہونا چاہیے کہ تعلیم سے موجودہ زندگی میں استفادہ حاصل ہو سکے۔ اساتذہ ایسے اشخاص ہوں جن کی استعداد اور علمیت بہ نسبت ان لوگوں کے جو عموماً کار آمد تصور کر لئے گئے ہوں زیادہ وسیع ہو۔ سب یکساں نہ ہوں بلکہ بعض ایسے بھی ہوں جو کئی زبانیں جانتے ہوں بعض ایسے ہوں جو تاریخ اور آثار قدیمہ میں اچھی مہارت رکھتے ہوں اور بعض منطق اور فلسفہ کے ماہر اور علم اللسان میں اچھی تربیت پائے ہوئے ہوں غرض کہ ہر حالت میں مدرس ایک عالم اور محقق ہو نہ کہ کندۂ ناتراش۔

مدرس کو ہمیشہ مطالعے اور اکتساب فن میں مصروف رہنا چاہیے جب یہ معلوم ہوجائے کہ

مدرس معلومات کے بڑھانے سے دست کش ہو گیا ہے تو وہ وظیفہ یا بغیر وظیفہ کے علٰحدہ کر دیا جائے۔ اس کو اپنے مضمون پر کامل دستگاہ حاصل کرنا اور عام معلومات پر حاوی رہنا چاہیئے۔

مدرسہ یا کالج میں تعلیم دینے کے لئے گریجویٹ کو ایک ایسی کامل استعداد حاصل کرنی چاہیئے۔ جو ایک ایسے بہترین قسم کے پنڈت یا مولوی میں ہو سکتی ہے۔ جس کی علمی وسعت زندگی کے دوسرے شعبوں پر بھی حاوی ہو۔

میں اس امر سے واقف ہوں کہ شاید ہماری رائے صائب سمجھی جائے۔ کیونکہ بہت سے علما یہ خیال کرتے ہیں کہ جدید خیال کا پنڈت ایک بگڑا ہوا پنڈت ہے اور قدیم روایتی تعلیم جدید خیالات کی آمیزش سے پاک اور محفوظ رہنی چاہیئے۔

متوفی ڈاکٹر اسپونر یہ بحث کیا کرتے تھے کہ اگر ہم مصری مومیات میں سے کسی ایک کو زندہ کر کے لا سکیں تو وہ مصر قدیم کی زندگی اور خیالات کو بہ نسبت کسی موجودہ عالم کے زیادہ وسعت کے ساتھ بیان کر سکتا ہے وہ مصری کتابوں کے بہت سے مقامات کو جن پر تاریکی چھائی ہوئی ہے اور ہم کو ان کا کوئی پتہ نہیں ملتا روشن کر کے دکھلا سکتا ہے۔ صاحب موصوف کا بیان تھا کہ حقیقی پنڈت جس کی قدیم روایتی تعلیم جدید خیالات سے ملوث نہ ہوئی ہو۔ بعینہ وہی حیثیت رکھتا ہے جس کا اوپر ذکر کیا گیا ہے وہ اب بھی عہد عتیق سے تعلق رکھتا ہے اور اس کو قدیم مصنفین کی کتب سے واقفیت تامہ حاصل ہے۔

اس میں شک نہیں کہ ایسا دوبارہ زندگی یافتہ مصری (اگر وہ اتفاق سے فاضل اور ذہین بھی ہو) بہت سے ایسے نکات حل کر سکتا ہے جو ہم کو استعجاب میں ڈال سکتے ہیں۔ اور ترقی یافتہ طالب علم کو اس سے بہت بڑی مدد مل سکتی ہے۔ لیکن یہ ممکن نہیں کہ وہ کم عمر اور نو آموز طلبہ کے لیے بھی قابل مدرس ثابت ہو مجھ سے پوچھئے تو میں اس کی نسبت یہی رائے دونگا۔ کہ اس کو کسی عجائب خانے یا کتب خانے کے ایک گوشہ میں بٹھا دیا جائے۔

لیکن میں ہرگز اس کو کسی مدرسہ میں مدرس بنانے کی رائے نہ دونگا۔

ایسے ہی وہ پنڈت اور مولوی جو صرف قدیم تعلیم ہی سے بہرہ ور ہوں یونیورسٹی میں جگہ پا سکتے ہیں اور ان کی ذات سے اعلیٰ مباحث تعلیم کو فائدہ پہونچ سکتا ہے لیکن دقیانوسی ہونے کی حیثیت سے وہ لڑکوں اور لڑکیوں کے لئے اچھے معلم ثابت نہیں ہو سکتے۔ ایک زمانہ گذرنے کے بعد یعنے میرے خیال میں چار سو سال سے بھی کم عرصہ میں پنڈت اور مولوی یا تو جدید خیالات سے آراستہ ہو جائیں گے یا ان کو مدارس سے اپنا بوریا بدنا اٹھانا پڑے گا۔ ہندوستان کے بچے مدرسے کے کئی معتنم گھنٹوں کو ایک دقیانوسی تعلیم کی نذر کر کے ہرگز ترقی نہیں کر سکتے۔ اس بات کا خیال رہے کہ جدید خیالات سے آراستہ ہونے سے میرا مطلب یہ نہیں ہے کہ وہ لازمی طور پر انگریزی زبان میں تعلیم حاصل کریں بلکہ وہ ایسے تعلیم یافتہ اور عالم ہوں کہ ساتھ ہی ساتھ جدید تعلیم اور خیالات سے بھی کما حقہ واقفیت رکھتے ہوں

السنۂ قدیم کو ترقی دینے کی بعض کوششیں عمل میں لائی جا رہی ہیں اگر اصل مقصد کی اہمیت اور کام کی قدر و عظمت کو اچھی طرح ذہن نشین کر لیا جائے تو کوششوں میں دس گنی ترقی ہو جائیگی اور حسب ضرورت فنڈ بھی مہیا ہو جائیگا۔

میں اُمید کرتا ہوں کہ میں نے اس شعبے کی اہمیت کو ثابت کر دکھانے میں ایک حد تک کامیابی حاصل کی ہے۔ اور اب آخر میں کلاسیکل اسوسی ایشن کے ان دو فقروں کو جو ان کے مقاصد میں داخل ہیں اور فی زمانہ ہندوستانی مسائل السنۂ قدیم سے پوری پوری مطابقت رکھتے ہیں دوہرا کر اپنا مضمون ختم کرتا ہوں۔

اس انجمن کا مقصد یہ ہے کہ اس کے ذریعہ سے عام لوگوں پر شد و مد کے ساتھ کلاسیکل تعلیم کی اہمیت اور قدر و قیمت ثابت کی جائے اور قومی تعلیم کی اسکیم میں اس کے لئے بھی ایک ممتاز جگہ حاصل کی جائے۔

"ایک اور مقصد یہ ہے کہ کلاسیکل تعلیم کی وسعت اور طریقہ ہائے تعلیم پر آزادانہ بحث مباحثہ کے ذریعہ اس کی اشاعت کو ترقی دیجائے۔"

نظام تعلیم میں مادری زبان کی اہمیت

(ترجمہ مضمون)

مولوی سید علی اکبر صاحب ایم اے (کینٹب)

جو امپیریل ایجوکیشنل کانفرنس منعقدہ لندن میں پڑھا گیا۔

جس طرح انگلستان میں صدیوں تک صرف السنہ قدیم اور دینیات تعلیم کا اہم جزو سمجھے جاتے تھے ہندوستان میں بھی انیسویں صدی کے اوائل تک صرف علوم مشرقیہ اور دینیات کا دور دورہ تھا۔

ہندو بچوں کی تعلیم صرف ہندو مذہب اور سنسکرت اور مسلمان بچوں کی تعلیم صرف دینیات اور عربی تک محدود تھی نظام تعلیم میں مادری زبان کی کوئی جگہ نہ تھی۔

ایسٹ انڈیا کمپنی نے پہلے تو ہندوستانیوں کے تعلیمی مسائل میں تغافل سے کام لیا مگر جب ۱۸۱۳ء کے قانون کی رو سے کمپنی کے ڈائرکٹر تعلیم پر ایک لاکھ روپیہ خرچ کرنے پر مجبور کئے گئے تو انہوں نے اپنی تمام توجہ السنہ شرقیہ کی طرف کی ۱۸۳۵ء کی مکالے کی مشہور رپورٹ نے گورنمنٹ کے اس طرز عمل میں تبدیلی پیدا کر دی۔ جس کے بعد گورنمنٹ نے اعلان کر دیا کہ "برٹش گورنمنٹ کا اصل مقصد یہ ہے کہ وہ ہندوستانیوں میں یورپ کے علوم اور سائنس کی تعلیم پھیلائے اور اس مقصد کو پورا کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہوگا کہ تمام تعلیمی رقوم اسی مد میں خرچ کی جائیں۔"

اب رہا یہ مسئلہ کہ کونسی زبان ذریعہ تعلیم قرار دیجائے تو اس پر اس زمانے کے تمام لوگوں نے اتفاق کیا کہ دیسی زبانیں ابھی اتنی ترقی یافتہ نہیں کہ وہ اس مقصد کو پورا

کر سکیں۔

گو زبان انگریزی ذریعۂ تعلیم قرار دی گئی مگر اس کے ساتھ ساتھ حکومت نے مادری زبانوں کی ترقی اور مدارس میں ان کی عمدہ تعلیم دیے جانے پر خاص زور دیا۔

انہوں نے غالباً اس بات کو بھی محسوس کیا تھا کہ آیندہ زمانہ میں مغربی علوم کی دیسی زبانوں کے ذریعہ اشاعت کی جائیگی۔ چنانچہ تعلیمی کمیٹی نے سنہ ۱۸۳۶ء کی سالانہ رپورٹ میں لکھا کہ "ہمارا آخری مقصد دیسی زبانوں کے ادب کی ترقی کا ہے اور ہم کو اس کے لئے پوری کوشش کرنی چاہیئے چند سال بعد سنہ ۱۸۵۴ء کے مشہور مراسلہ میں جو گورنر جنرل کے نام بھیجا گیا تھا کورٹ آف ڈائرکٹرز نے اسی اصول کا اعلان کیا اور ساتھ ساتھ یہ اُمید بھی ظاہر کی کہ ہندوستان کی ادبیات میں یورپ کی کتابوں کے ترجموں یا ان حضرات کے جدید مضامین سے جن کے دماغ یوروپین معلومات سے مملو ہیں ایک خاص ترقی ہوگی اور اس طریقہ سے یوروپ کے معلومات کے ذخیرہ سے ہندوستان کے تمام طبقے بہرہ ور ہوسکیں گے۔

اگرچہ گورنمنٹ نے کئی دفعہ اس بات کا اعلان بھی کیا کہ دیسی زبانوں کو ترقی دی جائے تاکہ ہندوستانیوں تک یورپ کے خیالات پہنچ سکیں مگر نہ تو اس کو عملی جامہ پہنایا گیا اور نہ ان کا یہ خیال پورا ہوا کہ اونچے اور متوسط طبقے والے اپنی مغربی معلومات سے ابنائے وطن کو مستفید کریں۔

گورنمنٹ صرف انہی ہندوستانیوں کو ملازمت کے لیے منتخب کرتی تھی جو انگریزی میں ماہر ہوتے تھے جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ طلبا نے ملازمت کی دلفریبیوں کی خاطر انگریزی کی طرف اتنی توجہ کی کہ صرف انگریزی کی قابلیت ہند کی تعلیم جدید کا حقیقی مقصد قرار پا گیا۔ یونیورسٹیوں نے بھی اس سیلاب کو روکنے کی کوئی کوشش نہیں کی۔ مدارس ثانوی اور کالجوں میں انگریزی کی تعلیم پر خاص زور دیا گیا۔ اس کی وجہ سے دیسی زبانیں کسمپرسی کی

حالت میں رہیں جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ایسے افراد جو یورپ کے علمی ذخائر کا ترجمہ کرسکتے تھے کم ہوتے گئے اور جو اس قابل تھے انہوں نے انگریزی میں مضمون نویسی کو ایک باوقعت چیز سمجھکر انگریزی زبان میں خیالات کے اظہار کو زیادہ پسند کیا۔ اس طرح سے وہ لوگ جو انگریزی سے نابلد تھے جدید خیالات کے استفادہ سے معذور رہے۔

چنانچہ ۱۸۵۴ء کے مشہور مراسلہ کے تقریباً نصف صدی بعد حکومت ہند نے ۱۹۰۴ء کے یونیورسٹی کمیشن رپورٹ میں اس بات کی شکایت کی کہ انگریزی کی تعلیم کی خاطر دیسی زبانوں کو بالکل پس پشت ڈالدیا گیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ۱۸۵۴ء کے مراسلہ میں جو یہ اُمید ظاہر کی گئی تھی کہ مغربی خیالات دیسی زبانوں کے ذریعہ عام ہندوستانیوں کے سامنے پیش کئے جائیں اس کی ابھی تک کوئی سبیل نہیں کی گئی۔

دیسی زبانوں کی قربانی کرکے انگریزی کو ذریعۂ تعلیم بنانے کا نتیجہ یہ ہوا کہ مغربی معلومات صرف معدودے چند افراد کے دماغوں تک محدود رہیں یعنی ہند کی تقریباً ۳۲ کروڑ آبادی میں سے صرف ۳۰ لاکھ مرد اور ۳ لاکھ عورتیں انگریزی میں نوشت و خواند کرسکتی ہیں۔

اب ہمیں غور کرنا چاہیئے کہ انگریزی تعلیم نے اعلیٰ اور متوسط طبقوں پر کیا اثر کیا جن کے لئے یہ نظام تعلیم خاص طور پر ترتیب دیا گیا تھا۔ ہند کے ان طبقوں کی دماغی حالت دوسری اقوام سے کسی طرح کم نہیں مگر پھر بھی آبادی کا لحاظ کرتے ہوئے ہم یہ دیکھتے ہیں کہ بہت کم افراد ایسے نکلے جنہوں نے اپنی جدت طبع سے معلومات میں کچھ اضافہ کیا۔ ہند کی یونیورسٹیوں کے بی۔اے پاس حضرات کے دماغوں میں جدت کا مادہ بہت کم ہے اس لئے کہ ان کے دماغ غیر زبان پر عبور حاصل کرنے کی سعی میں اپنی بہت سی قوت بیکار صرف کرتے رہتے ہیں چونکہ ایسے افراد کا بہت سا وقت غیر زبان کی قواعد کے جھگڑوں میں صرف ہوتا ہے وہ اپنا

پورا وقت نفس مضمون پر صرف نہیں کر سکتے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ان کے دماغ بجائے اعلیٰ خیالات سے مملو ہونے کے صرف الفاظ سے پٹے رہتے ہیں۔

بطور مثال ہم ایک تاریخ کے طالب علم کو لیتے ہیں اس کا بہت سا وقت غیر مانوس اصطلاحات اور الفاظ کے حل کرنے میں صرف ہوتا ہے جسکی وجہ سے وہ نفس مضمون پر اور تاریخ کی غایت پر کما حقہٗ غور نہیں کر سکتا۔ اور اس کی وجہ سے اس کو بیحد مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے مگر ان مصائب کا اس پر ہی خاتمہ نہیں ہوتا۔ اگر اس نے لغت اور استاد کی مدد سے الفاظ کے معنی پر عبور بھی حاصل کر لیا تب بھی وہ ان خیالات کو اپنے الفاظ میں ادا نہیں کر سکتا۔ ان تمام رکاوٹوں کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ کتب کے بڑے بڑے جملے زبانی رٹنے پر مجبور رہتا ہے جس کی وجہ سے اس کی دماغی قوتیں بجائے ارتقار کے تنزل کی طرف مائل ہوتی ہیں۔ انگریزی طریقۂ تعلیم کی وجہ سے ہندوستانی طلبار کی قوت تخیلہ اور جدت طرازی پر بیحد برا اثر پڑا۔

طرز تعلیم کا دوسرا نقص یہ ہے کہ اس میں قومی روایات۔ خیالات اور اولوالعزمیوں کا بالکل خیال نہیں رکھا گیا اس طریقۂ تعلیم کا غالباً مقصد یہ تھا کہ ہند کی سرزمین میں انگریزی کلچر اور ان کی قومی روایات کا بیج بویا جائے مگر سرزمین ہند کی ناموافق خاک وآب نے اس پودے کو جڑ پکڑنے نہ دیا۔

ہندوستانی یونیورسٹیوں میں جتنی کتابیں نصاب میں مقرر ہوتی ہیں انمیں ہندوستانی خیالات اور حالات کا شائبہ بھی نہیں ہوتا۔ انمیں انگریزی خیالات اور روایات پر زور دیا جاتا ہے اور مثالیں بھی اس سرزمین کی لی جاتی ہیں۔

اس قسم کی تعلیم ہندوستانی طلبار کے اعلیٰ خیالات کے لئے سم قاتل ثابت ہوتی ہے اور ان کو ایک مصنوعی دنیا میں پہنچا دیتی ہے۔

تعلیم کے مقاصد میں سے ایک اہم مقصد یہ بھی ہے کہ وہ طلبار کو آئندہ

ضروریات زندگی کے لئے تیار کرے۔ مگر جب اس قسم کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد جس کا ہم نے اوپر ذکر کیا ہے کوئی لڑکا دنیا میں قدم رکھتا ہے تو وہ یہ محسوس کرتا ہے کہ اس کی تعلیم لکچر اور کتابوں نے جس دنیا کا خاکہ اسکی نظروں کے سامنے پیش کیا تھا اس سے یہ دنیا بالکل مختلف ہے۔

یہ بات ظاہر ہے کہ ایسی تعلیم جس میں قومی ضروریات خیالات روایات اور تحریکات کا خیال نہیں رکھا جاتا وہ بالکل فضول ہے۔ کسی قوم کی ترقی صرف ان کوششوں پر منحصر نہیں ہوتی جو غیر علوم و تمدن پر عبور حاصل کرنے کے لئے کی جاتی ہیں اور جو کبھی اپنے نہیں ہو سکتے بلکہ یہ منحصر ہوتی ہے قوم کی اس قابلیت پر جس کی مدد سے وہ اپنی ذاتی قدر اور کلچر کو زندگی کے موجودہ حالات کے اعتبار سے زمانہ کی رفتار کے دوش بدوش رکھتی ہے۔ یہی وہ سبق ہے جس کی طرف موجودہ جاپان کی تاریخ ہماری رہبری کرتی ہے جاپان غیر اقوام کے خیالات سے مستفید ضرور ہوا مگر اس نے ان خیالات کو اپنے ملکی اور قومی سانچوں میں ایسا ڈھالا کہ وہ بالکل اسی کے معلوم ہونے لگے۔

اسی سلسلہ میں میں ان خیالات کا اعادہ کرونگا جو نواب مسعود جنگ بہادر ناظم تعلیمات نے اپنے لکچر میں ظاہر فرمائے تھے۔ جنہوں نے جاپان کا دو دفعہ سفر کر کے وہاں کے تعلیمی حالات کا خاص طور پر مطالعہ کیا۔

"جاپان یورپ اور امریکہ اس طرح گیا۔ جس طرح کوئی سودا سلف کے لئے بازار جاتا ہے اور صرف وہی چیزیں جاپان نے لیں جن کی ضرورت تھی۔ دوسری طرح یوں کہہ سکتے ہیں کہ جاپان نے دودھ پر سے بالائی اتار لی اور اس کا خیال نہیں کیا کہ گائے کس کیفیت کی ہے"

اس خذ ما صفا کی چال کا پھل یہ ملا کہ بجائے اس کے کہ جاپان پر مغربی رنگ

جڑ ہ جاتا اس نے مغربی تمدن کی کارآمد چیزوں کو جاپانی بنالیا۔ جاپان پر فرانس کا اتنا ہی اثر ہے جتنا انگلستان کا اور اسی قدر امریکہ کا رنگ ہے۔ جس قدر جرمنی کا۔

ہم ہندوستانیوں کے برعکس جاپانیوں نے اپنی ساری توجہ ایک ہی ملک پر مبذول نہیں کی۔ انہوں نے ساری مغربی دنیا کو تفصیلی اور جزئی مطالعہ کی غرض سے چھان مارا۔ اور یہ چھان بین بھی تقریباً خوردبین کی سی تھیں۔ کہ ذرا سی چیز بھی ان کی نظر سے نہیں بچ سکی۔

جاپانی اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ جن معاملات کا تعلق فنون لطیفہ اور فلسفہ سے ہے یعنے ان چیزوں میں جو انسانی روح سے پیوستہ ہیں۔ ان کو مغرب سے کوئی بات سیکھنے کی ضرورت نہیں اور یہ کہ ان کے اپنے سماجی رواج اور قومی عقیدے یورپین لوگوں کے رواج اور عقیدوں کی طرح نفیس اور منطقی حیثیت سے اتنے ہی مضبوط ہیں۔ چنانچہ اس قوم کی باطنی زندگی اسی رُخ پر بہتی رہی جس پر بہتی آئی ہے اور اس پر بیرونی ملکوں سے جو چیزیں لی گئی ہیں ان کا کوئی اثر نہیں پڑا۔"

اس کے برخلاف ہندوستان میں اجنبی طرز تعلیم جس کا ہماری تعلیم سے زبردست تعلق ہے ہماری قومی زندگی کا جزو نہ بن سکا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ہم نے اپنی تمدن و تہذیب کو پس پشت ڈالدیا اور باوجود ایک صدی کی انگریزی تعلیم اور قدرتی ذرائع کے میسر ہونے کے ہم ابھی تک غریب نادار اور نسبتاً تاریکی و پستی میں ہیں اور دنیا کی اقوام کی محفل میں اس جگہ کو حاصل نہیں کر سکے جس کے ہم اپنی قدیم روایات اور کلچر کی وجہ سے مستحق ہیں۔

جب موجودہ طرز تعلیم کے حامی جو ہندوستانیوں میں بھی کثرت سے پائے جاتے ہیں یہ کہتے ہیں کہ اس طرز تعلیم نے ہم کو مغربی خیالات اور طریقوں سے آشنا کردیا تو وہ اس بات کو مدنظر نہیں رکھتے کہ اس طرز تعلیم نے ہندوستانیوں میں صرف نقالی

کا مادہ پیدا کر دیا۔ اور جب وہ یہ کہتے ہوئے سنائی دیتے ہیں کہ موجودہ طرز تعلیم نے ہماری آنکھوں کے سامنے مغربی علوم کے مال خانے کھول دئے تو وہ اس بات کو نظر انداز کرتے ہیں کہ ہم ان معلومات کو بالکل اپنا نہ کر سکے۔

اگر ہم یہ چاہیں کہ قوم آزاد خیالات اور مفید طریقوں سے بہرہ ور ہو تو ہمیں چاہیئے کہ اس کے افراد کے دماغوں کی موثر طریقہ سے تربیت کریں۔ لیکن اس قسم کی دماغی تربیت ایسی تعلیم سے جس کا ذریعہ غیر زبان قرار دی گئی ہو ناممکن ہے۔

یہ امر باعث مسرت ہے کہ موجودہ طرز تعلیم کے اکثر نقائص (مثلاً دماغ پر بے جا بار پڑنے۔ نفس مضمون کو چھوڑ کر صرف زبان پر قدرت پیدا کرنے کی لاحاصل کوشش۔ قوت متخیلہ کی کمزوری۔ جدت واختراع کا فقدان۔ دیسی زبانوں سے تغافل تعلیم یافتہ اور غیر تعلیم یافتہ طبقہ کے زبردست فرق) کا احساس بڑھتا جارہا ہے۔ اور موجودہ طرز تعلیم کی تبدیلی کے لئے صدائے احتجاج بلند کی جارہی ہے۔ بلکہ تبدیلی کا آغاز بھی ہو چکا ہے۔

بیسویں صدی کے اوائل میں تقسیم بنگالہ کے بعد ہی جو قومی تحریک پھیلی اس کے مقاصد میں دیسی زبانوں کا احیا ربھی ایک مقصد عظیم تھا اس دوران میں ہند کی تمام خاص زبانوں مثلاً اردو۔ ہندی۔ بنگالی۔ مرہٹی۔ گجراتی۔ ٹامل۔ تلنگی اور کنڑی کے ادب میں مختلف مضامین اور ترجموں سے معتدبہ اضافہ ہو چکا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ دیسی زبانوں کو نصاب تعلیم میں خاص جگہ دی جارہی ہے۔

اس تحریک کا ثبوت اس سے بھی ملتا ہے کہ ابتدائی مدارس میں پہلے جو عمر انگریزی تعلیم شروع کرنے کے لئے مقرر کی گئی تھی اب اس میں زیادتی کی گئی ہے۔

یہ بات مسلمہ ہے کہ بچوں کو انگریزی بطور زبان دوم کے بھی اس وقت تک شروع نہ کروائی جائے جب تک کہ وہ اپنی مادری زبانوں میں کافی ورک حاصل

نہ کرلیں۔ اسی اصول کو مدنظر رکھکر پنجاب میں ابتدائی مدارس سے انگریزی اٹھادی گئی اور ریاست حیدرآباد میں جہاں کی نمائندگی کا مجھے اس وقت فخر حاصل ہے۔ انگریزی سوم جماعت یعنی ابتدائی تعلیم کے چوتھے سال تک شروع نہیں کروائی جاتی۔

مدارس ثانویہ میں بھی انگریزی کی بجائے دیسی زبانیں آہستہ آہستہ ذریعہ تعلیم بنائی جارہی ہیں۔ کلکتہ یونیورسٹی کمیشن نے اس اصول کی بہت زور سے تائید کرتے ہوئے سفارش کی کہ میٹرک تک انگریزی صرف لازمی زبان دوم کی طور پر پڑھائی جائے اور مدارس میں اس کو ذریعۂ تعلیم نہ بنایا جائے۔

اس اثناء میں یونیورسٹیوں میں دیسی زبان کو ذریعۂ تعلیم قرار دینے کی تحریک کی طرف پیش قدمی کی جاچکی ہے۔ اس تحریک کے علمبردار انگریزی تعلیم کے مخالف نہیں بلکہ اس کے برخلاف وہ اس کے فوائد کو مانتے ہوئے (کہ اسکی وجہ سے یورپ کی آزاد خیالی سے لوگ بہرہ ور ہوتے رہے اور اس کے ساتھ ساتھ نہ صرف یہ کہ یہ تعلیم ہندوستانیوں اور انگریزوں میں اتفاق کا باعث ہوئی بلکہ اس نے خود ہندوستانیوں میں بھی اتفاق و اتحاد کی روح پھونک دی) اس بات کے خواہشمند ہیں کہ انگریزی بجائے ذریعۂ تعلیم قرار دئے جانے کے بطور لازمی زبان دوم کے کالجوں اور مدارس ثانویہ میں پڑھائی جائے۔

ہندوستان کے قریب قریب تمام تعلیمی ماہر اس بات پر متفق ہیں کہ کالجوں اور مدارس میں مادری زبانیں ذریعہ تعلیم قرار پائیں۔ اگر کوئی مخالفت کی بھی جاتی ہے تو عملی دقتوں کی بنا پر لیکن اس خصوص میں ریاست حیدرآباد نے ایک جرأت آمیز تجربہ اور ایک یونیورسٹی قائم کرکے جس میں ذریعۂ تعلیم اردو ہے ان تکالیف پر غالب آنے کا راستہ بتلادیا ہے۔ عثمانیہ یونیورسٹی جس کا نام اس کے عظیم الشان بانی اعلیٰ حضرت بندگان عالی کے نام نامی پر رکھا گیا ہے ۱۹۱۶ء میں قائم ہوئی

اس کے مقاصد کی توضیح اس کے عظیم الشان بانی کے منشور خسروانہ کے الفاظ سے ظاہر ہے۔

"جدید و قدیم مشرقی و مغربی علوم و فنون کا امتزاج اس طور سے کیا جائے کہ موجودہ نظام تعلیم کے نقائص دور ہو کر جسمی اور دماغی اور روحانی تعلیم کے قدیم و جدید طریقوں کی خوبیوں سے پورا فائدہ حاصل کر سکے۔ اور جس میں علم پھیلانے کی کوشش کے ساتھ ساتھ ایک طرف تو طلبہ کے اخلاق کی درستی کی نگرانی ہو اور دوسری طرف تمام علمی شعبوں میں اعلیٰ درجہ کی تحقیق کا کام بھی جاری رہے۔

اس یونیورسٹی کا اصل اصول یہ ہونا چاہیئے کہ اعلیٰ تعلیم کا ذریعہ ہماری زبان اردو قرار دیجائے اور انگریزی زبان کی تعلیم بھی بحیثیت ایک زبان کے ہر طالبعلم پر لازمی گردانی جائے"۔

اس تحریک کو کامیاب بنانے کے لئے بہت سے ابتدائی مراحل طے کرنے کی ضرورت لاحق ہوئی۔ باوجود اردو ادب کی ترقی کے جس کا میں اوپر ذکر کر چکا ہوں اردو زبان میں سائنس اور فنی تعلیم کی کتابیں اتنی کم تھیں کہ ان کی مدد سے یونیورسٹی کی تعلیم مشکل تھی اس لئے سب سے پہلے ایک دارالترجمہ قائم کیا گیا جس نے پانچ سال کے عرصہ میں ترجمہ اور تالیف سے نصاب کی تقریباً تمام کتابیں تیار کیں۔ فنی اصطلاحات کا بنانا بھی ایک اہم کام تھا۔ اس رکاوٹ کو دور کرنے کیلئے کمیٹیاں قائم کی گئی جن میں علوم قدیم اور جدید کے ماہرین شریک ہیں ان کمیٹیوں نے بہت سے نئے الفاظ گھڑے اور بعض وہ انگریزی الفاظ جو اردو میں بلا تکلف استعمال ہوتے تھے ویسے ہی استعمال کئے گئے جس طرح کہ بعض لاطینی اور یونانی

الفاظ اس وقت انگریزی میں موجود ہیں۔ ان کمیٹیوں اور دارالترجمہ کی متحدہ کوشش کی وجہ سے اُردو ادب میں اتنی ترقی ہوگئی کہ علوم جدیدہ کی تعلیم اس میں آسانی اور عمدگی سے دی جاسکتی ہے۔ دارالترجمہ کی ان محنتوں کا یہ بھی اچھا صلہ ملا کہ ہندوستان کے مختلف صوبہ جات نے ان گھڑے ہوئے الفاظ کو نہ صرف یہ کہ قبول کیا بلکہ اس وقت مشہور اہل قلم ان کو اپنے پر مغز مضامین میں استعمال بھی کر رہے ہیں۔

اس تحریک سے طلبار کے خیالات اور انداز بیان میں خاص ترقی ہوئی اور اس وقت ہمارے پاس اس بات کو ثابت کرنے کے لئے کافی سواد موجود ہے کہ عثمانیہ یونیورسٹی کے طلبار مختلف مضامین پر بہ نسبت دوسری یونیورسٹیوں کے طلبار کے ممتاز عبور اور دسترس رکھتے ہیں۔ اور اس کے ساتھ ساتھ چونکہ انگریزی تعلیم تمام امتحانات کے لئے ضروری کردی گئی ہے اور یونیورسٹی کا مقصد بھی یہی ہے کہ انگریزی میں یہاں کے طلبار دوسری یونیورسٹیوں کے طلبار سے کم نہ رہیں اس یونیورسٹی کے گریجویٹ جب دوسری یونیورسٹیوں میں علوم وفنون کی اعلیٰ تعلیم کے لئے جاتے ہیں تو کسی طرح اور طلبار سے کم نہیں رہتے۔ بلکہ قوائے ذہنی کی باقاعدہ اصول پر تربیت اور نفس مضمون پر نسبتاً زیادہ قابو ہونے کی وجہ سے دوسری یونیورسٹیوں کے طلبار سے اکثر گوئے سبقت لے جاتے ہیں۔ اس کے ثبوت میں ہم ان ممتاز کامیابیوں کا اظہار کر سکتے ہیں جو ہمارے طلبار نے ڈھاکہ جیسی مشہور یونیورسٹی میں حاصل کی ہیں حسب توقع عثمانیہ یونیورسٹی کے قیام نے ریاست حیدرآباد میں ایک زبردست علمی ہل چل پیدا کردی اور یہ احیائے علوم کسی ایک طبقہ تک محدود نہیں بلکہ اُردو میں کافی مواد ہونے اور اچھے اردو دانوں کی کثرت کی وجہ سے عوام اور مستورات جو خاص حالات کی وجہ سے انگریزی جیسی اجنبی زبان کے سیکھنے میں کما ینبغی وقت نہیں دے سکتے تھے وہ بھی اب جدید معلومات سے بہرہ ور ہو رہے ہیں۔

جہاں عثمانیہ یونیورسٹی نے یہ بات ثابت کردی کہ اُردو میں جدید علوم وفنون کی تعلیم ہوسکتی ہے پروفیسر کاروے کی یونیورسٹی نے جو پونہ میں ہندو مستورات کے لئے کھولی گئی ہے یہ بات بھی ثابت کر دی کہ مرہٹی بھی ذریعۂ تعلیم بن سکتی ہے۔ اسی اثنار میں اندھرا یونیورسٹی میں جو ابھی مدراس میں قائم ہوئی ہے تلنگی کو اور بڑودہ میں آیندہ قائم ہونے والی یونیورسٹی میں گجراتی کو ذریعۂ تعلیم بنانے کے مسئلہ پر غور کیا جارہا ہے بنگالیوں سے بھی امید کی جاتی ہے کہ وہ بھی اس مثال کی تقلید کرینگے اس لئے کہ بنگالی زبان اب اس قابل ہوگئی ہے کہ وہ بھی اُردو مرہٹی گجراتی اور تلنگی زبانوں کی طرح ذریعۂ تعلیم قرار دی جائے۔

گو اس تحریک کے حامیوں کی تعداد دن بدن بڑھتی جارہی ہے مگر پھر بھی اس نے اتنی ہردلعزیزی حاصل نہیں کی جس کی کہ یہ مستحق ہے۔ اب بھی اس پر اعتراض کرنے والے بہت ہیں اور ان کے یہ اعتراضات ہیں۔ پہلا اعتراض یہ کیا جاتا ہے کہ نہ تو سائنس اور فنون پر اچھی کتابیں موجود ہیں اور نہ ان مضامین کے اظہار کے لئے جتنے الفاظ کی ضرورت ہے وہ یہاں کی زبانوں میں موجود ہیں۔ غالباً معترض حضرات اس واقعہ سے لاعلم ہیں کہ حال میں ان خامیوں کو رفع کرنے کے لئے دیسی زبانوں کو کافی ترقی دی گئی ہے۔ اور ملک میں ایسے قابل افراد کی کچھ کمی نہیں جنکی تصانیف وتالیف انگریزی کتب نصاب کی جگہ لے سکیں ظاہر ہے کہ رسد طلب کے مطابق ہوا کرتی ہے۔ اگر ان زبانوں کی ہمت افزائی کی جائے اور ہر ایک مجوزہ یونیورسٹی کے تحت ایک دارالترجمہ اور محکمۂ تالیف قائم کیا جائے تو بہت تھوڑی محنت میں تمام زبانیں اس قابل ہو جائیں گی کہ وہ ذریعۂ تعلیم بن سکیں بہر حال ہماری مشکلات جاپان کی مشکلات کا مقابلہ کرتے ہوئے بہت کم ہیں۔ ہماری زبانیں پھر بھی یورپ کی زبانوں سے بہ نسبت جاپانی زبان کے قریبی تعلق رکھتی ہیں اور جب جاپان نے اپنی زبان کو اس قابل کر دیا کہ اس میں جدید علوم وفنون کی

عمدگی سے تعلیم دی جا سکتی ہے تو ہمیں نا اُمید ہونے کی کوئی وجہ نہیں۔

دوسرا اعتراض یہ کیا جاتا ہے کہ اچھے سے اچھا دار الترجمہ رکھنے کے باوجود بھی علوم و فنون میں زمانہ کی برق رفتاری کا ساتھ دینا مشکل ہے اس اعتراض کا جواب آسان ہے اول تو یہ کہ دیسی زبانوں کا ادب زمانہ کی علمی ترقی کا ساتھ دے سکتا ہے اور دوسرے یہ کہ پروفیسر اور لکچر دینے والے حضرات طلبار کو جدید معلومات سے اثنائے لکچر میں اسی طرح واقف کرا سکتے ہیں جس طرح کہ ایک جرمنی پروفیسر اپنے طلبار کو انگلستان کی جدید علمی تحقیقات سے اثنائے تعلیم میں واقف کراتا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ چونکہ انگریزی تعلیم بھی اس تحریک کا ایک اہم جزو ہے اس لئے ہندوستانی طلباء نفس مضمون کے متعلق انگریزی کتب کا اسی طرح مطالعہ کر سکتے ہیں جس طرح کہ انگریز طلبا، فرانسیسی اور جرمنی زبان کی کتابوں کا مطالعہ کرتے رہتے ہیں۔ اگر کسی خاص مضمون کا دیسی زبانوں میں مواد کم ہے اور طالب علم کثرت سے انگریزی کتب کے مطالعہ پر مجبور رہے تو ایسی حالت میں بھی دوسری یونیورسٹیوں کے طلبار کے مقابلہ میں اس کو یہ سہولت حاصل ہے کہ وہ امتحانات میں اپنی مادری زبان میں جواب دے سکتا ہے۔ اور یہ کچھ کم فائدہ کی بات نہیں۔ اس لئے کہ گو غیر زبان کے ذریعہ سے معلومات حاصل کرنا مشکل ہے مگر اس سے کہیں زیادہ مشکل اجنبی زبان میں ان خیالات کا اظہار ہے

تیسرا خوف یہ لگا ہوا ہے کہ اگر دیسی زبانیں ذریعۂ تعلیم قرار دی گئیں تو انگریزی کا معیار گھٹتا جائے گا یہ خطرہ بے بنیاد نہیں لیکن اگر انگریزی تعلیم کا باقاعدہ انتظام کیا جائے تو ایسی یونیورسٹی کے طلبار جہاں ذریعۂ تعلیم اردو ہو دوسری ایسی یونیورسٹی کے طلبار سے جہاں ذریعۂ تعلیم انگریزی ہو کسی طرح انگریزی میں کم نہیں رہ سکتے اس لئے کہ اول الذکر طلبار اپنے اُن اوقات کو جو دیگر مضامین کے مادری زبان میں پڑھنے کی وجہ سے بچتے ہیں انگریزی کی تعلیم میں صرف کر سکتے ہیں

چند سال قبل جب کہ صوبہ جات متحدہ کے ثانوی مدارس میں بجائے انگریزی کے دیسی زبانیں ذریعۂ تعلیم قرار دی گئیں تو اس تحریک کے مخالفین نے یہ پیشین گوئی کی تھی کہ انگریزی کا معیار گھٹ جائیگا۔ مگر ۱۹۱۷ء سے ۱۹۲۲ء تک کی رپورٹ میں یہ بات ظاہر کی گئی کہ اس پنجسالہ عرصہ میں جہاں تک معلوم ہو سکا گذشتہ پنجسالہ عرصہ کے مقابلہ میں انگریزی کا معیار ترقی پذیر رہا بہر کیف مادری زبانوں کو ذریعۂ تعلیم بنانے سے اگر انگریزی کا معیار گھٹ بھی جائے تو صرف انگریزی کے معیار کو بلند کرنے کی خاطر صحیح اصول تعلیم کا خون کسی طرح گوارا نہیں کیا جا سکتا۔

چوتھا اعتراض جو قابل غور ہے وہ یہ ہے کہ ہند میں ایک نہیں بلکہ متعدد دیسی زبانیں ہیں دیسی زبانوں کی کثرت ایک مشکل ضرور ہے مگر اس دقت کو ہر زبان کی ایک ایک یونیورسٹی اس صوبہ میں جہاں وہ کثرت سے بولی جاتی ہے قائم کر کے دور کیا جا سکتا ہے۔ کبھی نہ کبھی ہندوستان کی ملکی تقسیم زبانوں کے اعتبار سے عمل میں لانی پڑے گی۔ لیکن اگر ایسا نہ بھی کیا جائے تو کوئی وجہ نہیں کہ نظام تعلیم کی بنیاد اس اصول پر نہ رکھی جائے۔

سب سے آخر اعتراض یہ ہے کہ مختلف زبانوں کے ذریعۂ تعلیم قرار دئے جانے سے ہندوستان کے اتحاد و اتفاق میں فرق آئیگا۔ لیکن یہ بات یاد رہے کہ انگریزی یہاں کے سب لوگوں کی نہ تو مادری زبان ہے اور نہ کبھی ہو سکتی ہے ہاں صرف تعلیم یافتہ طبقے اس کو عام طور پر استعمال کرتے ہیں۔ لیکن ان کی تعداد بہت کم ہے اور چونکہ زیر بحث نظام تعلیم میں انگریزی کو لازمی قرار دیکر اس کی اہمیت باقی رکھی گئی ہے اس لیے انگریزی دیسی زبانوں کے ذریعۂ تعلیم قرار دئے جانے کے بعد بھی وہی اتحاد و اتفاق کا باعث ہوگی جیسا کہ اب تک رہی ہے۔

آجکل ہندوستان میں اس بات کی سخت ضرورت ہے کہ تعلیم قومیت اور معقولیت پر مبنی ہو مگر یہ بات اس وقت تک حاصل نہیں ہو سکتی جبتک کہ غیر زبان ذریعۂ تعلیم بنی رہے

ہندوستان اپنی قومی ذہنیت میں اسی وقت ترقی کرسکتا ہے جب کہ ویسی زبانوں کو قعر مذلت سے جس میں کہ وہ آج کل پڑی ہوئی ہیں بچایا جائے۔ جاپان نے ایک اچھی مثال قائم کی ہے اور اس کی تقلید میں ہمارا فائدہ بھی ہے۔ نواب مسعود جنگ بہادر نے اپنی کتاب "جاپان اور اس کے طریقہ تعلیم" میں نہایت دلچسپ پیرایہ میں بتایا ہے کہ کس طرح جاپان نے اپنی غیر مانوس زبان کو اس قابل بنادیا کہ وہ جدید خیالات کی حامل ہوسکی اور یہ کہ اسکی وجہ سے کس طرح بہت تھوڑے سے عرصہ میں جاپانی اس قابل ہو گئے کہ وہ موجودہ ترقی یافتہ اقوام کی دوش بدوش شاہ راہ ترقی پر گامزن پائے جاتے ہیں انہی ذرائع کی بدولت ہندوستان بھی اپنی قومی خصوصیات میں ترقی کر کے دنیا کی اقوام میں وہ جگہ حاصل کرسکتا ہے جس کا کہ ہند کا ہر سپوت دل و جان سے متمنی ہے۔

دیہاتی تعلیم کو اہل دہ کے مناسب حال بنانے میں مشکلات اور ان کے دفعی تدابیر

(ترجمہ مضمون

مولوی محمد حسین صاحب بی۔ اے آکسن)

جو امپیریل ایجوکیشنل کانفرنس منعقدہ لندن میں پڑھا گیا

مضمون زیر بحث بلحاظ اپنی نوعیت کے نہایت اہم اور بسیط ہے۔ ہندوستان میں تقریباً سات لاکھ دیہات ہیں اور تقریباً اس کی نوے فی صدی آبادی ان میں بسر کرتی ہے۔ پس ہندوستان کی دیہاتی تعلیم سے مراد لاکھوں باشندگان کی تعلیم ہے۔

قبل اس کے کہ میں ان مشکلات کو ظاہر کروں جو دیہاتی کو دیہاتی زندگی کے مناسب حال بنانے میں درپیش ہیں۔ مناسب سمجھتا ہوں کہ ہندوستان کا طریقہ تعلیم عرض کروں کہ رائج طریقہ کیا ہے اور دراصل کیا ہونا چاہیئے۔

نہایت افسوس کے ساتھ مجھے یہ کہنا پڑتا ہے کہ ہندوستان میں دیہاتی تعلیم بحالت موجودہ صحیح طریقہ پر رائج نہیں ہے۔ جملہ ماہرین فن تعلیم اس امر پر متفق ہیں کہ جو تعلیم دیہات میں دیجاتی ہے وہ کلیۃً ادبی اور کتابی ہے اور اہل دہ کی روزمرہ زندگی سے کوئی تعلق نہیں رکھتی خصوصاً ان کی زندگی سے جن کا پیشہ زراعت ہے۔ مزارعین اپنی اولاد کو تعلیم دلانے میں اس لئے تامل کرتے ہیں کہ تعلیم حاصل کرنے کے بعد ان کی اولاد آبائی پیشہ سے متنفر ہوجاتی ہے اور اُن کے دلوں میں سرکاری خدمات مثلاً محرری اور مدرسی کے حصول کی ہوس پیدا ہوجاتی ہے

یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ہندوستان کی تعلیم بجز اس کے نہیں ہے کہ اطفال اپنے والدین اور اساتذہ کی مطلب براری کا ایک ذریعہ قرار پائیں۔ والدین کا منشا یہ ہوتا ہے کہ اون کی اولاد کچھ معاش کمائے اور مدرس کی غرض یہ ہوتی ہے کہ طالب علم کامیاب ہوکر اس کی ترقی کا ذریعہ اور وسیلہ بنے۔ یعنے یہ کہ طالب علم کی کامیابی کو اپنی کارگزاری سمجھتا ہے اور ترقی کا طالب ہوتا ہے۔

اس کے علاوہ موجودہ طریقہ تعلیم طلبہ کے سامنے ان کی زندگی کا غلط مطمح نظر پیش کرکے اُن کو باطل اُمیدوں میں ڈالتا ہے جس سے اُن کی زندگی کی بنا غلطی پر قائم ہوتی ہے اور اپنی آیندہ فلاح و بہبود کے لئے اپنی ذاتی قابلیت اور شخصیت کے بل بوتے پر عمل پیرا ہونے کے عوض دوسروں کی مدد کے محتاج ہوجاتے ہیں۔ تعلیم کے زمانہ میں علم کو اس کے حقیقی معنوں کے لحاظ سے حاصل کرنے کے بجائے صرف امتحان میں کامیابی حاصل کرلینا اور انعامات کا مستحق ہونا اُن کا مقصد اصلی ہوتا ہے اور غیر متعلق

مشاغل کا انہماک انہیں اپنی جسمانی اور دماغی حالت سے بے خبر رکھتا ہے اور امتحانات کی دلفریب ملمع کار ارادوں پر اپنی عزیز جانوں اور بیش قیمت صحتوں کو نثار کر دیتے ہیں

موجودہ طریقہ تعلیم نے طلبار کے رجحان فطری کو بالکل نظرانداز کر دیا ہے کیونکہ ایسی غیر متعلق چیزیں سکھائی جاتی ہیں جن سے طلبار کو بالطبع نہ کوئی دلچسپی ہوتی ہے اور نہ ان کی آئندہ زندگی میں مفید اور کارآمد ہو سکتی ہیں۔

یہ میرا عقیدہ ہے کہ ابتک ہندوستان میں دیہاتی تعلیم اس وجہ سے ناکام رہی کہ موجودہ طریقہ تعلیم صحیح اور مفید اصول پر مبنی نہیں ہے۔ دنیا نے جو اصول طریقہ تعلیم کے لئے صحیح اور مفید قرار دئے ہمارے یہاں معدوم اور ہمارا عمل اس میدان میں قطعاً ان اصول کے برعکس رہا۔ بالخصوص نفسیاتی اصول اور طلبار کے ماحول سے غفلت برتی گئی۔

طالب علم جب مدرسہ کی چار دیواری میں قدم رکھتا ہے تو وہاں کا کچھ اور ہی رنگ پاتا ہے وہاں کی حالت اپنے گھر کی حالت سے بالکل جدا دیکھتا ہے در و دیوار نئے نظر آتے ہیں۔ جماعت کے کمرہ میں داخل ہوتے ہی گویا اس کی ایک نئی زندگی کا آغاز ہوتا ہے۔ یعنے حساب کتاب۔ دوات اور قلم سے دوچار ہوتا ہے جو اس کے گھر کے مشاغل سے بالکل جدا ہوتے ہیں اور بہت جلد ہل بیل بکھر۔ اس کی نظروں سے اوجھل اور ذہن سے خارج ہو جاتے ہیں۔ مدرسہ کے اوقات کچھ ایسے مقرر کئے جاتے ہیں کہ طالب علم زراعتی مشاغل میں اولیار اور والدین کو مدد دینے کے قابل نہیں رہتا جس کا نتیجہ اس کے والدین کی اس کی تعلیم سے وہ ناخوشی ہے جس کی شکایت عام طور پر کیجاتی ہے۔

موجودہ طریقہ تعلیم پر کافی روشنی ڈالی گئی اور یہ بھی واضح کر دیا گیا کہ دیہات میں جس طریقہ سے تعلیم دیجاتی ہے صحیح اصول پر مبنی نہیں ہے۔ اب ان استقام کو

ظاہر کرنے کے بعد میں اپنا فرض یہ سمجھتا ہوں کہ اصلاحی تحریکات آپ کی خدمت میں پیش کروں۔ میری رائے ناقص میں حسب ذیل اصلاحات مفید ثابت ہونگی۔
وہ یہ کہ دیہاتی مدارس کے لئے جو نصاب تعلیم مقرر کیا گیا ہے اس کی نظر ثانی کر کے اصلاح کیجائے اور نصاب میں وہ جملہ مضامین شامل کئے جائیں جو خود طالب علم اور اس کے قبیلے کے لئے مفید اور موزوں ثابت ہوں جب تک ایسا نہ کیا جائیگا۔ طالب علم قومی سوسائٹی میں کوئی جگہ نہیں پا سکے گا۔ اور اس میں رہ کر اس کی اصلاح اور ترقی کا باعث نہ ہوگا جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا ہے۔ دیہاتی طالب علم زراعتی آب ہوا میں نشو و نما پاتا ہے۔ اس لئے یہ ضروری اور لازمی ہے کہ مدارس میں دیہاتی تعلیم کو اہل دہ کے مناسب حال قرار دینے کے لئے مدارس میں زراعتی فضا پیدا کر دیجائے۔ تاکہ مدرسہ کی زندگی اور گھر کی معاشرت میں قدرے یکسانیت پیدا ہو جائے نصاب میں پڑھنے لکھنے اور حساب کے علاوہ مضامین ذیل بھی شامل کئے جائیں۔ (۱) مطالعہ فطرت (نیچر اسٹڈی) (۲) باغبانی اور مطالعہ زراعت۔ (۳) دستی مشاغل (دستکاری) (۴) حفظان صحت (۵) ورزش جسمانی اور ایسے کھیل جو اہل دہ کے لئے مناسب ہوں۔

دوسرے۔ یہ کہ ہر مدرسہ کے لئے خوش وضع ہوادار اور روشن عمارتیں بنائی جائیں ہندوستان کے مدارس تنگ و تاریک اور ناکافی امکنہ کی وجہ سے بدنام ہیں۔ ہر ابتدائی مدرسہ میں ایک باغیچہ لگایا جائے جس کا رقبہ تقریباً ایک ایکڑ ہو اس قسم کے باغیچے مدارس کو خوشنما بنانے کے علاوہ زراعتی فضا پیدا کرینگے جس سے طالب علموں میں زراعت کا شوق پیدا ہوگا۔ اور ان پر زراعت کی اہمیت اور جسمانی محنت کی قدر و قیمت ظاہر ہو گی۔ اس کے علاوہ اضلاع میں زراعتی مڈل اسکول اور ہائی اسکول قائم کئے جائیں۔

تیسرے یہ کہ جو اساتذہ دیہاتی مدارس میں مامور کیے جائیں وہ سب ٹرینڈ ہوں فی زمانہ ہندوستان میں ٹرینڈ مدرسین کا قحط ہے۔ علم زراعت وفلاحت کی ابتدائی تعلیم نارمل اسکول کے نصاب میں شریک کیجائے تاکہ اساتذہ اُن فنون سے واقف ہوں اور مدارس میں ان کی تعلیم خاطرخواہ دے سکیں۔ متذکرۂ صدر وہ چند طریقے ہیں جن کے اختیار کرنے سے موجودہ طریقہ تعلیم میں اصلاح ہو سکتی ہے ان تدابیر کو اگر اعلیٰ پیمانہ پر جاری کیا جائے تو مجھے یقین ہے کہ بہت جلد اہل دہ میں تعلیم کا شوق نمایاں ہو جائیگا۔ اور تعلیم ملک میں قابل۔ سمجھدار۔ اور تندرست افراد پیدا کر سکے گی۔

ابتداً موجودہ طریقہ تعلیم پر روشنی ڈالی گئی۔ بعدہٗ اصلاحی تحریکات پیش کیگئی اب وہ مشکلات اور موانع بیان کئے جاتے ہیں جو اس اصلاحی طریقہ تعلیم کی اشاعت میں درپیش ہونگے۔ اہم ترین موانع جن کا رفع کرنا لازمی ہوگا وہ حسب ذیل ہیں۔

(۱) روپیہ کی ضرورت (۲) ٹرینڈ مدرسین کی قلت۔

اگر ان دو دشوار گزار گھاٹیوں کو عبور کر لیا جائے تو دوسری منزلوں کا طے کرنا نہایت آسان ہے موجودہ طریقہ تعلیم میں اصلاح کرکے اس کو اہل دہ کے مناسب حال بنانے کے لئے کوئی ارزان تدبیر پیش نہیں کی جا سکتی۔ جو اصلاحی تحریکات میں نے پیش کی ہیں ان کو عملی جامہ پہنانے کے لئے متعدد نارمل اسکول کے قیام۔ مدارس کے ساتھ باغیچوں کا وجود ٹرینڈ معلمین کا تقرر۔ امکنہ مدارس کی تعمیر لازمی ہوگی۔ اور یہ سب ایسی چیزیں ہیں۔ جن کے لئے رقم کثیر کی ضرورت ہوگی دیہاتی تعلیم کی اس وسیع اسکیم کو جاری کرنے کے لئے میری رائے میں صرف دو ذرائع ہیں۔ پہلا ذریعہ حکومت کی امداد اور دوسرا خانگی امداد۔

خانگی امداد | ہندوستان میں جس کا افلاس ضرب المثل ہے خانگی امداد پر

بھروسہ کرنا حماقت ہوگا۔ بیشک ہندوستان میں زمینداروں۔ جاگیرداروں۔ ساہوکاروں اور زراعت پیشہ افراد کی جماعت موجود ہے لیکن یہ بمقابل جملہ آبادی بالکل قلیل اور ناقابل لحاظ ہے۔ ایسی بھی مثالیں ملتی ہیں کہ بعض بہی خواہاں ملک نے گرانقدر عطیات تعلیمی ضروریات کی تکمیل کے لئے دے ہیں۔ لیکن یہ بھی ملک کے کثیر ضروریات کے مقابلے میں ایسے شاذ و نادر ہیں جن کو نظر انداز کرنا مناسب ہے ہندوستان کا افلاس مسلمہ ہے اور جہاں جائے اور جس کام کو شروع کیجئے یہ افلاس مثل بھوت کے اپنی ڈراونی صورت سے مبہوت کر دیتا ہے اور سد راہ ہوتا ہے۔ جب اپنے ملک کی مالی حالت اس درجہ سقیم اور خستہ ہو تو خانگی امداد کا خیال ذہن سے نکالدینا اور صرف حکومت کی امداد پر سارا دارو مدار رکھنا چاہیئے۔

حکومت کی امداد ہر ملک میں تعلیم سرکاری امداد سے جاری رہنی اور حکومت کے موازنہ میں تعلیم کے مد کو پہلے جگہ ملنی چاہیئے اور ملک میں قابل اور باہنر افراد پیدا کرنے کے لئے ہر ریاست بلا چوں وچرا روپیہ صرف کرے حکومت کا تعلیمی معاملات میں بخل اور کفایت سے کام لینا مستحسن اور قابل ستائش نہیں سمجھا جا سکتا۔

یہ ایک مُسلّمہ امر ہے جس سے کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ جنگ عظمیٰ کے دوران میں جن ریاستوں نے حصہ لیا کامیابی کی دھن میں روپیہ کو مثل پانی کے بہا دیا۔ اگر حکومتیں بنی نوع انسان کی تباہی کے لئے روپیہ اس طرح صرف کر سکتی ہیں تو یقیناً ان سے یہ توقع کیجا سکتی ہے کہ وہ بنی آدم کی بہبود و فلاح کے لئے بخل سے کام نہ لیکیں چاہیئے کہ برٹش انڈیا اور نیز دیسی ریاستوں کے موازنہ میں تعلیم کا مد پہلا قرار دیا جائے جس قدر ممکن ہو سکے تعلیم کے لئے روپیہ دیا جائے میری رائے میں برٹش انڈیا اور دیسی ریاستوں کے دوسرے محکمہ جات میں تخفیف اور بچت کی بہت گنجائش باقی ہے اگر ان میں تخفیف کا عمل کیا جائے تو بہت کچھ روپیہ تعلیم کے لئے برآمد ہو سکتا ہے۔

اور اگر اس پر بھی ضروریات تعلیمی کی تکمیل نہ ہو تو قومی قرضہ حاصل کیا جاسکتا ہے۔ اگرچہ اب تعلیم کے متعلق برٹش انڈیا کی پراونشل حکومتیں اور نیز دیسی ریاستیں کسی قدر فیاضانہ روش اختیار کر رہی ہیں۔ اور بمقابلہ سابق زیادہ روپیہ تعلیم پر صرف کر رہی ہیں بایں ہمہ واقعات اور حالات یہ بتلا رہے ہیں کہ ملک کی تعلیمی ضروریات اس سے کہیں زیادہ ہیں ۱۹۲۵ء میں برٹش انڈیا میں تعلیم پر تقریباً (۱۴) ملین پونڈ صرف ہوئے جس میں سے (۹) ملین پونڈ ابتدائی و ثانوی تعلیم میں صرف کئے گئے۔ ہندوستان جیسے وسیع ملک کے لئے جس کی کثیر آبادی کا شمار (۳۲۰) ملین ہے (۱۴) ملین پونڈ کا صرفہ ہوا جو بالکل ناکافی ہے۔ سال گذشتہ انگلستان میں جس کی آبادی (۴۵) ملین ہے تعلیم پر (۷۶) ملین پونڈ صرف کئے گئے۔

جاپان جو ایک مشرقی ملک ہے تعلیم کے لئے روپیہ صرف کرنے میں مغربی ممالک سے کچھ کم نہیں۔ نواب مسعود جنگ بہادر ناظم تعلیمات حیدرآباد نے جو کتاب جاپان کے طریقۂ تعلیم کے متعلق لکھی ہے۔ اس میں ایک جگہ تحریر فرماتے ہیں کہ جاپان نے تعلیم کے میدان میں اس قدر ترقی کی کہ ایک موضع میں جسکی آبادی (۴۲) نفوس پر مشتمل تھی۔ ایک ابتدائی مدرسہ پایا گیا چنانچہ ہر ریاست کا فرض اولیں ہے کہ اپنی رعایا اور ان کی آئندہ نسلوں کی تعلیم کی کافی طور پر دیکھ بھال کرے لہذا برٹش انڈیا اور پراونشل حکومتیں اور ہندوستانی ریاستیں ہر ممکنہ ذریعہ سے اخراجات تعلیم کی فیاضانہ سربراہی کریں۔

مالی مشکلات اور ان کے ارتفاع کے متعلق کافی بحث کیگئی۔ اب میں امر دوم یعنے اساتذہ کے مسئلہ پر کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ ہندوستان اب تک اساتذہ کے معاملے میں نہایت بدقسمت رہا ہے۔ ہزارہا مرد۔ اور عورتیں معلمی کر رہے ہیں لیکن ان میں معدودے چند حقیقی معلم کہے جانے کے مستحق ہیں۔ ہندوستان میں اچھے اور قابل معلمین کا کال ہے۔ اور جب تک لائق معلمین نہ ملیں دیہاتی نصاب کو کامیابی نصیب نہیں

ہو سکتی۔ ایک مدرسہ تحتانیہ کا معلم ممکن ہے کہ معمولی لکھنا پڑھنا اور حساب کی تعلیم آسانی سے دے سکے اور طلبا کو اسباق حفظ کرا کر امتحان میں کامیاب کرائے لیکن اصول تذکرہ صدر کے بموجب تعلیم دینے کی صلاحیت ہرگز نہیں رکھتا۔ پس یہ ضروری ہے کہ مدارس دیہی کے لئے بہتر معلمین فراہم کئے جائیں۔ اس غرض کی تکمیل کے لئے میں تدابیر ذیل پیش کرتا ہوں وہ یہ کہ:۔

(۱) مدارس دیہی میں قابل اور ٹرینڈ اساتذہ مامور کئے جائیں بحالت موجودہ ہر مڈل یا تحتانیہ کامیاب شخص ابتدائی مدارس کی مدرسی کا اہل سمجھا جاتا ہے جو صحیح نہیں مدرسہ تحتانیہ کا مدرس اقلاً ایف اے کامیاب ہو اور معیار بتدریج بڑھایا جائے اور گریجویٹ کا تقرر کیا جائے

دوسرے یہ کہ کوئی معلم بجز اس کے کہ وہ کسی نارمل اسکول میں فن تعلیم حاصل کرے مامور نہ کیا جائے اور جو تعلیم نارمل اسکول میں دی جائے وہ اس نوعیت کی ہو کہ مدرسین دیہاتی مدارس کا نصاب آسانی اور عمدہ طریقہ سے پڑھانے کے قابل ہو جائیں۔

تیسرے یہ کہ مدرس کی مالی حالت کو بہتر کیا جائے۔ ہندوستان میں مدارس ابتدائیہ و تحتانیہ کے مدرسین نہایت قلیل تنخواہ پاتے ہیں۔ برٹش انڈیا میں ایسے مدرس کی تنخواہ ایک پونڈ دس شلنگ یعنی تقریباً ۲۰ - ۲۵ روپیہ ہوتی ہے۔ بسا اوقات اس سے بھی کم۔ ریاست حیدرآباد میں مدرسین کی حالت کسی قدر بہتر ہے یہاں ایک مدرس مڈل کامیاب اور ٹرینڈ ہو تو ۳۰ تا ۶۵ کے گریڈ کا مستحق ہوتا ہے اچھی قابلیت اور حیثیت کے مدرسین اس وقت ہمیں دستیاب ہوں گے جب کہ مدرسین کے مشاہرے معقول رکھے جائیں اور ان کے مستقبل کو امید افزا بنایا جائے۔ مدرسین مدارس تحتانیہ کے مشاہرات کی مقدار اتنی ہونی چاہیئے کہ

یونیورسٹی کے گریجویٹ بھی خوشی سے قبول کریں اور اس طرح مدارس تحتانیہ میں ہم یونیورسٹی کے گریجویٹ مامور کرسکیں۔

مضمون زیر بحث پر کافی روشنی ڈالی گئی اور میں اب آپکا زیادہ وقت ضائع کرنا نہیں چاہتا صرف خلاصہ مضمون پیش کرکے تقریر کو ختم کرنا چاہتا ہوں۔ جو بڑی مشکلات دیہاتی تعلیم کو دیہات کے مناسب حال بنانے میں حائل ہیں وہ یہ ہیں (۱) روپیہ کی ضرورت (۲) قابل اساتذہ کی قلت۔

ایک دفعہ یہ دو مشکلات حل کردے جائیں تو۔ پھر دیہات میں ایسی تعلیم جو اہل دیہہ کے مناسب حال ہو جاری کرنے میں کوئی امر مانع نہ ہوگا اور کوئی مشکل باقی نہ رہیگی۔

شہنشاہی تعلیمی کانفرنس

مولوی سید علی اکبر صاحب یم۔اے (کینٹب)

شہنشاہی تعلیمی کانفرنس (امپیریل ایجوکیشنل کانفرنس) کا تیسرا اجلاس بمقام لندن ۲۰ جون سے ۸ جولائی تک منعقد ہوا جس میں سلطنت برطانیہ کی ۴۵ حکومتوں کے نمائندے شریک تھے ڈچیز آف ایتھال پارلیمنٹری سکرٹری وزارت تعلیمات صدر منتخب ہوئیں۔ لیکن ان کی خواہش پر بعض اجلاسوں کی صدارت مسٹر آر منزلی گور پارلیمنٹری انڈر سکرٹری وزارت نوآبادیات نے فرمائی۔ ہز رائل ہائینس پرنس آف ویلز نے کانفرنس کا افتتاح فرمایا اور اپنی افتتاحی تقریر میں کانفرنس کی اہمیت اور مختلف ممالک کے عہدہ داران تعلیمات کے اجتماع اور تبادلہ خیالات سے جو تعلیمی اتحاد عمل اور دیگر فوائد مترتب ہو سکتے ہیں ان کا ذکر فرمایا۔

کانفرنس میں جن تعلیمی امور پر غور کیا گیا ان میں سے اکثر ہندوستان کی دلچسپی سے متعلق تھے۔ سب سے زیادہ جس بات پر زور دیا گیا وہ یہ تھی کہ نصاب اور طرز تعلیم ایسا ہونا چاہیئے کہ مدرسہ کی تعلیم اور مدرسہ کے باہر کی طالب علم کی زندگی اور ماحول میں باہمی تعلق پیدا ہو جائے اور نیز یہ کہ ایسا انتظام کیا جائے کہ تحتانیہ کا نصاب ختم کر کے طلبہ اپنے رجحان کے مطابق کسی پیشہ کی یا ادبی تعلیم حاصل کر سکیں۔ اس اصول کو عام طور پر تسلیم کیا گیا کہ مدارس تحتانیہ کی تعلیم حتی الوسع عملی ہونی چاہیئے لیکن پیشہ کی تعلیم کا آغاز اس وقت تک نہ کیا جائے جب تک کہ طالب علم تحتانیہ کا نصاب ختم کر کے گیارہ یا بارہ سال کے سن کو نہ پہنچ جائے۔

ہندوستان میں پیشوں کی تعلیم کا ذکر فرماتے ہوئے مسٹر رچی سابق کمشنر تعلیمات حکومت ہند نے یہ رائے ظاہر کی کہ ہندوستان میں صنعتی تعلیم صرف کانپور جیسے مقامات پر کامیاب ہو سکتی ہے جہاں اس کی مانگ ہے اور طلبا کو بعد فراغت تعلیم آسانی سے معاش کے ذرائع میسر آ سکتے ہیں۔ زراعتی تعلیم کے متعلق صاحب موصوف نے فرمایا کہ خالص زراعتی مدارس وسطانیہ قائم کرنے سے بہتر تو یہ ہوگا کہ معمولی مدارس وسطانیہ میں ایسے طلبا کو جو اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے زراعتی تعلیم دی جائے۔

دیہات کی تعلیم اور دیہاتی زندگی میں تعلق پیدا کرنے کی مشکلات پر مولوی سید محمد حسین صاحب اور دیسی زبانوں کو ذریعۂ تعلیم قرار دینے کے مسئلہ پر راقم الحروف کے مضامین اسی پرچہ میں علیحدہ درج ہیں۔ دیگر مضامین میں ڈاکٹر ویسٹ کا مضمون انگریزی کی تعلیم پر قابل ذکر ہے۔ صاحب موصوف نے یہ فرمایا کہ ہندوستان میں انگریزی کی تعلیم اس طرح دینی چاہیئے کہ طلبا میں نہ صرف درسی بلکہ دیگر انگریزی کتب کے پڑھنے کی قابلیت پیدا ہو تاکہ وہ جدید معلومات سے بہرہ ور ہو سکیں۔

امتحانات کے بارہ میں مقررین نے عام طور پر یہ رائے ظاہر کی کہ مدارس کی تعلیم محض امتحانات کی خاطر نہیں ہونی چاہیئے اور اس ضمن میں بچوں کے تعلیمی رکارڈ رکھنے پر زور دیا گیا اور معائنہ مدارس کے متعلق یہ خیالات ظاہر کئے گئے کہ افسران معائنہ کنندہ کو نہ صرف مدرسہ کی عمدہ تعلیمی حالت جانچنی چاہیئے بلکہ ان پر لازم ہے کہ وہ تعلیمی معاملات میں مشیر اور رہبر بھی بنیں۔

علاوہ معمولی اجلاسوں کے حسب ذیل مضامین کے لئے خاص اجلاس مقرر کئے گئے جن میں ہر مضمون کے ماہرین کو مدعو کیا گیا تھا۔ (۱) تاریخ وجغرافیہ سلطنت برطانیہ (۲) تعلیم میں سینما کا استعمال (۳) لاسلکی کی مدد سے تعلیم (School Broadcasting) (۴) تعلیم بالغان (۵) ذہنی پیمائش (۶) کند ذہن بچوں کا مسئلہ (۷) طبی معائنہ مدارس اور تربیت جسمانی سینما پر تقاریر کے ضمن میں تعلیمی فلم بتلائے گئے جو مطالعہ فطرت اور جغرافیہ سے متعلق تھے۔ ان ہر دو مضامین و نیز ایک حد تک تاریخ کی تعلیم کے لئے سینما نہایت مفید ہو سکتا ہے بشرطیکہ مدرس صحیح طریقہ سے اس کا استعمال کرے۔ کانفرنس میں یہ بھی بتلایا گیا کہ انگلستان کے مدارس میں غیر زبانوں اور موسیقی کی تعلیم میں لاسلکی سے کس طرح مدد لی جاتی ہے۔

منجملہ اور دعوتوں کے حکومت برطانیہ کی جانب سے کانفرنس میں شریک ہونے والے نمائندوں کو ڈنر دیا گیا اور بتاریخ ۲۴ ہر جون ۲۷ء بکنگھام پیالیس میں جو گارڈن پارٹی منعقد ہوئی اس میں شرکاء کانفرنس نے ملک معظم و ملکہ کے سامنے پیش ہونے کی عزت حاصل کی۔ کانفرنس کے ختم ہونے کے بعد نمائندوں نے مختلف تعلیمی مقامات کا ایک نظام العمل کے تحت معائنہ کیا۔

اس کانفرنس سے دوسرے فوائد کے ساتھ ساتھ نمائندوں پر یہ بات ظاہر ہوئی کہ باوجود ملکی و نسلی اختلافات کے بہت سے تعلیمی مسائل ایسے ہیں جو مشترک

ہیں اور حقیقت تو یہ ہے کہ تعلیمی امور میں اتحاد عمل صرف اسی قسم کے جلسوں سے حاصل ہو سکتا ہے لیکن سب سے بڑا فائدہ تو یہ ہوا کہ مختلف ممالک کے نمائندوں کو ایک دوسرے سے میل جول پیدا کرنے اور تعلیمی تجربوں حالات اور مسائل پر تبادلۂ خیالات کا اچھا موقعہ ملا۔

سیر گولکنڈہ

مولوی شیخ محبوب صاحب مددگار مدرس مدرسۂ وسطانیہ شاہ علی بنڈہ

کتابی تعلیم کے ساتھ ساتھ تاریخی مقامات کی سیر کو ماہرین تعلیم نے جو اہمیت دی ہے وہ محتاج بیان نہیں۔ یوں تو طلباء اساتذہ حضرات کے سبق اور نقشوں کی مدد سے تاریخی معلومات حاصل کر سکتے ہیں مگر جب ان واقعات کو ایسی جگہ پر جہاں وہ وقوع پذیر ہوئے ہیں سمجھایا جاتا ہے تو طلباء کے ذہن میں وہ معلومات پتھر کی لکیر ہو جاتے ہیں بڑے بڑے سلاطین کے حالات جب ان کے قبور پر لے جا کر طلباء کو سمجھائے جاتے ہیں تو اچھی طرح سے سمجھنے کے علاوہ ان مقابر اور اس کے اندر آرام کی نیند سونے والوں سے بیحد عبرت ناک سبق حاصل ہوتے ہیں۔ اسی مقصد کو پورا کرنے کے لئے مدرسہ ہذا کے طلباء کی ایک تعلیمی سیر کا انتظام کیا گیا تھا۔ گولکنڈہ جانے سے قبل متعلقہ اساتذہ نے طلباء کو پہلے ان حالات سے آگاہ کیا جو وہاں پر بتائے جانے والے تھے تمام طلباء کو مختلف ٹکڑیوں میں تقسیم کر کے اساتذہ کے حوالے کیا گیا تھا اور طلباء کو ہدایت کی گئی تھی کہ وہ اپنے ساتھ کاپی اور پنسل رکھیں اور اساتذہ جو باتیں بتاتے جائیں ان کے مختصر نوٹ لکھ کر گھر میں آکر ان پر ایک مضمون لکھیں۔

طلباء کی سواری کے لئے موٹر لاریوں کا انتظام کیا گیا تھا جس کے لئے

ہم مولوی عبدالعزیز صاحب مالک کریم موٹر ٹکسی ہوز کے بیحد ممنون ہیں کہ صاحب موصوف نے اپنی عنایت سے کرایہ میں خاص تخفیف کر دی تھی اور ساتھ ہی ساتھ انہوں نے مدارس کے طلبار کے ساتھ اسی قسم کی رعایت کرنے کا وعدہ بھی کیا

غرض صبح کے ½ ٦ سے تمام طلبار مدرسہ کی عمارت سے موٹر لاریوں کے ذریعہ گولکنڈہ روانہ ہوئے۔ وہاں پر ٹھیرنے کے لئے موتی محل میں انتظام کیا گیا تھا۔ تمام طلبار کے پہنچنے کے بعد ان کی حاضری لی گئی اور چونکہ مطلع ابر آلود تھا اور جائے قیام سے مقابر کسی قدر فاصلہ پر تھے پہلے مقابر کی طرف بچوں کو لے جایا گیا ہر ایک مقبرہ کے سامنے متعلقہ اساتذہ کے علاوہ مولوی غلام دستگیر صاحب اول مددگار مدرسہ نے صاحب مقبرہ کے حالات بیان کئے۔ خاصکر جب طلبار کو محمد قلی قطب شاہ اور اس کے بیٹے جمشید قلی قطب شاہ کے مقابر پر پہنچنے کے بعد یہ سمجھایا گیا کہ تاریخ اپنے قصہ کو دہراتی ہے اور جو جیسا کرتا ہے ویسا بھرتا ہے تو ان پر ایک خاص کیفیت طاری ہوئی۔ مقابر سے لوٹنے کے بعد طلبار نے خوب جی بھر کر کھانا کھایا۔ اور کھانے سے فراغت پا کر طلبار اور اساتذہ میں کچھ دیر تک مقابر کے متعلق گفتگو ہوتی رہی اس کے بعد قلعہ کی طرف روانہ ہو گئے۔ قلعہ میں پہنچکر طلبار کو قلعہ اور مشہور عمارتوں کے تاریخی حالات بتائے گئے اور بالاحصار پر پہنچکر طلبار کو کاغذی برج اسکی وجہ تسمیہ اور اس مقام کا معائنہ کرایا گیا جہاں پر اورنگ زیب عالمگیر کی فوج کا کیمپ تھا۔ گولکنڈہ پر حملہ اور اس کے فتح کے تمام واقعات سمجھائے گئے اور جامع الفاظ میں طلبار سے قلعہ کی اس حالت کا حال بیان کیا گیا جبکہ اس میں ابوالحسن تاناشاہ قیام پذیر تھے۔ ان حالات کے سننے میں طلبار نے خاص دلچسپی کا اظہار کیا اور ان کے بشرے سے یہ پتہ چل رہا تھا کہ وہ اپنے آپ کو اسی ماحول اور اسی زمانہ میں مجھ رہے ہیں۔

قلعہ کی سیر میں شام ہوگئی وہاں سے لوٹ کر طلبار نے چائے پی اور روانگی کا سلسلہ جاری ہوگیا۔ واپسی کے وقت سورج کی زرد زرد شعاعیں مقابر کے کلس پر ایک خاص لطف دے رہی تھیں۔ شام کے وقت جو مقابر پر سناٹا چھایا ہوا تھا وہ بیحد عبرت ناک تھا۔ مدرسہ ہاشمیہ کے صدر مدرس صاحب خاص طور پر قابل شکریہ ہیں جنہوں نے برتن فرش اور پانی کا انتظام کر کے طلبار اور اساتذہ کو بیحد آرام پہنچایا۔
واپسی کے دوسرے دن طلبار کے مضامین دیکھے گئے۔ مضامین کے دیکھنے اور سوالات کرنے سے یہ پتہ چلتا تھا کہ طلبار پہلے سے زیادہ تمام حالات سے واقف ہو گئے ہیں اور اب وہ ان تمام حالات کو عمر بھر فراموش نہیں کر سکتے۔

متفرقات

کُل من علیھا فان ویبقی وجہ ربک ذوالجلال والاکرام

یوں تو دنیا چل چلاؤ کی جگہ ہے۔ جو چیز عدم سے وجود میں آتی ہے اس کا پھر کتم عدم میں پنہاں ہونا ضروری ہے۔ ہماری ہستی فنا کا پیش خیمہ ہے۔ مگر قابل افسوس ہے وہ موت اور قابل حسرت ہے وہ جدائی جو قبل از وقت ہو۔

ایں ماتم سخت است کہ گویند جوان مرد

یہ کل کی بات ہے کہ نہ صرف ہم بلکہ وہ تمام حضرات جن کو ادبی دنیا سے کچھ نہ کچھ لگاؤ ہے مولوی عظمت اللہ خاں صاحب کے پاس جاتے تھے اور صاحب موصوف اپنی زریں و صائب رائے اور قیمتی مشوروں سے رہنمائی فرماتے تھے لیکن کیا خبر تھی کہ ایک ہنستی بولتی ہستی جو طاقت و صحت کا مجسمہ تھی، چند ہی مہینوں کی علالت کے بعد داعی اجل کو لبیک کہکر ہمیں ہمیشہ کے لئے داغ مفارقت دے جائیگی۔

مرحوم دھلی کے باشندے تھے مگر ایک عرصہ سے حیدرآباد میں قیام پذیر تھے مختلف خدمات کو انجام دینے کے بعد دفتر کمشنری امتحانات کے عہدۂ معتمدی سے سرفراز کئے گئے تھے۔ مرحوم جس محکمہ میں رہے اس کو اپنی ہمدردی قابلیت اور جانفشانی سے کہیں کا کہیں کر دیا۔ عثمانیہ یونیورسٹی کا دفتر مجلس اپنے ابتدائی مرحلوں کو کامیابی کے ساتھ طے کرنے میں مرحوم ہی کا رہین منت ہے۔ اخلاق کا یہ حال تھا کہ

غریب سے لے کر امیر تک سب کے ساتھ آپ کا برتاؤ یکساں رہتا کسی نے آج تک آپ کو کبھی مغموم نہیں دیکھا۔ یہاں تک کہ روحانی اور جسمانی تکالیف کے مواقع پر بھی آپ کے ہونٹ تبسم سے خالی نہیں رہتے تھے۔ آپ فرقہ واری جھگڑوں سے ہمیشہ گریز کرتے تھے۔ آپ کے پاس ملکی غیر ملکی ہندو مسلمان عیسائی اور پارسی سب برابر تھے۔ ابرِ نیساں کی طرح آپ کا فیض عام تھا اور ہر شخص حسب استعداد و ظرف جلب منفعت کرتا تھا۔ باوجود اردو اور انگریزی میں ماہر ہونے کے آپ ہمیشہ شہرت سے بھاگتے رہے۔ آج تک کسی نے آپ کی زبان سے کوئی تعلّی آمیز جملہ نہیں سنا۔

مرحوم کی علمی زندگی اور ذوق و شوق کے متعلق کچھ کہنا تحصیل حاصل ہے۔ اردو دنیا کا کون ایسا شخص ہے جو مرحوم کی انوکھی ہندی بحروں میں اردو سخن سنجی اور نت نئے مضامین نثر سے واقف نہیں ہند کی شاعری جو عربی اور فارسی کی اجنبی بحروں کے جامہ میں عشوق بدلباس کے مثل تھی اپنی موجودہ ابتدائی نکھار کے لئے آپ ہی کی رہین منت ہے۔ انوکھی اور غیر مانوس ہندی بحروں میں اردو شاعری کا ڈھالنا آپ ہی کا حق تھا۔ شاعری کے اس تغیر کے لحاظ سے اگر یہ کہا جائے کہ مرحوم اپنے زمانہ کے حالی تھے تو بیجا نہ ہوگا اور اس میں تو کسی کو شبہ کی گنجائش ہی نہیں کہ صاحب موصوف کی موت ایک قومی نقصان ہے۔

صاحب موصوف کو انجمن اساتذہ مستقر بلدہ۔ سے خاص دلچسپی تھی۔ اظہار رنج و غم کے لئے ایک عام جلسہ منعقد کیا گیا جس میں

مولوی احمد حسین خاں صاحب نے پہلے تو مختصر طور پر مرحوم کی زندگی کے حالات بیان کئے اور اس کے بعد یہ رزولیوشن پیش کیا:۔

"اراکین انجمن اساتذہ بلدہ حیدرآباد مولوی عظمت اللہ خاں صاحب مرحوم معتمد کمشنر امتحانات سرکار عالی کی بے وقت و جوان مرگ وفات پر اپنے قلبی رنج و غم کا اظہار کرتے ہوے محسوس کرتے ہیں کہ اس وفات سے نہ صرف ملک سرکار عالی میں تعلیمی مفاد کو بلکہ اردو ادب کیلئے مرحوم کی خدمات کے مدنظر سارے ہندوستان کو سخت نقصان پہنچا اور اراکین انجمن مذکور اس جانکاہ مصیبت میں مرحوم کے پسماندگان سے خلوص دلی کے ساتھ اظہار ہمدردی کرتے ہیں۔ حاضرین مجلس نے خاموش کھڑے ہو کر اس تحریک کو منظور کیا"

ایلباٹی کیمپ سٹی کالج کے اسکاوٹس کا ایک کیمپ چہارشنبہ ۷ ستمبر ۲۷ء سے یکشنبہ ۱۱ ستمبر ۲۷ء تک رسالہ جبوشس کے قریب کی پہاڑیوں پر ڈالا گیا تھا۔ کیمپ کا محل وقوع اسکاوٹنگ اور عام نقطۂ نظر سے نہایت اچھا تھا۔ اس کیمپ میں ۸ پٹرول کے ۵۲ اسکاوٹس شریک تھے۔ دوران کیمپ میں جماعتی خوبیوں کے ساتھ ساتھ انفرادیت کا بھی کافی لحاظ رکھا گیا۔ پروگرام نہایت دلچسپ تھا کام کی ابتداء مالک حقیقی کے چوکھٹ کی ناصیہ فرسائی سے جو ایک فطرتی امر ہے شروع ہوتی تھی۔

پہلی شب میں تمام طلبار کو رصدگاہ نظامیہ میں اجرام فلکی کی سیر کرائی گئی تیسری شب کی کیمپ فائر میں مسٹر سید محمد ہادی ناظم ورزش جسمانی و اسکاوٹس بعض احباب کے ساتھ شریک محفل تھے۔ دوران قیام کیمپ میں مسٹر سید محمد اعظم پرنسپل

سٹی کالج اور ایک اسکاوٹ نے تمام اسکاوٹس کو چائے پر مدعو کیا تھا۔
آخر دن صدر اعظم بہادر باب حکومت نے اپنی تشریف آوری سے کیمپ کو زینت بخشی مہاراجہ بہادر تقریباً ایک گھنٹہ تک کیمپ میں ٹھیرے رہے۔ طلباء نے فوری امداد مجروحین پل بنانے اور جھنڈیوں کے کام دکھائے جن کو دیکھکر معزز مہمان نے اظہار خوشنودی فرماتے ہوئے دوسو روپیہ کے گراں بہا عطیہ سے سرفراز فرمایا اور اپنے صاحبزادوں کو بھی اس عالمگیر برادری میں شریک کرنے کی خواہش ظاہر فرمائی کیمپ کو کامیاب بنانے اور حسن انتظام پر مسٹر ٹی۔ ین۔ سیون کیمپ چیف قابل مبارکباد ہیں

اسکاوٹس ڈے اسکاوٹنگ کی عالمگیر تحریک کا یہ مبارکباد دن ہر سال ۱۴ اکتوبر کو دنیا کے ہر حصہ میں منایا جاتا ہے۔ گزشتہ سال کی طرح اس سال بھی حیدرآباد کے اسکاوٹس نے اس دن کو نہایت اعلیٰ پیمانہ پر منایا اور نلگنڈہ کے طلباء نے شرکت سے اپنے دلی جوش اور سرگرمی کا ثبوت دیا۔

گو اس روز غیر معمولی طور پر صبح سے بارش ہو رہی تھی مگر فدایان تحریک کے ولولوں اور جوش کی آتش کو یہ بھی فرو نہ کرسکی۔ باوجود تقاطر کے مہاراجہ بہادر ٹھیک وقت پر تشریف فرما ہوئے۔ مختلف ٹروپس نے اپنے اپنے کام دکھائے اور ایک ٹروپ کو جو جھنڈیوں کے اشارے سے اردو میں پیغام رسانی میں مصروف تھی مہاراجہ بہادر نے ایک پیغام دیا جو دوسری طرف بالکل صحیح وصول ہوا۔ مہاراجہ بہادر نے اس پر اظہار خوشنودی فرمایا۔ مہاراجہ بہادر کی تقریر دلپذیر کے بعد سر سید محمد ہادی نے معزز مہمان اور دیگر حضرات کا شکریہ ادا کیا۔

واپسی ریاست حیدرآباد کی طرف سے مولوی سید محمد حسین صاحب جعفری نائب ناظم

تعلیمات اور مولوی سید علی اکبر صاحب صدر مہتمم تعلیمات بلدہ جو امپیریل ایجوکیشنل کانفرنس منعقدہ لندن میں حصہ لینے بھجوائے گئے تھے۔ ۱۰ اکتوبر ۲۷ء م ۱۴ آبان ۳۶ف یوم شنبہ کو شام کی گاڑی سے واپس ہوئے۔ صاحبان موصوف کی استقبال کی خاطر تعلیمات و دیگر محکمہ جات کے عہدہ دار اور اساتذہ حضرات اسٹیشن پر تشریف فرما ہوئے تھے مدارس وسطانیہ دارالشفاء اور شاہ علی بنڈہ کے اسکاوٹس بھی استقبال کے لئے موجود تھے۔

مسٹر کپتھال اپنی طویل رخصت کے بعد حیدرآباد واپس ہوئے۔ گورنمنٹ ہائی اسکول کے طلبار و مدرسین اور دوسرے محکموں کے بعض حضرات نے اسٹیشن پر صاحب موصوف کا استقبال کیا۔

مدرسہ فوقانیہ بیدر صدر اعظم بہادر باب حکومت کے قیام بیدر کے زمانہ میں وہاں کے مدرسہ کے اساتذہ اور طلبار نے آپ کی خدمت میں سپاسنامہ پیش کرنے کی عزت حاصل کی۔ جس کے جواب میں نواب صدر اعظم بہادر نے اپنے دلی جذبات اور تعلیمی معاملات میں دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے طلبار کو نصیحت فرمائی کہ وہ بھی تعلیمی معاملات میں دلچسپی لیں اور ملک و مالک کی وفاداری میں ثابت قدم رہیں۔

مدرسۂ وسطانیہ سنگاریڈی سے صدر اعظم بہادر کی تشریف آوری کی رپورٹ آئی ہے جو مجملاً ہدیۂ ناظرین کی جاتی ہے۔

صدر اعظم بہادر کی تشریف آوری سے قبل تمام دفاتر کو اسکی اطلاع مل چکی تھی اور ان تمام محکمہ جات نے دفاتر کو مزین کرنے میں نہایت فراخدلی سے کام لیا تشریف آوری سے ایک روز قبل مولوی عبدالعزیز خاں صاحب بی۔ اے صدر مہتمم تعلیمات صوبہ میدک وہاں موجود تھے۔ مدرسہ کو خوب آراستہ کیا گیا تھا اور مدرسہ کے دروازہ پر صدر مہتمم صاحب اور مہتمم صاحب تعلیمات اور صدر مدرس صاحب بغرض استقبال کھڑے ہوئے تھے صدر اعظم بہادر کی تشریف آوری کے بعد اسکاوٹس نے سلامی اتاری اور

اس کے بعد صدر اعظم بہادر مدرسہ کے ہال میں جو خوب سجایا گیا تھا تشریف فرما ہوئے
مدرسہ کی جانب سے ریشمی پھولوں کا ہار جو خود مدرسہ کا تیار کیا ہوا تھا پیش کیا گیا جس کو
شرف قبولیت بخشا گیا۔ اس کے بعد مدرسین پیش کئے گئے۔ حمد باری۔ ترانہ اور قصائد
سنائے گئے۔ صدر اعظم بہادر نے تمام جماعتوں کا معائنہ فرمایا اور ایک نابینا بچہ کو جو حفظ
کلام مجید کے لئے مدرسہ آیا کرتا تھا (صہ) کے عطیہ سے سرفراز فرمایا۔

مدرسہ کی جانب سے صدر مہتمم صاحب میدک نے معزز مہمان کا شکریہ ادا کیا
جس کے جواب میں صدر اعظم بہادر نے مدرسہ کی تعلیمی حالت پر خوشنودی کا اظہار فرمایا اور بوقت
مراجعت (مار) ایک سو روپیہ مدرسہ کو شیرینی کے لئے اور پچاس روپیہ نظم خوان بچوں کو عطا فرمائے

مسز سروجنی نائیڈو مسز سروجنی نائیڈو نے اپنے قیام حیدرآباد کے زمانہ میں سٹی کالج کا
معائنہ کیا اور سٹی کالج کے بڑے ہال میں لڑکوں کو مخاطب کرتے ہوئے اتفاق و اتحاد اور
ملک و مالک کی وفاداری کے متعلق زریں خیالات کا اظہار کیا۔ کالج کا معائنہ کرکے
مسٹر سید محمد اعظم پرنسپل کے حسن انتظام اور سلیقہ کی داد دی۔

طلبائے قدیم کلیہ جامعہ عثمانیہ نے بتاریخ ۱۲ اکتوبر بوم جمعہ مسز سروجنی نائیڈو کو
سینٹ جارجس کے بڑے ہال میں (Youth and Tomorrow) شباب اور فردا
پر تقریر کرنے کے لئے مدعو کیا تھا گو جلسہ کا وقت ۶ ½ ساعت شام رکھا گیا تھا مگر بلبل ہند
کی نغمہ سرائی جسکی مدت سے آرزو تھی وارفتگان ادب کو وقت سے بہت پہلے کھینچ لائی
ٹھیک وقت پر صاحبہ ممدوحہ تشریف فرما ہوئیں۔ حضار مجلس میں سے بعض ہستے چلتے حضرات
نے لوگوں کی کثرت کی وجہ سے ممدوحہ سے کھلی جگہ میں تقریر کرنے کی استدعا کی۔ مضمون
زیر بحث پر تقریباً ایک گھنٹہ تک تقریر ہوتی رہی جس میں ملک کے نوجوانوں کو انکے
اسلاف کے کارنامے بیان کرکے انکی تقلید اور زائل شدہ رفعت کو حاصل کرنے کیلئے
ابھارا گیا اور اس کے ساتھ ساتھ اتفاق و اتحاد کی خوبیاں بیان کرتے ہوئے ریاست

حیدرآباد اور اس کے عظیم الشان مالک کی وفاداری پر ثابت قدم رہنے کی نصیحت کیگئی۔

انجمن اتحاد کلیہ عثمانیہ کی طرف سے ٹاؤن ہال میں مسز نائیڈو کو (The candle of woman) پر تقریر کرنے کے لئے مدعو کیا گیا تھا۔ ہال میں داخلہ کے لئے ٹکٹ مقرر کئے گئے تھے جو عثمانیہ کالج کی طرف سے قدیم اور موجودہ طلبار کو تقسیم کئے گئے۔

پروفیسر سیشادری کو جو بنارس ہندو یونیورسٹی کے پروفیسر ہیں یونیورسٹی کی طرف سے حیدرآباد میں مدعو کیا گیا تھا۔ صاحب موصوف نے یونیورسٹی کی طرف سے دو لکچر "انگریزی ادب" پر ٹاؤن ہال میں دئے۔ اثنائے قیام ہیں۔

انجمن اساتذہ مستقر بلدہ نے بھی پروفیسر موصوف کو ایک عام جلسہ میں "مدارس ثانویہ میں انگریزی ادب کی تعلیم" پر اظہار خیالات کے لئے مدعو کیا تھا۔ یہ جلسہ نظام کالج میں بتاریخ ۱۱۔ آذر ۱۳۳۵ف م ۱۷۔ اکتوبر ۱۹۲۶ء بصدارت مسٹر کے۔ برنٹ پرنسپل نظام کالج منعقد ہوا۔ پروفیسر صاحب نے پون گھنٹہ تک اصل موضوع پر تقریر فرمائی۔ اور صدر جلسہ کی تقریر کے بعد مولوی سید علی اکبر صاحب ایم۔ اے (کینٹب) صدر مہتمم تعلیمات بلدہ و میر مجلس انجمن اساتذہ نے صدر جلسہ۔ مقرر صاحب اور حاضرین کا شکریہ ادا کیا۔ بلدہ اور سکندرآباد کے تقریباً ڈھائی سو مدرسین کے علاوہ تعلیمات کے بہت سے عہدہ دار اور پروفیسر صاحبان نظام کالج و طلبار موجود تھے۔

انجمن اساتذہ شاخ ریسیڈنسی میں وکٹوریہ کالج گوالیار کے پروفیسر مسٹر آر۔ کے۔ ککلکرنی۔ ایم۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ بی نے بتاریخ ۱۲۔ اکتوبر ۱۹۲۶ء بصدارت مولوی سید علی اکبر صاحب ایم۔ اے (کینٹب) "جدید تعلیمی خیالات" پر ایک پر مغز تقریر کی۔ اثنائے تقریر میں صاحب موصوف نے جرمنی اور امریکہ کے ان مدارس کا ذکر کیا جن کا انھوں نے معائنہ کیا تھا اور آجکل یورپ اور امریکہ میں جو جدید تعلیمی لہر پھیل رہی ہے اسکی خصوصیات بیان کیں۔

پہلے یہ کہ طلبار خود بخود عمل اور مطالعہ کے ذریعہ سے اپنی معلومات بڑھائیں اور

دوسرے یہ کہ مدرسہ کے انتظامات خود طلباء کے سپرد کئے جائیں اور تیسرے یہ کہ جسمانی سزا مطلق نہ دی جائے۔ اور طلباء میں حتی الامکان عمدہ عادات پیدا کرنیکی کوشش کیجائے۔

اختتام تقریر پر صدر صاحب جلسہ نے جرمنی کے حالات اختصار کے ساتھ بیان فرمائے اور اسی ضمن میں وہاں کے طلباء کے اولیاء اور اساتذہ کے تعلقات طبی معائنہ مدارس اور جسمانی تربیت کے طریقوں پر روشنی ڈالی اور آخر میں انجمن کی جانب سے پروفیسر کللکرنی کا شکریہ ادا کیا۔

حیدرآباد ایجوکیشنل کانفرنس کے سالانہ اجلاس اس سال ٹاؤن ہال میں منعقد ہوئے تھے کانفرنس دیوالی کی چھٹیوں میں ہوتی رہی۔ نواب ذوالقدر جنگ بہادر کا خطبہ صدارت پر از معلومات اور دلچسپ تھا۔ کانفرنس کے تفصیلی حالات پر آیندہ اشاعت میں روشنی ڈالی جائیگی۔

آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کے اجلاس بتاریخ ۲۶-۲۷ و ۲۸ دسمبر ۱۹۲۶ء منعقد ہوں گے حیدرآباد کے تعلیمی اور قومی شوق کو ابھارنے کے لئے ایک مقامی کمیٹی قائم کیگئی ہے جس کے صدر نواب سر امین جنگ بہادر۔ نائب صدر نواب ذوالقدر جنگ بہادر معتمد اعزازی مولوی عبد العزیز خاں صاحب صدر مہتمم میدک اور مولوی حفیظ اللہ صاحب پرنسپل ٹرننگ کالج شریک معتمد مقرر ہوئے ہیں۔ اس کانفرنس کی استقبالی کمیٹی کا چندہ رکنیت دس کلدار اور عام رکنیت کا چندہ (صہ) کلدار ہے۔

جو صاحب اس کانفرنس میں شریک ہونا چاہیں وہ اپنا چندہ مولوی حفیظ اللہ صاحب پرنسپل ٹرننگ کالج خیریت آباد کے پتہ پر روانہ فرما سکتے ہیں۔ جہاں سے ان کو ایک رسید ملیگی جس کے بوقت اجلاس پیش کرنے پر ٹکٹ داخلہ حاصل ہوسکیگا۔

ٹریننگ کے لئے اس سال ریاست حیدرآباد کی طرف سے دو مدرس ڈھاکہ اور چار مدرس مسلم یونیورسٹی علیگڈھ بھجوائے گئے ہیں۔

(۱) مسٹر ڈنکر نارائن راؤ بی۔اے صدر مدرس مڈل اسکول دارالشفاء۔
(۲) مولوی مرزا محمود علی بیگ صاحب بی اے (عثمانیہ) صدر مدرس ہائی اسکول کریم نگر۔
(۳) مولوی شیخ علی حسین صاحب بی۔اے (عثمانیہ) مڈل اسکول مستعد پورہ۔
(۴) مولوی اسد اللہ صاحب رضوی بی اے (عثمانیہ) مدوگار ہائی اسکول پربھنی۔
(۱) مسٹر راجندر راؤ صاحب بی۔اے مدوگار گورنمنٹ ہائی اسکول چادرگھاٹ۔
(۲) مسٹر جوشی اورنگ آباد۔

قطعہ تاریخ وفات مولوی عظمت اللہ خاں صاحب مرحوم
مولوی محمد فاضل صاحب مدرس مڈل اسکول شاہ علی بنڈہ

مہر تابانِ آسمان ادب — در سحاب اجل چو روے نہفت
سالِ رحلت بگوشِ دل ہاتف — کاملِ عصر عظمت اللہ گفت
۱۹ ۲۷ء

تنقید و تبصرہ

یوں تو بہت سے اخبارات جاری ہوتے رہتے ہیں۔ ان میں سے بعض کی نوابتدا اور انتہا ایک ہی ہوتی ہے اور بعض رطب و یابس لئے اپنی زندگی کے دن گذارتے رہتے ہیں۔ مگر بہت کم اخبار ایسے ہیں جو حقیقی معنوں میں ملک کی خدمات بجا لاتے ہیں۔

اگر ہم "صبح" کے سالانہ نمبر کے متعلق یہ کہیں کہ ہندوستان کے روزآنہ اخبارات میں صرف یہی ایک اردو اخبار ہے جس نے اپنے سالانہ نمبر کو اچھی تصاویر کے ساتھ نہایت آب و تاب اور بصرف زر کثیر شائع کیا تو بیجا نہ ہوگا جس کے لئے مولوی سید احمد محی الدین صاحب مدیر اور مولوی عبد اللہ خاں صاحب شریک مدیر قابل مبارکباد ہیں اور یہ سالانہ نمبر مقامی حالات کے مضامین اور شہریار دکن ملک کی سربرآوردہ ہستیوں

اور مشہور مقامات کی تصاویر کے لحاظ سے اپنا آپ نظیر ہے۔
مختلف مذاق کے مضامین جمع کئے گئے ہیں سنجیدہ مضامین کے ساتھ ساتھ پر لطف
مضامین لئے گئے ہیں۔
غرض ہر لحاظ سے ہمارے ملک کے اخبار کی یہ کوشش نہایت اچھی اور کامیاب ہے

مدرسہ فوقانیہ عثمانیہ نام پلی سے وہاں کے سالانہ جلسہ کی روئداد دیر میں ملی۔ تاہم مختصراً چند اہم باتیں درج کیجاتی ہیں۔ فوقانیہ کا سالانہ جلسہ نواب ذوالقدر جنگ بہادر کی صدارت میں منعقد ہوا تھا جسمیں شہر کے مدارس کے اکثر صدر مدرسین دوسرے عہدہ داران تعلیمات اور طلبا رکے اولیا رمدعو تھے صدر مدرس صاحب نے مدرسہ کی سالانہ رپورٹ سنائی۔ صدر جلسہ نے اپنی تقریر میں مدرسہ کی تعلیمی حالت پر اظہار خوشنودی فرمایا مولوی سید علی اکبر صاحب ایم۔ اے (کینٹب) صدر مہتمم تعلیمات بلدہ نے معزز صدر اور مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔ مدرسہ کے اسکاؤٹس نے بعض کرتب دکھلائے۔ مدرسہ کے بچوں کو انعامات بھی تقسیم کئے گئے۔ مدرسہ کی طرف سے تعلیمی نمائش کا بھی انتظام کیا گیا تھا۔

جاگیردار کالج میں تبادلہ ہونے اور وہاں سے علیگڈھ جانے کی وجہ سے رسالہ ہذا اپنے قدیم ایڈیٹر مولوی ندیم الحسن صاحب کی خدمات سے اب محروم ہوگیا۔ صاحب موصوف نے رسالہ کے ابتدائی زمانہ میں جس دلچسپی اور محنت سے کام لیا اس کے ہم شکر گذار ہیں۔

نظام گزٹ

ہفتہ وار

چار مینار حیدر آباد دکن

کا پہلا پرچہ ۹ دے ۱۳۳۷ف بروز دوشنبہ اعظم اسٹیم پریس سے
نہایت آب و تاب کے ساتھ شائع ہوا اور ہر دوشنبہ کو شائع ہوگا۔

چندہ ہندوستان کے لئے

سالانہ مع محصول ڈاک	لے
ششماہی "	۸ر
سہ ماہی	عاں
فی پرچہ	۲ر۶مر

اشتہارات کے ساتھ اجرت ہر صورت میں پیشگی وصول ہونی چاہیئے۔
اشتہار کا مضمون صاف خط اور صحیح اردو میں ہو۔ خلاف تہذیب اشتہار نہیں لئے جائینگے
دفتر سے اشتہار کا نرخ معلوم ہوسکتا ہے۔ فقط

منیجر

on the other. The sonnets of his college days won for him the admiration of his professors and others. The study of his favourite poem Tennyson's Immemoriam', made him early in life tackle the eternal problems of life and death. My friendship with him ran an uninterrupted course of over twenty-five years, and early in 1926 I noticed him reading a voluminous work called "Death and its Mysteries". When questioned why he worried himself with such gloomy subjects, he courteously replied "Sooner or later death must come to all; shall we not seek solace by such a study"? The conversation which then followed convinced me that the soul was soaring high above the sensuous plane or, at least, had the premonitions of a journey into a region "from the bourne of which no traveller returns".

His out-look on life was naturally broad and his sympathies were no less cosmopolitan. If his work on "Nationalities" should ever see the light of day, it would be a valuable contribution to our national literature.

His Urdu poems were indeed excellent, both from the stand-points of inimitable style and profound thought, and remind one of a Shelley or a Keats. Urdu literature is poorer for this sudden disappearance of a young promising poet.

His official career demanded of him strenuous labour and when one observed him delightfully wading through voluminous official files and examination records, one always felt that to him, as to Thomas Carlyle, "Duty is religion".

His genial disposition and many fine qualities of head and heart entitle him to be regarded as an example of a perfect gentleman.

May his soul rest in peace!

OBITUARY NOTICE.

It is which feelings of deep regret and sorrow that we announce the sad death of Mr: Azmattullah Khan, B. A., Secretary to the Commissioner for Government Examinations, which occurred on the 14 th October, 1927 at Madanapally, where the deceased had been removed for treatment. The late Mr: Azmatulla Khan was one of the ablest and most popular officers of the Education Department. His untimely death is greatly mourned by the members of the Hyderabad Teachers' Association, who at a meeting held on the 17 th October, 1927, passed the following resolution :—

"The members of the Hyderabad Teachers' Association express their deep sense of regret and-sorrow at the untimely death of Mr: Azmatullah Khan, Secretary to the Commissioner for Government Examinations, and consider that his death is not only a great loss to the cause of education in Hyderabad, but also to the cause of Urdu literature throughout India. They also desire to offer their heartfelt condolences to the members of the bereaved family".

We publish below a short note on the late Mr. Azmattullah Khan which we have received from Mr. G. A. Chandawarkar. M. A., Head Master, Residency Middle School, Hyderabad Deccan :—

The late Mr: Azmatullah Khan received his early education in the Hyderabad Residency High school and later on took his B. A. degree from the Ajmere College (Allahabad University) with philosophy as his optional subject. Besides being fond of philosophy, he was endowed with a poetic gift of no mean order, and was an admirer of the poems of Shakespeare, Wordsworth and Tennyson on the one hand, and Firdousi, Sadi and Hafiz

Y. M. C. A. Physical Training School in Madras, and hoped that the matter of training would be extended to the entire staff. In the end, he supported the claim of the Methodist Boys' High School to receive from H. E. H. the Nizam's Government and the Residency Authorities the same liberal treatment as regards grant-in-aid as other schools were receiving

A feature of the day was an exhibit of school work, including class work, Kindergarden work and a variety of garden vegetables.

Nampalli High School.

The 3rd Anniversary of the Nampalli High School was held on the 28th October under the presidency of Nawab Zulkadar Jung Bahadur, M.A. (Cantab), Barrister-at-Law, Home Secretary. The report read on the occasion by the Head Master Mr. R. Chary, B.A., B.T, showed that the school had made satisfactory progress in all directions. After distributing the prizes, Nawab Zulkadar Jung Bahadur made a speech in the course of which he expressed his appreciation of the work done in the school, particularly in regard to physical education and manual training. Mr. S. Ali Akbar, M.A., (Cantab:), Divisional Inspector of Schools, thanked the President on behalf of the school.

We regret that lack of space compels us to hold over for a future date the tabular statement showing the results of the various examinations, which we promised in our last issue.

education, the characters of boys, and warned against judgment based entirely on the statistics presented. "How many of us", he said, "have picked up casually the treasures of wisdom that we prize most? ....A boy is often made of marred by what he does in his leisure time." Opportunities for growth and the development of responsibility were given an important place in the programme of the school. In this connection twelve trades were mentioned as being carried on commercially in the hostel, including whitewashing, carpentering, cooking, gardening, tailoring, book-binding, tinning, goat and poultry raising, commercial photography, painting and shop-keeping.

The chairman spoke warmly of the phenominal growth of the school since its inception six years ago to its present enrolment of 240 students, and urged that its development in all its phases be continued as in the past.

In congratulating the school on its emphasis on vocational training, he remarked:—"In my recent vist to Europe I noticed this strikingly apparent everywhere—in England, Germany and Switzerland. Of course, examination certificates are a vocational preparation in so far as they prepare candidates for Government service, but already there is an over-supply of such candidates in this city, and it is becoming more and more important that schools should prepare students to support themselves by work when they leave school. I might remark in this connection that personally I do not feel that vocational training should be allowed to invade the primary schools. Manual training may be made effective use of there, but I feel that our primary schools should limit themselves to fundamentals and leave the training of students in their life vocations for upper schools to take care of."

The chairman further complimented the school on having an athletic director trained in the very excellent

her peoples justify her claim until her inhabitants have learnt the same lessons of mutual toleration and respect ".

Before concluding his speech, the Chairman announced a few generous donations from the parents of the pupils.

The meeting came to an end after a vote of thanks had been proposed to the Chairman by Nawab Sir Amin Jung Bahadur.

Methodist Boys' High School.

Mr. S. Ali Akbar, M. A., (Cantab) presided at the Anniversary gathering of the Methodist Boys' High School held in their beautiful hall on October 7th.

A varied programme was given to a large and appreciative audience. A number of clever recitations and songs brought a hearty applause. One tableau depicting "A Day in the Methodist Boys' School" cleverly illustrated the events of a day in school. For example when "food disappeared into hungry stomachs," a little boy disappeared into an empty box labelled "Empty stomachs," and when four o'clock comes, another boy labelled accordingly dashes into the stage with an enthusiastic shout. A scene from "The Merchant of Venice" was given in Indian costume and exceedingly well done in the case of Shylock. The appropriateness of the costumes showed well how catholic are the characters of the great dramatist. It will be remembered that a version of Shakespeare given in London a couple of years ago in which bowlers and sack coats featured aroused considerable comment, and there is a real opportunity for such a production of Shakespeare from the Indian standpoint.

The Principal Mr. George Grden, M. A., in his report regretted the impossibility of attempting to sum up the progress made during the year in that most important phase of

College Section	.... The Osmania College
High School Section	.... The City High School
Middle School Section	.... The Residency Middle School.
Primary A. Section	.... The Nampalli High School
Primary B. Section	... The All Saints' High School

In the Inter-school Cricket Tournament, which has been inaugurated this year, the Madrasae Aliya beat the City High School in the final, Meraj Ali scoring 100 runs in the 1st and 198 in the 2nd innings for the winning team.

Deputy Secretary, Scottish Education Department.

INSPECTION, I take it, means the attempt to form an impression of a school by personal visit, study of such matters as classification, curriculum, time tables, and also investigation of the premises and discussion with Managers, teachers and head teachers. Examination, on the other hand, means definite questioning of the pupils, especially by means of written tests. It will be convenient for me to limit my consideration to *external* examination. Internal examination is another question with serious problems of its own.

When I was an Inspector I was never able to get away from the idea that *some* examination of a class was desirable. Now that I have ceased to be an Inspector and am intimately concerned with the control of the examining machine, I am convinced that some inspection is essential.

It seems to me to be certain that, at the stage of educational evolution we have reached, both processes are necessary parts of adequate supervision of our educational system. I am optimistic enough to believe that examination of schools externally and on the present lines will sooner or later prove to be unnecessary. Inspection will always have

this insription was put up on a well at Elgandal in 1693. Otherwise the inscription could not have been written by the Muhtasib or Ecclesiastical censor.

Of Khafi Khan, there is an inscription on a well at Narsapur dated 1727-28. Mr. Yazdani draws our attention to the spelling Khifa in the inscription. He is said to have concealed his history during Aurangzeb's reign and Khafi is derived from Khifa which means to conceal. In the reign of Farruk Siyar (1713-19). the first Nizam of Hyderabad appointed Khafi Khan a Diwan in his service and this inscription refers to this period. He died in 1731-32.

The inscription on the tomb of Abdullah Qutb Shah gives the date of his birth, November 21st, 1614, the date of his accession, February 1st, 1626, and the date of his death April 21st, 1672. There was some controversy about the date of his death. Prof: J. Sarkar placed it 3 years later, but Mr. Yazdani points out (E. I. M. 1915-16 page 40) that the question is finally settled and the date given in the inscription is correct.

For the period of Abul Hassan, there are the inscriptions on the 2 guns used by Aurangzeb during the second seige. One measures 14 ft. 10 inches in length, the diameter near the base being 2 ft. 4 inches, while at the end, the circumference is 9 ft. The second is 16 ft. 2 inches in length, the diameter near the base being 2 ft. 3½ inches, while at the end the circumference is 8 ft. 8 inches.

There are several inscriptions on the tomb of Miyan Mishk. He was a secretary of Abul Hassan, holding charge of the Royal key. He also held the high office of the Commander of the Carnatic troops. He obtained firmans from Abul Hassan in 1674 and 1677, informing the revenue officers that certain revenues should be allotted for the conduct of religious ceremonies at the mosque near his tomb. He died in April 1680. The firman is interesting as indicating the wages for the menial establishment of the mosque. The public crier was paid 10 huns per annum, the farrash 6 huns, the water carrier 6 huns, the deoti 7½ huns, the porter 12 huns, the 2 sweepers 6 huns, the clerk 8¼ huns, 2 shampooers 16 huns, the mali 12 huns, and the superintendent of the mosque 20 huns. (A hun is equivalent to 52 grains in weight of gold).

Two more inscriptions close this survey of the period 1913-14 to 1921-22. those of the two great historians of the time of Aurangzeb-Khafi Khan and Rai Brindaban. Brindaban's father was Diwan of Dara Shikoh. Brindaban held an important office in the Deccan at the time when

It was during the period of Abdullah Qutb Shah that the first seige of Golconda by the Mughals took place. A detailed account of the seige is given in an inscription on one of the bastions of the fort known as the Musa Burj. Musa Khan, "the wazir of the wazirs of the time, the confidence of the royal court, the trust of the state, the Khan, the exalted commander-in-chief," was asked to go to the spot to repel the enemy. A shot from the guns of the fort hit Miri Miran, the Mughal Commander and he died on the spot. Three days after his death, peace was concluded. Musa Khan was ordered to build a large bastion at the place which was completed in 1666. This event is described in 2 inscriptions, one in Persian and the other in Telugu. (E. I. M. 1913-14.)

Musa Khan held the office of Mahaldar (Lord Chamberlain) and is mentioned in the inscription in the Toli Musjid in the city. The mosque was completed in 1671. (E. I. M. 1917-18.)

Khairat Khan, one of the nobles of Abdullah Qutb Shah is mentioned in 2 inscriptions, dated 1640 and 1642. He built the Amber Khana or store house in the fort. He also constructed a well, a garden and some shops and is described as the "well-wisher of the state."

Neknam Khan is an accomplished general of Abdullah Qutb Shah, who was once deputed to help Bijapur against the Mughals in 1665. The inscription on the tomb gives the date of his death as 1673. It mentions the gift of the revenues of the village Angalawaram, in the division of Janwal (Hasanabad), for the proper maintenance of the tomb. The Despandes, Thalkarnis, Muqaddams, and Kulkarnis of the division were asked to observe the order. The date of the order is nearly 10 years, which is probably a mistake. If so this inscription should relate to the next reign. (E. I. M. 1915-16.)

The next monarch is Muhammad Quli Qutb Shah. He is described in an inscription in the Jami Masjid in the city of Hyderabad, as "the lord of the world, the king of kings in whose reign the virtuous received generous treatment" The mosque was completed under the superintendence of Amin-ul-mulk, who was an accomplished general and who held the distinguished office of Mir Jumla. He quelled several Hindu rebellions of the reign of Quli Qutb.

There are a few inscriptions in the pavilions of the Mai Sahiba's tank on the way from Khairatabad to Golconda, which illustrate the influence of the Tabataba Sayyids during the reign of Muhammad Quli and his successor. (E. I. M. 1917-18.)

The tomb of Quli Qutb Shah is a magnificent structure. The inscription notes the date of his death as January 11th, 1612. The title "His Exalted Majesty" is added before he name of the king. Mr. Yazdani points out that this title was adopted for Humayun and Akbar after their death in 1556 and 1605 respectively, and this imitation shows the ambition of the Qutb Shahi princes. (E. I. M. 1915-16.)

Of the next sovereign, Muhammad Qutb Shah, we have only the inscriptions in the tombs. The inscription on his tomb gives the date of his birth, April 1593, the date of his accession, January 11th, 1612 and the date of his death, February 1st, 1626. Not only does the title of "His Exalted Majesty" continue, but the title of "Her Exalted Highness" is found on the tomb of a princess of the royal family and the title "His Exalted Holiness" on that of the religious guide of the royal family. The title of Marju-Min-Nurillah (Expectant of the Light of God) is given to the Sultan in one of the inscriptions on the grave of his infant grand-son. The tomb of Hayat Baksh Begum, the consort of the Sultan, places her death in 1667. She took a prominent part in the administration, during the reign of her son Abdullah Qutb Shah. (E. I. M. 1915-16.)

Shah, the founder of the dynasty. He constructed a mosque in the fort in 1518. The suzerainty of the Bahamani king, Mahmud Shah, is still formally recognised. (E. I. M. 1913-14.)

Elgandal, 3 miles north of Karimnagar, has an inscription dated 1525 and mentions Abul Fateh entitled Mansur Khan as having constructed a mosque. (E. I. M. 1919-20.)

The inscription on the tomb of Sultan Quli gives September 2, 1543 as the date of his death. The epitaph on the tomb gives his pet name BARE MALIK or Great Prince. It calls him "the warrior for God's sake, the striver in God's path." This verifies the statements made in contemporary writings that he fought severely with the Hindus. The title martyr refers to his murder instigated by his third son Yar Quli. (E. I. M. 1915-16.)

There are no inscriptions of Jamshed Quli and Subhan Quli. There is an inscription of Ibrahim Qutb Shah dated 1559 on the Makki Darwajah in the fort. Ibrahim is referred to as "the greatest of sovereigns, the refuge of water and clay (sea and land), the opener of the gates of benevolence to all creatures ...." Mention is made of Mustafa Khan, one of the two great generals of Ibrahim. His name was Kamaluddin Hussain. He is described "as the pillar of the Empire, the prop of his kingdom, the collector of books and the disperser of armies." (E. I. M. 1913-14.)

There is an inscription at Gudur in the Nellore District, dated 1562, which mentions the second great general of Ibrahim, Rifat Khan Lori, also known as Malak Nayab. (E. I. M. 1921-22.)

The tomb Ibrahim Quli is larger in dimensions than those of his predecessors and was once beautifully decorated with tiles of different colours. The date of his death, as given in the inscription on the tomb, is June 5th, 1580.

governor of the province extending from Bijapur to Khujasta Banyad (Aurangabad). The name of this governor is associated with the construction of a new town called Ghasiuddinnagar. The Naib Faujdar, Sadr Shah Beg, Sidduji Deshmukh, Dhondaji Deshpandya, and Shimbhu Seth co-operated in the construction of this town. This record is in two languages, Persian and Mahrati. The Saka date is 1625 which is about 1703-04 A. D. Dhondaji seems to have been a very influential person. His full name is Dhondaji Kishan, as given in another inscription of 1690-91. He constructed a bastion known as Dhondapura bastion which is dated 1704 A. D.

There are 2 inscriptions of the reign of Muhammad Shah, dated 1725 and 1730. The second of these refers to the construction of the Ahmadnagar Darwaza by "the brave and exalted Rao Sultanjee Bunalkar, Jagirdar of the pargana of Bid."

Two inscriptions mention a Hindu lady from the Panjab and a man named Vittal as votaries of the Muhammadan saint Shah Kochak Wali. It may be noted that there are several Hindu votaries of Muhammadan saints even at the present day. Nagore in South India may be mentioned as a shrine that attracts persons of all communities.

There are 4 inscriptions of the Asaf Jahi period at Bid. One of them is dated 1773 A. D. and reads thus: "During the reign of Shah Alam and the governorship of Nizam-ud-daulah, Mir Nizam Ali Khan Bahadur, the building of this gateway was completed." The names of Nawab Sharfud-dowlah and Ali Muhammad Khan are mentioned as the governor of Bid and Bakshi or pay-master respectively. (E. I. M. 1921-22.)

We now come to the inscriptions of the Qutb Shahi Kings. The earliest inscription is that of Sultan Quli Qutb

Shah the first. This is in the mosque at Ashti in Bid District. (E. I. M. 1921-22.) The fort at Qandhar contains inscriptions of Murtuza Nizam Shah the first (1565-86). They record the construction of certain bastions and walls. Mention is also made of the employment of a Turkish gunner Aqa Rumi.

The fort of Antur in the Aurangabad district contains important inscriptions. Mr. Yazdani points out that Colonel Haig, in his Land-marks of the Deccan, has assigned to Murtuza Nizam Shah the second the period 1603-1630. As a matter of fact there were two kings during the period. There was bitter enmity between Malik Amber and Murtuza. Malik Amber deserted the cause of Murtuza and placed Boorhan Nizam Shah the third on the throne. The inscription refers to this ruler who was placed on the throne in 1610 and who was put to death in 1630 by Fath Khan, the son of Malik Amber. Hussain Nizam Shah, a son of Boorhan Nizam Shah, was placed on the throne and ruled till 1632.

One of the inscriptions in the fort describes Malik Amber as "the benefactor of mankind." Two miles south of Antur is an inscription dated 1592 referring to Boorhan Nizam Shah the second, who ruled from 1590-94. (E. I. M. 1919-20)

There are several inscriptions at Bid referring to the Mughal period. One is dated 1624 and mentions the name of Nawab Jansipur Khan as the governor of the Deccan. This is confirmed in the Badshahnamah. Another is dated 1636 and mentions SAF SHIKAN KHAN as the governor. An inscription dated 20th May 1661 refers to an eminent official Sardar Khan Faujdar "during the Caliphate of His Majesty Alamgir Shah (Ghazi)." Another of 1701 records the names of Bijapur, Haidarabad, Adoni, Narnala, Jinji, and Khelna as fortresses conquered by Aurangzeb and mentions the appointment of Ghaziuddin Khan Firoz Jung as

Tughlak was well established. The inscription states that Qandhar was held as a fief by Malik Saif-ud-daulah and it goes on to say "There is no part of the country which is not connected with the Royal court, either by payment of tribute or (annexed to the administrative) divisions or (bearing some other kind of) relation: or through Imperial fief holders or agents or other officials. He did not bring any country under his control, but he imposed the Jizya on the people .... Through his justice there is none in this world whose life has not been protected." On one of the bastions is an inscription of Aurangzeb's reign dated 1684 A. D. (E. I. M. 1919—20.)

There are no inscriptions published for the period between the reign of Muhammad Bin Tughlak and the establishment of the independent Musalman dynasties of the 16th century. Of these Bijapur played the most important part. The fortress of Naldrug in the Osmanabad district contains 2 inscriptions of the Adil Shahis. It was a bone of contention between Bijapur and Ahmadnagar and fell into the hands of the former between 1558-60. Ali Adil Shah made extensive additions to the fort. The marriage of Ibrahim Adil Shah with the sister of Muhammad Quli Qutb Shah took place at Naldrug in 1587. There is an inscription dated 1613 referring to the construction of a 'Bund' or dam across the river, "which has attained fame like Alexander's ramparts." (E. I M. 1917-18.)

Parenda was another Deccan fortress that was eagerly desired both by Bijapur and Ahmadnagar. There is an inscription dated 1548 which mentions the name of Khwaja Jehan as the governor appointed by Ibrahim Adil Shah of Bijapur. He surrendered the fort to Boorhan Nizam Shah of Ahmadnagar. (E. I. M. 1921-22.)

Of the Ahmadnagar dynasty the earliest inscription is dated 1521 A. D. and refers to the reign of Boorhan Nizam

Historical Research in H. E. H. the Nizam's Dominions

BY

S. HANUMANTHA RAO, M. A., L. T.,

Professor of History, Nizam College.

Moslem Epigraphy : a review of a decade's progress.

Continued from the previous issue.

N. B. E. I. M. refers to Epigraphica Indo-Moslemica.

THIS article summarises the work done by the Archaelogical Department in the field of Moslem Epigraphy. The inscriptions are referred to in the annual reports and are critically examined in the Epigraphica Indo-Moslemica. I have rearranged them in a chronological order to help the teacher who is interested in the subject.

The earliest inscription goes back to the period of Muhammad Bin Tughlak and has been discovered at Bodhan in the Nizamabad District. Bodhan was a town of great importance in the Hindu period and was one of the capitals of the Rashtrakuta kings. It contained several Hindu temples. The inscription of Muhammad Bin Tughlak is in the Dewal Musjid, which was built on the ruins of a temple. It refers to the construction of a watch tower. That the place was of some strategic importance is illustrated by later inscriptions at the same place. Aurangzeb constructed a small mosque on the site of another temple in 1655 A. D.

Qandhar is another place of strategic importance in the Nanded district where the authority of Muhammad Bin

ERRATA.

Page 64 from top 1st line "Archaelogical" read "Archaeological".
,, 73 ,, bottom 3rd ,, "enongh" read "enough".
,, 77 ,, ,, ,, ,, "carmmed" read "crammed".
,, 80 ,, top 5th ,, "odne" read "done".
,, 81 ,, bottom ,, ,, "crat" read "erat".
,, 82 ,, top 2nd ,, "important an extensive". read "important and an extensive".
,, 95 ,, ,, 15th ,, "poople" read "people".
,, 97 ,, bottom 4th ,, "modern" read "medium".
,, 98 ,, top 1st ,, "work to be done" read "work had to be done".
,, 102 ,, bottom 7th ,, "thay" read "they".
,, 107 ,, ,, 4th ,, "perfect" read "prefect".
,, 137 ,, top 2nd ,, "effiminates" read "effeminates".
,, 138 ,, bottom 12th ,, "prefect" read "perfect".
,, ,, ,, ,, 6th ,, "pratical" read "practical".
,, 147 ,, top 16th ,, "educatiou" read "education".
,, 156 ,, bottom 15th ,, "schoool" read "school".
,, 157 ,, ,, 3rd ,, "Grden" read "Garden".
,, 158 ,, top 5th ,, "of marred" read "or marred".
,, ,, ,, ,, 18th ,, "vist" read "visit".

THE HYDERABAD TEACHER.

CONTENTS.

Hyderabad Teacher

ADVERTISEMENT RATES.

Space	Whole year	6 months	Per issue
	Rs. A. P.	Rs. A. P.	Rs. A. P.
Full page	10 0 0	5 8 0	3 0 0
Half page	5 0 0	2 12 0	1 8 0
Quarter page ...	2 8 0	1 6 0	0 12 0
Per line	0 10 0	0 8 0	0 6 0

SUBSCRIPTION RATES.

O. S. Rs. 3 including postage for the Nizam's Dominions annually.

B. G. Rs. 3 do do British India annually.

O. S. 12 As. excluding postage for the Nizam's Dominions per single copy.

B. G. 12 As. do do British India do

Regtd. Asafia No. 47.

Vol. II.] September, 1927 A. D. / Aban, 1336 Fasli. [No. 2.

Under the Patronage of

Nawab Masood Jung Bahadur, B.A. (Oxon.),
Director of Public Instruction.

The Hyderabad Teacher

Quarterly Magazine of The Teachers' Association
Hyderabad-Deccan.

Editorial Staff:

S. ALI AKBAR, M. A, (Cantab.)

F. C. PHILIP, M. A.

AHMED HUSSAIN KHAN, B. A

SECUNDERABAD-DECCAN
PRINTED AT THE EXCELSIOR PRESS, SECUNDERABAD.
1927.

جلد ۲ — رجسٹر شدہ ٹپہ سرکار عالی نمبر ۴ — نمبر ۳
اسفندار سنہ ۱۳۳۷ ف

زیر سرپرستی عالیجناب نواب مسعود جنگ بہادر

حیدرآباد ٹیچر

انجمن اساتذہ حیدرآباد دکن کا سہ ماہی رسالہ

حلقۂ ادارت

سید علی اکبر ایم۔ اے (کنٹیب)
جنرل اڈیٹر

سید فخر الحسن ملّا بی۔ اے۔ بی ٹی (علیگ)
اڈیٹر

عبد النور صدیقی۔ بی۔ اے۔ بی ٹی (علیگ)
جائنٹ اڈیٹر

اعظم اسٹیم پریس چار مینار حیدرآباد دکن میں طبع ہو کر دفتر انجمن اساتذہ واقع صدر مہتممی تعلیمات سے شائع ہوا

غایات

(۱) طبقۂ اساتذہ کے احساسِ معلمی کو بیدار کرنا۔
(۲) طبقۂ اساتذہ کے مخصوص انفرادی تجرباتِ معلمی کو شائع کرنا
(۳) فنِ معلمی پر نفسیاتی حیثیت سے نقد و نظر۔
(۴) انجمنِ اساتذہ کے مفید مضامین کی اشاعت۔
(۵) انجمنِ اساتذہ کے مقاصد و اغراض کو ملک کے طول و عرض میں مکمل طور پر پھیلانا

اُصول

(ا) رسالہ کا نام "حیدرآباد ٹیچر" ہوگا اور سہ ماہی پر صدر دفتر انجمن اساتذہ بلدہ سے شائع ہوگا
(ب) رسالہ کی سالانہ قیمت بہ تفصیل ذیل ہوگی۔
۱۔ اندرون و بیرون ممالک محروسہ سرکار عالی ۳ روپیہ مع محصول ڈاک سالانہ (سکہ انگریزی)
۲۔ ۱۲ر علاوہ محصول ڈاک فی پرچہ (لر)
(ج) رسالہ نصف انگریزی و نصف اردو ہوگا جس میں حسب صوابدید تغیر بھی ہوسکیگا۔
(د) صرف وہی مضامین درج ہوسکیں گے جو تعلیم و تعلم سے متعلق ہوں اور جن میں ملک کے مفادِ تعلیمی کے لحاظ سے ندرت و جدت ہو۔
(ہ) اشتہارات کا نرخ حسب تفصیل اشاعت ہذا رہے گا۔
(س) جملہ مضامین مراسلت دفتر کے پتہ سے ہونی چاہئے

فہرست مضامین

جلد ۲ بابتہ ماہ اسفندار ۱۳۳۷ف م جنوری ۱۹۲۸ء نمبر (۳)

غایات

(۱) طبقۂ اساتذہ کے احساس معلمی کو بیدار کرنا۔

(۲) طبقۂ اساتذہ کے مخصوص انفرادی تجربات معلمی کو شائع کرنا

(۳) فن معلمی پر نفسیاتی حیثیت سے نقد و نظر۔

(۴) انجمن اساتذہ کے مفید مضامین کی اشاعت۔

(۵) انجمن اساتذہ کے مقاصد و اغراض کو ملک کے طول و عرض میں مکمل طور پر پھیلانا۔

اُصول

(ا) رسالہ کا نام "حیدرآباد ٹیچر" ہوگا اور سہ ماہی یہ صدر دفتر انجمن اساتذہ بلدہ سے شائع ہوگا

(ب) رسالہ کی سالانہ قیمت بہ تفصیل ذیل ہوگی۔

۱۔ اندرون و بیرون ممالک محروسہ سرکار عالی ۳ روپیہ مع محصول ڈاک سالانہ (سکہ رائجہ)

۲۔ 〃 〃 ۱۲ر علاوہ محصول ڈاک فی پرچہ (〃)

(ج) رسالہ نصف انگریزی و نصف اردو ہوگا جس میں حسب صوابدید تغیر بھی ہوسکیگا۔

(د) صرف وہی مضامین درج ہوسکیں گے جو تعلیم و تعلم سے متعلق ہوں اور جن میں ملک کے مفاد تعلیمی کے لحاظ سے ندرت و جدت ہو۔

(ہ) اشتہارات کا نرخ حسب تفصیل اشاعت ہذا رہے گا۔

(و) جملہ مضامین و مراسلت دفتر کے پتہ سے ہونی چاہئے۔

فہرست مضامین

جلد ۲ بابتہ ماہ اسفندار ۱۳۳۷ف م جنوری ۱۹۲۸ء نمبر (۳)

ہندوستان کو اپریٹو انشورنس کمپنی لمیٹڈ

(صدر دفتر کلکتہ)

خالص ہندوستان بیمہ کمپنی

سرمایہ زائد از ۸۰،۰۰،۰۰۰ روپیہ جائداد کاروبار۔ بابتہ سنہ ۱۹۲۵ء ۱۹۲۶ء

زائد از ۶۰،۰۰،۰۰۰ روپیہ۔

[آخری منافع پنجسالہ (بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء) ۷۵ روپیہ ہزار آئندہ منافع (بابتہ سنہ ۱۹۲۷ء) اس میں ایک معتد بہ رقم کی توقع کیجاتی ہے۔]

توسیع مالیات بابتہ ادائی قسط بیمہ، قرض، قیمت بازگشت اقساط اور تجدید پالیسی منقضی شدہ وغیرہ کے متعلق فیاضانہ شرائط شرح قسط بیمہ (با منافع) کافی کم رکھا گیا ہے۔ اور شرح بلا منافع سب سے کم ہے۔ لہذا "ہندوستان" میں ہی اپنی زندگی کا بیمہ کرو۔ اگر اپنی ذات اور خاندان کی کفالت سے مطمئن رہئے۔ سب ایجنسی کے لئے درخواست مطلوب ہیں۔ ماہانہ تنخواہ (۵۰ سے ۱۰۰ تک) بہترین شرائط گارنٹی شدہ کاروبار کے لئے۔

تفصیلی معلومات کے لئے مندرجہ ذیل پتہ پر دریافت فرمائیے۔

ایس جی نائیڈو۔ نارائن آشرم۔ (ترپ بازار حیدرآباد دکن)

نرخ اشتہارات حیدرآباد یچر حسب ذیل ہے

مقدار	سال بھر	۶ ماہ	فی اشاعت
پورا صفحہ	عـہ	صہ/	ســے
نصف "	صہ	عاں ۱۲/	عہ/
ربع "	عاں ۸/	عہ/	۱۲/
فی سطر "	۱۰/	۸/	۶/

۱

مسئلۂ بے علمی

یہ مضمون حیدرآباد ایجوکیشن کانفرنس کے گزشتہ اجلاس میں پڑھا گیا تھا

آپ حضرات سے مخفی نہیں ہے کہ ہندوستان میں صرف (۱۲) یا (۱۳) فیصدی مرد اور (۲) فیصدی عورتیں خواندہ ہیں۔ ممالک محروسہ سرکار عالی میں تو خواندہ اشخاص کی تعداد اس سے بھی گری ہوئی ہے یعنی مردوں میں (۷) فیصدی اور عورتوں میں بہ مشکل ایک فیصدی ہے۔ مردم شماری کی رپورٹ کے اعتبار سے خواندہ سے مراد وہ شخص ہے جو اپنی مادری زبان میں اپنے کسی دوست یا رشتہ دار کو معمولی خط لکھ سکے اور اس کا جواب پڑھ سکے۔ معزز صدر خطبۂ صدارت میں نہایت فصاحت اور بلاغت سے ہم کو اس امر کی جانب توجہ دلا چکے ہیں کہ تا وقتیکہ تعلیم عام نہ ہو جائے ہمارا ملک کسی قسم کی ترقی نہیں کر سکتا۔ ہندوستان کی اکثر خرابیوں یعنی توہمات اور تعصبات کمسنی کی شادی عورتوں کے حقوق کی پامالی مہمل رسوم افلاس فضول خرچی قرضداری۔ اصول حفظان صحت کی عدم پابندی ان سب اور دیگر خرابیوں کی جڑ جہالت ہے۔ اور جب تک کہ جہالت باقی ہے نہ تو معاشی اور معاشرتی اصلاح ہو سکتی ہے اور نہ پبلک اسپرٹ پیدا ہو سکتی ہے اس جہالت کو دور کرنے کے لئے برٹش انڈیا و نیز اکثر دیسی ریاستوں میں جا بجا پرائمری مدارس عرصہ سے قائم ہیں لیکن ان مدارس پر جس قدر روپیہ صرف ہوا ہے اور جیسی توجہ مبذول کیگئی ہے۔ افسوس ہے کہ اس کے مطابق خواندہ اشخاص کی تعداد میں اضافہ نہیں ہوا بلکہ معزز صدر نے اپنے خطبۂ صدارت میں یہ ظاہر فرما چکے ہیں کہ ممالک محروسہ میں باوجود مجموعی آبادی میں بیشی ہونے اور باوجود مدارس اور طلبہ کی تعداد میں کافی اضافہ ہونیکے

خواندہ ذکور کی تعداد میں کمی واقع ہوئی ہے اب سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس کی کیا وجہ ہے میری ناقص رائے میں اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ بہت سے لوگ جو مدارس تحتانیہ میں تعلیم پاکر نکلتے ہیں چند سال کے بعد زمانہ طالب علمی میں جو کچھ انہوں نے حاصل کیا ہے۔ اس کو بھول جاتے ہیں خصوصاً دیہات میں یہ مرض بہت عام ہے۔ شہروں میں بھی لوگوں کو پڑھنے لکھنے کے مواقع حاصل ہیں۔ ہندوستان کے اکثر شہروں اور خصوصاً بڑے شہروں میں کچھ نہ کچھ علمی چہل پہل ضرور نظر آتی ہے۔ اور عمدہ مدارس اور کالجوں کے علاوہ کتب خانے بھی موجود ہیں لیکن دیہاتی زندگی کی نوعیت عموماً ایسی ہوتی ہے کہ تحتانیہ تعلیم سے فراغت پانے کے بعد لکھنے پڑھنے اور علمی مشاغل کے جاری رکھنے کے لئے نہ تو کوئی ایسی ترغیب تحریص ہوتی ہے اور نہ موقع ہی ملتا ہے۔ ایسے دیہات کی تعداد جہاں کوئی کتب خانہ قائم ہو۔ بہت ہی کم ہے اور علاوہ اس کے وہاں اخبارات بھی کم جایا کرتے ہیں ایسی حالت میں یہ کوئی تعجب خیز بات نہیں ہے۔ کہ شہروں میں خواندہ مردوں کی تعداد تگنی اور خواندہ عورتوں کی تعداد چھ گنی دیہات کے مقابلہ میں بڑھی ہوئی ہے۔

باوجود ابتدائی تعلیم پر اسقدر روپیہ صرف ہونیکے خواندہ اشخاص کی تعداد کم ہونے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ جو طلبہ ابتدائی مدارس میں شریک ہوتے ہیں وہ اتنی مدت تک تعلیم نہیں پاتے کہ ان کو لکھنا پڑھنا اچھی طرح آجائے بحیثیت ایک معائنہ کنندہ عہدہ دار کے میرا یہ تجربہ ہے اور یقیناً دیگر معائنہ کنندہ عہدہ داروں کا بھی یہی تجربہ ہوگا کہ بہ نسبت دیگر جماعتوں کے جماعت صغیر کی تعداد ہمیشہ غیر معمولی طور پر بڑھی ہوئی ہوتی ہے۔ ان طلبہ میں سے جو جماعت صغیر میں داخل ہوتے ہیں تقریباً (۴۰) فیصدی ایسے ہوتے ہیں جو اس جماعت سے

آگے نہیں بڑھتے اور صرف (۳۵) فیصدی ایسے ہوتے ہیں جو حقیقت میں تحتانیہ کا نصاب ختم کر پاتے ہیں۔ تحتانیہ مدارس کے طلبہ میں دیر رسی اور غیر حاضری خصوصاً دیہات میں عام ہے۔ اس کی وجہ ایک حد تک یہ بھی ہے کہ ہمارا ملک آئے دن طاعون۔ وبا۔ ملیریا۔ اور دوسری بیماریوں کا شکار ہوتا ہے۔ لیکن اکثر قصور والدین کا ہوا کرتا ہے۔ ایسے والدین کثرت سے ملیں گے جو اپنے بچوں کو محض اس وجہ سے مدرسہ بھیجتے ہیں کہ ان کو گھر پر شرارت کرنے سے باز رکھا جائے۔ جب بچے اتنے بڑے ہو جاتے ہیں کہ گھر کا سودا سلف لانے گائے بھینس چرانے یا کھیت کے کام میں والدین کی امداد کر سکیں تو انہیں مدرسہ سے علحٰدہ کر لیا جاتا ہے۔ جو والدین مدرسہ سے اپنے بچوں کو نکال بھی نہیں لیتے تو وہ ان کی تعلیم میں مطلق دلچسپی نہیں لیتے۔ چنانچہ جب گھر میں بلکہ بعض وقت تو اڑوس پڑوس میں بھی کوئی کام کاج یا شادی بیاہ ہو تو بچہ کو کئی دن تک مدرسہ نہیں بھیجا جاتا۔

ایک تو مدت تعلیم ہی قلیل ہے اور دوسرے طلبا دیر رسی اور غیر حاضری کے عادی ہیں نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ہزاروں بلکہ لاکھوں بچے جو مدرسہ میں داخل ہوتے ہیں اپنی تعلیم سے کوئی دیرپا فائدہ نہیں اٹھاتے۔ ان میں سے بہت سے تو ایسے ہوتے ہیں جو لکھنا پڑھنا سیکھتے ہی نہیں اور جو سیکھ بھی جاتے ہیں تو ان کی یہ حالت ہوتی ہے کہ مدرسہ چھوڑنے کے ایک یا دو سال کے بعد سب کچھ بھول کر چوپٹ کر دیتے ہیں۔

پس ایسی حالت میں خواندہ اشخاص کی تعداد میں اضافہ کرنے کے لئے حسب ذیل دو اصول کے تحت تدابیر اختیار کرنے کی ضرورت ہے۔

(۱) اولاً تو ہم کو اس امر کا اطمینان کر لینا چاہئے کہ جو طلبہ ابتدائی مدارس میں

داخل ہوتے ہیں وہ لکھنے پڑھنے میں پختہ ہو جائیں۔

(۲) ثانیاً اس امر کی ضرورت ہے کہ جن اشخاص نے ابتدائی تعلیم حاصل کرکے مدرسہ چھوڑ دیا ہے۔ ان کے لکھنے پڑھنے اور علمی مشاغل جاری رکھنے کے لیے اسباب مہیا کئے جائیں اور کافی سہولتیں بہم پہونچائی جائیں۔

(ا) وہ تدابیر جن کے اختیار کرنے سے ابتدائی تعلیم میں پختگی پیدا ہو سکے

(الف) جیسا کہ معزز صدر نے اپنے خطبہ صدارت میں ارشاد فرمایا ہے سب سے زیادہ اہم اور موثر طریقہ یہ ہے کہ ابتدائی تعلیم جبری کیجائے۔ ہندوستان میں اس تحریک میں پیش قدمی کرنے کا سہرا بڑودہ اور میسور کی ریاستوں کے سر ہے مانٹگو چیمسفورڈ کی اصلاحات کے بعد برٹش انڈیا کے اکثر صوبہ جات میں جبری تعلیم کا قانون منظور ہو چکا ہے۔ اور بعض مقامات پر اس قانون کا نفاذ بھی ہو چکا ہے۔ لیکن مالی مشکلات کے باعث جبری تعلیم کو ہنوز ویسی ترقی نہیں ہوئی جسکی وہ مستحق ہے۔

جبری تعلیم کی خاص اہمیت کے مدنظر اس امر کی ضرورت ہے کہ اسکو رائج کرنے میں جو موانعات پیش آئیں ان کے دور کرنے کے لیے ممکنہ کوشش کی جائے۔

ہماری ریاست میں تقریباً (۷) سال سے پرائمری تعلیم مفت دیجارہی ہے اور اُمید ہے کہ عنقریب جبری تعلیم کا بھی آغاز ہو جائیگا۔ میرے خیال میں بلدہ حیدرآباد میں ذکور کی حد تک ہمارے قابل صدر کے منصوبے کی تکمیل ہونے میں زیادہ دشواری نہیں ہے۔ کیونکہ ڈیڑھ سال قبل منجانب سررشتۂ تعلیمات قابل تعلیم ذکور اطفال کے اعداد لیے گئے تھے جس سے ظاہر ہوا کہ حدود صفائی میں ایسے بچوں کی تعداد جو (۶) اور (۱۲) سال کے درمیان ہیں (۔۔۔۔۔۴) ہے جن میں سے (۲۸۴۵۸) زیر تعلیم ہیں گویا تقریباً (۴۳) فیصدی

طلبہ حقیقت میں تعلیم پا رہے ہیں جس کے لحاظ سے لازمی تعلیم کا اثر صرف (۵۷) فیصدی لڑکوں پر پڑے گا منجانب سررشتہ تعلیمات دارالملک حیدرآباد میں جبری تعلیم کو رواج دینے کے لئے اسکیم بھی تیار کیجا چکی ہے لیکن اس کام کا بیڑہ سررشتہ اسی وقت اُٹھا سکتا ہے جبکہ پبلک اس کی اعانت کرے اور میونسپلٹی بھی دلچسپی لے۔

(ب) مگر ابتدائی تعلیم کی ترقی کے لئے محض جبری تعلیم کا طریقہ کافی نہیں ہے بلکہ اس کے ساتھ مدارس تحتانیہ کی تعلیمی اور انتظامی حالت کی اصلاح بھی ضروری ہے خصوصاً دیہات میں عمدہ اور صحیح اُصول کی تعلیم کا مقتضا یہ ہے کہ پرائمری مدارس کی عمارتیں اچھی ہوں انکا اسٹاف موزوں ہو اور تعلیمی سامان کافی ہو۔ اس کے علاوہ اساتذہ کا ٹرینڈ یا تربیت یافتہ ہونا ضروری ہے گذشتہ چند سال کے عرصہ میں ممالک محروسہ سرکار عالی کے مدارس تحتانیہ میں ٹرینڈ اساتذہ کی تعداد میں معقول اضافہ ہوا ہے۔ اور بتدریج تعلیم میں عمدگی پیدا ہوتی جارہی ہے۔

(ج) اس امر کی کوشش کرنی چاہیئے کہ والدین مدرسہ کے کام میں دلچسپی لیں اور اساتذہ کا ہاتھ بٹائیں۔ دیہات میں صدر مدرس کو چاہیئے کہ وہ کاشتکاروں سے دوستانہ تعلقات پیدا کر کے ان کو تعلیم کے فوائد سمجھائے۔ اور ان کے بچوں کی دیر حاضری اور غیر حاضری سے جو نقصان پہنچتا ہے بخوبی ذہن نشین کرائے لیکن تاوقتیکہ دیگر سررشتہ جات اور خصوصاً سررشتہ مال کے مقامی عہدہ دار جن کے رعایا عموماً زیر اثر ہوا کرتی ہے اس طرف توجہ نہ کریں نہ تو اساتذہ اور نہ عہدہ داران تعلیمات کی کوشش بارآور ہوسکتی ہیں انجمن ہائے اتحاد باہمی کو بھی چاہیئے کہ پنجاب اور برطانی ہند کے دیگر علاقوں کی انجمنوں کی طرح عوام کو تعلیم کی جانب توجہ دلائیں۔ اور کم از کم اس امر کی کوشش کریں کہ انجمنوں کے اراکین اور اُن کی اولاد تعلیم سے محروم نہ رہنے پائے۔

(د) دیہات میں ابتدائی تعلیم کو رواج دینے اور مقبول بنانے کی ایک اور تدبیر یہ ہوسکتی ہے کہ نصاب میں زراعتی ضروریات کا لحاظ کیا جائے اسی اُصول کے مدنظر برٹش انڈیا کے بعض دیہاتی مدارس تحتانیہ میں زراعت کی عملی تعلیم دینے کی کوشش کیگئی لیکن یہ تجربہ کچھ کامیاب ثابت نہیں ہوا. حال میں جو لندن میں شہنشاہی کانفرنس منعقد ہوئی تھی اور جس میں شریک ہونے کی عزت سرکار عالی نے مجھے بخشی تھی اس میں اس مسئلہ پر تفصیلی بحث ہوئی کہ تعلیم پیشہ کا آغاز کس سن میں ہونا چاہیئے اور بالآخر سب نے اس اصول کو تسلیم کیا کہ ابتدائی تعلیم کے زمانہ میں کسی پیشہ کی تعلیم دینا کسی طرح مناسب نہیں ہے بلکہ جب طالب علم ابتدائی تعلیم کی منزل طے کرکے اور اپنی مادری زبان میں پڑھنے اور لکھنے میں تھوڑی بہت مہارت حاصل کرکے گیارہ یا بارہ سال کی عمر کو پہونچے اس وقت اس کے رحجان اور حالات کے لحاظ سے یہ طے کرنا چاہیئے کہ آیا اس کو اعلیٰ ادبی تعلیم دیجائے یا کسی پیشہ کی تعلیم دیجائے. لیکن باغبانی کو دیہات کے ابتدائی مدارس کے نصاب میں شریک کرنا اس اُصول کے منافی نہ ہوگا اگر مدرسہ کے باغ اور نصاب کے دیگر مضامین کی تعلیم میں مناسبت پیدا کی جائے اور باغ میں بچوں سے جو کچھ کام لیا جائے اس کے ذریعہ ان میں زرعی ماحول سے دلچسپی پیدا کی جائے تو اس طریقہ سے بہت کچھ فواید حاصل ہو سکتے ہیں۔ ممالک محروسہ سرکار عالی کے اکثر مدارس تحتانیہ کے لئے کرایہ کے مکان لئے گئے ہیں جن میں باغبانی کی تعلیم کے لئے کافی زمین موجود نہیں ہوتی ہے لہذا اس امر کی ضرورت ہے کہ سرکاری عمارتیں تعمیر کیجائیں۔ اور باغبانی کے لئے بھی کافی زمین مہیا کیجائے نیچر اسٹڈی (مطالعہ قدرت) کو پرائمری مدارس اور خصوصاً دیہات کے پرائمری نصاب میں نمایاں جگہ دینا بھی نہایت مفید ہوگا۔ برٹش انڈیا کے بعض علاقوں میں اس مضمون کیجانب خاص توجہ

کیجاتی ہے۔ ہمارے مدارس میں مزید توجہ کی ضرورت ہے۔ لیکن باغبانی اور
نیچر اسٹڈی ہردو کی تعلیم کے لئے ایسے اساتذہ درکار ہیں جو واقف کار ہونیکے
علاوہ طلبہ میں اس کام کا شوق اور دلچسپی پیدا کرسکیں۔

(ھ) جب تک کہ کاشتکار خود جہالت کی تاریکی میں پڑے ہوئے ہوں ان
سے یہ توقع رکھنا عبث ہے کہ وہ اپنے بچوں کی تعلیم میں دلچسپی لیں گے۔ پس
اس امر کی ضرورت ہے کہ ناخواندہ والدین کو بھی تعلیم دیجائے اور ان کے لئے
علحدہ مدرسے یا جماعتیں کھولی جائیں اور جب والدین پڑھنے کی طرف متوجہ ہونگے
تو علاوہ خود ان کی اخلاقی معاشی اور معاشرتی حالت کی اصلاح کے وہ اپنے
بچوں کی تعلیم کی ضرورت کو بھی پوری طور سے محسوس کرنے لگیں گے۔ نیز
شبینہ مدارس کے افتتاح کرنے سے خواندہ اشخاص کی تعداد میں نہایت سرعت
کے ساتھ اضافہ ہوگا۔ شبینہ مدارس کے قیام کی ضرورت کی جانب قابل صدر اپنے
خطبۂ صدارت میں ہم کو توجہ دلا چکے ہیں اور اس بحث پر میں بھی گذشتہ کانفرنس
کے موقع پر اپنے ناچیز خیالات کا تفصیل کے ساتھ اظہار کرچکا ہوں اب ان کے
اعادہ کی ضرورت نہیں لیکن اس قدر میں ضرور عرض کرونگا کہ ہمارے تعلیمی فرائض محض
آیندہ شہریوں (سٹی زنس) تک محدود نہیں ہوسکتے بلکہ موجودہ شہریوں
(سٹی زنس) سے بھی وابستہ ہیں حیدرآباد میں اس وقت پختہ عمر اشخاص کے لئے
چار پانچ مدارس قائم ہیں لیکن ان مدارس میں طلبہ کی تعداد جیسی چاہیئے ویسی نہیں
ہے اور اس تحریک کی کامیابی کے لئے پبلک کی امداد کی سخت ضرورت ہے
اگر پبلک اس کام میں دلچسپی لے ہر گاؤں میں اور حیدرآباد کے ہر محلہ میں
ایک شبینہ مدرسہ آسانی سے قائم کیا جاسکتا ہے کیونکہ شبینہ مدارس کے لئے علحدہ عمارتوں
ورفرنیچر کی ضرورت ہے اور نہ پورے وقت کے مدرسین کی بلکہ بچوں کے لئے

جو مدارس قائم ہیں ان مدارس کی عمارتوں ہی میں شبینہ مدارس قائم کیے جا سکتے ہیں اور ان ہی کے اثاثات سے قلیل الاونس پر کام لیا جا سکتا ہے۔

(و) جیسا کہ میں بیان کر چکا ہوں غیر حاضری کی ایک بڑی وجہ علالت ہے لہذا اگر امراض کے دفع کرنے کی تدابیر عمل میں لائی جائیں اور اصول حفظان صحت کی پابندی کیجائے تو اس کا مدرسہ کی حاضری پر اچھا اثر پڑے گا۔ اور اساتذہ کی کوششوں کا بہتر نتیجہ برآمد ہوگا۔

(ز) دیہات میں عموماً دیکھا گیا ہے کہ فصل کے زمانہ میں مدرسہ کی حاضری خراب رہا کرتی ہے۔ پس یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ دیہات کے مدارس کو جو موسمی تعطیلات دیجاتی ہیں وہ فصل کے لحاظ سے دیجایا کریں۔

(۲) ان اشخاص کے لئے جنھوں نے محض ابتدائی تعلیم کے بعد مدرسہ ترک کیا ہے پڑھنے لکھنے کی سہولتیں بہم پہنچانا۔

(الف) ان تدابیر میں سے ایک کا تو میں ذکر کر چکا ہوں یعنی شبینہ مدارس ظاہر ہے کہ پختہ عمر اور کاروباری اشخاص کی تعلیم کا اگر انتظام کیا جائے تو جن اشخاص کی تعلیم لڑکپن میں ناقص یا نامکمل رہی ہو ان کو پڑھنے لکھنے میں مہارت حاصل کرنے کا موقع ملیگا اور جو کچھ انہوں نے ابتدائی مدرسہ میں سیکھا ہے اس کو بھول جانے کا خطرہ باقی نہیں رہیگا۔

(ب) کتب خانہ کے افتتاح سے بھی بہت کچھ فائدہ پہونچیگا۔ بحالت موجودہ ہر گاؤں میں کتب خانہ کا قیام دشوار ہے لیکن ہر تعلقہ میں ایک سفری کتب خانہ قائم کیا جائے تو سب دیہات کی ضروریات پوری ہو سکتی ہیں۔ ریاست بڑودہ میں سفری کتب خانہ کے قیام سے نہایت عمدہ نتائج مترتب ہوئے ہیں۔ چنانچہ اس وقت ریاست مذکور میں (۷۰۰) سے زیادہ دیہاتی کتب خانے موجود ہیں اور سالانہ

ایک لاکھ سے زیادہ افراد ان سے استفادہ کرتے ہیں پنجاب میں بھی (۱۵۰۰) مدارس وسطانیہ میں کتب خانہ قائم کئے گئے ہیں جن سے نہ صرف طلبا بلکہ پبلک بھی استفادہ کر سکتی ہے ہماری ریاست میں سابقہ صوبجات کے مستقر پر ایک ایک کتب خانہ قائم کیا گیا ہے۔ ان کتب خانوں کی ترقی اور دیگر کتب خانہ جات کا قیام لوکلفنڈ کی کمیٹیوں اور پبلک کی دلچسپی پر منحصر ہے۔

یہ ظاہر ہے کہ جہاں کہیں لائبریری قائم کی جائے۔ اس کی کامیابی کے لئے انتظام اور نگرانی کا عمدہ ہونا ضروری ہے انتخاب کتب میں احتیاط ضروری ہے اور کاشتکاروں کی ضروریات کے لحاظ سے انتخاب عمل میں لانا چاہئے۔ زبان سلیس ہو۔ اور مضامین دیہات کے باشندوں کے لئے دلچسپ اور سبق آموز ہوں ہر کتب خانہ کیساتھ ایک مطالعہ گھر (ریڈنگ روم) بھی ہونا چاہئے۔ جہاں لوگ اخبار اور رسالوں کا مطالعہ کر سکیں ہندوستان میں دیسی زبانوں میں اخبارات کی کمی نہیں ہے اور رسالوں کی تعداد میں ہر سال اضافہ بھی ہوتا جاتا ہے لیکن ان اخباروں میں دیہات کے باشندوں کی دلچسپی کے مضامین شاذ و نادر پائے جاتے ہیں جب زراعت پیشہ کے طبقہ میں اخبار بینی کا شوق عام ہو جائے گا تو یقین ہے کہ موجودہ اخباروں میں ان کی دلچسپی کا لحاظ کیا جائے گا بلکہ یہ توقع کرنا بیجا نہ ہوگا کہ اس وقت ایسے اخبارات بھی نکل آئیں گے جن میں دیہات کی خبریں درج ہوا کریں گی اور ایسے رسالے بھی شایع ہونے لگیں گے جن کے ذریعہ مختلف زرعی مضامین کے متعلق معلومات بہم پہنچائے جائیں گے۔ خواندہ اشخاص کی تعداد میں اضافہ کے لئے میں نے جو تجاویز پیش کی ہیں ان کے مکمل جامع یا مبسوط ہونے کا مجھے دعوے نہیں ہے بلکہ میں نے صرف ان ہی تجاویز کا ذکر کیا ہے۔ جن کا تعلق میرے ذاتی تجربہ اور مشاہدہ سے ہے۔ غالباً مختلف خطوں میں مقامی حالات کے لحاظ سے مختلف تدابیر کی ضرورت ہوگی لیکن تین تجاویز ایسی ہیں جن پر ہر جگہ عمل کیا جا سکتا ہے۔ یعنے جبری تعلیم۔ پختہ عمر۔ اور کاروباری اشخاص کے لئے مدارس کا افتتاح اور کتب خانوں کا قیام

(سید علی اکبر)

آل انڈیا فیڈریشن آف ٹیچرز اسوسی ایشن کی تیسری سالانہ کانفرنس

ذیل کا مضمون احمد حسین خاں صاحب بی اے پرنسپال مدرسہ فوقانیہ عثمانیہ دارالعلوم حیدرآباد دکن نے رسالہ ہذا کے حصہ انگریزی کے لئے لکھا تھا۔ کانفرنس مذکورالصدر کی تقاریر و تحریکیں طول طویل ہیں لیکن خاں صاحب کی نکتہ سنج و باریک بین نظر نے پوری روئیداد کا عرق نچوڑ لیا ہے۔ غیر انگریزی دانوں پر بڑا ظلم ہوتا اگر وہ اس لطف و استفادے سے محروم رہتے جو اس حقیقت نما اور ناقدانہ تلخیص سے حاصل ہوگا ہم اپنے لایق دوست اللہ بخش صاحب بی اے کے بیحد مشکور ہیں کہ انہوں نے اپنے صدر محترم کے قیمتی خیالات کا ترجمہ کرکے عین وقت پر بھیجدیا۔

اڈیٹر

آل انڈیا فیڈریشن اف ٹیچرز اسوسی ایشن کی سالانہ کانفرنس بمقام البرٹ ہال واقع کلکتہ بتاریخ ۲۹ و ۳۰ ہر ڈسمبر ۱۹۲۶ء بصدارت ڈاکٹر سی۔ وی رامن ایف آر ایس پروفیسر طبعیات کلکتہ یونیورسٹی منعقد کی گئی تقریباً پانسو نمایندے موجود تھے گو ان میں زیادہ تر تعداد صوبہ بنگال کی تھی لیکن دیگر صوبہ جات اور دیسی ریاستوں کے نمایندوں کی بھی خاصی تعداد شریک تھی۔

جی سی بوس پرنسپل بنگاباسی کالج نے بحیثیت صدر نشین مجلس استقبالیہ اپنا سپاسنامہ پڑھکر سنایا جس میں انہوں نے بیان کیا کہ مغربی طرز تعلیم سے ہندوستانیوں کی قومیت بدل گئی ہے اور ان کے اخلاق و روحانیت کو نقصان پہونچا ہے۔ یہ طرز تعلیم محض بی اے اور ایم اے کثیر تعداد میں ڈھال دیتا ہے مگر ایسے افراد نہیں پیدا کرتا جو حقیقی معنوں میں عالم محقق اور موجد کہلانے کے قابل ہوں۔ ہندوستان میں کہیں کہیں حقیقی قابلیت رکھنے والے لوگ ہیں۔ یہ محض اتفاق ہے کہ انہوں نے اسی ناقص طریقہ تعلیم کی فضا میں تربیت پائی ہے جو کمسن طبائع پر ایک بار گراں ثابت ہوکر ان کی فطری نشو و نما کو اندر ہی اندر فنا کردیتا ہے۔ مدارس ثانویہ کی

عمارتیں اور ان کا انتظام اچھا نہیں ہے وہ ایسی درسگاہیں ہیں جہاں لڑکوں کو تعلیم کے بارے میں اپنے خیالات کے اظہار کی مطلق اجازت نہیں اور اُن پر اصول و ضوابط کی پابندی کے متعلق حد سے زیادہ نگرانی کی جاتی ہے اور محض یہ مقصد پیش نظر رکھا جاتا ہے کہ لڑکوں کو کامیابیٔ امتحان کے سہل الاصول طریقے بتلا دئے جائیں اس کے بعد مسٹر بوس نے ہندوستان کی تعلیمی حالت کا افسوسناک خاکہ کھینچ کر دکھلایا اور ترقیٔ تعلیم کے متعلق چند تجاویز پیش کرنے کے بعد اپنی تقریر ختم کر دی۔

صاحب موصوف نے جو تجویزیں پیش کیں وہ حسب ذیل ہیں۔

ماہرین تعلیم کو درس گاہوں پر پورا پورا اختیار دے دیا جائے تاکہ وہ خاطر خواہ انتظامات کر سکیں مدارس اور کالجوں میں ریاضت جسمانی کی تعلیم رائج کی جائے۔ ہندوستان کے جملہ فنون، علم موسیقی اور ملکی زبانوں کی تعلیم کا انتظام کیا جائے سوسائٹی کی خدمت اور فلاح و بہبود کی غرض سے ایسی مجلسیں قائم کی جائیں جو اساتذہ کے زیر نگرانی ہوں اور تمام درسگاہوں میں سیاسی معاشرتی اور اقتصادی مسائل پر آزادانہ بحث مباحثہ کی اجازت دی جائے۔ اس موخرالذکر مسئلہ پر بحث کرتے ہوئے انہوں نے موثر پیرائے میں کہا کہ جو مدرس لڑکوں کے دل میں کسی کی جانب سے نفرت کا بیج بوئے وہ یقیناً اپنے فریضہ کے خلاف کرتا ہے لیکن اس سے بھی کہیں زیادہ جھوٹا وہ بزدل اور ڈرپوک مدرس ہے جو غلط بیانی سے کام لیتا، تاریخی واقعات میں تحریف کرتا اور محض اپنے ذاتی مفاد کی غرض سے ایسی وطن پرستی کا سبق دیتا ہے جو حقیر اور ادنیٰ جذبات پر مبنی ہوتی ہے۔

اس کے بعد ڈاکٹر رامن نے اپنا خطبۂ صدارت پڑھ کر سنایا انہوں نے اپنے ذاتی حالات سے خطبہ کی ابتدا کی اور کہا کہ جب وہ ممالک متحدۂ امریکہ کے ایک ساحلی مقام "پیاساڈینا" میں "کیالی فورنیا کے مدرسۂ صنعت و حرفت" کی سیر اور معائنہ کی غرض سے قیام پذیر تھے تو ان کو ریاست کالی فورنیا کی ایک کانفرنس میں شریک ہونے کا اتفاق ہوا

جو طبقۂ فوقانیہ کے اساتذہ سے متعلق تھی۔ ریاست کے کل اساتذہ جمع تھے کیونکہ قانون ریاست کی رو سے ہر ایک مدرس پر اس کانفرنس میں جو پبلک کے صرفہ سے منعقد کیجاتی ہے اور ایک ہفتہ تک جاری رہتی ہے سال میں ایک مرتبہ شریک ہونا لازمی ہے صاحب موصوف نے ہندوستان کے مدرسین کے لئے بھی اسی قسم کے مواقع بہم پہونچائے جانے کی استدعا کی تاکہ اُن کو سال بھر میں ایک دفعہ یکجا جمع ہونے تبادلۂ خیالات کرنے اور اپنی معلومات کو وسعت دینے کا موقع حاصل ہو سکے۔ اسی سلسلہ میں بیان کیا کہ یہ ایک عام دستور ہوگیا ہے کہ سررشتۂ تعلیم کا ذکر بھی انہیں محکمہ جات میں کیا جاتا ہے جن پر قومیت کی تعمیر کا دارومدار رکھا گیا ہو لیکن مدبرین و کارفرمایان ملک اس قسم کی رائے ظاہر کرتے وقت یہ بھول جاتے ہیں کہ قومیت کی تعمیر کا کام کبھی انجام کو نہیں پہونچ سکتا جب کہ تعلیم دینے والے ایسے فاقہ کش افراد ہوں جو نئی نئی معلومات کے کل موقعوں سے محروم رکھے گئے ہوں اور جن کے حق میں تعلیم کا کام ایک شقت سنگین کی حیثیت رکھتا ہو۔

تعلیم کا کام بجائے بدترین مشقت کے ایک شریف ترین پیشہ اسی وقت بن سکتا ہے جب کہ استاد اپنی خدمت و ذکاوت سے تعلیمی مباحث میں چار چاند لگا دے اور نئی نئی معلومات کے حصول میں خوشی اور دلچسپی کا اظہار کرکے دوسروں کے دلوں میں بھی اکتساب علم کے شوق اور ولولے کی آگ مشتعل کردے۔ جب تک کسی شخص کے دل میں حقیقی جوش موجزن نہ ہو دوسرے کے دل میں جوش پیدا کرنا ناممکن ہے۔ اس امر کو بھی صاحب موصوف نے اپنے ایام طالب علمی کے حالات سے ثابت کر دکھلایا خصوصاً اُن اوقات سے جو تاریخ وجغرافیہ کی جماعتوں میں صرف ہوا کرتے تھے۔ اس کے بعد کہا کہ وہ اساتذہ جنہوں نے اپنے اضلاع سے قدم باہر نہ رکھا ہو جن کی نظر سے شاید کوئی بڑی ندی یا پہاڑ نہ گذرا ہو اور جنہوں نے شاید ہی کسی ایسے مقام کی سیر کی ہو جو اسلاف کی یادگار و سے مالا مال ہے بھلا وہ کسی چیز کا کیا احساس کر سکتے ہیں اور جن مباحث کی تعلیم دیتے ہیں ان کے متعلق دوسروں کے

دلوں میں کیا خاک شوق اور ولولہ پیدا کر سکتے ہیں۔

انہوں نے یہ بھی کہا کہ گو ہندوستان نیچرل سائنس کے طالب علموں کی تحقیقات کے لئے فردوس بریں کے مماثل ہے تاہم علم نباتات، حیوانات اور معدنیات کی طرف سے بالکلیہ غفلت برتی جاتی ہے صاحب موصوف کی رائے میں اس جمود کے ذمہ دار وہ نصاب ہیں جو ان علوم کی تعلیم کے لئے مرتب کئے گئے ہیں اس کے بعد انہوں نے اپنے متعلقہ مباحث مثلاً ریاضیات، طبعیات اور کیمیا پر بحث کرتے ہوئے کہا کہ گو ان مباحث میں کثیر التعداد گریجویٹ تعلیم پا کر نکلتے ہیں تاہم ان میں تحقیق و تجسس کا مادہ مفقود ہوتا ہے۔

انہوں نے حاضرین کو مخاطب کرکے ترغیب و تحریص دلائی کہ وہ اپنے اپنے پیشے کو سچائی اور ایمانداری سے انجام دیں اور خاموش و مسلسل کوشش سے قومیت کی تعمیر کو پورا کرنے میں عجلت سے کام لیں۔ اس ترغیب و تحریص کی بحث کسی قدر طولانی تھی اور گو پیرایہ مستحسن تھا لیکن ماہرین سیاست اور کانگریس کے متعلق بلاضرورت ایسے طعن آمیز الفاظ استعمال کئے گئے جس سے معلوم ہوتا تھا کہ صدر نشین کی نگاہوں میں ان کے کام کی کچھ وقعت نہیں ہے۔ اس کانفرنس میں جو قرارداد منظور کی گئیں ان میں سے بعض اہم قرارداد حسب ذیل ہیں:۔

(۱) تحریک کی جاتی ہے کہ کلکتہ یونیورسٹی سینیٹ کے دستور العمل میں اس طرح ترمیم کی جائے کہ اس کے انتخاب شدہ نمایندوں میں مدرسوں کالجوں اور یونیورسٹی کے اساتذہ کی تعداد کا عنصر غالب رہے۔

(۲) تحریک کی جاتی ہے کہ اس ملک کے ثانویہ اور اعلیٰ طبقہ جات کی تعلیم اور امتحانات کا ذریعہ مختلف صوبہ جات کی زبانیں قرار دی جائیں اور نیز یہ کانفرنس گورنمنٹ اور یونیورسٹیوں کو اس امر پر شد و مد سے توجہ دلاتی ہے کہ وہ سائنس اور ادب کی مسلمہ کتابوں کا غیر زبانوں سے ہندوستانی زبانوں میں ترجمہ کرنے کے

ادارات قائم کرنے کا انتظام کریں۔

(۳) تحریک کی جاتی ہے کہ ہندوستان کے تمام کالجوں اور مدارس میں ریاضت جسمانی کی تعلیم جبری قرار دی جائے اور گورنمنٹ کو شد و مد سے توجہ دلائی جاتی ہے کہ یونیورسٹی کے طالب علموں کے لئے فوجی تعلیم و تربیت کا کافی طور پر انتظام کیا جائے۔

اس تحریک کے متعلق ایک پرجوش بحث چھڑ گئی اور جب نمایندوں میں سے ایک بھاری بھرکم صاحب نے جو سرحدی لباس پہنے ہوئے تھے اس تحریک کے آخری حصے کو اس بنا پر مسترد کرنے کی تجویز پیش کی کہ وہ ایک صلح پسند شخص ہیں اور ہر قسم کی فوجی تعلیم سے تعرض رکھتے ہیں تو صورت حال کی دلچسپی میں اور بھی اضافہ ہو گیا لیکن کانفرنس نے اس تحریک کو منظور نہیں کیا اور یہ ترمیم بھی عدم تائید کی وجہ سے نظر انداز کر دی گئی۔

(۴) تحریک کی جاتی ہے کہ مدارس میں حفظان صحت کے لکچروں کا انتظام کیا جائے اور گورنمنٹ سے استدعا کی جائے کہ وہ مدرسے کے بچوں کی رہائش اور علاج معالجہ کی غرض سے خاص خاص مرکزوں پر دواخانے قائم کرے۔

(۵) تحریک کی جاتی ہے کہ گورنمنٹ سے اس امر کی استدعا کی جائے کہ وہ اساتذہ کو سیر و سیاحت کے وظائف عطا کرنے کی منظوری صادر فرمائے

(۶) تحریک کی جاتی ہے کہ سینما کی تحقیقاتی کمیٹی میں تعلیم سے دلچسپی رکھنے والے اشخاص کی عدم نمائندگی پر کانفرنس کی جانب سے صدائے احتجاج بلند کی جائے۔

(۷) یہ کانفرنس عمومی حیثیت سے مجلس الاقوام کی کمیٹی کی ان تمام مساعی جمیلہ کو نظر استحسان سے دیکھتی ہے جو مابین الاقوام علمی اتحاد (انٹا کچول کوآپریشن) کی نسبت کام میں لائی گئی ہیں۔

کانفرنس کے دیگر امور میں دو لکچر یعنے ایک تو مسٹر نیوگی کا لکچر ہندوستان میں تعلیم کے بحث پر جو میجک لیانٹرن کی تصاویر کے ساتھ ساتھ دیا گیا اور دوسرا وہ لکچر جو پروفیسر شسے شاوری نے "۱۹۲۷ء کے دوران میں ہندوستان کی تعلیمی ترقی" پر دیا قابل ذکر ہیں۔ پہلے لکچر میں ہندوستان کے اس طرز تعلیم کی خرابیوں کا طول وطویل ذکر کیا گیا حکومت برطانیہ کا قائم کردہ ہے۔ جس کسی نے اعتراضات کی اس لمبی چوڑی داستان کو سُنا اس سننے ضرور یہ محسوس کیا ہوگا کہ مسٹر نیوگی کے لکچر میں بہ نسبت تعلیم کے سیاست کا رنگ زیادہ جھلک رہا تھا لکچرار نے حاضرین کو اس امر کی بھی ترغیب دلائی کہ وہ اس سودہ قانون کی مخالفت کریں جو بنگال کونسل میں ابتدائی جبری تعلیم کے متعلق پیش کیا گیا ہے لیکن مسٹر شسے شاوری کا لکچر اس کے بالکل برعکس تھا۔ اس میں سال زیر بحث کی اُس تعلیمی ترقی پر جو ملک کے مختلف حصوں اور دیسی ریاستوں میں رونما ہوئی ہے سنجیدہ اور اطمینان بخش بحث کی گئی۔ صاحب موصوف نے سر جارج اینڈرسن کی ان تعلیمی خدمات کا جو انہوں نے پنجاب میں انجام دی ہیں اعتراف کرتے ہوے اس امر پر افسوس ظاہر کیا کہ وہ اپنی خدمت سے سبکدوش ہو گئے ہیں اور توقع ظاہر کی کہ صاحب ممدوح کے جانشین ان کے اچھے کام کو جاری رکھنے میں کوشاں رہیں گے۔ اس کے بعد صاحب موصوف نے آگرہ یونیورسٹی کے قیام کے متعلق خوشنودی کا اظہار کیا اور مجملاً علیگڈھ بنارس اور کلکتہ یونیورسٹیوں کی دوبارہ تنظیم و توسیع کا حوالہ دیا بنگال کے متعلق تقریر کرتے ہوے انہوں نے پیش رد مقرر کرکے اس خیال سے ناپسندیدگی ظاہر کی جو ابتدائی جبری تعلیم کے متعلق ظاہر کیا گیا تھا۔ عثمانیہ یونیورسٹی کا ذکر کرتے ہوے کہا کہ وہ ہمیشہ ان لوگوں کے ہم خیال رہے جو ملکی زبانوں کو کالجوں کی تعلیم کا ذریعہ قرار دئے جانے کی معقولیت میں شک کیا کرتے تھے لیکن حال ہی میں جب وہ حیدرآباد گئے تھے تو عثمانیہ یونیورسٹی کالج کا بھی معائنہ کیا تھا اور ایک فلسفہ کے پروفیسر کو مابعد الطبعیات مسئلہ پر اردو میں لکچر دیتے ہوئے دیکھا تھا اس وقت سے ان کے

خیالات کی کایا پلٹ ہوگئی اور وہ اس بات کے متمنی ہیں کہ کالج کی تعلیم میں ملکی زبانوں کا زیادہ سے زیادہ استعمال ہونے لگے
اسی سلسلہ میں انہوں نے اس تحریک کا بھی حوالہ دیا جو اسی خصوص میں اندھرا اور بڑودہ یونیورسٹیوں میں جاری ہے
اثنائے تقریر میں ریاست ٹراونکور کی اس زبردست ترقی کا ذکر کرتے ہوئے جو تعلیم نسواں کے بارے میں ظہور پذیر
ہوئی ہے بیان کیا کہ ریاست مذکور کو تعلیم یافتہ خواتین کی کثیر تعداد کو خدمات دینے میں بڑی بڑی دقتوں کا سامنا
ہو رہا ہے اپنے تبصرہ کو ختم کرنے سے پہلے انہوں نے انٹر یونیورسٹی بورڈ کی تعریف کی اور مسٹر ایس آر داس کی اس
تجویز سے جو انہوں نے ہندوستان میں ایک پبلک اسکول قائم کرنے کے متعلق پیش کی تھی اس بنا پر ناپسندیدگی کا
اظہار کیا کہ اگر اس قسم کا مدرسہ قائم ہو جائے تو اس سے محض ایک نیا فرقہ ظہور میں آئے گا اور اپنے سے کم تر لوگوں کو
حقارت کی نظر سے دیکھنے والے افراد کی تعداد میں اضافہ ہوگا۔ اسی کانفرنس کے زیر سرپرستی ایک تعلیمی نمائش کا بھی
انتظام کیا گیا تھا یہ نہایت ہی مختصر پیمانے پر قائم کی گئی تھی اس میں جغرافیائی تختوں نقشوں اور لانگ مین اور سکیلین
کمپنیوں کی دیگر مطبوعات کے علاوہ کلکتہ کے کارخانوں جات اور کپتان ٹیپو کے مدرسہ صنعت و حرفت کی مصنوعات بھی منگوا کر رکھی گئی تھیں
گو کانفرنس کی کارروائی پر عمومی حیثیت سے نظر ڈالنے کے بعد ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ وہ کامیاب ہی جس کیلئے
منتظمین شکریہ کے مستحق ہیں لیکن چند امور میں فروگزاشت بھی ہوگئی تھی اگر نمائش اعلیٰ پیمانے پر اور ایک علیحدہ
عمارت میں قائم کی جاتی تو بہتر ہوتا نیز اگر کانفرنس کی مدت قیام صرف دو دن تک ہی محدود نہ کی جاتی تو
عملی تعلیم کی قدر و قیمت کے مباحث پر گفتگو کرنے کے لئے کافی وقت دیا جاسکتا تھا اگر یہ ممکن نہ تھا تو پھر دو ایام
میں بجائے ایک دفعہ کے روزانہ دو دفعہ صبح اور شام اجلاس منعقد کئے جاتے۔ اگرچہ کانفرنس ایسے زمانے میں
منعقد کی گئی جبکہ مدارس اور کالج بند تھے تاہم نمائندوں کے لئے چند ایسے مقامات کی سیر کا انتظام کیا جاتا جو تعلیمی
لحاظ سے دلچسپ ہیں آخر میں یہ کہنا ضروری ہے کہ گو کانفرنس کی کارروائی اور تجاویز پیش کردہ پر تبصرہ کرتے ہوئے
کہیں کہیں ہم نے تنقیدی نظر ڈالی ہے لیکن بحیثیت مجموعی فیڈریشن کے امور سے کامل دلچسپی رکھتے ہیں۔
یہ امید کی جاتی ہے کہ منتظمین سال آئندہ کی کانفرنس کو جو بمقام پونہ ایشیاٹک ٹیچرز کی کانفرنس کے ساتھ
ہونے والی ہے کامیاب بنانے میں کوئی دقیقہ اٹھا نہیں رکھیں گے۔

(اللہ بخش)

جلسۂ تقسیم اسناد جامعہ میسور میں

سر جگدیش چندر بوس کا خطبۂ صدارت

بنگال کے مایۂ افتخار ماہر سائنس سر جگدیش چندر بوس کے نام سے ہندوستان کا بچہ بچہ واقف ہے۔ آپکی تحقیقات وانکشافات نے دنیا سے سائنس میں ہلچل ڈالدی ہے۔ اسپنسر اس بزرگ نے حکم لگا دیا تھا کہ عرق شجری کی روانی پر زہر کا اثر نہیں پڑتا۔ آپنے نہ صرف اس نظریہ کو جھٹلا دیا ہے، بلکہ لگاتار جد وجہد سے ثابت کر دیا ہے کہ پودے ہا کل گونگے اور غیر حسی مخلوق نہیں ہیں۔ انکا نظام حیات بھی حیوانی حیات کے اصول کا تابع ہے اور جانداروں کیطرح اشجار بھی، خواہ وہ کتنے ہی بے حس کیوں نہ نظر آئیں، بیرونی ہیجان سے متاثر ہوتے اور تکلیف میں پژمردگی اور راحت میں شگفتگی کا اظہار کرتے ہیں۔ آپنے یہ بھی ثابت کر کے دکھا دیا کہ حیات کی نشو ونما کیلئے مصائب کے تھپیڑے از حد ضروری ہیں۔ بعض نہایت نازک آلات کی ایجاد کا سہرا بھی آپ ہی کے سر بندھا ہے۔ آپکا برقی پروب قلب شجر کی حرکت سناتا ہے اور "مقناطیسی نامیہ نویس" نے بے زبان اشجار کو گویا کر دیا ہے اور وہ اپنی داستان بے بسی ہمکو سنانے لگے ہیں۔

کلکتہ کا مشہور ومعروف "بوس انسٹی ٹیوٹ" آپ ہی کا قائم کیا ہوا ہے جہاں (۱۶) سائنس دان شب وروز مسائل سائنس کی تحقیق وتفتیش میں مصروف ہیں۔

آپکی تقاریر سبق آموز اور ولولہ انگیز ہوتی ہیں۔ حال ہی میں آپنے جو عالمانہ صدارتی خطبہ جامعۂ میسور کے جلسۂ تقسیم اسناد میں پڑھا اس میں گو فنی رنگ غالب ہے لیکن سلاست زبان اور حقیقت بیان کا التزام ہے۔ تعلیم وتمدن، سائنس وفلسفہ کے فروغ میں مشرق ومغرب نے جو حصہ لیا ہے اس پر آپنے نہایت بے تعصبی اور آزاد خیالی سے روشنی ڈالی ہے اور دونوں کے باہمی احسان وامتنان کا ذکر کر کے آپنے یورپ کے اس دعوی کی تردید کر دی کہ "دنیا اپنی ترقی کے لئے کسی ایک قوم کی رہین احسان ہے۔"

ایڈیٹر

جس وقت مجھے آپ کا عزت افزا نامہ کرم وصول ہوا تو مجھے ہندوستان کی ذہنی زندگی کے اتحاد اور ازمنۂ ماضیہ سے اسکی وابستگی کا از سر نو احساس ہوا۔ جلسۂ تقسیم اسناد کا صدارتی خطبہ پڑھنے کے لئے مجھے دعوت دینے کا خیال غالباً اس لئے پیدا ہوا کہ ایک تہائی صدی سے زیادہ عرصہ سے مادر وطن کی ذہنی

روایات کو دوبارہ زندہ کرنے کے لئے جو کاوشین میں کر رہا ہوں اسکی قدر اور ہمدردی آپ لوگوں کے دلوں میں ہے۔ عرصہ ہوا کہ میں نے کار معلمی اختیار کیا بطور پیشہ نہیں بلکہ اس لئے کہ وہ برتریں طرز زندگی ہے۔ میرے نزدیک سب سے اعلیٰ مقصد حیات یہ تھا کہ میں خام جذبات اور حوصلوں والے نوجوانوں کی رہنمائی اور حیات صحیحہ کی تحصیل میں انکی دستگیری کے لئے اپنی زندگی وقف کر دوں۔ میرے سامنے اس وقت وہ نونہالان قوم بیٹھے ہوئے نظر آتے ہیں جو زندگی کی بڑی مہم پر روانہ ہونے والے ہیں۔ کیا ہو گا تمہار النصب العین جو زمانہ ناامیدی میں تمہاری رفاقت اور ہمت افزائی کریگا؟ پیشتر کبھی ایسا پر آشوب زمانہ نہیں آیا جب قوم کے اعلیٰ مقاصد کی تکمیل کے لئے نوجوانوں کی شہزوری اور تخیلات کی اسقدر ضرورت ہوئی ہو۔ اس لئے مجھے صرف تمہاری قوت سے سروکار ہے کمزوری سے نہیں۔ میں تمہارے سامنے وہ چیز پیش نہ کروں گا جو سہل ہے بلکہ تم کو مشکل پسندی کے لئے ہر طرح مجبور کرونگا۔ تم حق کے متلاشی ہو۔ حق جوئی کے لئے تمہیں جو ریاضتیں کرنی پڑیں گی وہ بتاؤنگا۔ اس بارہ میں تم کو ترکۂ اسلاف سے مدد ملیگی لیکن تم کو پرانی لکیر کا فقیر نہیں بلکہ بزرگوں کی عقل و دانش کا حقیقی وارث بننا چاہیئے۔

اوائل عمر میں مجھے گوناگوں سحر ساز ترغیبوں نے بوکھلا دیا تھا۔ مجھے یقین ہو گیا تھا کہ ہندوستان فقط اپنے رشیوں اور صوفیوں کے مابعد الطبیعیاتی نظریوں کی وجہ سے [illegible] ہے اور یہ کہ ملک کی عظمت و برتری قصہ ماضی ہے اور پھر قائم نہیں ہو سکتی۔

تم مجھ سے غالباً پوچھو کہ مجھے بہتر تعلیم کس نے دی اور کس نے ناقابل عبور دشواریوں کے مقابلہ میں ثابت قدم رکھا؟ میرا جواب ہے کہ خود میرا کام

میرا استاد تھا، پیہم مصائب کے تھپیڑے خاطر خواہ محرک بنگئے اور ماضی کا سبق میرے لئے مستقل الہام ہو گیا۔ مجھے یقین ہے کہ جو چیز ہماری تہذیب کا جزو لاینفک نہیں ہے وہ صحیح قومی تجدید حیات کے لئے کافی قوت ہم میں کبھی پیدا نہیں کر سکتی

درخت کو ایک راج سے تشبیہ دیجا سکتی ہے جو بے شمار جاندار افراد پر مشتمل ہے۔ اسکی مختلف ٹولیاں قومی مفاد کے لئے مختلف فرائض کی انجام دہی میں باہم و گر مصروف رہتی ہیں۔ ایسے نظام میں چھوٹے سے چھوٹا رخنہ بھی راج کو تباہ و برباد کر دیتا ہے۔ درخت قائم رہتا ہے کیونکہ اس کی جڑیں زمین کی گہرائیوں میں مستحکم ہیں زمین اسکی خوراک بہم پہنچاتی ہے اور خطروں کا مقابلہ کرنیکی قوت بخشتی ہے۔ باہر کے جھونکے کبھی اس پر غالب نہ ہو سکے البتہ اسکی خلقی تاب مقاومت کو بیدار کر دیا۔ شجر نے تغیر کا جواب تغیر سے دیا۔ انحطاط پذیر اور ناتواں حصہ برگ خشک بن کر جھڑ گیا اور نئے موسم نے تبدیل ہیئت کی قوتیں ابھار دیں۔ اسکی یاد ماضی بھی زبردست قوتوں کا سرچشمہ ثابت ہوئی۔ بیج کے اندر جرم حیات کے ہر ذرہ پر سر بفلک برگد کا نقش ثبت ہے۔ وہ کونسی طاقت ہے جو پودے کو برداشت کی قوت دیتی ہے؟ اس طاقت کا منبع شجر کا جسم بہوم تغیر آگاہی، فوری تبدیل ہیئت اور ماضی کی موروثی یاد ہے۔ غرضکہ حیات کی شگفتگی وطن اور ماحول کا بیش بہا عطیہ ہے۔ اگر کوئی تیرہ بخت ان سے جدا کر دیا جائے اور اسکی تربیت بدیسی تخیل اور بدیسی طریقوں کی فضا میں ہو تو نتیجہ معلوم۔ موت اس کے درپے اور تباہی اس کا انجام۔

ہر بڑا کام جسے ثبات ہوگا اس کی بنیاد کا ان تمام قوتوں کی بیداری پر رکھنا ضروری ہے جو ہندوستان نے وراثت اور تربیت کے ذریعہ محفوظ رکھی ہیں۔ انکی بیداری ایک زبردست طاقت کی بند کشائی ہوگی اور عظیم الشان ہندی نشاۃ الثانیہ

پر اس کا نقش کا بجز ہوگا۔ تحریک کا اندر سے پیدا ہونا ناگزیر ہے اور اس کے آثار بڑھتے ہوئے قومی شعور میں نظر آتے ہیں۔

حیات قومی میں بلند ترین آثار ذہنی تفوق اور حدود علم کو وسعت دیکر دنیا کو بہرہ ور کرنے کی قوت ہیں جب کسی قوم میں یہ قوت معدوم ہو جاتی ہے جب وہ صرف لیتی ہے اور دینے کے لئے اس کے پاس کچھ نہیں ہوتا تب اسکی حیات صحیحہ کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ اور وہ دست نگری کی ذلیل زندگی بسر کرنے لگتی ہے بڑی سے بڑی یونیورسٹی کی وقعت کسی مصنوعی ذریعہ سے قائم نہیں ہوتی اور نہ کوئی منشور اسکی توثیق کر سکتا ہے۔ دنیا کی نظروں میں اس کا وقار صرف اس کے طلبہ کے اجتہاد کی حقیقی قدر و قیمت سے ہو سکتا ہے۔ ہماری قومی یونیورسٹی کا سب سے پہلا نصب العین یہ ہونا چاہیئے کہ اس کا وقار قائم ہو اور اقوام کی سبھا میں ہندوستان اپنی مناسب جگہ حاصل کرلے۔

معترضین کو انکار ہے کہ ہندوستان میں توسیع علم اور ہندوستانیوں میں اشاعت تعلیم کی صلاحیت ہے۔ اس بات پر زور دیا گیا ہے کہ یہاں حقیقی جمہوری اسپرٹ نہیں ہے، نیز یہ کہ مختلف فرقوں میں نہ تو حقیقی اتحاد و اتفاق ممکن ہے اور نہ ماضی و حال میں تسلسل ہے، یہ کہ یہاں متعصبانہ مذہبی اسپرٹ ہے جو ہدایت عقل کی جگہ تعمیل ارشاد پر مصر ہے، یہ کہ ہندوستانی بوجہ تفکری میلان طبع کے علوم صحیحہ کی توسیع کے ناقابل ہیں اور سائنس کے تجرباتی طریقے چونکہ مغربی ہیں اس لئے قومی کلچر کے لئے ناموزوں ہیں۔ یہ دعوے جاہلانہ اور بے بنیاد ہیں۔

قدیم ہند کے سوا مجھے کوئی دوسرا ملک نظر نہیں آتا جہاں شاہزادے اور عوام کے لڑکے مہارشیوں کی نگرانی میں سادگی اور مساوات کی زندگی بسر کرتے رہے ہوں۔ ہماری بڑی رزمیہ نظم میں ایک عظیم الشان جنگل کا ذکر ہے جو تقریباً تین ہزار

سال قبل راجہ کسٹنا پور کے دربار میں ترتیب دیا گیا تھا۔ ایک رتھ بان کے لڑکے کرن نے راجکمار ارجن کو للکارا۔ ارجن نے اس پیام جنگ کے جواب میں اہانتہً کہا ،، ایک شہزادہ ایسوں سے تیغ آزمائی نہیں کر سکتا جو خاندانی شرافت سے عاری ہیں ،، کرن نے بگڑ کر جواب دیا ،، میں اپنا آپ مورث ہوں اور میری جوانمردی میری دستاویز شرافت ہے ،، یہ ہے حقیقی جمہوری اسپرٹ جو زمانہ قدیم ہی سے ملک میں پھیلی ہوئی ہے ۔

اشاعت تعلیم میں جغرافیائی حدود کبھی مانع نہیں ہوئے۔ زمانہ ماضی میں ہندوستان کے مختلف فرقے ذہنی رشتۂ اتحاد میں منسلک تھے۔ ذہنی فتوحات کی مہم میں شنکراچاریہ کا جنوب سے گوشہ شمال تک ہر جگہ پرجوش خیر مقدم کیا گیا۔ بنگالہ کے ودیارتھی پریم و بھگتی کے ترنگ میں، چند تاڑ کے پتوں پر لکھے ہوئے نوشتوں کا انمول خزانہ لئے ہوئے ہمالیہ کو عبور کرتے اور ہندی علوم تبت چین اور مشرق بعید میں پھیلاتے تھے۔ ذہنی تحریکات کسی ایک صوبہ کی چار دیواری میں کبھی بند نہیں کیونکہ علم کی شمع ہر ملک میں اسکی یونیورسٹی روشن کئے رہتی تھی ، اور بڑے بڑے گروؤں کی شہرت طالبعلموں کو ہند کے دور و دراز حصوں سے کھینچ لاتی تھی۔ سلف کی روایات تلف نہیں ہوئیں کیونکہ اب بھی ہادیاں طریقت مختلف صوبوں سے نکلکر ملک کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک جاتے اور اتحاد و اخوت کی زنجیریں مستحکم کرتے رہتے ہیں۔ جن لوگوں نے تاریخ کا صحیح مطالعہ کیا ہے ان کو احساس ہوگا کہ ہند کی تہذیب میں گھل مل جانے کی وہ زبردست قوت ہے جسکی وجہ سے لاتعداد نسلیں اور قومیں اس براعظم کو اپنا وطن سمجھنے لگیں۔ اور انہیں سب کی متفقہ کوششوں سے ہند عظمیٰ کی عمارت بلند ہوگئی

یہ بالکل سچ ہے کہ تبلیغ حق کی راہ میں بڑی رکاوٹ یہ ہے کہ لوگ نئے واقعات اور نظریوں کو قبول کرنے میں تعصب و ہٹ دھرمی روا رکھیں۔ لیکن مجبوراً کہنا پڑتا ہے کہ یہ تنگ نظری مشرق کی نسبت مغرب میں زیادہ نمایاں ہے۔ یہ مشہور واقعہ

ہیں کہ گلیلیو (Galileo) سے سابقہ اقوال کی تردید بجبر کرائی گئی اور برونو (Bruno) کو جلا کر خاک کر دیا گیا۔ نارواداری کی اسپرٹ اب بھی موجود ہے چنانچہ حال ہی میں نظریۂ ڈاروں کے متعلق خوب تلخ گفتاریاں ہوئیں اور متمدن امریکہ کی ایک ریاست میں تعلیم ارتقاء تعزیری جرم قرار دیگئی۔ سائنس دانوں میں بھی ایک منکر فرقہ ہے اور یہ واقعہ قابل لحاظ ہے کہ کسی محقق کی زندگی میں اس کے انکشافات کی قدردانی شاذ ہی ہوتی ہے۔

لیکن ہم کو جھوٹی شیخی نہ بگھارنا چاہیئے کہ ہمارے آبا و اجداد ہمہ دان تھے اور نہ یہ کہ مزید ترقی ممکن ہی نہ تھی۔ جو کچھ انہیں حاصل ہوا وہ اسطرح حاصل ہوا تھا کہ انہوں نے لگاتار محنت و عرقریزی سے علم کی عمارت درجہ بدرجہ بلند کی۔ اتنا حاصل کرنے کے بعد بھی ان بزرگواروں نے فرمادیا کہ اگر وید حق پر نہ ہو تو اس کو خیرباد کہد و حق آزادی کا جو زرین تحفہ ہم کو وراثتًا ملا ہے اس سے کمتر چیز کو وقعت دینا سچی حب الوطنی نہیں ہے۔

تمام دعووں سے زیادہ عامیانہ اور غیر صحیح یہ دعویٰ ہے کہ دنیا اپنی ترقی علم کے لئے کسی خاص قوم کی رہین احسان ہے۔ دنیا میں تمام قومیں ایک دوسرے کی محتاج ہیں اور ہر زمانہ میں تفکر کی پے در پے روبنی آدم کی مشترکہ وراثت کو فروغ دیتی رہیں۔ یہ باہمی محتاجگی ہی تھی جس نے اس دیوہیکل پنجر کا شیرازہ بندھا رکھا اور تہذیب و تمدن کے تسلسل و دوام کو مصئون کر دیا۔

× × × × × × × × × × × × × ×

× × × × × × × × × × × × × ×

میں نے درختوں میں اعصابی نظام دریافت کیا ہے جس کے قبول عمل کی کیفیت دیکھکر توقع ہے کہ خود ہماری نخاعی حیات کے مماثل حوادث کی بہتر تفہیم

ہو سکیگی۔ جو پودا شیشہ میں بند، ماحول کے تحریک زا حربوں سے محفوظ ہے وہ بظاہر تو شگفتہ نظر آتا ہے لیکن دراصل وہ کمزور اور کھردرا ہوتا ہے کیونکہ اسکی اعلیٰ اعصابی قوتیں نشو و نما نہیں پاتیں۔ لیکن جب یہی پودا باد و باران کے بے رحم تھپیڑوں کے لئے سینہ سپر ہو جاتا ہے اسوقت اس کا اعصابی نظام تکمیل کو پہونچ جاتا ہے انسانی زندگی میں بھی مخملی گدے نہیں بلکہ مصائب کے تھپیڑے حقیقی کمال پر فائز کرتے ہیں۔

\+ + + + + + + + + + + + + + +

\+ + + + + + + + + + + + + + +

اب تک جو طریقۂ تعلیم مروج رہا ہے وہ دقیانوسی ہے۔ ضرورت ہے کہ اس کی اصلاح کیجائے اور قومی استعداد اور ولولوں کو اُبھارنے کے لئے اسے آلہ کار بنایا جائے۔ جس غیر ملکی طریقۂ تعلیم سے سوائے ابدی غلامی کے اور کوئی توقعات وابستہ نہ ہوں وہ ہم قاتل ہے۔ یورپ میں ہندی طلبار کی جو حیثیت ہے وہ از حد ذلت آفرین اور کئی وجوہ سے پرخطر ہے۔ ہم آخر کیوں نہ بڑے بڑے علمی مرکز کی بنا ڈالیں؟ یہی خیال تھا جس نے دس سال قبل مجھے قیام انسٹی ٹیوٹ کیلئے اُبھارا مجھے اُمید ہے کہ اس تعلیم گاہ میں میں اُن روایات کو دوبارہ زندہ کرسکونگا جن کی کشش سے (۲۵) صدی قبل اکناف دنیا کے طلبہ نلندہ اور ٹکسیلہ کے قدیم دارالعلوم میں جمع ہوتے تھے۔ روز افزوں بیکاری اور معاشی کشمکش نے دوسرے ملکوں کی طرح یہاں بھی اضطراب و بےچینی کی لہر دوڑا دی ہے۔

تہی مائگی قوموں کو ناامیدی کا شکار بناتی اور تہذیب و ترقی کو خاک میں ملا دیتی ہے۔ یہ امر قابل افسوس ہے کہ ہمارا وطن اپنی دولت اور صنعتی ترقیوں کے

امکان کے باوجود اس ناگفتہ بہ حالت میں ہے بے بنیاد غلط بیانیوں نے کہ ہندوستان موجدین اور محققین پیدا کرنے کے ناقابل ہے، تمام اجتہادی قوتوں کو ماؤف کر دیا ہے۔ ان دروغ بافیوں کی اب پوری تردید ہو گئی ہے۔

اثنائے سفر یورپ میں، میں نے ناروے اور سویڈن کے چھوٹے چھوٹے ملکوں میں افلاس و نکبت کے کوئی آثار نہ دیکھے حالانکہ ان دونوں ملکوں میں دولت کے قدرتی ذرائع وافر نہیں ہیں۔ بایں ہمہ ان کا اپنا طریقۂ تعلیم ہے اور جدید طرز کی یونیورسٹی ہے۔ یہ سب سائنس کا کرشمہ ہے، سائنس کی مدد سے ملک کے تمام ممکنہ ذرائع سے پورا پورا فائدہ اٹھایا جاتا ہے۔ کیا یہ سبق ہمارے لئے شمع ہدایت نہیں ہے؟ نوجوانوں کی کثیر تعداد موجود ہے، انکو ایسی تعلیم گاہوں میں تعلیم دیجا سکتی ہے جو بہترین اصول پر چلائی جائیں اور جن کا معیار دنیا کی یونیورسٹیوں کا مقابلہ کرے۔ ہماری کوشش یہ بھی ہونا چاہیئے کہ ہم اعلیٰ تعلیم کے لئے ممالک خارجہ کے دست نگر نہ رہیں۔

ایک عجیب ناتوانی اور مجہولیت حیات قومی پر چھا گئی ہے اور اگر اس خرابی کو دور کرنے کے لئے فوری تدابیر اختیار نہ کی گئیں تو بربادی یقینی ہے۔ فطرت ناتوانوں اور اپاہجوں پر رحم نہیں کرتی۔ گردش دہر کی حقیقت یہ ہے کہ کاہل قوت لایموت پیدا کرنے پر قانع ہو جاتا ہے۔ اس سے اندفاع مرض اور کام کرنے کی قوت زائل ہو جاتی ہے، نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ حیات انسانی، فاقہ کشی اور موت کا پلہ جھک جاتا ہے۔ اہل مغرب کا زاویہ نگاہ جداگانہ ہے ان لوگوں نے قومی مصائب کی شر باریوں میں بھی اپنی اسپرٹ اور مستعدی برقرار رکھی اور اب محنت و جفاکشی سے قومی خوشحالی کی بنا استوار کر رہے ہیں۔ کیا میں کہوں کہ اس کا بڑا سبب یہ ہے کہ حکومت اشاعت تعلیم اور فلاح عامہ کی ترقی میں ان تھک دلچسپی لیتی ہے؟

مثال کے طور پر میں اپنے تجربہ میں آیا ہوا واقعہ بیان کرتا ہوں۔ میرے کئی شاگرد سائنس کی تعلیم کے لئے خاص طور پر موزوں تھے لیکن چونکہ ان کیلئے تمام معاشی راہیں بند تھیں اس لئے چار و ناچار پیشہ قانون اختیار کرنا پڑا سوائے ان لوگوں کے جنہوں نے قصداً آنکھیں بند کر لی ہیں، ہر شخص کو احساس ہو سکتا ہے کہ جس ملک میں ذہن کے پھیلاؤ کے لئے صرف عدالت کی کٹھن اور غیر یقینی شاہراہ ہے اس کی تباہی دور نہیں ہے۔

اس تصویر کا دوسرا رخ میں نے جاپان میں دیکھا۔ وہاں کی حکومت اپنے ہونہار طلبہ کی رفتار ترقی کا بغور مطالعہ کرتی رہتی ہے۔ اور ان کو عروج ملک کیلئے بیش بہا اثاثہ سمجھتی ہے۔ پایۂ تخت میں ان سے ذاتی واقفیت پیدا کیجاتی ہے۔ یورپ اور امریکہ میں قونصلوں کی معرفت انکی تعلیم و تربیت کا انتظام کیا جاتا ہے دو سال کے عرصہ میں ممتاز خصوصیوں سے فیض پا کر وہ اپنے اپنے فن میں ماہر ہو جاتے ہیں۔ واپسی پر ان کو کوچہ گردی کی مصیبت نہیں پیش آتی۔ حکومت پہلے ہی سے بندوبست کرتی ہے کہ انکی قابلیت اور تعلیم ملک کی خدمت میں پوری پوری صرف ہو۔

بنی آدم کے فائدہ کے لئے علم کی توسیع و تصرف یونیورسٹی کا اہم فریضہ ہے یہی وہ جگہ ہے جہاں ہم مختلف نسلوں اور قوموں کے تفکرات اور تخیلات سے دوچار ہوتے ہیں۔ انسان کی عارضی گمراہی سے بد دل ہونے کے بجائے ہمیں اسکی اُولوالعزمیوں سے سبق لینا چاہیئے۔ الگ تھلگ رہنے سے کوئی نتیجہ نہیں نکلتا صرف عملی جد و جہد سے ہم قوم کی خاطر خواہ خدمت کر سکتے ہیں۔

جن لڑکوں اور لڑکیوں سے میں آج روشناس ہوا ہوں ان کو میرا پیام کیا ہے؟ میں تم سے اصرار کرتا ہوں کہ تم ایسے زمانہ میں پیدا ہونے کی عزت جلیلہ کو محسوس کرو جبکہ تمہارے وطن کو تمہاری از حد ضرورت ہے۔ جو تہذیب ہم نے

ترکہ میں باقی ہے وہ صدیوں سے قائم ہے۔ تم اپنی ناتوانی اور مجہولیت سے یقیناً اسے برباد نہ ہونے دوگے۔ تم اس آواز کو لبیک کہوگے جو قرنوں پہلے سے گونج رہی ہے اس آواز کو جو ہر مرد و عورت کو مجبور کرتی ہے کہ انسانی مصائب کو ہلکا کرنے کے لئے لازوال جد وجہد کی زندگی اختیار کرے۔ جب تک کہ دوسروں کو سکھ نہ ہو ہم میں سے کسی کو آرام میسر نہیں ہو سکتا۔ اس لئے میں تم کو فلسفہ قوت کی تلقین کرتا ہوں اور سچ تو یہ ہے کہ لامتناہی تغیرات کی کشاکش میں ثابت قدم رہنے کی قوت اس زبردست تہذیب کی خمیر میں ہے جس کے سامنے مصر، اشور اور بابل کے ذہنی کارنامے ماند پڑ گئے اور جو ماضی کی طرح آج مستقبل پر بھی فاتحانہ اطمینان سے نظریں جمائے ہوئے ہے۔

(سید مظہر الحسن)

جامعۂ اندھرا کا پہلا جلسہ تقسیم اسناد

اندھرا یونیورسٹی کا پہلا جلسہ تقسیم اسناد بصدارت ہز اکسلنسی لارڈ گوشن گورنر مدراس بجواڑہ میں منعقد ہوا۔ اس جلسہ میں پروفیسر رادھا کرشنن ایم اے نے جو پر مغز فاضلانہ تقریر فرمائی اس کا اقتباس ہدیہ ناظرین ہے۔

اڈیٹر

لفظ یونیورسٹی کا مفہوم یہ لفظ ہندوستان میں نووارد ہے۔ لیکن مدتوں سے اس کے مفہوم سے ہم آشنا ہیں شمالی مغربی ہند میں گندھارا (قندھار) کی دارالسلطنت ٹکشاسلا کو (جو علم القواعد کے ماہر پننی کا وطن تھا) آج سے چوبیس صدی پہلے سارے ہندوستان کے تشنگان علم کھنچکر جاتے تھے۔ نلندا و کرامسیلا ہاراینگو تا بنارس اور نودویا تعلیم و تربیت کے

مرکز تھے، جہاں نہ صرف ہندوستان بلکہ مشرقی ایشیا کے دور دراز حصوں کے طلبہ بھی جمع رہتے تھے "یونیورسٹی" یعنی متعلمین اور معلمین کی جماعت ایک طرح کی اجتماعی زندگی بسر کرتی تھی۔ ملک کے دماغ "ضمیر" اور خیالات کو بلند کرنا ان کا فریضہ تھا۔ انکی بدولت گویا ایک جامعی دنیا پیدا ہو گئی تھی۔ مسائل تعلیم و تربیت میں ہم خیالی اور بنیادی مقاصد خیالات میں ہم آہنگی پیدا ہو گئی تھی۔ دور حاضرہ کی بدلی ہوئی فضا میں جامعات ہی کو دنیائے خیالات و تخیلات میں خضر راہ بنا چاہیئے۔ ہندوستان میں آجکل مذاہب اور فرقوں کی جو خانہ جنگیاں ہو رہی ہیں ان کے مدنظر جامعی اسپرٹ کی ہم کو کبھی اسقدر ضرورت نہ تھی جتنی کہ اب ہے۔ مجھے اندیشہ ہے کہ پرانی وضع کے شاستری و پنڈت مولوی و مولانا مبلغ و پادری موجودہ حالت میں مدد نہیں کر سکتے ان کے خیال میں "مذہب" علماء و واعظین ہی کے لئے ہے، عوام کو خود غور و نظر کا حق نہیں، عوام کا فریضہ ہے کہ ان کے حقوق کا احترام کرتے رہیں اور ان کے احکام کی تعمیل کریں اور ان کے ہم رنگ ہو جائیں۔ مگر ایسی ہمرنگی تہرمانوں کا خواب رہی ہے، خواہ وہ مذہبی قہرمان ہوں یا سیاسی لیکن جامعہ کا نصب العین اس کے برخلاف ذہن کی حرّیت اور خیالات کی آزادی کو وسعت دینا ہے۔ اس کو حفاظت حق یا ہمرنگی کی پکار سے کوئی واسطہ نہیں۔ جامعہ کا فرض ہے کہ مذہبی جنون اور فرقہ واری تعصب کو دور کرے اور زمانہ کے مذاق اور روش کو نئے قالب میں ڈھالے۔

نوع انسان کی دوامی کشمکش انسان کی اجتماعی زندگی دو متضاد جذبات کی کشاکش کا نام ہے۔ ایک جذبہ تحفظ یا قدامت پسندی ہے جس کی تحریک سے انسان اپنے اعتقادات کی عنق سے نگہداشت کرتا اور اسکی پناہ میں متحصن ہو جاتا ہے۔ دوسرا شگفتگی حیات کا جذبہ ہے۔ جو حد بندیوں کو توڑنے کی مسلسل کوشش کرتا ہے۔ حیات قومی کا یہ مد و جذر یکے بعد دیگرے ظہور

میں آتا ہے۔ زمانہ موجودہ وہ وقت ہے جبکہ گلوگرفتگی ہر جگہ محسوس ہو رہی ہے اور پرانی جکڑبندیوں سے آزاد ہونے اور زاویۂ نگاہ وسیع کرنے کی ضرورت عام ہو رہی ہے۔

ہندوستانی احیاءِ علوم کی تحریک میں اگر جامعہ اندھرہ کو حصہ لینا ہے تو اوس کو چاہیئے کہ طلبہ کے دلوں میں ہماری تہذیب کے سرچشموں اس کے فنون وتفکر، زبان و ادب، فلسفہ و مذہب سے ذوق پیدا کرے۔ جن لوگوں نے قدیم کتابوں کا بغور مطالعہ کیا ہے وہ بخوبی واقف ہیں کہ ان میں عجیب قسم کی برتری اور نئی معنی خیزیوں کی صلاحیت ہے۔ اور آجکل کی زندگی کے پہلوؤں کو جانچنے کے لئے وہ سچی کسوٹی ہیں۔

مگر ہندوستانی علم و ادب سے ذوق پیدا کرنے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ہم حالات ماضیہ کی طرف رجعت قہقری کریں۔ البتہ صحیح اصول پر ماضی کا مطالعہ کیا جائے تو ہم کو موجودہ زمانہ میں ترقی کرنے میں آسانی پیدا ہو جائیگی۔

ملکی اعتقادات و ادارات | ملک کے عقائد و ادارات کا موشگاف اور ناقدانہ مطالعہ ترقی کا زبردست وسیلہ ہے۔ تاریخ ایک آئینہ ہے جس میں نہ صرف ہماری ظاہری شکل وصورت نظر آتی ہے۔ بلکہ ہماری باطنی حقیقت بھی اصلی رنگ میں دکھائی دیتی ہے۔ اس سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ ہماری طاقت اور ہماری کمزوری کن چیزوں میں ہے۔ اور ہمارے امراض کیا ہیں اور ہم آج کیوں نیم مردہ ہیں؟ اگر ہمیں تاب و توانائی دوبارہ حاصل کرنا ہے تو ہمیں اپنی قومی خامیوں کی اصلاح کرنا چاہیئے۔ ہم کو تحقیق کرنا چاہیئے کہ کون سے ادارے قدیم الایام اور ترک کرنے کے لائق ہیں۔

قدامت پسندوں کو ایسی اصلاحیں ناگوار گزرینگی۔ مگر پرانے سانچے خواہ

کتنے ہی خوبصورت کیوں نہ ہوں اگر زنگ آلود و ناکارہ ہو گئے ہیں تو انہیں توڑ دینا ہی بہتر ہے۔ ضرر رساں بدعتوں کو باقی رکھنا بھی قدامت پسندی نہیں بلکہ جھوٹی جذبہ پرستی ہے۔ نتیجہ خواہ کچھ ہو۔ مگر ہم کو راہ حق سے منہ نہ موڑنا چاہئے تغیر کے نام سے کان پر ہاتھ دھرنے کی کوئی وجہ نہیں۔ خود ہمارا فلسفہ سکھاتا ہے کہ دوام فقط ذات ابدی کو حاصل ہے اور لا انتہا تغیر لازمۂ حیات ہے۔ انتہا پسند ماضی کو خیرباد کہنے کے لئے آمادہ تو ہیں مگر اس لئے کہ انکی نظر میں یادِ سلف مایۂ افتخار نہیں بلکہ باعث ننگ و عار ہے۔ وہ بھولے ہوئے ہیں کہ دوسروں کی تہذیب زیادہ سے زیادہ ہماری رہنمائی کر سکتی ہے مگر اسباب عمل کا مہیا کرنا صرف ہماری تہذیب کا کام ہے۔ پانچ ہزار برس قبل سے آج تک ہندوستانی تہذیب کی لچک اور نئی ضرورتوں کی سربراہی کی قابلیت اسکی مستقل خصوصیت رہی ہے اگر ہم اس اسپرٹ کو قائم رکھیں تو ہم روز افزوں اعتماد و قوت سے مستقبل کا مقابلہ کر سکتے ہیں۔

انگریزی زبان، سائنس اور زرعی و اقتصادی سرگرمیوں کی اہمیت

اگرچہ تلنگی پر بڑی توجہ صرف کی جا رہی ہے۔ اور ممکن ہوا تو اسکو ذریعۂ تحصیل علوم طلیسانی درجوں تک بنا دیا جائے گا۔ مگر یہ یاد رہے کہ انگریزی زبان نہ صرف بین الاقوامی تجارت و تفکر کی زبان ہے۔ بلکہ ہندی قومیت کی استواری کے بڑے عناصر میں سے ایک ہے۔ اگر انگریزی کے نصاب کا کافی اعلیٰ معیار نہ ہوگا تو پھر طلبا کو نوکری ملنی دشوار ہو جائیگی۔

یہ عہد سخت جد و جہد اور تخلیقی سرگرمی کا عہد ہے۔ جہاں روحانی ترقی کیلئے ادبیات کی ضرورت ہے وہاں نوع انسان کے بیرونی نظام کی تعمیر کے لئے نظری و عملی سائنسوں کی بھی سخت احتیاج ہے اور مجھے توقع ہے کہ تعلیمی کونسل

کم از کم میٹرک میں سائنس کی لازمی تعلیم کا انتظام کرے گی یہ دعویٰ صحیح نہیں ہے کہ ہماری ذہنیت ابعد الطبیعاتی ہے اور ہم تحصیل سائنس سے ذوق نہیں رکھتے۔ اپنے عروج کے زمانہ میں ہم نے نجوم و معماری۔ حساب، طب، کیمیا و صیقل سازی کو ترقی دی۔ آخر آخر میں مدرسیت کے حیات کش اثرات نے سائنس کی سرگرمیاں موقوف کر دیں لیکن آثار بتاتے ہیں کہ ہم خواب غفلت سے بیدار ہو رہے ہیں۔ کلکتہ یونیورسٹی کے پوسٹ گریجویٹ اسکولوں کا کام ظاہر کرتا ہے کہ اگر ہمیں موقع ملے تو ہم تحقیق و تفتیش کے اہل ہیں۔

قومی فارغ البالی کا اوسط بہت گرا ہوا ہے۔ متوسط طبقہ کی بیکاری روز بروز بڑھتی جاتی ہے صنعتی حلقے جہاں نئی پود بسم اللہ کرتی ہے، اور تجارتی سرگرمیاں جن میں دوسرے ملکوں کے تعلیم یافتہ نوجوان مصروف کار ہوتے ہیں، ہندوستان میں عنقا ہیں۔ پانچ سے بیس سال کی عمر تک مادر وطن کے جگر گوشے مدرسوں اور کالجوں میں تعلیم پاتے ہیں اور زائد محنت اور رقم صرف کرنے کے بعد انہیں راہ بستہ پیشوں اور بے کاری سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ زمین اور اس کے خزانے وافر ہیں اور دولت پیدا کر سکنے کے قابل ابنائے وطن کی کثیر تعداد موجود ہے لیکن بے کار پڑی ہے۔ یہ دعویٰ مہمل ہے کہ ہندوستانی صنعتی پیشے اختیار کرنے میں پس و پیش کرتے ہیں۔ ہندوستانی ذہنیت میں کوئی نقص نہیں معلوم ہوتا صنعتی انقلاب کے پہلے ہندوستان و یورپ میں حالات یکساں تھے۔ ہمارے زرعی طریقے اقتصادی ادارے صنعتی ترقیاں اور کاشتکاروں اور زمینداروں کے باہمی تعلقات ایک ہی اصول کے تابع تھے۔ صرف فرق یہ ہے کہ ہماری زرعی اور صنعتی حالت جو قرون وسطیٰ میں تھی وہی اب ہے۔ بعض پیشوں کو باعزت اور بعض کو

ذلیل سمجھنے کا سبب یہ ہے کہ ہمارے نصاب تعلیم میں ادبیات کا حصہ زیادہ ہے۔ حالانکہ ہاتھ میں قلم لینا اور حساب کتاب کرنا کارخانہ یا کھیت میں کام کرنے سے زیادہ باوقعت نہیں ہے۔

مجھے یقین ہے کہ تم میں سے ہر ایک اس دن کا خواب دیکھ رہا ہے جبکہ ہندوستان کو خود اختیاری حکومت حاصل ہوگی مگر مجھے شک ہے کہ تم اس خواہش کی تکمیل کے شرائط سے واقف ہو۔ ہمارے سرگروہ سمجھتے ہیں کہ طرز حکومت کی تبدیلی سے ساری خرابیاں دور ہو جائینگی لیکن سوراج فقط طرز حکومت یا مرکز اقتدار کی تبدیلی کا نام نہیں ہے بلکہ عامۃ الناس کی عادات ذہنیہ کی تبدیل ہیئت کا مراوف ہے۔ طرز حکومت پر نکتہ چینی کو بیجا اہمیت حاصل ہے مگر اس کے سدھارنے کے لئے جن اخلاقی قوتوں کی ضرورت ہے ان کو نظر انداز کر دیا گیا ہے بدقسمتی سے جو حضرات سیاسیات میں نئے انداز کار کے سرگرم حامی ہیں وہ معاشرتی روش حیات و عادات میں پرانی وضع کے پابند ہیں لیکن یاد رہے کہ کسی قسم کا سیاسی یا صنعتی فروغ اوس وقت تک ممکن نہیں ہے جب تک کہ ہم اجتماعی حیات و اخوت کو ترقی نہ دیں۔

(حافظ علی صدیقی)

انجمن اساتذہ بلدہ

جلسۂ خیر مقدم

مولوی سید محمد حسین صاحب بی۔ اے (آکسن) نائب ناظم تعلیمات اور
مولوی سید علی اکبر صاحب ایم۔ اے (کنٹب) صدر مہتمم تعلیمات بلدہ و میر مجلس

انجمن اساتذہ بلدہ کے استقبال و خیر مقدم کے لئے انجمن اساتذہ کا جلسہ بتاریخ ۲۰ وی ۱۳۳۶ف م ۲۵ ہر نومبر ۱۹۲۶ء سیتھو ڈسٹ ہائی اسکول کے اسمبلی ہال میں منعقد ہوا۔ مسٹر مار ماڈیوک ہتمام مدرسہ فوقانیہ انگریزی چادر گھاٹ کے صدر اور اس انجمن کے نائب صدر نے جو اس جلسہ کی صدارت کر رہے تھے، اس اجلاس کی غرض و غایت بیان فرمائی اور دوران تقریر میں انجمن اساتذہ کی جانب سے ان ہر دو صاحبین کے مفید و کامیاب سفر انگلستان و یورپ کی واپسی پر مبارکباد دیتے ہوے امید ظاہر کی کہ محکمہ تعلیمات کو ان دونوں عہدہ داروں کے بیرونی تجربات سے فائدہ حاصل ہوگا۔ مولوی حسام الدین صاحب مددگار مدرسہ فوقانیہ دارالعلوم بلدہ نے اردو میں تقریر کی اور بتلایا کہ رسالہ "حیدرآباد ٹیچر" میں شہنشاہی کانفرنس کی روئداد اور وہ تقاریر جو مولوی سید محمد حسین صاحب اور مولوی سید علی اکبر صاحب نے اس کانفرنس میں کیں چھپ چکی ہیں اور ان سے پتہ چلتا ہے کہ ان دونوں نے کس عمدگی سے ریاست حیدرآباد کی نیابت کی۔

مولوی سید محمد حسین صاحب کی تقریر شہنشاہی تعلیمی کانفرنس

مولوی سید محمد حسین صاحب نے اراکین انجمن اساتذہ کا شکریہ ادا کیا کہ انھوں نے صاحب موصوف اور مولوی سید علی اکبر صاحب کی ان خدمات کا جو انھوں نے شہنشاہی تعلیمی کانفرنس میں انجام دیں بہ نظر استحسان دیکھا اور فرمایا کہ اس قدر دانی نے ان کی ہمتوں کو بڑھا دیا ہے۔

صاحب محترم نے امید دلائی کہ آپ ڈنمارک کے طرز تعلیم پر کسی اور موقع پر مفصل روشنی ڈالیں گے۔ اس وقت تو آپ کو شہنشاہی تعلیمی کانفرنس کے اہم واقعات کا اجمالی ذکر کرنا ہے چنانچہ آپ نے فرمایا کہ اجلاس کانفرنس میں برطانیہ عظمیٰ کے مختلف حصوں سے مختلف اقوام اور مختلف تمدنوں کے نمایندے موجود تھے لیکن حیرت انگیز بات تو یہ تھی کہ سبھوں کے تعلیمی مسائل اور تعلیمی دقتوں کا سوال بہت کچھ ملتا جلتا تھا۔ ثانیاً یہ کہ برطانوی سلطنت کے دوسرے حصوں کے نمایندوں سے تبادلۂ خیالات کرنے سے ہندوستان کے نمایندوں کو ان تجاویز کا علم ہوا جن کو وہ ممالک اپنے اپنے نظام تعلیم کو موجودہ اقتصادی اور اجتماعی حالات کے مطابق کرنے کے لئے اختیار کر رہے ہیں تیسرے یہ کہ ہمیں موقع ملا کہ ہم اپنی ریاست کی تعلیمی حالت پر بخوبی روشنی ڈالیں اور اس نمایاں تعلیمی ترقی کا ذکر کریں جو اس عہد عثمانی کی ایک بڑی خصوصیت ہے۔ ضمناً ہمیں اسبات کا بھی موقع ملا کہ ان تمام غلط فہمیوں کو جو دیگر ناظرین کے دلوں میں جامعہ عثمانیہ کی نسبت پیدا ہوگئی ہیں صاف کردیں۔ حیدرآباد کے ماسوا اور پانچ ریاستوں میسور ٹراونکور کوچین پٹیالہ اور جیپور کے نمایندے بھی موجود تھے آخر میں صاحب موصوف نے کارپردازان کانفرنس کی کریمانہ مہمان نوازی کا شکریہ ادا کیا و نیز ڈچز آف ایتھال صدر اجلاس کانفرنس نے جس تدبیر اور قابلیت سے اپنی خدمات انجام دیں اس کی تعریف و ستایش کی۔ آپ نے اس موقع پر سرکار عالی کا بھی اس لئے شکریہ ادا کیا کہ انہیں اور مولوی سید علی اکبر صاحب کو اس کانفرنس کی شرکت کے لئے نامزد کیا گیا تھا۔

مولوی سید علی اکبر صاحب کی تقریر تعلیم کے موجودہ رجحانات اس کے بعد مولوی سید علی اکبر صاحب نے جلسہ سے مخاطبت کی اور مولوی سید محمد حسین صاحب نے جو شکریہ ادا کیا تھا اس کی تائید کی اور شہنشاہی تعلیمی کانفرنس کی مشورتی انجمن کا بھی

رجحان معلوم کیا جاتا ہے

قبل مدرسہ یا کنڈرگارٹن کی تعلیم | جس طرح کہ چند سال پہلے جرمنی میں قبل مدرسہ یا کنڈرگارٹن یعنے چھ سال سے کم عمر کے بچوں کی تعلیم ہر دلعزیز ہو چلی تھی اس طرح سے آج کل انگلستان میں بھی اس طرز تعلیم پر زور دیا جا رہا ہے۔ جرمنی میں سب سے مشہور مدرسہ کنڈرگارٹن پسٹولوزی فروبل ہاوس ہے اس مدرسہ سے متعلق ایک مدرسہ تعلیم المعلمات بھی ہے۔ اور بچوں کی نگرانی کنڈرگارٹن کی معلمات کے علاوہ اس تعلیم المعلمات کی طالبات بھی کیا کرتی ہیں بچوں کی صحت کی جانب خاص توجہ کی جاتی ہے۔ انہیں روزانہ نہلایا جاتا ہے اور ہر پندرھویں روز ان کا طبی معائنہ کیا جاتا ہے۔ معائنہ مدرسہ کے اثنا میں میں نے صدر معلمہ سے پوچھا کہ آلات تعلیم جو بچے استعمال کرتے ہیں کہاں تیار ہوتے ہیں مجھ کو صدر معلمہ کا یہ جواب سن کر کہ ہم خود تیار کرتے ہیں سخت حیرت ہوئی میں نے مس میاک میلین نرسری اسکول کا بھی معائنہ کیا جو لندن کے ایسٹ اینڈ میں ایسے بچوں کے لئے قائم کیا گیا ہے جن کی مائیں دن میں مزدوری کے لئے چلی جاتی ہیں۔ مدرسہ مذکور ماؤں کے ساتھ قریبی اتحاد عمل پر چل رہا ہے۔ مائیں صبح میں اپنے کاروبار پر جاتے وقت بچوں کو مدرسہ میں چھوڑ جاتی اور شام میں گھر واپس ہوتے ہوئے لے جاتی ہیں۔ بچے روزانہ صبح میں نہلائے جاتے ہیں اور دن میں انہیں تین مرتبہ کھانا کھلایا جاتا ہے۔ ان کھانوں کے وقت بچے ہی باری باری سے دسترخوان کا اہتمام کیا کرتے ہیں مدرسہ کے باغچہ میں اس مدرسہ کا کام حتی الوسع کھلی ہوا میں ہوتا ہے۔ اسی نرسری اسکول کے پہلو میں نرسری اسکول کی معلمات کے لئے ایک تربیتی مرکز بھی قائم ہے۔ اور طالبات زیر تعلیم بچوں کے کام کھیل اور کھانوں کی نگرانی میں نرسری اسکول کے عملہ کا ہاتھ بٹاتی ہیں مدرسہ سے ملحق ایک چھوٹا سا دواخانہ ہے اور ہر پندرھویں روز سارے بچوں کا طبی معائنہ بھی کیا جاتا ہے۔

معائنہ مدارس | انگلستان میں معائنہ مدارس کا طریقہ اس طریقہ سے بالکل جدا ہے جس کے ہم ہندوستان میں عادی ہوگئے ہیں۔ انگلستان میں انسپکٹر کو وہ معلم جن کے کاموں کا وہ معائنہ کرتا ہے ایک دوست رہبر اور مستشار تصور کرتے ہیں ہندوستان میں ایسے طریقوں کا اختیار کرنا کسی قدر مشکل ہے کیونکہ یہاں کے حالات مختلف ہیں۔

رودادِ رسالۂ آشا خہائے انجمن اساتذہ بلدیہ

شاخ رزیڈنسی مڈل اسکول شاخ رزیڈنسی مڈل اسکول میں کل چھ جلسے ہوئے تعلیمی سیر و سیاحت کے متعلق باتفاق آرا قرار پایا کہ پرائمری مدارس کی تعلیم جغرافیہ کے لئے اطراف و اکناف کی سیر و سیاحت بے حد ضروری ہے۔ طریقۂ سوالات پر برہان الدین صاحب نے نہایت پُراثر و مفید خیالات کا اظہار کیا، اور نمونہ کا سبق دے کر سوالات کی اہمیت ثابت کردی "کتب خانہ مدرسہ" کے عنوان پر چندر دوار کر صاحب صدر مدرس و معتمد مقامی کی تقریر نہایت دلکش و حق نما تھی۔ بلاک بورڈ کے استعمال پر نارنگی کا سبق بہت کامیاب رہا۔ کنڈر گارٹن کا دن غیر معمولی طور پر سنسنی خیز تھا۔ خیالات کی وگرد اور تقاریر کی جھنکار سے مدرسہ کا ہال گونج رہا تھا۔ احمد الدین صاحب صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ کاچی گوڑہ نے اپنی نہایت سلجھی ہوئی تقریر میں تمام اعتراضات اور جھگڑوں کا تصفیہ چکا دیا اور اساتذہ کو مشورہ دیا کہ کنڈر گارٹن کے نام یا ظاہری ٹیم ٹام کی پروا نہ کریں بلکہ فروبل کے اصول اور نفس کنڈرگارٹن کو مد نظر رکھکر معمولی مٹی، کاغذ اور لکڑی کی اشیاء سے کام لیں۔ نمونہ کے اسباق کی تیاری میں برہان الدین صاحب مددگار۔ مدرسہ بازار رزیڈنسی کی دلچسپی

طبی معائنہ مدارس یورپ میں جسمانی تعلیم کے ساتھ ساتھ تحتانیہ مدارس کے معائنہ طبی کا بھی خاص طور پر اہتمام کیا گیا ہے۔ انگلستان اور جرمنی میں علاوہ مدارس تحتانیہ کے مدارس ثانویہ میں بھی معائنہ طبی کا انتظام ہے۔ اور ایسے طلبار جن میں جسمانی یا دماغی کمزوریاں پائی جاتی ہیں ان کی تعلیم کے لئے خاص خاص مدارس قائم کئے گئے ہیں۔ ہر دو ممالک میں معائنہ طبی کی کامیابی کا راز یہ ہے کہ اساتذہ اور طلبار کے والدین مدرسہ کے طبیب کے ساتھ قریبی اتحاد عمل رکھتے ہیں۔

والدین طلبار کا اتحاد عمل طلبار کے والدین مدارس کے کام میں خاص دلچسپی لیتے ہیں۔ برلن کے ایک تحتانیہ مدرسہ کے سالانہ جلسہ تقسیم انعامات میں مجھے شریک ہونے کا موقعہ ملا۔ میں نے دیکھا کہ کثیر التعداد طلبہ کے والدین اس جلسہ میں موجود تھے۔ اور یہ منظر نہایت ہی دلچسپ تھا کہ ہر وہ طالب علم جو انعام حاصل کرتا پہلے اپنے والدین کے آگے جاتا تھا کہ وہ اس کا بوسہ لیں اور دعا دیں۔ معلوم یہ ہوتا تھا کہ اساتذہ ہر طالب علم کے والدین سے بخوبی واقف ہیں جرمنی میں طلبار کے والدین کی انجمنیں قائم ہیں جن کا مقصد یہ ہے کہ اساتذہ اور اولیار طلبار کے مابین تعلقات بڑھائے جائیں۔ بعض بعض اوقات اساتذہ اور والدین اس غرض سے مجتمع ہوتے ہیں کہ تعلیمی مسئلوں پر بحث اور مدارس کی ضروریات پر غور وخوض کیا جائے۔

مدارس میں لاسلکی اور سینما کا استعمال انگلستان اور جرمنی کے مدارس میں سینما کا استعمال نہایت ہی شدومد کے ساتھ ہر دلعزیزی اختیار کر رہا ہے۔ اور میرا یہ خیال ہے کہ جرمنی انگلستان کے مقابلہ میں تعلیمی فلس کی پیداوار میں بہت آگے بڑھا ہوا ہے لیکن تعلیمی ذریعہ کی حیثیت سے لاسلکی کی ترقی میں انگریز جرمنوں سے بہت آگے ہیں۔ انگلستان میں لاسلکی کا استعمال بالخصوص غیر زبانوں اور موسیقی کی تعلیم کے لئے نہایت مفید ثابت ہوا برٹش براڈ کاسٹنگ کارپوریشن ہمیشہ لاسلکی اسباق دینے کے لئے

ماہرین فن تعین کرتا ہے۔ مثلاً فرانسیسی کی تدریس میں ہمیشہ ایک مسلمہ قابلیت کا فرانسیسی
مقرر کیا جاتا ہے۔ لاسلکی اسباق کا ماہانہ نظام العمل قبل از قبل شائع کر دیا جاتا ہے۔
اور جن مدارس میں لاسلکی سماع ہوتے ہیں وہ اسی کے مطابق اپنے نظام الاوقات
ترتیب دیتے ہیں لیکن یہ بھی ذہن نشین رہے کہ سینما اور لاسلکی کے ذریعہ اساتذہ کے
تدریس کی تفہیم کی جاتی ہے، اور یہ اس کے بدل استعمال نہیں کئے جاتے ہیں۔

مجلس بین الاقوام کے اصول کی تعلیم | میں نے اپنے اس دوران قیام انگلستان میں یہ
دیکھا کہ وہاں اس امر پر بحث و مباحثہ ہو رہا تھا کہ آیا اصول مجلس اقوام نصاب
مدارس میں شریک کئے جائیں کہ نہیں۔ انجمن ہائے اساتذہ اور ارباب بست و کشاد
عموماً اس بات کی تائید میں تھے کہ یہ اصول طلبا، مدارس کے لئے ضروری قرار دئے
جائیں۔ لیکن میرا خیال ہے کہ محض ان اصول کو داخل نصاب کر دینا شہریوں کی ایک
ایسی جماعت پیدا کرنے کے لئے ناکافی ہے جو آیندہ صلح و امن قائم رکھ سکے۔ یہ
ایک ضروری امر ہے کہ اس مضمون کی تعلیم صرف انہی اساتذہ سے دلوائی جائے
جو حقیقت میں اصول کے سچے پیرو ہیں۔

مذہبی تعلیم | انگلستان۔ جرمنی اور سوئٹزرلینڈ میں ماہرین تعلیم اس بات کے
عام طور پر مخالف ہیں کہ مدارس میں مذہبی تعلیم دی جائے۔ ان ماہرین کا خیال ہے کہ
مذہبی تعلیم اس آزادی کی ہم آہنگ نہیں ہے۔ جو تعلیم کے لئے نہایت ضروری ہے
اور ان کے خیال کے مطابق یہ بہتر ہے کہ بچوں کو چھوڑ دیا جائے کہ وہ بڑے ہو کر
خود مذہب کے مسئلہ پر غور کریں۔

مابعد ابتدائی تعلیم | ایک اور میلان یہ ہے کہ ابتدائی تعلیم کے بعد مختلف نصاب
مختلف صلاحیتوں والے طلبار کے لئے مقرر کئے جاتے ہیں ابتدائی تعلیم کے اختتام
پر معمولی امتحانات کے علاوہ تعلیمی آزمائشوں کے ذریعہ سے آیندہ تعلیم کے لئے طلبا کا

اس مہمان نوازی کے لئے جو اثنار قیام انگلستان میں کی گئی تھی شکریہ ادا کیا اس کے بعد آپ نے تعلیم کے ان جدید رجحانات کا ذکر کیا جو حالیہ سفر یورپ کے دوران میں آپ نے ملاحظہ فرمائے۔ اولاً آپ نے اصول فعلیت پر بحث کی اور فرمایا کہ فعلیت سے یہ مطلب ہے کہ طلبار کو اپنے حواس اور اعضار و جوارح سے کام لینے کے لئے بیشتر مواقع دے جائیں۔ اس اصول کے مدنظر مدرسہ کا فریضہ صرف یہی نہیں ہے وہ محض معلومات کا ذخیرہ طلبار کے دماغوں میں اکٹھا کردے بلکہ ذاتی عمل اور ذاتی اظہار کی قوت کے ذریعہ ان کی باطنی صلاحیتوں کو ترقی دے واضعین اصول مذکور کا یہ خیال ہے کہ بچے کو اپنی ذاتی تجربوں سے معلومات حاصل کرنا چاہیئے نہ کہ محض دوسروں کے کہنے سے۔ اور اس کو یہ معلوم ہونا چاہیئے کہ اس کو کیا کرنا ہے یعنے اس کا مقصود کیا ہے اس کے بعد وہ اُن کو حاصل کرنے کیلئے وسائل و ذرائع منتخب کرے۔ اور اپنی ہی کوششوں کے وسیلے سے غلطیوں میں سے گزر کر حقیقت تک پہنچنے کا راستہ دریافت کرلے۔ آلات تعلیمی پر بہت زور دیا جاتا ہے۔ منشار یہ ہے کہ کم سے کم آلات ہی کے ذریعے زیادہ سے زیادہ مہارت۔ صلاحیتیں اور کام میں مسرت اور خوشی کی بڑی سے بڑی مقدار حاصل ہو۔ مجھے کسی ایسے مدرسہ کے دیکھنے کا موقع نہیں ملا جس میں بالکلیہ ان اصول کے تحت تعلیم دی جاتی ہے۔ لیکن میں نے برلن کے چند تحتانیہ مدرسوں کے کارخانوں میں "اصول فعلیت" کی عمل پیرائی کا مشاہدہ ضرور کیا ہے۔ ان مدارس میں دستکاری کی تعلیم کو اسی قدر اہمیت حاصل ہے جس قدر کہ نصاب تعلیم کے دیگر مضامین کو اور دستکاری صرف اسی لئے نہیں سکھلائی جاتی کہ بچوں میں ہنر اور لطافت طبع پیدا ہو بلکہ اس لئے بھی کہ دوسرے مضامین مثلاً جغرافیہ طبعیات وغیرہ میں اس سے مدد لی جائے۔ مدارس باغبانی بھی اسی اصول پر قائم کئے گئے ہیں، کیونکہ یہ تسلیم کرلیا گیا ہے کہ تعلیم مطالعہ فطرت مدرسہ کے کمروں میں نہیں دیجا سکتی اور اسی وقت بارآور

ہوسکتی ہے جبکہ عملی طور پر باغ میں دی جائے۔

جسمانی تعلیم | دوسرا میلان جسمانی تعلیم کی قدردانی ہے۔ میدانی کھیلوں نے انگریزی مدارس میں جو اہمیت پیدا کرلی ہے اس کو دنیا جانتی ہے۔ لیکن ہندوستان میں بہت کم لوگ ایسے ہیں جو یہ جانتے ہیں کہ انگلستان میں لڑکیوں کی جسمانی تربیت کا اتنا ہی مکمل انتظام ہے جتنا کہ لڑکوں کا۔ اسی سلسلہ میں نسوانی برگمن آسٹربرگ فزیکل ٹریننگ کالج کا ذکر جو ڈارٹفورڈ واقع کینٹ میں ہے خالی از دلچسپی نہ ہوگا۔ صدر کلیہ مذکور نے شہنشاہی تعلیمی کانفرنس کے نمایندوں سے اس کے معائنہ کی درخواست کی تھی یہ کلیہ ان لڑکیوں کے لئے ایک اقامتی درس گاہ کا کام دیتا ہے جو نسوانی مدارس میں جسمانی تعلیم کی معلمات بننا چاہتی ہیں۔ اس میں بڑے بڑے میدان اور تین جمنازیم ہیں علاوہ جسمانی تعلیم یعنے ورزش، کھیل، رقص و پیراکی کے لڑکیوں کو اصول و عمل تعلیم عضلیات، تشریح الابدان حفظان صحت، طبی ورزش۔ اور مالش و علاجی ورزش کی نظری و عملی تعلیم دی جاتی ہے نصاب تعلیم تین سال کا ہے۔ لڑکیوں کو کلیہ میں جن جسمانی ورزشوں کی تعلیم دی جاتی ہے اُس کا انھوں نے ہمارے آگے مظاہرہ کیا۔ ان میں سے بعض تو ان ورزشوں سے زیادہ محنت طلب تھے جو ہندوستان کے مدارس ذکور کی اعلیٰ جماعتوں کے لئے مقرر کئے گئے ہیں۔ طالبات کی صحت قابل رشک تھی۔ اقامتی طریقہ اور اس عام توجہ کا نتیجہ جو اس درسگاہ میں ذہنی نشو و نما اور تعمیر کردار پر صرف کی جاتی ہے یہ ہے کہ ان کے معلومات نہایت وسیع ہیں اور ان کے اخلاق دلنواز ہیں۔

جرمنی کے ہر مدرسہ کے لئے ایک مکمل جمنازیم اور ایک تربیت یافتہ (ٹرینڈ) معلم ورزش جسمانی مہیا کیا گیا ہے۔ جنگ کے بعد سے لازمی فوجی تعلیم موقوف ہوجانے کے باعث جرمنی میں جسمانی ورزشوں پیراکی نفسی ورزشوں، میدانی کھیلوں اور تعلیمی سیر و سیاحت کو مزید اہمیت حاصل ہوگئی ہے۔

اور کاوشیں قابلِ تحسین ہیں۔

شاخ اسلامیہ ہائی اسکول سکندر آباد تعلیمی سیر و سیاحت، فن سوالات اور کتب خانہ مدرسہ کے عنوانات پر پُر جوش مباحثے ہوئے۔ تعلیمی سیر و سیاحت کے متعلق۔ بی ایس آر صاحب نے فرمایا کہ تعلیم جدید اسی وقت مفید و موثر ہو سکتی ہے جبکہ مدرسین کتابوں کی چار دیواری میں نہ بند رہیں، بلکہ باہر نکل کر مظاہر قدرت کی مدد سے علوم نصابی کی تعلیم دیں قیام انجمن اتحاد باہمی کے مسئلہ پر خوب بحثیں ہوئیں اور مالی امداد کی توقع نے زندگی و زندہ دلی پیدا کر دی تھی۔

شاخ وسطانیہ شاہ گنج سال زیر رپورٹ میں نو جلسے ہوئے اور ہر جلسہ میں اساتذہ مرکز نے کافی دلچسپی لی۔ ہر عنوان پر قیمتی آرا کا اظہار کیا گیا۔ تختہ سیاہ، سوالات پر نمونہ کے سبق دئیے گئے دستکاری کے بارہ میں عام خواہش تھی کہ اسے شریک نصاب کیا جائے۔

شاخ نامپلی ہائی اسکول پہلے جلسہ میں مہدی حسن صاحب زبیری۔ بی۔ اے۔ بی۔ ٹی۔ مددگار ٹریننگ کالج بلدہ نے اپنی تقریر میں فرمایا کہ تعلیمی سیر و سیاحت سے جماعتی تعلیم حقیقی اور دلکش ہو جاتی ہے۔ طریقہ سوالات کے عنوان پر مصطفےٰ حسین صاحب مددگار مدرسہ نے نہایت عمدگی سے نمونہ کا سبق دیا۔ راما نوجاچاری صاحب بی۔ اے۔ بی ٹی نے فرمایا کہ سوالات سے نہ صرف طلباء کے حافظہ کی آزمائش ہوتی ہے۔ بلکہ بچوں میں عادتِ فکر اور جماعت میں ڈسپلن پیدا ہوتا ہے۔ تختہ سیاہ کے فوائد بھی نمونہ کے سبق کے ذریعہ واضح کئے گئے۔ انجمن اتحاد باہمی کا قیام ہر تحتانیہ وسطانیہ فوقانیہ مدارس میں ضروری خیال کیا گیا۔ محمد میر صاحب مددگار مدرسہ فوقانیہ انگریزی چادر گھاٹ نے گنڈر گارٹن پر نہایت دلچسپ و مفید لکچر دیا چاری صاحب صدر مدرس مدرسہ کی غیر معمولی دلچسپی کی وجہ سے ہر جلسہ کامیاب ہوا۔ اور مدرسین جلسوں سے عمدہ خیالات اور مفید معلومات کا ذخیرہ لے کر واپس گئے۔

شاخ محبوب کالج سکندرآباد۔ دوران سنہ ۱۳۳۶ف میں انجمن اساتذہ کے ۹ جلسے ہوئے جن میں اراکین نے بے حد مسرت اور دلچسپی کے ساتھ حصہ لیتے رہے آر۔ وی کرشنا سامی صاحب نے کتب خانوں کی تدریجی ترقی پر روشنی ڈالتے ہوئے فرمایا کہ کتب خانے وسعت معلومات کا باعث ہیں۔ اور اگر ان کا وجود نہ ہوتا تو اس قدر سرعت کے ساتھ جو علمی ترقیاں اب تک ہوئی ہیں وہ ہرگز نہ ہوتیں۔ پرشوتم صاحب نے اپنی افتتاحیہ تقریر میں کنڈرگارٹن کی ابتدائی مشکلات اور فروبل کی جدوجہد کا ذکر کیا اور فرمایا کہ "ذاتی سعی بستان الاطفال کا اصلی راز ہے"۔

شاخ بلارم۔ اس شاخ کے جلسے اے۔ وی۔ ہائی اسکول کے ہال میں منعقد ہوئے گو اصولاً جلسوں کی صدارت لوکل سکرٹری کے حصہ میں آئی ہے؛ لیکن اے شیوا شنکرن صاحب معتمد مقامی اس عزت میں دوسرے صدر مدرسین و اساتذہ کو شریک کرتے رہے۔ باہر کے لوگوں کو جو تعلیم سے دلچسپی رکھتے ہیں مدعو کیا جاتا تھا۔ اس طریقہ عمل سے جلسوں میں بڑی سرگرمی پیدا ہو جاتی تھی بار بار کی ملاقاتوں سے اساتذہ اور بیرونی اصحاب کے مابین نہایت خوشگوار اور نتیجہ خیز مراسم و ارتباط قائم ہو گیا ہے۔

شاخ آصفیہ ہائی اسکول شاخ آصفیہ ہائی اسکول میں (۶) جلسے ہوئے جلسوں میں اساتذہ نے بڑی دلچسپی و جوش کا ثبوت دیا۔ اور ہر عنوان پر قابلیت کے ساتھ تفصیلی بحثیں ہوئیں فدا حسین صاحب بی۔ اے۔ صدر مدرس عبدالحمید خاں۔ بی۔ اے۔ سکنڈ ماسٹر علی احمد خاں۔ بی۔ اے قادر حسین خاں اور منیر الدین صاحب نے جلسوں کو کامیاب بنانے میں نمایاں حصہ لیا۔

شاخ وسطانیہ گولکنڈہ سنہ ۱۳۳۶ف صرف چار جلسے ہوئے کتب خانہ کے عنوان پر سرگرم مباحثہ ہوا مقررین نے زور دیا کہ طلبا کو کتب خانہ میں بیٹھنے کے لئے مجبور نہ کرنا چاہئے بلکہ اس میں ایسی کشش و دلآویزی پیدا کرنا چاہئے کہ وہ خود ہی کتب خانہ میں گھسے رہیں۔ تعلیم تو جماعت میں کافی ہو جاتی ہے اس لئے بچوں کو کتب خانہ میں من مانے

طور پر پڑھنے دیا جائے تاکہ تخیل و کردار کی تعمیر ممکن ہوسکے۔
شاخ وسطانیہ چنچل گوڑہ کل (۸) جلسے ہوئے اور ارکین ہر جلسے میں انہماک و سرگرمی کے ساتھ حصہ لیتے رہے فصیح الدین صاحب صدر مدرس تحتانیہ رین بازار نے نہایت شرح و بسط سے طریقۂ سوالات پر تقریر فرمائی اور مختلف مضامین نصاب کی تعلیم میں سوالات کی جگہ غایات اور حد بندی بتائی۔ بہادر حسین صاحب صدر مدرس تحتانیہ الاوہ یتیماں نے ایک عام شکایت کی ترجمانی کی اور کہا کہ مدارس تحتانیہ میں جو کتب خانہ ہے وہ اس نام کا مستحق نہیں ہے لیکن سب سے زیادہ مفید و سودمند وہ نمونہ کا سبق تھا جو عظیم الدین صاحب نے تختہ سیاہ کے استعمال پر دیا۔ انجمن اتحاد باہمی کے سلسلہ میں یہاں بھی سود کا مسئلہ "بستر خار" بنا رہا۔ دستکاری کے متعلق بیان کیا گیا کہ نفسیاتی تحقیقات نے ثابت کر دیا ہے کہ انگلیوں کے اعصاب اور نخاعی مرکزوں میں قریبی تعلق ہے۔ اور ہاتھ سے کام کرنے سے ذہن پر گہرا نقش جمتا ہے اس سلسلہ میں پرکاش راؤ صاحب اور لئیق احمد صاحب نے بچوں کے ہاتھ کے بنے ہوئے خوشنما کاغذی پھول وغیرہ دکھائے۔
شاخ وسطانیہ گوشہ محل شرکا کی حاضری تشفی بخش تھی اور مقررین کی کمی نہ تھی اس لئے تمام جلسے دلچسپ و کامیاب رہے۔ طریقہ سوالات اور تختہ سیاہ کے عنوان پر زوردار تقریریں ہوئیں۔ لیکن افسوس ہے کہ تعلیم کے ان دو اہم ذرائع کو جن سے مدرسین کو روزمرہ کام پڑتا ہے نمونہ کے اسباق سے واضح نہیں کیا گیا۔
شاخ وسطانیہ شاہ علی بنڈہ شاخ وسطانیہ شاہ علی بنڈہ میں (۸) جلسے ہوئے۔ تعلیمی تفریح پر تبادلۂ خیالات نتیجہ خیز ثابت ہوا اور مرکزی مدرسہ کے ایک مدرس صاحب اس نئے ذریعۂ تعلیم کا تجربہ کرنے کے لئے لڑکوں کو گولکنڈہ لے گئے پرچوں کی جانچ کی نسبت متفقہ خیال یہ تھا کہ غلطیوں کی اصلاح نہ کی جائے۔ بلکہ صرف خط کشیدہ کر دیا جائے اور طلبا سے ان پر غور و فکر کرنے اور خود تصحیح کرنے کے لئے کہا جائے ضروری ہیں دو اہم تحریکیں۔

پیش ہوئیں قیام انجمن اسپورٹس برلئے اساتذہ بلدہ و انتخاب مدرسین برائے نگرانکاری امتحانات سرکار عالی۔ تختہ سیاہ کے متعلق کہا گیا کہ دوران سبق میں اس کا استعمال ہو اور اس کو صاف رکھا جائے اور اس پر خوشخط لکھا جائے۔

دستکاری پر بحث کرتے ہوئے مقررین نے اظہار افسوس کیا کہ آج کل سب لوگ ملازمت پر تلے ہیں، اور دستکاری کی طرف کوئی توجہ نہیں کرتا حالانکہ قدیم ہندوستان میں مرد اور عورتیں کم از کم ایک ہنر جانتی تھیں۔

شاخ وسطانیہ متعدپورہ تعلیمی تفریح پر اس شاخ میں بھی بہت زور ڈالا گیا۔ اجتماعی سوالات کا بڑا فائدہ یہ بتایا گیا کہ طلباء کی توجہ قائم رہتی ہے۔ کاپیوں کی جانچ کے لئے خیال ظاہر کیا گیا کہ صرف جواب کی غلطی نہ دیکھی جائے۔ بلکہ عمل کا بھی لحاظ کیا جائے۔ قیام انجمن اتحاد کے سلسلہ میں سود کا سوال پیدا ہو گیا۔ لیکن عام رائے یہ تھی کہ جب دوسرے کاروبار میں روپیہ کے ذریعہ روپیہ حاصل کیا جاتا ہے تو قوم و ملک کو فائدہ پہونچانے والا نفع بدرجہ اولیٰ جائز ہونا چاہیئے لیکن کنڈرگارٹن کی متفقہ طور پر مخالفت کی گئی اور خوف ظاہر کیا گیا کہ ہندوستان میں اس طریقہ تعلیم کی بارآوری محال ہے کیونکہ چھوٹے بچوں کی تعلیم کے لئے عورتیں زیادہ موزوں ہیں۔ اور ہندوستان میں معلمات کی قلت ہے۔

شاخ وسطانیہ دارالشفاء تعلیمی تفریح کے متعلق مشتاق احمد صاحب نے فرمایا کہ اس کی کامیابی بڑی حد تک اولیاء طلباء کی مالی اتحاد عمل پر منحصر ہے طریقہ سوالات پر عباس علی صاحب نے نمونہ کا سبق دیا جو بہت دلچسپ اور فائدہ بخش تھا۔

شاخ فوقانیہ دارالعلوم بلدہ تعلیم ڈرائنگ کے عنوان پر عبدالرزاق صاحب ڈرائنگ ماسٹر نے تقریر کی اور کہا کہ ملک کی ترقی کے لئے صنعت و حرفت کی ضرورت ہے اور صنعت و حرفت کی کامیابی ڈرائنگ پر موقوف ہے حسام الدین صاحب فاضل نے احادیث کا حوالہ دیکر ثابت کیا کہ نقشہ کشی جائز ہے تعلیمی تفریحوں کی ضرورت بالاتفاق محسوس کی گئی طریقہ

شذرات

ریاست باڑیہ میں وائسرائے کی تقریر ہندوستان جیسے زراعتی ملک میں اتنے طول طویل عرصہ تک خالصۃً ادبی و نظری تعلیم کا دور دورہ قضا و قدر کی ستم ظریفی تھی۔ نصاب تعلیم اور قوم کی ضروریات زندگی میں جو بیّن تفاوت تھا اور ایک حد تک باقی ہے وہ ترقی تعلیم کی رفتار میں سنگ راہ ثابت ہوا ہے۔ برسوں کی چیخ پکار اور ڈیڑھ صدی کی ناکامیوں کے بعد آخر کار حکومت نے زرعی اور پیشہ وری تعلیم کی اہمیت محسوس کی اور اب ہندوستان میں جا بجا فنی مدارس کھولے جا رہے ہیں اور نصاب میں زرعی و پیشہ وری تعلیم کو جگہ دیجانے لگی ہے۔ دیسی ریاستیں بھی اس قومی تحریک سے بے خبر نہیں ہیں ریاست باڑیہ ان ریاستوں میں سے ہے جو اپنی رعایا کے جان و مال کے تحفظ کے ساتھ ساتھ ان کی ذہنی و روحانی نشو و نما کو اپنی پالیسی کا نصب العین سمجھتی ہیں۔ سر رنجیت سنگھ ہائی اسکول کا سنگ بنیاد رکھنے کے موقعہ پر ہز اکسلنسی وائسرائے بہادر نے ریاست کی روز افزوں تعلیمی ترقی پر مہاراجہ بہادر کو مبارکباد دیتے ہوئے فرمایا "ابتدائی تعلیم کو زرعی رنگ دینے کی جو قابل قدر اسکیم آپ نے تجویز کی ہے وہ ایسی پالیسی کی بنا رہے جس کی نیک پاشیاں مرور زمانہ کے ساتھ ساتھ بڑھتی جائیں گی۔ تعلیم کا اصلی مقصد انسان کو اس قابل بنانا ہے کہ وہ اپنے ماحول سے پورا پورا فائدہ اٹھا سکے۔ مجھے یقین ہے کہ جس قسم کی فنی تعلیم کی ابتدا آپ نے کی ہے وہ ہندوستان جیسے زراعتی ملک میں غیر معمولی اہمیت رکھتی ہے۔ تعلیم یافتہ کسان کا تصور قرون وسطی کی قدیم فرقہ بندیوں سے جداگانہ ہے جن میں اونچی ذات والے زمیندار اور نیچی ذات والے کسان کی تفریق تھی۔ بہ نسبت اُن گوناگوں امتیازات کے جو انسان اور انسان کے مابین آج کل نظر آتے ہیں۔

یہ تصور جدید جمہوریت کے اصول کے زیادہ مطابق ہے۔

میرا خیال ہے کہ متوسط طبقہ کی بیکاری کے خاص اسباب میں سے ایک سبب جو موجودہ ہندوستانی زندگی کا روح فرسا رُخ ہے، یہ ہے کہ تعلیم یافتہ نوجوان اپنے وطن کو واپس جانے اور اپنے معلومات سے کام لینے میں پہلو تہی کرتے ہیں۔"

جامعۂ بنارس کا دسواں جلسۂ تقسیم اسناد جامعہ بنارس کے دسویں جلسۂ تقسیم اسناد میں پنڈت مدن موہن مالویہ نے ہندی میں خطبہ پڑھا اور جامعہ میں دیسی زبان کو ذریعہ تعلیم بنانے کی امید ظاہر کی۔

عجیب و غریب کتا کولمبیہ میں ایک اعجوبۂ زمانہ کتا ہے۔ اس کا نام فیلو ہے اور جرمن گلہ بان نسل کا طاقتور جانور ہے۔ یہ عجیب و غریب کتا تین سو الفاظ سمجھتا ہے اور بارہا آزمایشوں میں کامیاب ہو چکا ہے۔ اس کے مالک مسٹر جیکب ہربرٹ نے اس کو چار سال میں تعلیم دی ہے۔ اس کی عمر ۹ سال کی ہے حالانکہ اس کی سمجھ آٹھ سال کے بچے کے برابر ہے۔

فیلو ہر حکم کی پوری پوری تعمیل کرتا ہے۔ یہ ضرور نہیں ہے کہ حکم بالمواجہ یا ایک ہی لہجہ میں یا اشاروں کی مدد سے دیا جائے۔ مسٹر ہربرٹ نے مختلف لہجوں میں اور دروازہ پیچھے کھڑے ہو کر آواز دی لیکن فیلو اچھی طرح سمجھ گیا اور حرف بحرف تعمیل کی۔

معدہ کی چوری "ڈی کوئنسی" کی بلاغت نے "قتل" کو فنون لطیفہ میں شامل کرا دیا لیکن "چوری" کا فن کس مپرسی کا شکار بنا رہا اور سوائے ظفر عمر صاحب کے "چوروں کے کلب" کے دوسرے مہذب و علمی حلقوں میں مقبول نہ ہوا۔ سائنس کی ہمہ گیر سرپرستی نے دوسرے علوم و فنون کیساتھ اسے بھی اُچھالا۔ حال میں فرانس کے ایک ڈاکٹر نے مریض کا معدہ چرالیا۔

کسی کے وہم وگماں میں بھی نہ آتا ہوگا کہ معدہ کی چوری ممکن ہے لیکن طرفہ تر واقعہ تو یہ ہے کہ مریض اب تک زندہ ہے۔ ڈاکٹر رن نے مریض کی بالائی انتڑیوں کو نلوں سے جوڑ دیا ہے اور کہتے ہیں کہ مریض کو جان کا خطرہ نہیں ہے

سینما کمیٹی کچھ عرصہ سے تعلیمی حلقوں میں سینما کو بیحد اہمیت دی جا رہی ہے امپیریل ایجوکیشنل کانفرنس لنڈن میں اس کے تعلیمی فوائد پر مضامین پڑھے گئے مسٹر ایسکوتھ نے امپیریل انسٹیٹیوٹ کی صدارتی تقریر میں سینما کی تعلیمی اہمیت پر بہت زور دیا۔ حیدرآباد میں انجمن اتحاد باہمی نے تعلیمی فلمز کی تیاری اور نمائش کے بارہ میں ایک قیمتی تجویز پیش کی ہے اور مولوی سید علی اکبر صاحب ایم اے نے یوروپ سے واپسی پر اپنی تقریروں سے سینما کو تعلیم کا خبر ولا ینفک ثابت کر دیا ہے اب حکومت ہند نے ایک سینما کمیٹی مقرر کی ہے جو ہندوستان کے صوبوں میں دورہ کر کے تحقیق کر رہی ہے کہ ہندوستانی مدارس کے لئے کس قسم کے فلمز مفید ہوں گے اور کس حد تک۔

قلب شجر اب ہر شخص جانتا ہے کہ جسم حیوانی کی طرح جسم شجر میں بھی اعصابی ریشوں کا جال بچھا ہوا ہے۔ اور جانداروں کی طرح پودوں میں بھی احساس ہے لیکن عرق شجری کا دوران بہت دنوں تک عقدہ لاینحل بنا رہا۔ آخر کار یہ گتھی بھی سلجھ گئی۔ بوس انسٹی ٹیوٹ کے جلسہ میں سر جے۔ سی بوس نے یہ دکھا دیا کہ عرق شجری اور خون حیوانی کا دوران ایک ہی اصول کا تابع ہے اور جس طرح دل کی حرکت سے خون سارے جسم میں دوڑتا ہے اسی طرح پودے میں بھی عرق شجری قلب کے سکڑنے اور پھیلنے سے شاخوں۔ ڈالیوں اور پتوں تک پہونچتا ہے۔ فرق صرف صوری ہے۔ حیوانی دل چھوٹا اور گٹھیلا ہوتا ہے اور اس کی ساخت پیچیدہ ہوتی ہے لیکن پودے کا دل لمبوترا اور تنہ کے اندرونی حصہ میں دور تک پھیلا ہوتا ہے۔ حیوانی و شجری

دلوں کے انداز عمل میں بیحد مماثلت ہے۔ اس مماثلت سے بڑی طبی توقعات وابستہ ہیں کیونکہ بہت سے تجربات، جو ترقی طب کے لئے ضروری ہیں، انسانوں پر نہیں کئے جا سکتے مگر بندروں پر بآسانی ممکن ہیں۔

بتاریخ ۹ و ۱۰ اردی بہشت ۱۳۳۷ف مدرسہ وسطانیہ قصبہ سداسیو پیٹھ کا جلسہ سالانہ بصدارت جناب مولوی شیخ ابوالحسن صاحب بی اے۔ ایل ٹی مہتمم تعلیمات ضلع میدک منعقد ہوا۔ ساہوکاران اور معززین مقامی سے مدرسہ کھچا کھچ بھر گیا تھا۔

جلسہ کا آغاز قرأت اور شلوک سے ہوا اس کے بعد صدر مدرس اور بعض اساتذہ و طلبا نے تعلیمی مضامین پر اردو تلنگی اور انگریزی میں تقاریر کیں۔

ساہوکاران اور ڈاکٹر پی گنیش صاحب میڈیکل افیسر کی جانب سے فٹ بال ڈریس جو تقریباً ۵۰ روپیہ کی لاگت سے تیار کرایا گیا تھا پیش کیا گیا اس کے علاوہ حسب ذیل حضرات نے مستحقین کے لئے انعامات عطا کئے۔

مولوی شیخ ابوالحسن صاحب بی اے ایل ٹی (۶۰) جلد کتب درسی متفرق
" محمد عبدالمتین صاحب ٹی ڈی صدر مدرس (۳) جلد انگریزی کتب و تھرماس وغیرہ
" مرزا غلام مصطفٰے بیگ صاحب اول مددگار ایک نقروی تمغہ۔
مسٹر کاچم بانیا صاحب ساہو "
مولوی محبوب علیشاہ صاحب مددگار ایک جلد تعلیم القرآن

بتاریخ ۱۰ اردی بہشت ۱۳۳۷ف بازیگاہ پر اسپورٹس اور فٹ بال ہوا انعامات تقسیم کئے گئے اس کے بعد مدرسہ کی جانب سے معززین مقامی کو اٹ ہوم دیا گیا جن میں مولوی ضیاء الحق صاحب مددگار مہتمم تعمیرات ضلع بھی شریک تھے۔

دوسرے دن صبح کو تعلیمی انعامات و عالیجناب نواب صدر اعظم بہادر کے عطیہ ۵ (جو بابت دورہ عطا فرمائے گئے تھے) کی شیرینی تقسیم کی گئی۔

پبلک خود روپیہ جمع کرکے اپنی ضروریات کو پورا کرے گی۔

شرکار کانفرنس کا مجمع مدرسین کا مجمع ہے۔ اس لئے میں ان کو فرائض کے متعلق کچھ کہنا چاہتا ہوں مدرسین کا پہلا فرض یہ ہے کہ وہ اپنے فن سے خوب واقفیت حاصل کریں۔ تعلیم اب ایک سائنس بن گئی ہے۔ انگلستان اور جرمنی میں متعلمین کی ذہنیت اور ان کے محلے دماغی کا معیار مقرر کیا جاتا ہے۔ تب کہیں ان کو ادنیٰ یا اعلیٰ تعلیم دی جاتی ہے۔ فن طب کی واقفیت کے بغیر کسی مرض کا علاج معالجہ کرنا حماقت آمیز نتائج پیدا کرتا ہے۔ اگر مدرسین اپنے فن سے واقف نہ ہوں تو روحانی علاج کیسے ممکن ہوگا۔ یورپ میں نارمل سکول کا نصاب تین سال کا ہوتا ہے۔ ہمارے مدرسین کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ نارمل سکول جاکر کم سے ایک سال تک عملی کی تعلیم حاصل کریں۔ (۲) علم میں دن دونی رات چوگنی ترقی ہورہی ہے۔ جو بات مسلمہ آج ہے کل غلط ثابت ہورہی ہے اس لئے معلومات کے بڑھانے کے لئے مدرسین حضرات کو کتب کا مطالعہ کرنا چاہئے۔ تعلیم ایک سمندر ہے جس کی تہہ نہیں ملتی۔ اکثر مدرسین ملازمت کے بعد کتابوں کا مطالعہ ترک کردیتے ہیں جس کے باعث لڑکوں کو موجودہ حالات کے علم سے مستفید ہونے کا موقع نہیں ملتا (۳) مدرسین کی اخلاقی حالت قابل تقلید ہونی چاہئے جس مدرس کی اخلاقی حالت درست نہ ہو وہ کس طرح لڑکوں کی اخلاقی حالت درست کرسکتا ہے۔ لڑکوں میں تقلید کا مادہ بدرجہ اتم ہوتا ہے مدرس کو چاہئے کہ وہ اپنے آپ کو ایک قابل تقلید نمونہ بناکر لڑکوں کے سامنے پیش کرے۔ اگر مدرس کی اخلاقی حالت خراب ہو تو نہ صرف اس کے ساتھ اس دنیا میں سخت تدارک کیا جاتا ہے بلکہ خدا کے ہاں بھی اس کو اپنی اخلاقی اثرات کا جو لڑکوں پر برے یا بھلے پڑے ہوں جواب دہ ہونا پڑے گا (۴) مدرس کو چاہئے کہ بے تعصب و بے لوث ہو اور مدرسہ کے بچوں کو

اپنے بچے اور قوم کے بچے تصور کرے۔ (۵) اساتذہ کی مالی حالت ان کے اطمینان قلب کے لئے تشفی بخش نظر نہیں آتی۔ اپنی مالی حالت کے درست کرنے میں ان کو ممکنہ تدابیر اختیار کرنا چاہئے۔ مالی حالت کے خراب ہونے سے جسمانی دماغی اور اخلاقی خرابی رونما ہوجاتی ہے۔ اگر مدرسہ میں مدرس کا ذہن نیٹ کے تقاضے یا بیوی بچوں کی فاقہ کشی پر منتقل ہو تو بھلا وہ لڑکوں کو کس طرح تعلیم دے سکے گا۔ (۶) مدرس کو علاوہ تعلیمی فرائض دکاردبار کے ملک کے سوشیل اور سیاسی معاملات میں حصہ لینا چاہئے۔ مدرس یورپ میں قضیہ کا لیڈر اور رہنما ہوتا ہے۔ لوگ ہر معاملہ میں اس سے رائے ومشورہ لیتے ہیں۔ اور وہ ان کے رنج وخوشی میں حصہ لیتا ہے۔ تعلیم نسواں کے معاملہ میں مرد کو اعلیٰ خیالی سے کام لینا چاہئے جب تک عورتوں کو کچھ آزادی نہ دی جائے ان کے قوائے جسمانی دماغی واخلاقی معطل رہیں گے"!

روز اول اجلاس دوم (۱۷ اسفندار۔ سہ پہر)

سوا تین بجے نظم خوانی کے ساتھ دوسرے اجلاس کا آغاز ہوا مولوی شمس الدین احمد صاحب بی اے۔ بی ٹی نے اپنی رپورٹ پڑھی جس میں دور عثمانی کی برکات کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے ملک میں بفضل خدا تعلیم سرعت کے ساتھ عام ہو رہی ہے چنانچہ بے شمار ہائی اسکولس مڈل اسکولس و مدارس تحتانیہ وکالج کے قیام کے علاوہ عثمانیہ یونیورسٹی بھی قائم ہوچکی ہے جو ہر گوشہ ملک کو منور کر رہی ہے اوساں معزز عہدہ دار ومخیر اصحاب کا فرداً فرداً شکریہ ادا کیا جنہوں نے قیام کانفرنس و اسپورٹس ونمایش تعلیمی میں فیاضانہ امداد فرمائی اور خصوصاً مولوی غلام احمد خاں صاحب اول تعلقدار صاحب و نواب اصالت جنگ بہادر اور میر مہدی علی صاحب شہید کے اسمائے گرامی اس وجہ سے عزت کے ساتھ لئے گئے کہ ان ہر سہ ہستیوں نے انجمن کی مالی امداد میں کافی حصہ لے کر اس کے قیام اور کامیابی میں ممکنہ سہولتیں بہم پہونچائیں۔ انجمن اساتذہ کی مختصر تاریخ

ان کی ضروریات زندگی کثیر ہیں۔ جب تک ان کی مالی حالت درست نہ ہوگی ملک کی تعلیمی حالت درست نہیں ہوسکتی۔ حکومت کہاں تک پبلک کی ضروریات کو پورا کرسکتی ہے۔ اہل ملک کی سماجی حالت نہایت ابتر ہے مس میو نے اپنی کتاب میں ہند کی سماجی حالت کا جو ذکر کیا ہے اس کا بیشتر حصہ صحت پر مبنی ہے۔ صرف پچیس فی صدی اس میں مبالغہ سے کام لیا گیا ہے ہمارے لئے اس کتاب کا مطالعہ کرنا نہایت ضروری ہے۔ اس کا مختلف زبانوں میں ترجمہ کیا جائے تو بہتر ہے۔ تاکہ وہ لوگ جو انگریزی زبان سے ناواقف ہیں اس سے مستفید ہوسکیں۔ ہماری سماجی حالت کس قدر افسوسناک ہے کہ غیر ملک کی عورتیں بھی اس پر معترض ہیں۔ حضرات! ان حالات کے تحت جو تعلیمی ترقی ہمارے ملک میں ہورہی ہے بسا غنیمت ہے۔ گزشتہ پچاس سال میں مختلف نظار نے ملک کی تعلیمی حالت کو ترقی دی ہے۔ لیکن دور عثمانی میں نواب مسعود جنگ بہادر ناظم تعلیمات کے زمانے میں بلحاظ تعداد طلبا بلحاظ تعداد مدارس اور بلحاظ اعلیٰ تعلیم کے تعلیمی حالت میں نمایاں ترقی ہوئی ہے جامعہ عثمانیہ اسی زمانہ کی ایک قابل قدر اور قابل تقلید پیداوار ہے۔ تعلیمات کے نصاب تعلیم پر اکثر حضرات معترض ہیں۔ مگر میں آپ حضرات کو یقین دلاتا ہوں کہ تعلیمات کا نصاب نہایت ہی اچھا ہے۔ یہ نصاب یورپ کا ہے صرف فرق اس قدر ہے کہ یورپ کے طلبار کو تعلیم مکمل طور پر دیجاتی ہے۔ اور یہاں کی تعلیم نامکمل طور پر ہو رہی ہے۔ دستکاری کی تعلیم یہاں وسطانیہ میں نہیں دی جاتی۔ دستکاری کی تعلیم دینے اور حاصل کرنے کے لئے نہ حکومت ہی تیار ہے۔ اور نہ ملک زراعت اور

صنعت وحرفت کے لئے زمینات وآلات وغیرہ کی سخت ضرورت ہے اور
اس کے لئے کثیر رقم درکار ہے۔ ملک میں صنعت وحرفت کا زور ہو تو اس کی
تعلیم بھی مفید ثابت ہوگی۔ موجودہ حالت میں صنعت وحرفت کے مدارس
کھولنے کا سوال قبل از وقت ہے۔ البتہ زرعی مدارس چل سکتے ہیں تحتانیہ
کی تعلیم کے بعد زرعی مدارس کے کھولنے کا مسئلہ سررشتہ تعلیمات کے زیر غور ہے
زرعی مدارس کھولدیئے جائیں تو ملک کے افلاس کا مسئلہ ایک حد تک حل
ہوجائے گا۔

یہ اعتراض کہ تعلیمات کے اخراجات کثیر ہیں بالکل غلط فہمی پر مبنی ہے۔ حضرات!
تعلیم ارزاں نہیں ہوسکتی۔ ارزاں وگراں کا سوال ہی بیکار ہے۔ ارزاں کا آخر
مقصد کیا ہے؟ کیا تعلیم دینے کے لئے عمارت نہ ہو یا اساتذہ کم ہوں یا آلات
تعلیم وسائنس کم ہوں! بغیر عمارت کے بغیر اساتذہ کی کافی تعداد کے بغیر آلات
تعلیم نہیں ہوسکتی۔ ان چیزوں کے مہیا کرنے میں سررشتہ تعلیمات ہر ممکنہ
کوشش عمل میں لا رہا ہے سال گزشتہ انگلستان کی تعلیم ثانویہ پر نو ملین پونڈ
(۱۳۵ کروڑ روپیہ) کا صرفہ ہوا ہے۔ اس سے آپ کو اندازہ ہوا ہوگا کہ تعلیم میں
روپیہ کی کس قدر ضرورت ہے۔ جبری تعلیم ہو تو سررشتہ تعلیمات کو ڈیڑھ
کروڑ کی ضرورت ہوگی۔ حضرات! میں جب مدارس کے معائنہ کے لئے جاتا ہوں
اور مدارس کی عمارتوں کی ابتر حالت پر نظر ڈالتا ہوں تو یقین جانئے کہ میں
اپنے آپ کو ایک بڑا مجرم پاتا ہوں مدرسوں میں نہ ہوا آتی ہے۔ نہ روشنی اس سے
لڑکوں کی جسمانی و دماغی قویٰ پر جو مضر اثرات پڑ رہے ہیں ان کو اب یہاں
بیان کرنے کے لئے مجھے وقت نہیں ہے۔ ہمارے ملک کی تعلیم کے لئے دو کروڑ کا
بجٹ ہونا چاہئے۔ ضرورت ایجاد کی ماں ہے۔ ایک وقت ایسا آئے گا کہ

کانفرنس تعلیمی ضلع کریم نگر

کانفرنس تعلیمی ضلع کریم نگر کا انعقاد منجانب انجمن اساتذہ زیر صدارت جناب مولوی محمد حسین صاحب جعفری نائب ناظم تعلیمات سرکار عالی ماہ اسفندار کے ہفتہ سوم میں ہوا کانفرنس مندرجہ ذیل شعبہ جات پر مشتمل تھی ٹورنمنٹ و اسپورٹس ۔ نمائش تعلیمی ۔ اجلاس ہائے کانفرنس ٹورنمنٹ و اسپورٹس کا انتظام نہایت باقاعدہ طور پر کیا گیا تھا اسپورٹس اور ٹورنمنٹ ۱۵ ؍ تا ۲۰ ؍ اسفندار روزانہ صبح و شام ہوتے رہے اور ۲۰ ؍ اسفندار ۱۳۳۷ف کی شام کے چھ بجے کامیاب ٹیموں اور کھلاڑیوں کو شیلڈز کپس طلائی و نقرئی تمغے جناب صدر نشین صاحب نے اپنے ہاتھ سے عطا فرمائے ۔

نمائش تعلیمی کا انتظام مشن اسکول کریم نگر کی عمارت میں کیا گیا تھا اشیاء نمائش ضلع کریم نگر کے جملہ مدارس تحتانیہ وسطانیہ و فوقانیہ کے اساتذہ و معلمات طلباء و طالبات کی تیار کردہ تھیں ۔ ۱۷ ؍ اسفندار ۱۳۳۷ف کو پونے دس بجے جناب صدر نشین صاحب جلسہ نے نمائش تعلیمی کا افتتاح فرمایا نمائش کا قیام مسلسل پانچ روز تک رہا ۔ دو روز صرف خواتین کیلئے مخصوص تھے ۔ بقیہ ایام میں پبلک جوق جوق سامان نمائش دیکھنے کے لئے آتی رہی عمدہ نمونہ جات کے صلہ میں تمغے اور اسناد عطا ہوئے ۔

اجلاس ہائے کانفرنس　　　روز اول اجلاس اول　　　(۱۷ ؍ اسفندار ۱۳۳۷ف)

صبح کے دس بجے قرأت قرآن شریف کے ساتھ کانفرنس کی ابتدا ہوئی ختم قرأت پر جناب مولوی غلام احمد خاں صاحب صدر مجلس استقبالیہ اول تعلقدار ضلع کریم نگر نے حاضرین جلسہ سے جناب صدر نشین صاحب کا تعارف کرایا اور ضلع کریم نگر کی مردم شماری کا ذکر کرکے تعلیمی حالت پر خصوصاً تعلیم نسواں پر اظہار تاسف کیا اور مختلف سررشتوں کے

مقامی عہدہ داران کا جنہوں نے کانفرنس کو کامیاب بنانے میں دامے درمے سخنے قدمے معاونت فرمائی تھی گرم جوشی کے ساتھ شکریہ ادا کیا اس کے بعد صدارت کی تحریک کی گئی جسکی تائید جناب مولوی میر مہدی علی صاحب شہید مہتمم خزانہ ضلع نے کی اور مولوی سید ذوالفقار علی صاحب حقانی کی مزید تائید پر جناب صدر نشین صاحب کرسی صدارت پر جلوہ افروز ہوئے اور ایک جامع بسیط اور فصیح و بلیغ تقریر فرمائی جس کا اقتباس درج ذیل ہے

عام طور پر اس امر کی شکایت کی جا رہی ہے کہ تعلیم میں کوئی نمایاں ترقی نہیں ہو رہی ہے اور جو تعلیم ملک کو دی جا رہی ہے وہ مفید نہیں ہے۔ جن کا یہ خیال ہے ان سے یہ استدعا ہے کہ وہ اس قسم کا الزام سررشتہ تعلیمات پر نہ لگائیں۔ کیونکہ یہ قرینہ انصاف نہیں ہے۔ کسی ملک میں تعلیمی ترقی انفرادی حیثیت سے نہیں ہوتی۔ سماجی، سیاسی اقتصادی اور علمی ترقی کا پہلو بہ پہلو ہونا نہایت ضروری ہے ان کا ساتھ چولی دامن کا ساتھ ہے۔ ملک ایک گاڑی ہے جس کے چار پہیے ہوتے ہیں۔ ممکن نہیں کہ ایک پہیہ کے نکل جانے سے گاڑی خوبی کے ساتھ اپنے فرض کو انجام دے سکے۔

ملک ہند کی سیاسی فضا، ہندو مسلم کی نا اتفاقی و کشیدگی کے باعث بالکل ابتر ہو گئی ہے۔ ہمارا ملک بھی اس متعدی مہلک مرض سے محفوظ نہیں ہے۔ ملک کے افراد "بنی آدم اعضائے یک دیگر اند" کے مفہوم کو فراموش کر چکے اور کر رہے ہیں۔ اہل ہند نے قوم کے معنی غلط سمجھ لئے ہیں۔ حالانکہ یہ غلط ہے۔ انگلستان میں انگریز یہودی وغیرہ سب ملکر ایک قوم کہلاتے ہیں جہاں قوم کا بچہ ہندو یا مسلمان کا بچہ سمجھا جائے گا۔ اس ملک کے افراد میں کس طرح ایثار کا مادہ پیدا ہو سکتا ہے۔ اس کا لازمی نتیجہ یہ ہو گا کہ ہندو اور مسلمان دونوں ایک دوسرے کو خاص خاص باتوں سے محروم رکھنے کی کوشش کریں گے غرض جب تک ملک کی سیاسی حالت درست نہ ہو گی تعلیمی حالت کا ترقی کرنا ناممکن ہے۔ ہمارے ملک کی اقتصادی حالت بھی ناگفتہ بہ ہے۔ پبلک افلاس کا شکار بنی ہوئی ہے اور

پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس کی بنیاد ۱۳۳۵ف میں مولوی سید ذوالفقار علی صاحب صدر مہتمم تعلیمات صوبہ ورنگل کی ہمدردی و رہنمائی سے ڈالی گئی۔ مدت یکسال میں انجمن نے کوئی نمایاں کام نہیں کیا صرف انتظامی جلسوں پر اس کو قناعت کرنی پڑی آغاز ۱۳۳۶ف سے انجمن کی زندگی کا جدید دور شروع ہوا اور مولوی قادر محی الدین صاحب بی۔اے صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ جگتیال کی رہنمائی سے انجمن نے عملی کام شروع کردئے۔ مفید مضامین پر لکچرس اور عملی اسباق کے نمونے ہونے لگے اور صاحب موصوف کے بعد مولوی سید واحد علی صاحب جعفری بی۔اے اول مددگار مدرسہ فوقانیہ کریم نگر کی ان تھک کوششوں سے حالیہ اجلاس کانفرنس اسپورٹس و نمائش تعلیمی کی شکل میں رونما ہوئی بغرض نظر ثانی نصاب تعلیمی مرتبہ کانفرنس صوبہ ورنگل سنہ ۱۳۳۱ف ذیلی مجالس کا انتظام کیا گیا۔ دیسی کھیلوں کا نصاب مرتب ہوا حفظان صحت کی تعلیم کے لئے مولوی واجد علی صاحب صدر مدرس پداپلی سے ایک کتاب مرتب کرائی گئی اور پندرہ موزوں مقامات پر انجمن کی شاخیں قائم ہوئیں ختم رپورٹ پر کل عہدہ داران و اراکین انجمن و کارپردازان کانفرنس کا شکریہ ادا کیا گیا اس کے بعد ڈاکٹر عبدالملک صاحب سول سرجن ضلع کریم نگر نے اصول حفظان صحت و طبی معائنہ مدارس پر ایک مضمون پڑھا اور مولوی ضمیر عباس صاحب مددگار مدرسہ جگتیال کے مضمون "فطری تعلیم حقیقی تعلیم ہے" پر جلسہ روز اول ختم ہوا۔

روز دوم اجلاس اول (۱۸ اسفندار۔ ۱۱ ساعت)

بھجن اور نظم کے بعد مولوی سید تفضل حسین صاحب صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ نتھنی نے مدارس میں موزوں پیشوں کی تعلیم پر نہایت دلچسپ مضمون پڑھا اور بتلادیا کہ پیشہ و ہنر کی تعلیم کا فقدان قوم کے حق میں کس قدر تباہ کن ثابت ہو رہا ہے مولوی غلام احمد خاں صاحب اول تعلقدار نے "جدید طریقہ تعلیم" پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ حقیقی تعلیم وہی ہے جس کا تعلیمی طریقہ صحیح ہو یہی وجہ ہے کہ غیر اصولی تعلیم و تربیت سے بچوں کے

قوائے دماغی تباہ ہوئے جاتے ہیں اور دینی تعلیم پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اگر بچوں کو دینی معلومات صحیح طور پر بہم نہ پہونچائے جائیں تو وہ بدچلن دوستوں کے میل جول سے تباہ ہوجائیں گے۔ اس کے بعد مولوی شمس الدین احمد صاحب مہتمم تعلیمات نے کھیل اور تعلیم پر تقریر کرتے ہوئے اس امر کو ثابت کیا کہ بچوں کی ترقی تعلیم و تربیت اسی کھیل ہی میں مضمر ہے

روز دوم اجلاس دوم (۱۸ اسفندار وقت سہ پہر)

نظم خوانی کے بعد مولوی اعظم صاحب صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ کورٹلہ نے "پراجکٹ متھڈ" پر مضمون سنایا اور مولوی قادر محی الدین صاحب صدر مدرس مدرسہ جگتیال نے ہندوستان کی قدرتی تقسیم پر جغرافیہ کا عملی سبق دے کر اس میتھڈ کی توضیح کی جس سے جدید طریقہ تعلیم کے متعلق حاضرین کے خیالات میں خاص تبدیلی پیدا ہوئی۔

روز سوم اجلاس اول (۱۹ اسفندار۔ ۱۱ ساعت

جلسہ کی کارروائی نظم خوانی سے شروع ہوئی اور مولوی سید جعفر علی صاحب صادق نے صنعت توشیح میں ایک قصیدہ حضرت اقدس و اعلیٰ کی مدح میں پڑھ کر سنایا۔ اس کے بعد مولوی ذوالفقار علی صاحب حقانی صدر مہتمم تعلیمات نے جناب صدر نشین صاحب اوران عہدہ داران مقامی و دیگر معزز حاضرین کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے انعقاد کانفرنس میں اپنی مالی امداد و ہمدردی کا ثبوت دیا اور حضرات مدرسین سے مخاطبت کرکے اس امر کا اطمینان دلایا کہ سررشتہ تعلیمات مدرسین کی مالی مشکلات کو ہلکا کرنے کی کوشش کر رہا ہے اس کے بعد رام کشن رائو صاحب بی۔ اے۔ بی ٹی ناظر مدارس جگتیال نے "خاموش پڑھائی" پر انگریزی طلبا ر سکنڈ فارم کو عملی سبق دیا اور "پراجکٹ متھڈ" پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ نیز مولوی اعزاز الدین صاحب صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ سرسلہ نے "اخلاقی تعلیم" پر ایک مضمون پڑھا۔ اجلاس کانفرنس کے کل امور طے ہوچکنے کے بعد مولوی میر باسط علی خانصاحب بی اے بیرسٹرایٹ لا ناظم عدالت ضلع نے باجازت صدر نشین صاحب ایک تقریر کی جس

صاحب موصوف نے تعلیمی معاملات میں پبلک کی عدم دلچسپی کو ظاہر کرتے ہوئے بورڈنگ ہوز کی عدم موجودگی کے متعلق اظہار تاسف کیا اور پبلک سے اپیل کی کہ بلا امداد سرکار ایک بورڈنگ ہوز کے قیام کی فکر کریں جس میں قوم کے ہونہار طلباء اطمینان کے ساتھ تعلیم حاصل کر سکیں۔

روز سوم اجلاس دوم (۱۹؍اسفندار۔ وقت سہ پہر)

حسب تفصیل ذیل رزولیوشن بعد بحث و مباحثہ پیش ہوئے اور بغلبہ آرا منظور ہوئے

(۱) "چونکہ موجودہ نصاب طبقہ نسواں اپنے مقاصد کے حصول میں ہر طرح ناکام ثابت ہوا ہے اس لئے مدارس نسوان کی ضروریات کے لحاظ سے علیحدہ نصاب مرتب ہونا چاہئے"۔

(۲) "مدارس میں دیسی کھیلوں کو رائج کیا جائے اور ان کا نصاب بھی مرتب کیا جائے۔

(۳) "دیہاتی مدارس میں مبادیات زراعت و باغبانی کی تعلیم لازمی قرار دی جائے۔

آخری اجلاس (۲۰؍اسفندار۔ ۱۰ بجے صبح)

اس اجلاس کا آغاز دس بجے صبح کو ہوا مولوی غلام احمد خاں صاحب تعلقدار ضلع نے بحیثیت میر مجلس استقبالیہ کمیٹی کی جانب سے جناب صدر نشین صاحب اور حاضرین جلسہ کا شکریہ ادا کیا اور آخر میں اعلیحضرت اقدس و صاحبزادگان بلند اقبال و صاحبزادیاں والا تبار کی ترقی عمر و اقبال کی دعا مانگی اس کے بعد جناب صدر نشین صاحب نے اختتامی تقریر کی اور مولوی غلام احمد خاں صاحب تعلقدار ضلع کی تقریر پر تبصرہ فرماتے ہوئے کہا کہ صاحب ممدوح نے تحتانی تعلیم کے لئے معلمات کو مدرسین سے زیادہ سود مند بتایا ہے ممالک مغربی میں یہ بات نہایت آسان ہے لیکن ہمارا ملک ابھی اس قابل نہیں ہے یہاں خود مدارس نسواں کے لئے معلمات کا قحط ہے اس کمی کو پورا کرنے کے لئے ضروری ہے کہ مردوں اور عورتوں کے باہمی موجودہ تعلقات کو بہتر بنایا جائے اور خواتین کو حصول تعلیم میں کچھ زیادہ آزادی دی جائے

تاکہ وہ اعلیٰ تعلیم حاصل کر سکیں۔ صرف خانہ داری کی تعلیم سے وہ اچھی مائیں یا دایہ بن سکتی ہیں۔
جناب مہتمم صاحب تعلیمات کریم نگر کی رپورٹ پر تبصرہ کرتے ہوئے فرمایا "میں مقامی
عہدہ داروں کو تعلیمی کانفرنس میں حصہ لیتے دیکھ کر بے انتہا مسرور ہوا۔ مجھے اب تک کسی
جگہ مقامی عہدہ داران کو تعلیمی معاملات میں حصہ لیتے ہوئے دیکھنے کا اتفاق نہیں ہوا
عہدہ داران مقامی کا سررشتہ تعلیمات کے ساتھ یہ اتحاد عمل ضلع کریم نگر کے ساتھ
مخصوص نظر آتا ہے" حفظان صحت پر خاص کتابیں نصاب میں داخل کئے جانے کے متعلق فرمایا
"مدرسین کو چاہئے کہ وہ حفظان صحت پر اعلیٰ سے اعلیٰ کتابیں پڑھ کر نوٹ لکھوا دیا کریں نصاب
میں کسی خاص کتاب کا داخل کرنا حفظان صحت کے وسیع دائرہ کو محدود کرنا اور ان پر ظلم کرنا ہے"
جناب ڈاکٹر عبدالملک صاحب کے حفظان صحت والے مضمون پر تبصرہ کرتے ہوئے
فرمایا کہ "یہاں رقبہ کے لحاظ سے آبادی کی کثرت اور ملک کے محدود ذرائع معاش ملک کی
عام تباہی اور امراض کا باعث ہیں پبلک کو حفظان صحت کے مسائل پر خود غور کرنا چاہئے"۔
جناب اعزازالدین صاحب نے نصاب تعلیم میں اخلاق پر کوئی کتاب نہ ہونے کی شکایت
کی تھی اس پر آپ نے فرمایا کہ "مدرسہ گھر اور بیرونی بداخلاقی کی مسموم فضا کو ٹھیک کئے بغیر کوئی
اخلاقی کتاب کسی شخص کے اخلاق کی اصلاح نہیں کر سکتی نیک صحبت بہترین کتاب ہوتی ہے"
دیسی کھیلوں کے ترویج دینے کو پسند فرمایا اور کہا کہ ان کھیلوں میں حصہ لینے سے انسان میں
حفاظت خود اختیاری کی قوت پیدا ہوتی ہے۔ جناب ناظم صاحب عدالت ضلع کے
قیام بورڈنگ ہوز کے متعلق تقریر پر تبصرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ "حکومت نے تحتانی تعلیم کو
مفت کر کے کافی بار اٹھایا ہے حکومت اس وقت اس بار کی متحمل نہیں ہو سکتی کہ وسیع پیمانہ پر
دارالاقامہ جات کا انتظام کرے اگر پبلک کی مالی حالت درست ہو تو وہ خود دارالاقامہ جات کا
انتظام کرے گی" نمائش کے سامان پر بے حد خوشنودی کا اظہار فرمایا اور مقامی عہدہ داران کا
جنھوں نے دریا دلی کے ساتھ مہمان نوازی کی اور کانفرنس کو کامیاب بنانے میں حصہ لیا تھا

شکریہ ادا کیا۔ شام کے چھ بجے تقسیم انعامات کا جلسہ منعقد ہوا جس کا تفصیلی ذکر گورنمنٹ کی ضمن میں درج کیا گیا ہے معتمد صاحب کانفرنس نے منجانب انجمن صدر محترم کا تہ دل سے شکریہ ادا کیا اور اس پر کانفرنس کی کارروائی ختم کی۔

آہ ولایت

آنا تیری دلیل جانے کی ہے۔

دنیا میں روزانہ ہزاروں کتم عدم سے منصۂ شہود پر آتے اور عالم فانی سے عالم جاودانی کو کوچ کرتے ہیں۔ اس لئے کہ یہ مشیت ایزدی ہے۔ مگر ان ساکنان عالم کی اچانک موت پر افسوس بلکہ سخت افسوس جن کی ذات سے ملک اور قوم کو فائدہ حاصل ہوئے اور مزید فوائد حاصل ہونے کی توقع تھی۔ ایسی فیض رسان ہستیوں کے لقمۂ اجل ہونے پر جس قدر تاسف کیا جائے وہ کم ہے۔ کیونکہ آج قحط الرجال کے زمانہ میں یہ ہستیاں مغتنمات کا حکم رکھتی ہیں۔ چند ہی روز ہوئے کہ ہم ایسی ہستیوں میں سے ایک ممتاز ہستی یعنے مولوی عظمت اللہ خاں صاحب مرحوم مددگار ناظم تعلیمات و نائب مدیر المعلم کی جوان مرگی پر آنسو بہا چکے ہیں۔ یہ آنسو ابھی سوکھنے بھی نہ پائے تھے کہ گردش لیل و نہار نے ہمیں مولوی سید ولایت علی صاحب مرحوم صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ شاہ علی بنڈہ و مدیر رسالہ ٹیچر کی اچانک موت پر آنسو بہانے پر مجبور کر دیا ہے۔

مرحوم مولوی اکبر صاحب کے مشہور خاندان کے ایک فرد فرید تھے۔ آپ کی عمر اٹھائیس سال کی تھی۔ آپ جامعہ عثمانیہ کی پہلی کھیپ کے بی۔اے تھے۔ فراغ تعلیم کے بعد آپ کا ابتدائی تقرر مڈل اسکول بھینسہ کی صدارت پر ہوا جہاں آپ کی عمدہ صفات کی وجہ سے آپ کو جو ہر دلعزیزی حاصل تھی اس کے بیان میں اہالیان تعلقہ مذکور عذب البیان و

رطب اللسان ہیں۔ تقریباً ایک سال کے بعد آپ کا تبدل مڈل اسکول شاہ علی بنڈہ کی صدارت پر ہوا اور یہاں آپ تقریباً چار سال تک مامور بکار رہے ہے۔ اس عرصہ مدت میں آپ نے اپنے حکام۔ مددگاران اور طلبا مدرسہ کو اپنی کارروائی۔ خوش اخلاقی۔ افسرشناسی ماتحت نوازی اور مروت کا گرویدہ کر لیا تھا۔ آپ نہایت منتظم۔ خوش اخلاق۔ خوش مذاق رقیق القلب ملنسار مخیر۔ ہمدرد ملک۔ جوشیلے اور ہونہار جوان تھے۔ آپ کی ان خصوصیات کی وجہ سے آپ کے دوست واحباب کا حلقہ بہت وسیع تھا۔ آپ کے ان اوصاف کا نقشہ ان کے دلوں پر اس طرح مرتسم ہوا ہے کہ وہ کبھی نہیں مٹ سکتا۔ یہی وجہ ہے کہ جو کوئی آپ کی اچانک موت کی جان گسل خبر سنتا ہے تو اس کو اپنے ایک عزیز کے انتقال سے زیادہ صدمہ ہوتا ہے۔

مرحوم کو زبان اردو پر خاصہ عبور تھا۔ اسی لئے رسالہ ٹیچر کے ارباب حل وعقد کی نکتہ سنج نگاہ نے آپ کو رسالۂ مذکور کے حصہ اردو کا مدیر منتخب کیا تھا۔ اس کام کو آپ نے جس کاوش اور خوش اسلوبی سے انجام دیا وہ ناظرین پر روز روشن کی طرح ظاہر و باہر ہے۔ آپ کی اچھی اردو دانی کا اس امر سے بھی بین ثبوت ملتا ہے کہ آپ نے جماعت چہارم و پنجم کے لئے دو کتابیں تالیف کیں جن میں آپ کے مضامین بھی قابل قدر ہیں اور یہ کتابیں برائے منظوری ٹکسٹ بک کمیٹی میں پیش ہیں۔

مرحوم کو اسکاؤٹنگ کی تحریک سے بیحد دلچسپی تھی اور اس کے امتحان میں آپ بدرجہ اول کامیاب تھے آپ نے اس موضوع پر تین کتابوں کا ترجمہ کیا ہے۔ پبلک جب آپ کے اس کام سے روشناس ہوگی تو اس کو معلوم ہوگا کہ مرحوم کو نہ صرف اس تحریک سے غایت درجہ ہمدردی تھی بلکہ اس پر خاصہ عبور تھا۔

مرحوم تعطیلات سرما میں ٹینس ٹورنمنٹ میں شرکت اور سیر و تفریح کی غرض سے اورنگ آباد گئے تھے۔ تین چار روز تک مختلف کھیلوں میں حصہ لینے کے بعد آپ بعارضہ

نمونیا مبتلا ہو کر اسی حالت میں بلدہ آئے اور جنرل ہسپتال افضل گنج میں رجوع کئے گئے یہاں آپ کا علاج نہایت دماغ سوزی۔ ہمدردی اور فراخ دلی سے کیا گیا۔ اس اثنا میں آپ کے اعزا اور احبا بیمار پرسی کے لئے جوق در جوق آتے اور بطیب خاطر گھنٹوں آپ کی تیمار داری میں مصروف رہتے۔ گو آپ کے علاج اور تیمار داری میں کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھا گیا مگر بمصداق مصرع

مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔

آٹھویں اسفندار کو شام کے ٹھیک ساڑھے چھ بجے آپ نے اپنے اعزا و احباب کو داغ مفارقت دیکر داعی اجل کو لبیک کہا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون

خدا بخشے بہت سی خوبیاں تھیں مرنے والے میں۔ آمین۔

غلام دستگیر فاروقی

افتتاحیہ

مولوی ولایت علی مرحوم ملک میں یہ خبر نہایت افسوس و حسرت کے ساتھ سنی جائے گی کہ حیدرآباد ٹیچر کے سرگرم کارکن و اڈیٹر مولوی سید ولایت علی صاحب بی۔ اے نے عین عنفوان شباب میں بتاریخ ۵ ہر اسفندار ۱۳۵۴ ف ایک ہفتہ کی علالت کے بعد اپنے احباب و اعزاء کو دائمی داغ مفارقت دے کر سفر آخرت اختیار کیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ خدا مرحوم کو غریق رحمت کرے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ مرحوم گوناگوں دلچسپیوں کے نوجوان تھے۔ ادبی ذوق سلیم کے ساتھ ساتھ تعلیمی اور سماجی تفریحوں کے دلدادہ تھے۔ اسکوٹنگ سے آپ کو غیر معمولی تعلق تھا اور کام کے تقدس پر مرتے دم تک ایمان رہا۔ خوش خلق و ہنس مکھ "ولایت" کی کمی ہر جگہ محسوس کی جارہی ہے لیکن ہمارے رسالہ کو مرحوم کی بیوقت موت سے جو نقصان پہونچا ہے اس کی تلافی آسانی سے ممکن نہیں ہے۔

بائنڈاُون تی کلب مدرسہ وسطانیہ شاہ گنج حیدرآباد آج کل پیشہ وری تعلیم کے چرچے ہر طرف ہو رہے ہیں لیکن ہندوستان میں ذات پات کی تقسیم نے پیشوں کے مسئلہ کو دشوار بنادیا ہے۔ عام طور پر بعض پیشے ذلیل اور بعض شریف سمجھے جاتے ہیں حالانکہ کسی پیشہ کو کسی پر فوقیت نہیں۔ مسلمان قوم اس غلط ذہنیت عامہ کے خلاف جد و جہد کر رہے ہیں لیکن بے سود۔ در اصل اگر کسی تحریک کو بار آور کرانا مقصود ہے تو ابتدا بچوں سے ہونا ضروری ہے یہاں اساتذہ اور صدر مدرسین کی اہم ذمہ داریاں شروع ہوتی ہیں "صدر مدرس بہت سی مفید تحریکات کی تخم ریزی کر سکتا ہے" اور اسی تخم ریزی پر فصل کا دار و مدار ہے ہندوستانیوں میں ایک بڑا نقص (جس سے مدرسین مستثنیٰ نہیں ہیں) یہ ہے کہ جب وہ

کسی کام یا اصول کو اچھا سمجھتے ہیں تو یہی پہل کرنے میں پس و پیش کرتے رہتے ہیں بڑی خوشی کی بات ہے کہ مدرسہ وسطانیہ شاہ گنج حیدرآباد کے قابل صدر مدرس نے پیشہ وری تعلیم کی ترویج کی طرف پہلا قدم بڑھایا ہے۔ سید تجمل حسین صاحب بی اے عالم باعمل ہیں اور ان چند باہمت لوگوں میں سے ہیں جو کسی نیک کام کی ابتدا کرنے میں دوسروں کا منہ نہیں دیکھتے آپ کی توجہ و ترغیب سے طلبار مدرسہ کا ایک چھوٹا سا ٹی کلب قائم ہوا ہے جس کا انتظام بالکل طلبا کے ہاتھ میں ہے۔ جس عمدگی اور سلیقہ سے بچے اپنے کلب کا کام انجام دیتے ہیں وہ قابل تحسین ہے۔ ہمیں امید ہے کہ اس طریقۂ عمل سے نہ صرف بچوں کو تجارت، امداد باہمی انتظام، خود اعتمادی اور معاملہ فہمی کی تعلیم ہوگی بلکہ ان کے ننھے دلوں سے پیشوں کی ذلت آفرینی کا غلط خیال نکل جائے گا اور یہی بچے مدرسہ سے فارغ التحصیل ہو کر پیشے اختیار کرنے میں عار نہ سمجھیں گے۔

سیاڈوتھ انڈین ٹیچرز یونین کی تعلیمی کانفرنس ویلور ذوالقرنین کا قول ہے کہ" استاد کا رتبہ بڑا ہے کیونکہ ماں باپ تو صرف جسم کی پرورش کرتے ہیں اور استاد روح کی تربیت و ارتقار کا ذمہ دار ہے" سکندر کے ہمزبان تو دنیا کے تمام لوگ ہیں اور ہر شخص تسلیم کرتا ہے کہ استاد کی ذمہ داریاں نہایت اہم ہیں اور دنیا کی قومیں اپنی ترقی و فروغ کے لئے معلمین کی محنت و توجہ کی رہین احسان ہیں۔ یہ سب کچھ ہے مگر واقعہ یہ ہے کہ مدرسین" بیچارے نہایت ہی مسکین، جفاکش مزدور ہیں جن کی حالت بہت قابل رحم ہے ان کے لباس اور چہرے سے لاپروائی اور غربت ٹپکتی ہے" یہ حلیہ ہے اس طبقہ کا جس کی برتری میں کسی کو کلام نہیں جس کی فیض گستری کا منت کش سارا عالم ہے۔ پہلے زمانہ میں ناانصافی اتنی اذیت دہ نہ تھی کیونکہ مدرسی ان لوگوں کے لئے مخصوص تھی جو آزمائشوں میں گھٹیا درجہ کے ثابت ہوتے تھے، مگر فی زمانا جب کہ سررشتہ تعلیمات کو معلمی کے لئے اعلیٰ ذہنیت اعلیٰ قابلیت اور اعلیٰ اسناد کی تلاش ہے" یہ ناقدری اور کس مپرسی

روح فرسا ہے

زمانہ ایک حالت پر نہیں رہتا اور نہ زمانہ والے۔ مصائب کے تھپیڑے خاطر خواہ محرک بن جاتے ہیں اور پریشانیوں اور صعوبتوں کے ہجوم میں فلاح و فراغ کی صورتیں پیدا ہو جاتی ہیں۔ مدرسین کی بےچپرزی اور تہی مائیگی بھی آخرکار تازیانہ بن گئی اور ان کو اپنی خستہ حالی کا احساس پیدا ہو گیا۔ چنانچہ تھوڑے ہی عرصہ میں ہندوستان کے مختلف حصوں میں تعلیمی انجمنیں قائم ہو گئیں جن کا منشا، نہ صرف تعلیمی مسائل کا حل وعقد ہے، نہ صرف معلم اور معلم کے مابین تبادلہ خیالات اور قیام اخوت ہے بلکہ سب سے بڑا اور ضروری مقصد اپنی سقیم حالت پر نوحہ خوانی کرنا ہے۔

ساؤتھ انڈین ٹیچرز یونین (انجمن اساتذہ ہند جنوبی) کی سالانہ کانفرنس میں موخرالذکر مقصد نہایت نمایاں طور پر نظر آتا ہے۔ صدر نشین ایم۔ ایس۔ سدر شیو آئیر صاحب ایم اے نے اپنے خطبہ میں دراصل اس عام بےچینی کی ترجمانی کی ہے جو حلقہ معلمین میں روز بروز بڑھتی جاتی ہے۔ تنخواہ کا مسئلہ ہمیشہ پیچیدہ اور الجھا ہوا رہے گا لیکن مدرسین کی تنخواہ کا مسئلہ حقیقتہً قابل توجہ ہے۔ گزشتہ چند سال میں کئی کانفرنسیں ہوئیں لیکن اس طبقہ کی زار نالی کا کچھ اثر نہ ہوا ستم یہ ہے کہ صوبہ مدراس کے ڈپٹی انسپکٹروں اور مددگاران مدرسہ کی یافت کم کردی گئی۔ یہ پالیسی بالخصوص اس وجہ سے اور بھی قابل اعتراض ہے کہ گورنمنٹ کے طرز عمل کا اثر دوسرے قسم کے مدارس پر پڑتا ہے۔ سرکاری ملازم تو پھر بھی کچھ اطمینان وسکون کی زندگی بسر کرتے ہیں لیکن لوکل فنڈ و خانگی مدارس کے معلمین کی زندگی وبال ہے تنخواہ کم دوسرے ذرائع آمدنی تقریباً صفر اور موسمی تعطیلات کے وقت علیحدگی کا خرخشہ غریبوں کی روح تحلیل کئے رہتا ہے۔

اپنی کس مپرسی اور ناکام حقوق طلبیوں کی کشاکش میں بھی اساتذہ اپنے فرائض سے غافل نہیں رہے اگر صاحب کو رنج ہے کہ "ہم زیادہ کام نہ کر سکے" لیکن ناکامیوں کا سبب تنگ حوصلگی نہیں بلکہ تنگدستی ہے

پر سچ ہے کہ "ابھی بہت کچھ تبلیغی کام کرنا ہے" لیکن تبلیغی کاموں کے لئے رقم کی ضرورت ہوتی ہے
اگر کچھ اور چندہ جمع ہو جائے تو البتہ "انجمن" اپنے نمایندوں کو بڑے بڑے اضلاع کے
جلسوں میں بھیجکر ان کی سرگرمیوں میں ہم آہنگی پیدا کر سکے گی اور اساتذہ کی رائے کو
تعلیمی معاملات میں موثر بنا دے گی"۔ یہی کافی نہیں بلکہ ہمیں دوسرے صوبوں کی اسی قسم کی
انجمنوں سے رشتہ بندی کرنا چاہیئے ہمیں یورپ و امریکہ کی انجمن ہائے اساتذہ سے
روابط پیدا کرنے کی ضرورت ہے نہ صرف یہ جاننے کے لئے کہ پیشے کی وقعت بڑھانے
اور اساتذہ کے حقوق کی حفاظت کرنے کے لئے وہ کیا طریقے اختیار کر رہے بلکہ یہ معلوم
کرنے کے لئے کہ وہ کیا تجربات و تحقیقات کر رہے ہیں تاکہ ہم بھی ان کی طرح بچوں اور
نوجوانوں کی تعلیم کی اہم جدوجہد میں حصہ لے سکیں"۔

ہمیں صدر کانفرنس کی رائے سے پورا اتفاق ہے اور ہم امید کرتے ہیں کہ
اس مفید مشورہ پر عمل کر کے مقامی انجمنیں بہت جلد متحد ہو جائیں گی اور اجتماعی حیات میں
ایسی قوت و استواری پیدا کریں گی جو تمام مشکلات کا مقابلہ کر سکے گی اور مسلمانہ زندگی کو
باوقعت، فارغ البال اور مفید قوم و ملک بنا دے گی۔

آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس مدراس آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کے اجلاس ۲۶
و ۲۷ و ۲۸ ڈسمبر ۱۹۲۷ء کو مدراس میں منعقد ہوئے۔ اس مرتبہ کانفرنس کو تین شعبوں میں
تقسیم کیا گیا تھا۔ عام جلسوں کے صدر لاہور کے مشہور بیرسٹر شیخ عبدالقادر صاحب تھے
لیکن شعبہ اصلاح معاشرت و تعلیم نسواں کی صدارت ڈاکٹر شاہ سلیمان صاحب ایم اے
ایل ایل ڈی جج ہائیکورٹ الہ آباد کے سپرد ہوئی اور اردو کانفرنس کی صدر نشینی کے لئے
قرعہ فال علامہ سید سلیمان صاحب ندوی کے نام نکلا۔

صدر استقبالیہ کمیٹی نے اپنے ایڈریس میں صوبہ مدراس کے مسلمانوں کی تعلیمی حالت کے
متعلق فرمایا کہ "۴۲ لاکھ کی مردم شماری میں سے ۱۹۲۵ و ۲۶ء میں دونوں صنف کے ۲۲۵۰۰

طلباء و طالبات تھے ان میں سے ۳۰۰۰، ۱۷ طلبا، مسلمانوں کے مخصوص مدارس میں تعلیم پاتے ہیں۔ مسلمانوں کے مخصوص مدارس زیادہ تر ابتدائی مدارس ہیں جن میں عربی یا اردو یا دونوں قسم کی تعلیم کا بندوبست ہے۔ اگرچہ ابتدائی مدارس میں مسلمان طلبار کا اوسط فی صدی ۹۵ ہے مگر ثانوی مدارس میں یہ اوسط گھٹ کر ہ فی صدی رہ جاتا ہے اور پیشوں کی تعلیم کے کالجوں میں یہ اوسط ایک فیصدی ہو جاتا ہے" ان اعداد و شمار سے ظاہر ہے کہ مسلمانوں کی تعلیمی حالت بالکل ناقابل اطمینان ہے، اور ان کو نہ صرف اپنے تعلیم یافتہ افراد کی تعداد بڑھانا ہے بلکہ ابتدائی مدارس کی تعلیم کا انداز بدلنے اور ثانوی مدارس اور پیشہ وری کالجوں میں مسلمان طلبار کی تعداد میں اضافہ کرنے کی سخت ضرورت ہے۔

ان حالات کا لحاظ کرتے ہوئے شیخ سر عبد القادر صاحب نے اپنے خطبہ میں جو باتیں بیان کی ہیں وہ سب مسلم حیات کی تجدید و ترقی کے لئے ضروری ہیں۔ فنی تعلیم اور زرعی نصاب کی اہمیت آج ہر ہندوستانی تسلیم کرتا ہے۔ مروجہ نصاب کی خامی اچھی طرح ظاہر ہو گئی اور ہندوستان نظام تعلیم کی ترمیم کے لئے بیچین ہے۔ مسلمانوں کو دوسری قوموں سے کہیں زیادہ ضرورت ہے کہ بڑھتی ہوئی بیکاری کا مقابلہ کرنے کے لئے وہ" ایسی تعلیم پر قناعت نہ کریں جو سی نوشت و خواند اور عام واقفیت کے ایک معمولی درجہ کی تحصیل پر ختم ہو جاتی ہے بلکہ اپنے نصاب کو اس طرح بدلیں کہ طلبا، اپنی روزی آپ کمانے کے قابل ہو جائیں خواہ انہیں سرکاری نوکری ملے یا نہ ملے" یہ ترمیم و تبدیلی اس طرح ہو کہ" طلبا ایسی طرز زندگی اختیار کریں جو ان کے گرد و پیش کے حالات کے لئے مناسب ہو۔ اگر وہ زراعت پیشہ لوگوں میں سے ہیں تو انہیں لکھائی پڑھائی اور حساب کے ساتھ زراعت کی تعلیم اصولی و عملی دونوں دی جائے۔ اگر وہ شہری باشندے ہیں تو صنعت و حرفت سے انہیں بہرہ ور کیا جائے"

تعلیم بالغان کی ضرورت ہندوستان میں دوسرے ملکوں سے زیادہ ہے یہاں

آبادی کا بڑا حصہ افلاس و تنگدستی کا شکار ہے۔ چھوٹے چھوٹے بچے اچھی طرح ہوش بھی نہیں سنبھالے پاتے کہ کسب معاش کی مصیبت میں گرفتار ہو جاتے ہیں۔ خصوصاً ایسی صورت میں جب کہ یہاں جبری تعلیم نہیں ہے ان بدنصیبوں کے لئے تعلیم کا کوئی موقعہ نہیں ہے۔ مدارس کے تعلیمی اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ مسلمانوں کے بچے ابتدائی تعلیم کے بعد مدارس کو خیرباد کہہ دیتے ہیں اور ۹۰ فی صدی سے کچھ زیادہ بچے عربی حروف تہجی اور چند پاروں کے سوا تعلیم سے معری رہتے ہیں۔ اس لئے اُن کو بڑے ہونے کے بعد حصول تعلیم کا موقعہ دینا نہایت ضروری ہے۔ اسلامی انجمنوں کا فرض ہے کہ وہ نہ صرف بچوں کی تعلیم پر وقت، روپیہ اور توجہ صرف کریں بلکہ زیادہ عمر والے لوگوں کو بھی زیور علم سے آراستہ کرنے کی سعی کریں۔ ڈنمارک اور پنجاب کی مثالوں نے ثابت کر دیا ہے کہ تعلیم بالغاں حد درجہ مفید و ضروری ہے۔

معزز صدر نشین کے نزدیک آج کل "جس تعلیم کا ہماری درسگاہوں میں مذہبی تعلیم نام رکھا جاتا ہے وہ صرف طفل تسلی ہے"۔ ہمارے خیال میں اس قسم کی تعلیم کو "مسلم تسلی" کہنا زیادہ مناسب ہوگا۔ مدارس میں مذہبی تعلیم جیسی ہوتی ہے (یعنی جہاں جہاں ہوتی ہے) ظاہر ہے اور جیسی ہو سکتی ہے اس کا اندازہ مشکل نہیں ہے۔ مذہبی تعلیم جیسی یا جتنی بھی ہو کافی نہیں ہو سکتی۔ مدارس میں فی زماننا وہ مذہبی فضا پیدا نہیں ہو سکتی جس کی ضرورت ہے "جس سے صحیح مذہبی تخیل بچوں کے اندر پیدا ہوتا اور مذہب ان کے رگ و پے میں اس طرح سرایت کرتا کہ ان کی روزمرہ زندگی کے تار و پود کا جزو بن جاتا" موجودہ زمانہ میں مسلم والدین کا ہمیشہ سے زیادہ فرض ہے کہ وہ مدارس کی مذہبی تعلیم پر اکتفا نہ کریں، نہ گھر پر ہی احکام شرعیہ کی تلقین کافی سمجھیں بلکہ اپنی روزمرہ حیات میں ایسی تبدیلی پیدا کریں اور دینداری اور مکارم اخلاق کا ایسا نمونہ پیش کریں کہ بچوں کے دلوں میں اوائل عمر ہی سے اسلام کی خوبیاں اور فرائض و سنن کا احترام راسخ ہو جائے۔

مسلمانوں کی ناداری کا تقاضا ہے کہ غریب بچوں کی فیس و امدادی وظائف کا انتظام کیا جائے۔ سرکاری معافیاں اور وظائف ناکافی ہیں۔ قوم ایسی دولتمند نہیں کہ ضروری سرمایہ اکٹھا کر سکے۔ ان مشکلات کے مدنظر شیخ صاحب نے جو تجویز پیش کی ہے وہ حادرجہ مفید ہے اور ہمیں اُمید ہے کہ جو حضرات بنک کے روپیہ کے منافع سے خود متمتع نہیں ہوتے ان کو اس میں کچھ پس وپیش نہ ہوگا اس روپیہ سے غریب طلبا کی حاجت براری ہو۔

اصلاح معاشرت کا شعبہ اس کانفرنس کی امتیازی خصوصیت تھی۔

معاشرتی خرابیاں ہماری زندگی میں ایسی مضبوطی سے پیوست ہوگئی ہیں کہ کسی قسم کی اصلاح کے نام سے دل کانپ اٹھتا ہے لیکن خرابی خرابی ہے اور خواہ وہ کتنی ہی قدیم اور عام کیوں نہ ہو اس کا دور کرنا ہی بہتر ہے اس شعبہ کے قابل احترام صدر نے اپنے عالمانہ خطبہ میں ہماری تمام معاشرتی خرابیوں، بدعتوں اور اخلاقی بداطواریوں کو ان کی کریہ شکلوں میں سب کے سامنے پیش کر دیا اور شادی بیاہ کے رسوم ورواج، طلاق، زچہ بچہ کی نگرانی، مسلمانوں کا اسراف، عورتوں کی کاہلی، خیرات کے مذموم طریقوں کی حقیقت وابتداء اور دوسرے اقتصادی، خانگی، اور معاشرتی پہلوؤں پر روشنی ڈال کر یہ بھی بتا دیا کہ علاج کی کیسا صورتیں ہیں۔ تعلیم نسواں کے ضمن میں پردہ کے سوال کو ڈاکٹر صاحب نے تشنہ چھوڑ دیا ہمارے نزدیک اس متنازعہ فیہ مسئلہ کا تصفیہ جس قدر جلد ہو جائے اچھا ہے۔ پردے کے خلاف ساری دنیائے اسلام میں سخت جدوجہد ہو رہی ہے۔ گو ہمیں یقین ہے کہ ہندوستان اس معاملہ میں یورپ کی کورانہ تقلید نہ کرے گا لیکن اسلامی پردہ کی ضرور کوشش ہوگی جب ماہرینِ تعلیم کی رائے ہے کہ پردہ (یعنی وہ غیر اسلامی پردہ جو ہندوستان میں رائج ہے) تعلیم میں سدراہ ہے، جب اطباء و حکماء کا فیصلہ ہے کہ گھر کی چہار دیواری میں بند رہنے سے نہ صرف عورتوں کی صحت خراب ہوتی ہے بلکہ آئندہ نسلوں پر مضر اثر پڑتا ہے، جب اسلام ایک خاص حد تک ترک پردہ کی اجازت دیتا ہے تو مناسب ہے کہ اس اہم سوال کا

کچھ نہ کچھ تصفیہ جلد ہو جائے۔ اکثر صاحبان رائے نے ذاتی طور پر تصفیہ کر بھی لیا ہے لیکن بلی کے گلے میں گھنٹی باندھنے کے لئے کوئی آمادہ نظر نہیں آتا۔ یہ زمانہ نہ تو شخصی حکومتوں کا ہے اور نہ پیٹر اعظم کا نادرشاہی طریقۂ عمل ممکن ہے۔ ہمارے لئے بقول ڈاکٹر صاحب" پرانے اوارات کو خیرباد کہنے سے زیادہ موثر تدریجی ترقی کا طرز عمل ہے جو آہستہ مگر یقینی ہے" اس لئے بہتر ہوگا کہ ہندوستان کے علمار کرام اور اکابر قوم یہ طے کرلیں کہ پردہ کس حد تک مذہبًا ضروری ہے اور کس حد تک اسے ترک کیا جاسکتا ہے اور جو کچھ طے ہو اس پر تمام مسلمان دیانت داری سے عمل کریں اس کے بعد بھی بعض حضرات کو عذر ہوگا کہ موجودہ پشت کی عورتیں بے پردہ نکلنے پر تیار نہ ہوں گی یہ بالکل قرین عقل ہے لیکن ہم تو قطعی فیصلہ کر کے راستہ صاف کر دیں اولاً تو خود عورتوں میں بیچینی پیدا ہو گئی ہے اور ان کی انجمنیں اپنے حقوق و مفاد کے لئے کوشاں ہیں ہمارا فیصلہ ان کے لئے سہولت کا باعث ہوگا۔ ثانیاً اگر موجودہ پشت اس آزادی سے فائدہ نہ اٹھائے تو کم از کم نئی پود کو ابھی سے اس کا عادی بنایا جا سکتا ہے۔

تحریکات کانفرنس میں سے جو تحریکیں تعلیم موپلہ اور تعلیم معلمات سے متعلق ہیں وہ واقعی قابل قدر ہیں۔ قوم موپلہ جو صوبہ مدراس میں کافی تعداد میں ہے تعلیمی نقطۂ نگاہ سے نہایت پست ہے اور سخت ضرورت ہے کہ ان کی تعلیمی حالت درست بنانے کی زبردست کوشش کی جائے۔ مدراس میں معلمات کی قلت ثانوی تعلیم نسواں کی ترقی میں مانع ہے۔ اس لئے یہ تحریک قابل لحاظ ہے کہ ثانوی معلمات کی تعلیم کے لئے انتظام ہو۔ چونکہ وہ مدارس جن میں اس انتظام کی خواہش کی گئی ہے لوور پرائمری معلمات کو تیار کرتے ہیں اس لئے گورنمنٹ کے لئے کچھ مشکل نہ ہوگا کہ ان مدارس میں ثانوی معلمات کی تعلیم کا بندوبست کردے

جلسۂ تقسیم اسناد جامعہ عثمانیہ میں عالیجناب مہاراجہ بتاریخ ۲۶ ہردے ۱۳۳۷ف مطابق غرہ دسمبر ۱۹۲۷ء سرکشن پرشاد یمین السلطنت بہادر صدر اعظم دامپر جامعہ کا خطبۂ صدارت عثمانیہ یونیورسٹی کا جلسۂ تقسیم اسناد منعقد ہوا

عالیجناب مہاراجہ سرکشن پرشاد یمین السلطنتہ بہادر صدر اعظم باب حکومت سرکار عالی و امیر جامعہ نے اس شاندار موقعہ پر نہایت جامع اور محققانہ خطبہ ارشاد فرمایا جو مفید معلومات اور قیمتی ملفوظات سے مملو ہے۔ تعلیمی مسائل کا امیر نے گہری نظر سے مطالعہ کیا ہے۔ یورپ کے جدید تریں انکشافات، ماہرین فن کے تجارت علمیہ اور ہمارے ملک کی اہم ضروریات کا توازن و تقابل کرنے کے بعد جن خیالات کو ظاہر کیا گیا ہے وہ موجودہ نظام تعلیم کی نظر ثانی میں مشعل راہ ثابت ہوں گے۔ دور حاضرہ کے معاشی اور اقتصادی حالات اپنی گریز پا ترقی اور تبدیلی کے باعث اس قدر مختلف ہوگئے ہیں کہ ہمارا تعلیمی مقصد بالکل بدل گیا ہے۔" ہمیں ایسے نظام تعلیم کی ضرورت ہے جو ذہنی نشو و نما کے ساتھ معاشی اور اقتصادی پہلو کو بھی نظر انداز نہ کرے۔" امیر جامعہ نے جن کی جلیل القدر ہستی علوم و فنون کے لئے مائہ ناز ہے اپنے عالمانہ خطبہ میں ہمارے مقصد تعلیم کے متعلق فرمایا "طلباء کے اس جوہر قابل کا اُبھارنا یا سنوارنا ہے جس سے ذہنی اور اخلاقی تربیت کے ساتھ خصوصیات قومی روایات اور انفرادی مذاق و رجحان برقرار رہیں تاکہ ہر شخص اپنے مذاق کے مطابق زندگی کے علمی و عملی شعبہ میں حصہ لے سکے"۔ اب ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ اس مقصد کے تحت ہمارا موجودہ نظام تعلیم کہاں تک ہماری ضروریات پوری کرتا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ مروجہ نصاب تعلیم ایک حد تک ذہنی اور اخلاقی نشو و نما میں ممد و معاون ہے مگر ساتھ ہی اس سے بھی انکار نہیں کیا جاسکتا کہ "مقررہ نصاب کی تکمیل اور حصول اسناد کی حد تک ہمارے طیلسانین کی مساعی محدود ہیں۔ وہ وسیع پرور ماحول جس کی فضا میں تحقیق و تنقید و تالیف و تصنیف اور عالی مذاقی کی پرورش ہو ابھی ہمیں نصیب نہیں ہوا" بلکہ ابھی فقط تحصیل اسناد کا شوق اور دھن ہے اور ملازمت ہی کسب معاش کا واحد ذریعہ سمجھی جاتی ہے اور سچ تو یہ ہے کہ ہماری یونیورسٹیاں ہم کو کسی اور کام کے قابل بناتی بھی نہیں۔ اس سے روز بروز شائستہ نوجوانوں کی بیکاری بڑھتی جارہی ہے اور سیاسی اور معاشی بیچیدگیاں پیدا ہو رہی ہیں

اس بلائے برم کا صرف ایک علاج ہے۔ اور مہاراجہ بہادر نے تیر بہدف نسخہ تجویز کردیا کہ "ملک میں زرعی و صنعتی ترقی کے قدرتی اسباب موجود ہیں۔ اُن سے فائدہ اُٹھانے کیلئے جامعہ میں شعبہ زراعت کا قیام بھی مناسب ہوگا۔ شعبہ زراعت کے ساتھ ایک معمل کی بھی ضرورت ہوگی جہاں ملک کے زرعی پیدوار کے کثیر پیمانہ پر حاصل کرسکنے کے اسباب معلوم ہوں۔ اس کی سخت ضرورت ہے کہ جامعہ کے طیلسانین کافی تعداد میں یورپ یا امریکہ جاکر زرعی کیمیا کی تعلیم حاصل کریں"

حیدرآباد میں مڈل، میاٹرک اور ایف اے پاس مدرسین کی ٹرننگ کا انتظام ہے لیکن ابھی بی ٹی کی تعلیم کا کچھ بندوبست نہیں۔ مہاراجہ بہادر نے سررشتہ تعلیم کی دشواریوں کا لحاظ کرتے ہوئے جو مدرسین کو بیرون ممالک محروسہ بھیجنے میں پیش آتی ہیں، سفارش فرمائی کہ جامعہ میں ایسا شعبۂ تعلیم قائم کیا جائے جو بی ٹی اور ایم ٹی کی تعلیم دے سکے۔ جامعہ میں انگریزی کے علاوہ جرمن اور فرنچ زبان کی تعلیم پر بھی مہاراجہ بہادر نے زور دیا۔ ہمارے نزدیک اگر السنۂ جدیدہ کی تعلیم شام کے وقت پبلک کو بھی دی جائے تو اس تعلیم کی فائدہ رسانی بہت وسیع ہو جائے گی۔

ممالک محروسہ میں تعلیمی مصارف کا بار کلیتہً سرکار اُٹھاتی ہے لیکن یہ امر مسلمہ ہے کہ جب تک کہ قوم سرکار کا ہاتھ نہ بٹائے تعلیمی رفتار لازمی طور سے سست رہے گی اکثر ممالک یورپ میں قوم اپنی نئی پود کی تعلیم کی ذمہ دار ہے اور کثرت سے خانگی مدارس مصروف تعلیم ہیں بڑے بڑے لوگ نہایت فیاضی سے چندوں میں شریک ہوتے ہیں اور وصیت ناموں میں مدارس اور جامعات کو بڑی رقمیں چھوڑ جاتے ہیں دیسی ریاستوں میں خصوصاً حیدرآباد میں حالات برعکس ہیں۔ مہاراجہ بہادر نے اس واقعہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ "سرکار مصارف کا بار اُٹھانے میں بحد امکان دریغ نہ کرے گی۔ مگر کسی ملک میں علم و عمل کا احیاء صرف حکومت کی یک طرفہ کوشش سے نہیں ہوا۔ یورپ کے جامعات کا

ذکر کیا، برطانوی ہند کے سرکاری جامعات میں بھی ایسے سینکڑوں عطیات و اوقاف ہیں جو علم دوست اور ذی مقدرت اصحاب کی عالی مذاقی کی مستقل یادگار ہیں۔ میں آکسفورڈ اور کیمبرج جیسے بعید از وقوع مقامات تک لے جاکر وہاں کے عطیات سے واقف کرانا نہیں چاہتا، قریب تر کلکتہ ہی کو چلئے کہ جہاں کی یونیورسٹی میں عطایا کے دین کی گونج آپ کے کانوں میں پہونچے بغیر نہیں رہ سکتی، جن میں خاص طور پر کلکتہ یونیورسٹی میں صنعتی تعلیم کے لئے سر راس بہاری گھوش آنجہانی کا شاندار عطیہ قابل اشارہ ہے۔ ان اچھی مثالوں کی تقلید حیدرآباد میں بھی ممکن ہے"

مذہبی تعلیم کا مسئلہ بھی آج کل پیچیدگی اختیار کر رہا ہے اور اس تعلیم کا عملی نتیجہ فرقہ واری مناقشات کی شکل میں ظاہر ہو رہا ہے۔ اس لئے ضرورت ہے ہماری مذہبی تعلیم کا مقصد صاف اور واضح ہو جائے۔ مذہبی تعلیم کی ضرورت بتاتے ہوئے اس کے نصب العین اور مقاصد کے بارہ میں امیر جامعہ نے فرمایا:۔

اگر مذہبی تعلیم قومی خصوصیات اور اُن آبائی روایات کے برقرار رکھنے کی محرک ہو جو کسی مذہب و ملت کی روحانی اور مادی ترقی میں کار آمد ہو سکتے ہیں، تو اس تحریک کا ہرگز یہ منشا نہیں ہو سکتا کہ ایک فرقہ دوسرے فرقہ کا حریف و عنید بنے۔ ہندوستان کی اقتصادی اور سیاسی ترقی اُسی وقت ممکن ہے جب مذہبی اور فرقہ واری تعصب اور تنگ نظری کا خاتمہ ہو جائے۔ مذہبی تعصب اور اُس کے ناعاقبت اندیش نتائج سے ہندوستان جیسے پُر امن ملک میں آئے دن جو فسادات پیدا ہو رہے ہیں، ہندوستانی قومی زندگی کے حق میں خطرناک بلکہ مہلک ہیں۔ افسوس ہے کہ تنگ نظر اور ناعاقبت اندیش قائدین مذہب کو اپنی ذاتی دلچسپیوں کا آلہ بنا کر قوم کو تباہ کر رہے ہیں۔ ان کو یہ بھی گوارا نہیں کہ قوم کے وسیع مفہوم کا اطلاق بھی اپنے مذہب کے دائرہ سے باہر غیر مذہب ہم وطنوں پر ہو سکے جس ملک میں قومیت کے یہ معنے ہوں اُس کی فلاح و بہبودی کی اُمید کیسا

کارگر ہونا مشکل ہے۔ عناد اور تعصب کی کجروی کو مذہب کا مسلکِ حقیقی سمجھنے والے لوگ ہمارے اخلاق، ذہنیت اور قومیت کے ارتقاء کے دشمن ہیں۔ یہ وہ جراثیم ہیں جن کے مہلک اثرات کا استیصال ہر روشن خیال پاک مشرب تعلیم یافتہ شخص کا فرض ہے ورنہ اگر اس مہلک وبا کے اثرات خدانخواستہ بڑھ جائیں تو تنازع للبقا میں ہماری کوئی جدوجہد کارگر نہ ہوسکے گی۔

جامعہ عثمانیہ نے بہت بڑا داؤں لگایا ہے اور اس کی جیت ہار بڑی حد تک اس زبان کی علمی دولت پر منحصر ہے جسے جامعہ میں ذریعہ تعلیم بنایا گیا ہے۔ جامعہ عثمانیہ کے مخالفین کو سب سے بڑا اعتراض یہی ہے کہ اُردو زبان کے علمی خزانے محدود ہیں لیکن اس قلیل مدت میں جو کام جامعہ نے کر دکھایا ہے اُس نے مخالفین کا منھ بند کر دیا ہے۔ "باایں ہمہ اردو کی جیسی ہمہ گیری اور وسعت ہونی چاہیے وہ نہیں ہوئی۔" دارالترجمہ سے نصابی کتب کے ترجمہ کا جو کچھ بھی کام ہوا یا ہو رہا ہے وہ بھی موجودہ حالات کے اعتبار سے قابلِ تحسین ہے "مگر یہ کافی نہیں ہے۔ امیر جامعہ نے اُردو زبان کی علمی دولت بڑھانے کے لیے دو باتوں کی ضرورت بتائی۔ ایک تو یہ کہ "وہ طیلسانین جن کی ذہنی اور ادبی قابلیتوں کی نشو ونما جامعہ عثمانیہ کی تعلیم سے ہوئی ہے، اپنے اپنے مذاق اور رجحان کی مناسبت سے تصنیف و تالیف میں دلچسپی ظاہر کریں" دوسرے یہ کہ "ایسے علمی رسالوں اور مجلوں کی اشاعت بھی ضروری ہے جو علمی زندگی کے حق میں ممد و معاون ہوں" بحمداللہ کہ اردو زبان کی دونوں ضرورتیں پوری ہو رہی ہیں۔ ایک طرف تو "جامعہ کے بعض طیلسانین اور طلبا تصنیف و تالیف کے کام میں بذاتِ خود دلچسپی لے رہے ہیں" اور دوسری طرف انجمن ترقی اردو کا رسالہ "سائنس" علم و عمل کا نیا باب کھول دے گا۔

تعلیم نسواں کے متعلق مہاراجہ بہادر نے محض اظہارِ ضرورت پر اکتفا نہیں فرمایا بلکہ تعلیم نسواں کی سست رفتاری کے اسباب و علل کا غائر مطالعہ فرمانے کے بعد نسوانی تعلیم کی خصوصیات اور نسوانی نصاب کی ضروریات پر محققانہ نظر ڈالی ہے۔ حیدرآباد میں تعلیم نسواں کے

آغاز و ترقی کا ذکر کرنے کے بعد تعلیمی سست رفتاری کے اسباب اور نسوانی نصاب تعلیم کی نوعیت کے متعلق ارشاد ہوا۔

"تعلیم نسواں کی سست رفتاری کے میری دانست میں دو وجوہ ہیں۔

(۱) ملک میں تعلیم نسواں کی ضرورت کے احساس کا فقدان اور رائے عامہ کی ناواجبی مخالفت۔

(۲) ایک ایسے نصاب تعلیم اور نظامِ تربیت کا نہ ہونا جس میں ہمارے ملک اور قوم کی ذہنی اور معاشرتی خصوصیات کا کافی طور پر لحاظ ہو۔

نسوانی تعلیم میں تعلیم خانہ داری اور فنون لطیفہ کو وسعت دینا چاہئے اور اس کے ساتھ مذہبی تعلیم کا بھی سلسلہ رہے۔ خانگی زندگی معاشرت اور تمدن کی پہلی منزل ہے۔ اس میں عورت اور مرد کے حقوق اور اختیارات یکساں نہیں ہیں۔ عورت کو ہر اعتبار سے اس میں فوقیت حاصل ہے۔ کیونکہ تہذیب معاشرت اور تدبیر منزل میں عورت کی ذمہ داری نسبتاً مرد سے زیادہ ہے۔ ہماری معاشرت کی بعض خامیاں اور خرابیاں جو جہل کی تاریکی اور توہمات سے پیدا ہوئی ہیں قابل استیصال ہیں۔ اس کے لئے عورتوں کی ذہنیت اور ترقی بھی لازمی ہے۔ مگر طبقۂ نسواں کی ذہنیت کی تربیت یا اُن کے علمی جمود و سکون کو مٹانے میں نہایت حزم و احتیاط سے کام لینا چاہئے۔ کیونکہ ذہنی تربیت کے ساتھ اُن اعلیٰ حسیات خصوصیات اور روایات کا برقرار رکھنا بھی نہایت ضروری ہے جن سے ہندوستانی نسوانیت کی روح زندہ ہے۔ ہندی خواتین اعلیٰ تعلیم پائیں، ہر شعبہ علم و فن میں مردوں کے برابر رہیں، مگر ساتھ ہی اس کے ہندی نسوانیت کی خصوصیات کو بھی ملحوظِ خاطر رکھیں۔ غیر اقوام کی کورانہ تقلید ہندیوں کی مفلس مشرقی قوم کے حق میں خودکشی ہے۔ عورتیں مردوں سے زیادہ ذکی الحس ہیں اس مناسبت سے اُن کی اعلیٰ قابلیتوں کو سنوارنے کا بہترین ذریعہ فنون لطیفہ کی تعلیم ہے"۔

حیدرآباد ایجوکیشنل کانفرنس کے خطبۂ صدارت پر ایک سرسری نظر

از مولوی سید ولایت علی مرحوم

ایجوکیشنل کانفرنس حیدرآباد کے اجلاس منعقدہ آذر ۱۳۲۷ف میں ان مسائل میں سے جو پیش کئے گئے تھے۔ اکثر ایسے تھے جن کا ملک کی تعلیمی حالت سے براہ راست تعلق تھا۔ طوالت کے خوف اور اس خیال سے بھی کہ عام تقاریر کانفرنس کی روئداد میں عنقریب شائع ہوں گی۔ ہم صرف خطبہ صدارت کے متعلق چند خیالات کا اظہار کرنا چاہتے ہیں۔ پر مغز اور مفید معلومات اور دیرینہ تجربہ کی باتوں کے لحاظ سے نواب ذوالقدر جنگ بہادر ایم اے کنٹب بیرسٹرایٹ لا ہوم سکرٹری کا خطبہ صدارت خاص طور پر قابل ذکر ہے۔ نواب صاحب نے اپنے خطبہ میں ملک کی تعلیمی حالت کا شروع سے لے کر اس وقت تک نہایت دلکش پیرایہ میں صحیح خاکہ کھینچا ہے۔ اور موجودہ ضروریات تعلیمی کی طرف بھی قوم کو توجہ دلانے کی کوشش فرمائی ہے۔

نواب صاحب نے عام اور لازمی تعلیم کے متعلق جو خیالات ظاہر فرمائے ہیں وہ درج ذیل ہیں۔

"یہی سب سے سخت اور کہنہ بیماری ہے جس کا ہر محب وطن اور خیرخواہ قوم کو ہندوستان میں مقابلہ کرنا پڑے گا اور آپ کو جو ریاست حیدرآباد میں تعلیم کی ترویج واشاعت کا مبارک مقصد لے کر کھڑے ہوئے ہیں سب سے پہلے اسی اصول کو طے کرنا پڑے گا کہ ملک میں ابتدائی تعلیم لازمی اور بلالحاظ مذہب وملت عام ہونی چاہیئے یا نہیں اگر آپ کی تعلیمی انجمن واقعی تمام ملک کی اصلاح اور خیر کے واسطے قائم ہوئی ہے اور اگر آپ حقیقت میں قومی تعلیم کے علمبردار اور داعی ہیں تو میں خیال کرتا ہوں کہ اب آپ کو بلاتاخیر دلیری اور

وضاحت کے ساتھ لازمی اور ہمہ گیر تعلیم کے مذکورہ بالا مقصد کو اپنی فہرست مقاصد میں سب سے اوپر جگہ دینی چاہئے اور تحریر و تقریر۔ افہام و تفہیم اور ترغیب و تشویق کے ہر ذریعہ جائز سے اور ملک کے ہر گروہ اور فرقہ کے اکابر میں اسی عقیدہ کی تبلیغ کرنی چاہئے جب تک ابتدائی تعلیم لازمی اور عام نہ ہو اس وقت تک ہماری نکبت و زبونی میں کمی نہیں آئے گی۔ اگر آپ نے اس مقصد عظمیٰ کے لئے واقعی کمر ہمت باندھ لی اور چند سال کی پیہم اور منتظم کوشش سے ملک کے اکثر متین اور ذی فہم اہل الرائے کو اپنا مؤید بنا لیا تو کوئی وجہ نہیں کہ سرکار آصفیہ آپ کی اس قومی اور اولوالعزمانہ آرزو بر لانے میں اعانت اور سرپرستی نہ فرمائے۔ حضرات میں پھر دہراتا ہوں اور دہرائے بغیر نہیں رہ سکتا کہ خوش نصیبی سے آپ کو خدائے رحیم نے ایک ایسے فرمانروا کا عہد حکومت دیا ہے جس کی علم نوازی اور معارف پروری دنیا میں ضرب المثل ہوتی جاتی ہے۔ جو ہر قسم کے علمی اور قومی فلاح کے کاموں کا فیاض، سرپرست و مربی ہے اور حیدرآباد کی شہرت و ترقی کی دلی تمنا رکھتا ہے۔ ہماری غفلت مجرمانہ اور ہماری دون ہمتی قابل ماتم ہوگی، اگر ایسے حوصلہ مند اور بیدار مغز بادشاہ کے زمانہ میں بھی علم کی ترویج و ترقی کی تمام ممکن و میسر تدابیر اختیار نہ کریں۔ دوسرے یاد رکھنا چاہئے کہ اگر ہمارا دشوار و بزرگ مقصد پورا نہ ہو تو بھی اس کے لئے جو کوشش اور کاوش کی جائے گی وہ رائیگاں نہ جائے گی اور اس کا کم سے کم فائدہ ضرور ہوگا کہ ترقی تعلیم کی موجودہ رفتار کہیں زیادہ تیز ہو جائیگی اور کیا عجب ہے کہ ہمارا منصوبہ کم از کم دارالملک حیدرآباد میں پوری طرح عمل میں لانے کے قابل سمجھا جانے لگے۔"

اس مبارک مقصد کے متعلق کسی کو اعتراض کی گنجایش نہیں۔ ہر تعلیم یافتہ شخص اس بات کا خواہاں ہے کہ ملک کا کوئی فرد زیور علم سے عاری نہ رہے۔ دوسرا اہم مسئلہ جس پر نواب صاحب موصوف نے اپنے زرین خیالات کا اظہار فرمایا ہے وہ "مسئلہ تعلیم نسواں ہے"

اس کے متعلق نواب صاحب فرماتے ہیں۔

"ممالک ہند میں تعلیم کی ترویج و ترقی میں دو بڑی رکاوٹیں طبقہ اناث کی جہالت اور نیچ ذاتوں کی زبوں حالی ہے۔ اگرچہ ریاست حیدرآباد نے تعلیم نسواں کے معاملہ میں دوسرے علاقوں سے کچھ کم دلچسپی اور روشن خیالی کا ثبوت نہیں دیا لیکن تعلیم نسواں کی کوششوں سے جو نتائج اب تک حاصل ہوئے ہیں وہ بجائے خود بہت ہی ہمت شکن اور حوصلہ فرسا ہیں۔ مانا کہ گزشتہ تیس برس میں خواندہ عورتوں کی تعداد فی ہزار دو سے بڑھ کر آٹھ فی ہزار ہو گئی لیکن یہ کونسی خوشی کی بات ہو سکتی ہے کہ اب بھی ہمارے ملک کی کم و بیش ۶۰ لاکھ عورتوں میں سے کل پچاس ہزار خواندہ ہیں اور باقی ۵۹ لاکھ سے بھی زیادہ ظلمت جہل میں مبتلا ہیں۔ کم و بیش چار لاکھ لڑکیاں پانچ سال سے پندرہ سال تک کی عمر کی ملک میں ایسی ہیں جن کی تعلیم کا انتظام اصولاً ہونا چاہئے لیکن ۱۳۳۵ف کے اخیر تک تمام ممالک محروسہ سرکار عالی میں ابتدائی ثانوی مدارس کی کل تعداد سات سو چھ سے زیادہ نہ تھی اور ان میں ۳۵۰۶۶ لڑکیاں زیر تعلیم تھیں یعنے ہر ایک ہزار قابل تعلیم عمر کی لڑکیوں میں سے فقط سات تعلیم پاتی تھیں۔

تعلیم نسواں کے راستے میں جو خاص موانع ہمارے ملک میں سد راہ ہیں اور ان کے متعلق ہمارے جرائد اور مجالس میں سالہا سال سے بحثیں ہو رہی ہیں۔ اس مسئلہ کا تعلق درحقیقت اصلاح رسوم و معاشرت سے زیادہ ہے اور اس تعلیمی مجلس میں اس پر تفصیلی بحث چھیڑنا شاید کسی قدر بے محل ہوگا تاہم تعلیم کی تبلیغ دعوت کے سلسلہ میں آپ کو بھی اُن لا یعنے اوہام اور تعصبات سے جنگ کرنی پڑے گی جو قدیم رواج اور رسم پردہ میں ہماری قوم کے نصف حصہ کو دائماً جہالت میں گرفتار رکھنے کے درپے ہیں۔ تعلیم نسواں کے ان موانع میں سب سے سخت شئے پردہ کی رسم ہے اور چونکہ اس کے

قیام پر سب سے زیادہ ایک خاص طبقہ کو اصرار ہے اس لئے خاص انہیں حضرات کی خدمت میں مختصر طور پر مجھے یہ کہے بغیر نہیں رہا جاتا کہ دنیا کی تاریخ میں سب سے پہلا مذہب اسلام ہی ہے جس نے عورتوں کو تمام اسلامی حقوق اور فضائل میں مردوں کا شریک وسہیم بنایا اور انہیں مردوں کی طرح ذمہ دار انسان سمجھ کر ان کے خاص خاص حقوق وفرائض قرار دئے۔ پس یہ کس قدر حیرت اور عبرت کا مقام ہے کہ آج اسی مذہب کے نام نہاد پیرو حقوق نسوان کے معاملہ میں اپنے آپ کو تمام دنیا کی قوموں سے زیادہ تاریک خیال اور تنگ دل ثابت کر رہے ہیں۔ یہ بات کہ ہندوستان کے شہری مسلمانوں میں جس قسم کا پردہ آج کل مروج ہے اس کا مذہبی عقاید یا شعائر سے کچھ تعلق نہیں۔ بدیہی طور پر اسی ایک دلیل سے ثابت ہے کہ دنیا کے دوسرے اسلامی ملکوں میں پردے کی ایسی شدتیں نہ اب ہیں اور نہ کبھی پہلے گوارا کی گئیں۔

نواب صاحب نے جو موانع اور رکاوٹیں بتلائی ہیں وہ سب کے سب ٹھیک ہیں مگر اس میں ہم صرف اتنی بات اور بڑھانی چاہتے ہیں کہ ملک میں تعلیم نسواں کی طرف سے جو غفلت ہے اس کی ایک بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ یہاں کے مدارس میں شریف اور تعلیم یافتہ استانیوں کی بہت کمی ہے۔ جس کی وجہ سے یہاں کے شرفا اپنی بچیوں کو تعلیم کی خاطر مدارس کو بھجوانے سے رکتے ہیں۔ اگر ایسے ترغیبی ذرائع اختیار کئے جائیں جس سے شریف اور تعلیم یافتہ خواتین اس عقدہ کو حل کرنے کا عزم بالجزم کر لیں تو چند ہی سال کے بعد "تعلیم نسوان" میں ایک زبردست انقلاب پیدا ہو سکتا ہے۔ اس سے متعلق اگر ہم ایک تجویز یہاں پیش کر دیں تو نامناسب نہیں۔ وہ یہ کہ ہمارے ملک کی شریف اور تعلیم یافتہ بیوہ عورتیں اس معاملہ میں ہمارا ہاتھ بٹا سکتی ہیں ہم یہ یقین کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ اس وقت ملک میں بہت سی شریف اور تعلیم یافتہ بیوہ عورتیں ایسی ہیں جو محنت مزدوری کر کے یا بیکاری میں بنا وقت کاٹ رہی ہیں۔ اگر ایسی خواتین کو تعلیمی مقاصد اور پیشہ مدرسی کی فضیلت سمجھا کر ملک کی

خدمت کے لئے ابھارا جائے تو تمام رکاوٹیں دور ہوسکتی ہیں۔ ایسی خواتین بجائے اپنا وقت بیکاری میں صرف کرنے کے پیشۂ مدرسی کی طرف توجہ کریں تو ہم خرما و ہم ثواب کی مصداق ہوں گی۔ اور اس کے ساتھ ساتھ جس طرح زنانہ ہسپتال کے لئے ملک کی سرآوردہ خواتین کی کمیٹی مقرر کی گئی ہے اگر یہاں کے زنانہ مدارس کی دیکھ بھال اور نگرانی کے لئے بھی ایک ایسی کمیٹی مقرر ہو تو ایسے لوگ بھی جو لڑکیوں کو مدرسہ بھجوانے میں تامل کرتے ہیں وہ بھی بخوشی اپنی بچوں کو لایق مائیں بنانے کے لئے تیار ہو جائیں گے۔

تیسرا اہم مسئلہ جس کے متعلق نواب صاحب موصوف نے اپنے خطبہ میں تذکرہ کیا ہے وہ تعلیم کی نوعیت ہے۔

اس مسئلہ پر ملک کے موجودہ حالات کا خیال کرتے ہوئے بیحد غور و خوض کی ضرورت ہے محض ادبی تعلیم سے کوئی ملک ترقی نہیں کرسکتا۔ ابتدائی تعلیم کے بعد طلبا کے رجحان کو دیکھ کر کسی ایک پیشہ کی تعلیم دی جانی ضروری ہے اور چونکہ ہمارے ملک کا عام پیشہ زراعت ہے لہذا زراعت کی ترقی اور ذرائع معاش کو وسعت دینے کے لئے اس امر کی شدید ضرورت ہے زراعتی تعلیم کا انتظام کیا جائے۔

اب رہا مذہبی تعلیم تو اس کے متعلق نواب صاحب موصوف کا یہ خیال قابل غور ہے۔

> "اس منزل (تحتانیہ) میں مذہبی عقائد یا رسوم و شعائر کی تعلیم محض تقلیدی ہوتی ہے اور اس لئے بہتر ہے کہ یہ کام بچوں کے والدین یا خاندان والدین کے ہاتھ میں ہی چھوڑ دیا جائے اور سرکاری سررشتہ تعلیمات ایک عام اخلاقی اور انسانی تعلیم سے بڑھ کر کوئی ذمہ داری نہ لے۔ البتہ اس کے آگے وسطانی منزل میں مذہبی تعلیم کا انتظام ممکن اور مناسب ہے۔ مگر اس میں بھی ہمیں چھوٹے چھوٹے فرقوں کے فروعی اختلاف عقاید کو نظر انداز کرنا پڑے گا اور تا امکان ہر مذہب کی وہ اخلاقی اور اصولی تعلیم درسی نصاب میں داخل کی جائے گی۔ جس پر اس مذہب کے تمام یا اکثر فرقے اور شاخیں متفق ہیں"

اپنے منشار کی صراحت کے لئے تمثیلاً مسلمانوں کی مذہبی تعلیم کے متعلق یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اُن کے مذہبی نصاب میں صرف قرآن حکیم اور اس قسم کی مسلمہ احادیث کی تعلیم ہونی چاہئے جو بہترین اخلاق و تہذیب سکھانے والی ہیں۔ اور جن کا انسانی معاشرت اور عملی زندگی سے تعلق ہے۔ پھر یہ کہ مذہبی تعلیم بھی اس کے اصلی ماخذ سے ہونی چاہئے اور درسی نصاب میں اتنی عربی تعلیم لازم کردینی چاہئے کہ طالب علم اردو ترجموں کی مدد سے خود قرآن کے معنے سمجھنے کی کسی حدتک صلاحیت پیدا کرے۔ تفصیلی طور پر یہ بحث ماہرین ہی کی مختصر جماعت میں طے ہو سکتی ہے لیکن اس خیال کو یہاں پیش کرنے کی میں نے اس لئے جسارت کی قرآنی عربی ادبی عربی سے مختلف چیز ہے اور مسلمانوں کو اس کا سیکھنا سکھانا نسبتہً طور پر بہت سہل ہے۔"

آخری مسئلہ "تعلیم بالغان" کا ہے جس کے متعلق یہ عرض کر دینا ضروری ہے کہ اس قسم کی تعلیم کے لئے دو ایک سال ہوئے کہ بلدۂ حیدرآباد میں مدارس شبینہ کا افتتاح بھی ہو چکا ہے۔

غرض عام پر نواب صاحب موصوف کا عالمانہ خطبہ صدارت ہمارے ہم مشرب بھائیوں کے لئے خاص طور پر اور عام طور پر دوسرے حضرات کے لئے بھی ایک اچھے معلومات کا ذخیرہ ہے۔

"تعلیم و تربیت" کمیٹی ماہرین تعلیم آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس علیگڈھ کا سہ ماہی رسالہ ہے۔ اس کا پہلا نمبر ہمیں حال میں وصول ہوا ہے جو بعض وجوہ سے بجائے اکتوبر کے آخر دسمبر میں شائع ہو سکا۔ آج کل رسالوں کی کمی نہیں لیکن بدقسمتی سے اکثر اردو رسالے کچھ تو زمانہ کی بدمذاقی اور ناقدری اور کچھ نشر و اشاعت کی دشواریوں کی وجہ سے کوئی خاص غرض وغایتہ نہیں رکھتے۔ ان کا نہ تو کوئی نصب العین ہوتا ہے اور نہ کوئی معیار ظاہر ہے کہ ایسے رسالے قوم و ملک کی خدمت نہیں کر سکتے۔ اور نہ زبان و ادب کی۔ ہمیں یہ دیکھکر نہایت مسرت و اطمینان ہوا کہ رسالۂ تعلیم و تربیت ان معدودے چند رسالوں میں سے ہے جو ایک خاص مقصد سے جاری ہوئے ہیں تعلیم و تربیت اسم بامسمیٰ ہے اور اس کے مقاصد اس کے نام میں متضمن ہیں۔ افسوس ہے کہ ہمیں وہ پراسپکٹس نہ دستیاب ہو سکا جس میں اس کے مقاصد کی توضیح کی گئی ہے لیکن کمیٹی مذکور کے لائحہ عمل کا منشاء ہے کہ اس رسالہ میں "تعلیمی مسائل کے متعلق نظری اور عملی نقطۂ نظر سے مضامین لکھے جائیں۔ جن تعلیمی مسائل میں اختلاف ہے ان کے متعلق تبادلہ خیالات کیا جائے اور اس ملک اور دوسرے ممالک میں جو تعلیمی تجربات کئے جا رہے ہیں ان کی اشاعت ہو تاکہ اساتذہ ایک دوسرے کے تجربات سے مستفید ہوں" ان اعلیٰ اور قابل قدر مقاصد کا رسالہ میں شروع سے آخر تک التزام ہے۔

ہندوستان تعلیمی میدان میں دوسرے ملکوں سے صدیوں پیچھے ہے اور بقول مسٹر تھیوڈور ماریسن، سابق پرنسپل علیگڈھ کالج "ہندوستان کا تعلیمی لباس ان اترے ہوئے کپڑوں سے بنتا ہے جسے انگلستان کا محکمۂ تعلیم بیکار سمجھ کر پھینک دیتا ہے"۔ یورپ ایک

تجربہ سے دوسرے تجربہ کی طرف بڑھتا چلا جارہا ہے اور ہندوستان کو بسنت کی خبر نہیں۔ یورپ اپنے جگر پاروں کی ذہنی، اخلاقی، جسمانی نشوو نما کے لئے نئی نئی طرز تعلیم اختیار کر رہا ہے اور ہندوستانی معلم اٹھارویں صدی کے تعلیمی گنبد میں بند دنیا و مافیہا سے غافل ہے۔ اسی تعلیمی پستی کے مدنظر رسالہ کے صفحات پر نئے تعلیمی تجربات نظر آتے ہیں تاکہ ہندوستان اگر یورپ کے نقش قدم پر چلنا چاہتا ہے تو بہت پیچھے نہ رہ جائے اور نئے تعلیمی تجربات سے واقف و مستفید ہوتا رہے۔

غریب مدرسین کی حالت زار کو نظر انداز نہیں کیا گیا۔ ان کی دلچسپی و فائدہ رسانی کے لئے بزم معلمین کا باب مخصوص ہے جس میں "کام کی باتیں ہوں گی عالمانہ انداز میں نہیں جسے ہم آپ جیسے بھلے آدمی دیکھکر ڈر جائیں بلکہ سہل زبان اور سیدھے سادھے طرز میں" اسی حصہ میں اساتذہ اپنی بپتا ایک دوسرے کو سنا کر جلے پھپھولے پھوڑ لیا کریں گے۔

مضامین خاص جلیل القدر اصحاب کے قلم سے نکلے ہیں اور مفید خیالات اور اچھوتے تخیلات سے لبریز ہیں۔ اقتباسات و شذرات تعلیمی معلومات کا بیش بہا خزانہ ہیں۔

اس رسالہ کی ادارت میں تین اصحاب شریک ہیں ڈاکٹر ظفر الحسن صاحب پی ایچ ڈی ڈی فل پروفیسر علیگڈھ یونیورسٹی ڈاکٹر عابد حسین صاحب پی ایچ ڈی پروفیسر جامعہ ملیہ دہلی اور خواجہ غلام السیدین صاحب بی اے۔ ایم ای ڈی پروفیسر ٹریننگ کالج علیگڈھ اور بقول مسٹر عبداللہ یوسف علی "یہ مناسب ہے کہ ایسے رسالہ کی ادارت جس کے مقاصد اس قسم کے ہیں ایک شخص کے ہاتھ میں نہ ہو بلکہ اس میں مختلف الخیال لوگ شریک ہوں" فاضل اڈیٹروں کی نکتہ سنجی اور دقیقہ رسی رسالہ کے بلند پایہ معیار کی کافی ضمانتیں ہیں اور ہم وثوق کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ تعلیم و تربیت ہر لحاظ سے عدیم المثال رسالہ ہے جس کی تبلیغ اور رہنمائی ہندوستان کے گوشہ گوشہ میں نئی تعلیمی روح پھونک دے گی۔ ہمارے نزدیک کسی مدرس کی میز اور کسی مدرسہ کا دار المطالعہ اس رسالہ کے بغیر مکمل نہیں ہو سکتا۔ ہم اڈیٹر صاحبان کو ان کی معرکۃ الآرا

کامیابی پر دلی مبارکباد دیتے ہیں۔

رسالہ کا حجم ۱۵۰ صفحہ اور سالانہ چندہ صرف (صہ) کلدار ہے اور دفتر آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس علیگڈھ سے ملسکتا ہے

اکسیر دندان کے علاوہ

ہر قسم کی درسی کتب

آلات تعلیمی اور صحیح پارہ ہائی قران مجید

مطبوعہ دفتر رسالہ واعظ

لطیفیہ کمپنی پبلیشرز و بک سیلرز یاقوت پورہ

حیدرآباد دکن سے طلب فرمائیے

The Hyderabad Teacher.

Approved by the Directors of Public Instruction, Hyderabad Deccan, Central Provinces & Berar and Bihar & Orissa for the use in Schools.

SUBSCRIPTION RATES.

O. S. Rs. 3 including postage for the Nizam's Dominions annually.

B G. Rs. 3 do do British India annually.

O. S. 12 As. excluding postage for the Nizam's Dominions per single copy.

B. G. 12 As. do do British India do

ADVERTISEMENT RATES.

Space.	Whole year.			6 months.			Per issue.		
	Rs.	A.	P.	Rs.	A	P.	Rs.	A.	P.
Full Page ...	10	0	0	5	8	0	3	0	0
Half Page ...	5	0	0	2	12	0	1	8	0
Quarter Page ...	2	8	0	1	6	0	0	12	0
Per line ...	0	10	0	0	8	0	0	6	0

OBITUARY NOTICE.

The late Mr. SYED VILAYET ALI.

We deeply regret to announce the death of Mr. Syed Vilayet Ali, B. A., which took place at the Afzul Gunj Hospital, Hyderabad Deccan, on the 11th January, 1928. The deceased was Head-Master of the Shah Ali Bunda Middle School and Branch Secretary of the Hyderabad Teachers' Association. He also edited the Urdu section of the *Hyderabad Teacher* with great energy and ability for nearly a year. He was a keen sportsman, and during the last Christmas vacation he exposed himself during a tournament at Aurangabad, in which he was taking part. He returned to Hyderabad with double pneumonia, to which he succumbed within a few days. His death is a great loss to the Teachers' Association, particularly to the *Hyderabad Teacher*. He was only 28 years old, and he leaves behind him a young widow, a child 9 months' old and a large circle of friends to mourn his loss.

MYSORE UNIVERSITY & KANADA.

پہلی قابل ذکر چیز جو میں نے امریکہ میں دیکھی وہ یہ ہے کہ ہر جگہ عوام کی تعلیم کا نہایت فراخ دلی سے انتظام کیا گیا ہے۔ مختلف ریاستیں، مرکزی حکومت اور تمام امریکی لوگ تعلیم کو ایک مذہبی فریضہ تصور کرتے ہیں۔ جس کی انجام دہی میں مصارف کا خیال نہیں کرتے لوگ عملاً روز افزوں مطالبوں کو خوشی خوشی منظور کرتے ہیں۔ کیونکہ انہیں اپنے بچوں کو بہترین تعلیم دینے کی از حد فکر ہے۔ ایسی تعلیم پرستی دنیا کے کسی اور حصہ میں مشکل سے نظر آئے گی۔ مدرسوں اور کالجوں کی عمدہ عمدہ عمارتیں اور ساز و سامان، کتب خانے، معمل، عجائب خانے، دنگل، بازیگاہیں، اور اعلیٰ تعلیم یافتہ اور اونچی تنخواہوں والے نظماء، صدر، پروفیسر اور اساتذہ ان کی تعلیمی دلچسپیوں کے زبردست ثبوت ہیں۔

دوسری چیز یہ ہے کہ تمام تعلیمی اداروں میں ایک آزادانہ لیکن نہایت منضبط فضا پھیلی ہوئی ہے۔ نظماء، پروفیسر، اساتذہ اپنی رائے، خیالات اور تعلیم کا سکہ مددگاروں اور

طلباء پر نہیں بیٹھاتے بلکہ جس وقت اور جس طرح ضرورت ہو ان کی دوستانہ ہدایت و رہبری کرتے ہیں۔ اساتذہ کے طریق عمل کی تبدیلی نے بڑی حد تک طلباء کا زاویہ نگاہ بدل دیا ہے۔ اور وہ تعلیم کو ایسا کام نہیں سمجھتے جو اعلیٰ عہدہ داروں نے ان کے سر چپیٹ دیا ہے۔ بلکہ جسے انھوں نے اپنی رضا و رغبت سے اختیار کیا ہے۔ اس لئے اب طلباء آزادی سے بلا تامل اظہار خیالات کرتے ہیں۔ اس تبدیلی نے تمام تعلیمی فضا کو بدل دیا ہے اور جو پہلے اساتذہ کے لئے غیر دلچسپ فرض منصبی اور طلباء کے لئے مجہول و بے مزہ تعلیم تھی۔ وہ اب زندگی بخش عمل تدریس یا خود آموزی بن گیا ہے، جس میں کوئی استاد مداخلت بیجا نہیں کرتا۔ استاد موجود رہتا ہے لیکن ہدایت و امداد کے لئے، نہ کہ حکومت و فرمانروائی کے لئے۔ حال ہی میں کتب بینی مدرسہ کے روزمرہ کام کا جزو سمجھی جانے لگی ہے۔ اس سے عمل خود آموزی میں بڑی مدد ملتی ہے۔ علاوہ اس کے لڑکوں میں ذاتی سعی، خود اعتمادی اور تحقیقات کا جذبہ اوائل عمر ہی سے پیدا ہو جاتا ہے۔ اور یہ جذبہ جو عادت کتب بینی کی ترقی کے ساتھ ساتھ ترقی کرتا ہے۔ جفاکش مصنفین کی زبردست نسل قائم کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔

ایک اور بات جس کا مجھ پر بیحد اثر پڑا وہ یہ ہے کہ اساتذہ اپنے اپنے مضامین میں صحیح اور جدید ترین معلومات رکھتے ہیں۔ اس سے صریحاً وہ طلباء کے کام کی رہنمائی کر سکتے ہیں۔ وہ کتب درسی کی غلامانہ قیود سے آزاد ہو گئے ہیں۔ اور اپنی تنگ حد بندیوں سے نکل چکے ہیں۔ وہ مقررہ کتب درسی کی پابندی نہیں کرتے۔ بلکہ اپنا خاکہ خود تیار کرتے اور اس پر عمل کرتے ہیں۔ اساتذہ کمرۂ جماعت کے باہر بھی کام کرنے کے آرزومند نظر آئے۔ بلکہ کتب خانوں، معمل خانوں، عجائب خانوں اور باغیچۂ مدرسہ اور دوسری سرگرمیوں میں بھی حصہ لیتے ہیں۔ اس سے مدارس خود بخود اپنی پرانی جکڑ بندیوں سے آزاد ہو گئے ہیں۔ اور درس و تدریس میں واقعیت پیدا ہو گئی ہے۔

ایک اور خوش گوار منظر یہ تھا کہ اساتذہ اپنے شاگردوں کو انسان سمجھنے لگے ہیں اب وہ بچوں کے سوالات کو غور و تحمل سے سنتے ہیں۔ اور تشفی بخش جواب دینے کی کوشش کرتے ہیں اور ضبط مدرسہ، انتظام بازیگاہ اور دوسری سرگرمیوں میں مدد لیتے ہیں اور ان کی اجتماعی رائے کی وقعت کرتے ہیں۔

طلبا بھی تمام کاموں میں اپنے اساتذہ کا ہاتھ بٹاتے ہیں۔ اور مدرسہ کے ضبط، وقعت، اور عزت برقرار رکھنے اور روایات قائم کرنے میں ذاتی دلچسپی لیتے ہیں اب وہ اپنے معاملات خود طے کر لیتے ہیں اور ان کے اساتذہ کو اس بارگراں سے سبکدوشی حاصل ہو گئی ہے۔ اساتذہ کو اب فرصت مل گئی ہے کہ وہ تمام تعلیمی سرگرمیوں اور دوسرے کاموں میں طلبا کی رہنمائی کا خوش گوار تر فریضہ انجام دیں حقیقت میں بچے آہستہ آہستہ لیکن یقینی طور سے اپنے حقوق حاصل کر رہے ہیں۔

بایں ہمہ امریکی نظام تعلیم میں روحانی عنصر کی کمی نظر آتی ہے حالانکہ اسی سے وسعت نظر اور ہمدردی پیدا ہوتی ہے اور تزکیہ نفس، سکون قلب اور فراغ خاطر ظہور میں آتا ہے۔ امریکی مدارس کالجوں اور جامعات سے تنو مند دل مرد اور عورتیں نکلتے ہیں جو ملک کی مادی دولت بڑھانے کے ہر طرح قابل ہوتے ہیں لیکن بہت کم لوگوں میں وہ آزاد خیالی ہوتی ہے جو فرقہ واری حد بندیوں کو توڑ دے اور جس کے اثر سے اہل امریکہ کی نظریں اپنے ساحل سے پار دوڑیں اور وہ تمام نسلوں اور قوموں کو ایک ہی آدم کی اولاد سمجھنے لگیں۔

(اقتباس)

۵

مدارس میں اجتماعی زندگی کی تربیت

از

جناب محمد عثمان صاحب بی اے بی ایڈ (لیڈز) وائس پرنسپل عثمانیہ ٹریننگ کالج بلدہ

غالباً اس امر کے اظہار کی ضرورت نہیں ہے کہ تدریس کے کام کی تقسیم مدرسین کی بعض تنخواہ اور ڈگریوں کے لحاظ سے نہیں کی جاتی ہے بلکہ اس کا انحصار زیادہ تر اُن کی طبیعت قابلیت اور تجربہ پر ہوتا ہے۔ جب تدریس جیسے آسان کام کے انتظام میں ایسی احتیاط برتی جاتی ہے تو ظاہر ہے کہ تعلیم کا زیادہ عظیم الشان اور اہم تر پہلو ہماری توجہ او غور وخوض کا کس قدر محتاج نہ ہوگا۔ اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ فرض کیجئے کہ کسی مدرسۂ وسطانیہ میں ایک نوآموز ایف اے یا بی اے۔ اور دو میٹرک کامیاب تجربہ کار اساتذہ متعین ہیں ایسی حالت میں ہر سمجھ دار صدر مدرس مڈل کی جماعت کی تعلیم کے لئے تجربہ کار میٹرک کامیاب مدرس کو نوآموز اور ناتجربہ کار ایف اے یا بی اے پر ترجیح دے گا تقسیم کار کیوقت مدرسین کے طبائع پر بھی غور وخوض کرنا نہایت ہی اہم ہے کیونکہ ہم جانتے ہیں کہ بعض مدرسین بالطبع ہمدرد۔ خوش طبع اور ملنسار ہوتے ہیں اور بعض کو الگ تھلگ اور خاموش رہنے کی عادت ہوتی ہے ایسی حالت میں چھوٹی جماعتوں کا کسی ہمدرد۔ خوش طبع اور ملنسار مدرس کے تفویض کیا جانا خالی از مفاد نہیں۔ اسی طرح اجتماعی زندگی کی تربیت کا نظام العمل مرتب کرتے وقت صدر مدرس کو چاہئے کہ اپنے مددگاروں کے طبائع پر غور کرے کہ کونسا مدرس کس کام کو باحسن وجوہ انجام دے سکتا ہے مثلاً بعض مدرسین بالطبع بحث مباحثہ کی صلاحیت رکھتے ہیں بعض کو کھیلوں کے انتظام اور انصرام کا خاص ملکہ ہوتا ہے اور بعض کو قدرت ادبی ذوق سے متنفر کرتی ہے۔ ان امور پر نہایت احتیاط کے ساتھ غور کرنے کے بعد

صدر مدرس اپنے اسٹاف سے اجتماعی زندگی کی تربیت کے متعلق تبادلہ خیالات کرے اور ہر مدرس کو کسی نہ کسی مجلس یا کلب کا جس کے لئے وہ بالطبع موزوں ہو صدر مقرر کرے اور وقتاً فوقتاً انھیں اپنے تجربہ اور قابلیت سے افادہ کا موقع دیتا رہے۔

ذیل میں ان مجلسوں اور کلبوں کی فہرست دی جاتی ہے جو اجتماعی زندگی کی تربیت میں ممد و معاون ہوتی ہیں اور ان میں سے بعض کے انتظام و انصرام کا طریقہ بھی مثال کے طور پر مختصراً بیان کرنے کی معافی چاہی جاتی ہے (۱) مجلس مباحث (۲) دار المطالعہ (۳) پور فنڈ (۴) اسکول جرنی کلب (۵) ڈرامائک سوسائٹی (۶) اولڈ بائز کلب (۷) مجلس ادبیات (۸) مجلس تاریخ (۹) مجلس جغرافیہ (۱۰) اسکوٹس کلب۔

یہ امر مسلمہ ہے کہ تبادلہ خیالات سے معلومات میں اضافہ ہوتا اور مختلف مبحثوں کے قوی اور کمزور پہلو سے آگاہی ہوتی ہے۔ گو طلباء آپس میں تبادلہ خیالات اور بحث مباحثے کرتے رہتے ہیں تاہم ایسے مباحث کئی ایک وجوہ سے زیادہ مفید اور بار آور ثابت نہیں ہوتے پہلی وجہ یہ ہے کہ طلبا کے تبادلہ خیالات کا دائرہ اکثر و بیشتر صرف درسی کتب کے مضامین ہی تک محدود رہتا ہے۔ دوسرا سبب یہ ہے کہ طلبا کے معلومات میں کافی وسعت نہ ہونے کی وجہ سے کسی مبحث کے اطراف و جوانب پر کافی روشنی ڈالی نہیں جا سکتی۔ تیسرا سبب یہ ہے کہ ان مبحثوں میں آیندہ زندگی کے اہم مسائل کو کوئی جگہ نہیں دی جاتی اور چوتھی وجہ کسی ہمدرد رہنما کی عدم موجودگی ہے جو طلباء کے غور و تامل کے لئے اُن کے سامنے انوکھے اور اہم مسائل پیش کرے اور جن کتب میں ان مبحثوں پر روشنی ڈالی گئی ہے اُن کی نشان دہی کرے تاکہ طلبا ان کتابوں کا مطالعہ کرکے اپنے معلومات میں اضافہ کریں اور بحث مباحثہ کے لئے کافی طور پر تیار ہو سکیں۔ متذکرۂ صدر وجوہ کے علاوہ ایسے خانگی مباحث میں طلبا کی تعداد شاذ و نادر ہی چھ سات سے متجاوز ہوتی ہے بلکہ عموماً دو تین ہی تک محدود رہتی ہے ایسی حالت میں طلبا کسی بڑی جماعت سامعین کے روبرو اپنے خیالات کا اظہار کرنے کے

عادی نہیں ہوتے اور بوقت ضرورت رعب مجلس اور فطرتی حجاب کی وجہ سے اپنے
دعویٰ کو دلایل و براہین سے ثابت کرنے میں قاصر ہوتے ہیں۔ انگلستان کے مایہ تخر و ناز
ادیب اڈیسن کے حالات اور اس کی قوت تکلم کی حقیقت سے ناظرین واقف ہوں گے کہ
ایسے زبردست نثار کی قوت گویائی صرف ایک اجنبی کے آمد سے کس طرح سلب ہو جاتی تھی
اس لئے ضرورت اور سخت ضرورت اس امر کی ہے کہ مدارس میں ایک ایسی مجلس قائم
کی جائے جس میں بشرط امکان ہفتہ واری ورنہ مہینہ میں دوبارہ یا کم از کم ایک دفعہ کسی
موضوع کے متعلق اساتذہ اور طلباء اظہار خیالات کریں۔ ظاہر ہے کہ ایسی سوسائٹی کے
قیام اور ایسے جلسوں کے انعقاد سے طلبا کی طبیعت سے حجاب اور جھجک دفع اور
ان کی طلاقت لسانی میں ترقی ہوتی ہے اور ان میں اپنے خیالات کو ایک موزوں
اور سلجھے ہوئے پیرایہ میں پیش کرنے کی صلاحیت پیدا ہونے کے علاوہ ہر بحث کے
قوی اور کمزور پہلوؤں سے کما حقہٗ آگاہی حاصل کرنے کا شوق اور مادّہ پیدا ہوتا ہے۔
اس مقصد کے حصول کے لئے ابتدائی جماعتوں ہی سے کوشش کی جاتی ہے۔ اور اسی لئے
چھوٹی جماعتوں میں ریڈنگ پر خاص طور سے زور دیا جاتا ہے اور طلباء کو جماعت کے روبرو
کسی کہانی کے دہرانے یا کسی دلچسپ مضمون پر اظہار خیالات کی ترغیب دی جاتی ہے
جس سے طلباء کے خیالات میں بتدریج وسعت پیدا ہوتی اور ان کی طلاقت لسانی میں اضافہ
ہو جاتا ہے اور فطرتی حجاب و رعب مجلس دفع ہو کر حاضر دماغی و حاضر جوابی کی سی نعمت
حاصل ہو جاتی ہے۔

جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے صدر مدرس کو اس مجلس کے قیام سے پہلے کسی لایق دیرینہ کار
ہمدرد اور ہر دلعزیز مدرس کا انتخاب کرنا چاہئے جو مجلس مباحثہ کی اہمیت اور اس کے
چلانے کے طریقہ سے بخوبی واقف ہو اور جو طلباء کو اس مجلس میں شرکت کی ترغیب و تحریص
دلا سکتا ہو۔ اگر ابتدائی جماعتوں سے بچوں میں تقریر کرنے کا مادہ بڑھایا جائے تو شرکت مجلس کے لئے

زیادہ کوشش کی ضرورت نہیں ہوتی بلکہ خود طلبا جماعت واری تقاریر کے مدارج طے کرنے کے بعد مدرسہ کی مجلس مباحث میں حصہ لینے کے فطرتی طور پر خواہاں ہو جاتے ہیں۔ شرکت طلبا کے بعد سوسائٹی کے اغراض و مقاصد اور قواعد وغیرہ مرتب کرنے کا مسئلہ درپیش ہوتا ہے یہ بہت مشکل کام ہے لیکن مدرس کی رہنمائی اور مدد سے بڑی جماعتوں کے طلبا اس زینے کو بھی طے کر سکتے ہیں یعنے مدرس اپنی صدارت میں طلباء کے ذریعہ مجلس کے مقاصد۔ حدود قواعد۔ اخراجات وغیرہ مرتب کرائے مثلاً سوسائٹی کا مقصد معلومات کی وسعت اور قوت گویائی کی تربیت قرار دی جائے۔ اس کے حدود کے تحت یہ طے کر لیا جائے کہ محض اخلاقی تعلیمی اور ایسے اجتماعی مضامین داخل ہوں گے جن میں تلخ اختلافات کا اندیشہ نہ ہو قواعد کے تحت عہدہ داران مجلس کی تعداد۔ عہدوں کے نام۔ مدت عہدہ داری۔ حقوق رائے زنی۔ انتخاب کا طریقہ۔ خلاف ورزی قواعد مجلس کا تدارک وغیرہ کا تصفیہ کیا جائے اخراجات کے تحت صادر کی ضرورت اور اس کی فراہمی۔ تعین صادر۔ فیس وغیرہ کے متعلق چند قواعد مرتب کر لئے جائیں۔

اس امر کے بیان کرنے کی ضرورت نہیں ہے کہ متذکرہ صدر قواعد و ضوابط کو ضبط تحریر میں لایا جائے گا تاکہ بوقت ضرورت اس سے مدد لی جا سکے۔ ان ابتدائی مراحل طے ہونے کے بعد صدر مدرس بشرط امکان مدرسہ کی عمارت کا کوئی ایک کمرہ اس مجلس کے لئے مخصوص کر دے گا ورنہ اس سوسائٹی کے جلسوں کا انعقاد ہفتہ واری یا ماہانہ جیسا کہ قواعد کے تحت تصفیہ پایا ہو مدرسہ کے کسی بڑے کمرے میں ہوا کرے گا۔ ظاہر ہے کہ ابتدا میں طلباء کو انتخاب عہدہ داران کے طریقے معلوم نہ ہوں گے اس لئے مدرس متعلقہ جو مجلس کا صدر ہوگا طلبائے رائے دہندہ کی رہبری کرے گا کہ اس مجلس کے عہدہ داروں میں کون کونسی خصوصیات ہونی چاہئیں۔ مضامین کا انتخاب بھی ایک اہم اور پیچیدہ مسئلہ ہے اس لئے ابتدا میں مدرس ہی کو مباحث کے لئے موضوع تجویز کرنے پڑیں گے طلباء کو کسی بحث کے

موافق اور مخالف تقریر کرنے پر آمادہ کرنا ہوگا اور اُن کتابوں کی نشان دہی کرنی ہوگی جن میں بحث مجوزہ کے متعلق کافی مواد مل سکتا ہو۔

اگر صدر مدرس اور اسٹاف مدرسہ بھی اس سوسائٹی کے مشاغل و وظائف میں کافی دلچسپی لیا کرے تو یہ انسٹیٹیوشن زبردست منطقی اور لایق مقرر پیدا کرنے میں بہت مدد دے سکتا ہے۔ ہمارے خیال میں جو مدرسہ اپنے تعلیمی پروگرام میں اس سوسائٹی کو جگہ نہیں دیتا وہ اپنے ایک اہم ترین فرض کی ادائی سے پہلو تہی کرتا ہے۔ حیدرآباد ایجوکیشنل کانفرنس کے صدر عالی قدر جناب نواب ذوالقدر جنگ بہادر نے اپنے خطبہ صدارت میں بالکل صحیح فرمایا کہ تعلیم کا مقصد لایق۔ قابل اور ہونہار شہری بنانا ہے۔ اس مقصد کے حصول میں مجلس مباحث کا بھی بہت بڑا حصہ ہے کیونکہ اس کی کارفرمائیاں مدرسہ کی چار دیواری تک ہی محدود نہیں ہیں بلکہ ایک لایق صدر مدرس کی نگرانی اور ایک قابل مدرس کی رہنمائی سے جو مجلس مباحث کا صدر ہو اس سوسائٹی کے اعمال و مشاغل کا دائرہ وسیع ہو کر کسی صوبہ یا ضلع یا تعلقہ یا دیہات کے عہدہ داروں تک پہنچ سکتا ہے بالفاظ دیگر مجلس کا دائرہ عمل عہدہ داران مقامی کی ہمدردی حاصل کرے گا جس کے لئے ان کو بعض اوقات مجلس کے جلسوں میں مدعو کرنے کی ضرورت داعی ہوگی۔ اس دعوت کو شرف قبولیت حاصل ہوتے ہی اسی سے متعلق بیسیوں مسائل اٹھ کھڑے ہوتے ہیں مثلاً تعداد طلبا۔ انتظام نشست۔ مہمانوں کے مراتب اور ان کی نشست کا انتظام۔ استقبال۔ صدارت جلسہ اور اس کی تجویز و تائید عصرانہ اگر مجلس کی مالی حالت اجازت دے۔ رخصت۔ غرض کہ ایسے ہی بہت سے اہم مسائل سے جو طلبا کی قابلیت اور تجربہ کا لحاظ کرتے حقیقتاً بہت ہی اہم ہوتے ہیں طلبا کو دوچار ہونا پڑتا ہے مگر جو لایق صدر مجلس کی رہنمائی۔ ہمدردی اور مدد سے بہت سہولت اور آسانی سے حل ہو جاتے ہیں۔ اسی مجلس کو کسی عہدہ دار مقامی کی ترقی پر تہنیت نامہ یا اس کے کسی عزیز کے انتقال پر تعزیت نامہ پیش کرنا ہوگا ہمارے خیال میں کسی سمجھ دار

شخص کو اس امر سے انکار نہ ہوگا کہ مدرسہ کے چار دیواری سے باہر قدم رکھتے ہی طلبا کو شادی بیاہ میں حصہ لینا اور رنج و خوشی سے دوچار ہونا پڑے گا۔ ایسی حالت میں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر طلبا کو مدرسہ میں اس اجتماعی زندگی کی تربیت نہ دی جائے تو کیا آیندہ چل کر وہ ایک لایق اور ہونہار شہری بن سکتے ہیں؟ ہرگز نہیں۔

طلبائے مدارس کا معائنۂ طبی

(از)

جناب ڈاکٹر محمد لطیف سعید ایم بی، سی، ایچ، بی (اڈنبرا)

ذیل میں ہم جناب ڈاکٹر محمد لطیف سعید کی اس تقریر کا جو انہوں نے گزشتہ حیدرآباد ایجوکیشنل کانفرنس کے اجلاس میں کی تھی اقتباس پیش کرتے ہیں۔ کانفرنس مذکور کی سالانہ رپورٹ میں بھی اس تقریر کا خلاصہ درج کیا گیا ہے۔ ڈاکٹر صاحب موصوف نے اپنی خاص عنایت سے ہمیں بھی اس تقریر کا اقتباس شائع کرنے کی اجازت مرحمت فرمائی ہے جس کا ہم شکریہ ادا کرتے ہیں

ہم ڈاکٹر صاحب سے درخواست کئے بغیر نہیں رہ سکتے کہ آیندہ اشاعتوں میں بھی بچوں سے متعلق امراض مثلاً نزلہ کے، مینی دوربینی یا زاویۂ نظر کی خرابی وغیرہ پر قلمی امداد سے دریغ نہ فرمائیں گے

(جائینٹ اڈیٹر)

طلبائے مدارس کے معائنۂ طبی کی تحریک ۱۹۲۷ء میں آپ حضرات کے سامنے پیش ہو رہی ہے جس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ ہم تہذیب و ترقی کے کس زینہ پر ہیں۔

اب بھی اس اہم ضرورت کی طرف کافی توجہ کی جائے تو غنیمت ہی سمجھنا چاہیئے۔

قبل اس کے کہ معائنہ طبی کی ضرورت ثابت کی جائے اور اس کے فوائد کا اندازہ کیا جا سکے یہ ضروری ہے کہ "صحت" اور "بیماری" کے صحیح مفہوم کو ہم اچھی طرح سمجھ لیں "صحت" جسم، دماغ، اور جملہ اعضاء کی اس خاص کیفیت کا نام ہے جس کے تحت ہر عضو اپنے اپنے فعل کو سہولت کے ساتھ انجام دیتا ہے۔ اور یہ کیفیت اسی وقت ممکن ہے جبکہ نہ صرف ہر عضو الگ الگ اپنا کام کرے بلکہ بصورت ضرورت ایک دوسرے کی شرکت اور اعانت کرتا ہے قدرت (نیچر یا طبیعت) میں اعضا کی ایسی باہمی امداد لازمی اور خلقی ہے۔ اس لئے صحت کو ایک لازمی اور معمولی کیفیت قرار دیا جاتا ہے۔ جب کسی عضو کے اس انفرادی یا اجتماعی فعل میں کوئی خرابی یا رکاوٹ چاہے وہ کسی وجہ سے کیوں نہ ہو پیدائش کے قبل یا پیدائش کے وقت یا زندگی کے کسی حصہ میں پیدا ہو جاتی ہے تو ہم اس رکاوٹ یا خرابی کے نتیجہ یا اثر کو "بیماری" کہتے ہیں۔ چونکہ یہ رکاوٹیں یا خرابیاں ہماری ہی پیدا کردہ ہوتی ہیں اس لئے ہم بیماری کی اس کیفیت کو غیر لازمی تصور کرتے ہیں۔

سائنس کے بعض شعبوں کے علم اور تجربوں نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ بیماری غیر لازمی اور ہمارے ہی یا ہمارے آبا و اجداد میں سے کسی نہ کسی کی بھول چوک یا غلطی کا نتیجہ ہے اس ثبوت کی مزید تصدیق دنیا کے ان مہذب قوموں کے جدید کارنامے ہیں جن سے ظاہر ہے کہ انہوں نے متعدد مہلک بیماریوں میں مسلسل اور مستقل کمی کے علاوہ بعض بیماریوں کی قطعی بیخ کنی کر دی ہے۔

جب "صحت" اور "بیماری" کی اس تعریف کو مان لیا جائے تو ظاہر ہے کہ ہم کو یہ بھی ماننا پڑے گا کہ بیماری کے اسباب کی بیخ کنی ہی "بیماری" کا واحد اور مستقل علاج ہو سکتی ہے "بیماری" کے اسباب دو ہی ہو سکتے ہیں (۲) ذاتی یا شخصی " آبائی اسباب کی تعریف میں وہ تمام بیماریاں شریک ہیں جن کی ذمہ داری صرف کسی کے باپ، دادا، ماں،

نانا یا نانی تک ہی محدود نہیں بلکہ پچھلے تمام نسلوں میں سے کسی نہ کسی ایک نسل میں پیدا ہوئی ہوں۔ اسی طرح "ذاتی یا شخصی اسباب" میں ان تمام بیماریوں کا شمار ہے جو کسی ایک خاص شخص کی غلطی یا لاعلمی سے دوسری معصوم ہستیوں پر عاید ہوتی ہیں۔ ان دونوں وجوہات کا سلسلہ عام طور پر کم و بیش ہر سوسائٹی اور خاص طور پر ایشیائی ممالک میں اب تک جاری ہے جدید علم طب نے اس سلسلے کو توڑنے کا بیڑا اٹھایا ہے اور اس اہم کام کی انجام دہی کے لئے یہ طریقے اختیار کئے ہیں۔ دواؤں وغیرہ کے استعمال سے جان بچانے کی کوشش کے ساتھ مریض کو حتی الامکان درد اور تکلیف سے نجات دی جائے (۲) حفظان صحت کے علم کے ذریعہ لوگ ایسی زندگی بسر کریں کہ عام بیماریوں اور خاص وباؤں سے محفوظ رہ سکیں اور رفتہ رفتہ بحد امکان بیماری کے جملہ اسباب ایک ایک کرکے دور کئے جائیں (۳) شادی کرنے والوں کو ان غلطیوں سے آگاہ کر دیا جائے اور ان کے برے اثرات سے محفوظ رکھا جائے جن کا شکار زندگی میں یا خود وہ ہونے والے ہیں یا ان کی معصوم اولاد جنہیں خواہ مخواہ آبائی میراث ملتی ہے۔ بیماری سے لڑائی کا جب یہ پروگرام ٹھیرا تو ایسی صورت میں اس سے بہتر کونسا طریقہ ہو سکتا ہے کہ بچوں ہی سے اس کام کی ابتدا کی جائے جو نہ صرف قوم کی آنے والی نسل ہیں بلکہ اور آیندہ نسلوں کے باپ ہیں۔ طلبائے مدارس کے معائنہ طبی کے انتہائی اور مفید ترین نتائج خصوصاً ان ملکوں میں برآمد ہو سکتے ہیں جہاں جبری تعلیم رائج ہے۔ اور ملک کے ہر بچے کا مدرسہ کے دروازہ سے گزرنا لازمی ہے۔ اگر ممالک محروسہ سرکار عالی میں تعلیم اس درجہ نہیں پہنچی ہے تو کوئی وجہ نہیں ہے کہ موجودہ مدارس ہی سے اس اہم کام کی ابتدا نہ کی جائے

وہ پہلی قوم جس نے طلبائے مدارس کے معائنہ طبی کو رواج دیا جرمن ہے انہوں نے آج سے تقریباً ساٹھ سال قبل اپنے ملک کے ایک حصہ میں اس کی ابتدا کی اور اب یہ حالت ہے کہ معائنہ طبی دنیا کے ہر مہذب ملک کے معمولی اور روزمرہ کے کاروبار میں داخل ہے۔

معائنہ طبی کا ایک طریقہ یہ ہے کہ جب لڑکا ابتدائی تعلیم کے لئے مدرسہ میں شریک ہوتا ہے

تو ایک سطبوعہ تختہ کی خانہ پری کی جاتی ہے جس میں بچے کا نام عمر ولدیت، سکونت وغیرہ کے علاوہ قد وزن وغیرہ بھی درج کرکے معائنہ طبی میں جن جن نقائص کا پتہ چلے ان کا اندراج کیا جاتا ہے اس کے بعد بچے کے والدین و وصی کو اس کی پرورش نگہداشت اور علاج وغیرہ کے متعلق ہدایات دیے جاتے ہیں اور کسی خاص نقص کے انسداد کی طرف خاص توجہ دلائی جاتی ہے۔ آخر میں چلکر ہر بچہ کی ایک مثل تیار ہو جاتی ہے جو مدرسہ کے "شاخ معائنہ طبی" کے دفتر میں رکھی رہتی ہے اور جب بچہ ایک جماعت سے دوسری جماعت میں ترقی پاتا ہے۔ تو اس کی مثل میں گزشتہ اور موجودہ حالت کا مقابلہ کرکے نئے اندراجات کئے جاتے ہیں یہی عمل طالب علم کے ختم تعلیم تک جاری رہے تو ظاہر ہے کہ اس کی صحت پر مسلسل نگرانی رہ سکتی ہے اور متعدد اہم امور کا استنباط کرنا تھوڑے غور و فکر سے بآسانی ممکن ہے۔

اب رہا یہ مسئلہ کہ ڈاکٹر اس کام کے لئے مخصوص کر دیا جائے یا نہیں اور یہ سوال کہ ایسے ڈاکٹر کا تعلق محکمہ طبابت سے رہے یا تعلیمات سے اس کا تصفیہ گورنمنٹ کے ذمہ ہے۔ البتہ گورنمنٹ کا اس امر کو مدنظر رکھنا ضروری ہے کہ میڈیکل افسر مذکورہ طریقہ کی پیروی میں اسکیم کی اصلی غایت کو کھو نہ بیٹھے ایسی فروگزاشت اکثر مشرقی حکومتوں کی رعایا کی قسمت میں لکھی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔

اب ان چند امراض کا ذکر کیا جاتا ہے جن کا انسداد شروع میں ہو جانا آسان ہے جس میں تاخیر ہونے سے متعدد خرابیاں پیدا ہو سکتی ہیں۔

(۱) پیدائشی خرابیاں۔ جسم کی ساخت مثلاً ہاتھ پاؤں کی ہڈیوں وغیرہ میں بعض ایسی خرابیاں پیدا ہو جاتی ہیں کہ بچپن ہی میں عمل جراحی سے ہاتھ پاؤں جیسے مفید اعضاء کو بیکار ہونے سے بچا لیا جا سکتا ہے۔

(۲) کان کے بعض امراض ایسے ہوتے ہیں کہ ان کی طرف وقت پر توجہ کرنے سے سماعت جیسی نعمت ہمیشہ کے لئے مفقود ہو جانے سے بچائی جا سکتی ہے۔

(۳) بعض امراض چشم ایسے ہیں جن کے علاج میں معمولی سی غفلت بینائی جیسی نعمت
ہمیشہ کے لئے ناقص کر سکتی ہے۔

(۴) امراض جلد اگرچہ اکثر عارضی ہوتے ہیں لیکن بعض اوقات جسم پر مختلف قسم کی
بدنمائیاں ہمیشہ کے لئے چھوڑ جاتے ہیں۔

(۵) امراض خبیثہ ان میں سے ایک خاص مرض ہے جو مریض کی اولاد میں بھی
بیرونی اور اندرونی خرابیاں پیدا کر سکتا ہے۔ جن کے نتائج سے اولاد عمر بھر مختلف
بیماریوں میں مبتلا رہتی ہے۔ معائنہ طبی کے ذریعہ صرف اس ایک مرض ہی کا وقت پر
ہو جائے تو ہزاروں انسان نہ صرف خود تکلیف سے نجات پا کر اپنی زندگی کو مفید بنا
بلکہ خود اپنی نسلوں کو اس زہر قاتل کے اثر سے محفوظ رکھ سکتے ہیں۔

(۶) ملیریا ہلکے ہلکے متعدد ملیریا کے حملے جن کو عام طور پر بخیر سمجھا جاتا ہے ایک
کیفیت پیدا کرتے ہیں جس سے بچے کمزور کاہل اور مردہ دل ہو جاتے ہیں اگر طحال بڑھ جا
چہرہ زرد اور بھوک کا صاف نہ ہونا وغیرہ جیسی علامتیں پائی جاتی ہیں ان علامات اور ان
اسباب کی طرف کافی توجہ نہ کی جائے تو مختلف قسم کی خرابیاں پیدا ہو جاتی ہیں جن کا ا
تقریباً عمر بھر باقی رہتا ہے۔ معائنہ طبی کے پورے نتائج اسی وقت مفید ہو سکتے ہیں جب
بچوں کے والدین مدرسہ کے صدر کی مدد کرتے ہیں۔ اس میں نہ صرف خود ان کا فائدہ
بلکہ اس طرح مدد سے دوسری مخلوق کو محفوظ رکھنے کا ثواب ملتا ہے۔ چنانچہ بعض متعد
امراض مثلاً چیچک خسرہ خارش کالی کھانسی وغیرہ ایسے ہیں کہ ان سے متاثر گھروں
تندرست بچوں کا بھی مدرسہ جانا دوسرے بچوں کے لئے مضر ہیں۔ اس لئے جب تک
والدین اس کا خیال نہ رکھیں تو یہ ظاہر ہے کہ نہ صرف غیر لڑکوں بلکہ جملہ عزیز و اقارب
صحت پر اثر پڑنے کا سخت احتمال ہے۔

ستمبر ۱۹۲۷ء میں بنارس کے ہلت انسر نے مدارس صوبجات متحدہ کے معائنہ طبی

رپورٹ پیش کرتے ہوئے یہ بتلایا ہے کہ ہر سو مدرسہ جانے والے بچوں میں صرف ۸، ۷ تندرست اور اوسط سے بہتر پائے گئے ۲۰، ۵ اکی صحت صرف اوسط درجہ پر تھی اور باقی اوسط سے گرے ہوئے غیر تندرست اور مختلف چھوٹی یا بڑی ذاتی یا موروثی عارضی یا دوامی مگر قریب قریب سب قابل علاج بیماریوں میں مبتلا پائے گئے۔

حیدرآباد کے بارہ سالہ تجربہ کی بنا پر میں کہہ سکتا ہوں کہ ممالک محروسہ سرکار عالی کی حالت اس سے ہرگز بہتر نہیں ہے ایسی صورت میں جب یہاں درختوں کی پرداشت اور ان کی پیداوار میں بہتری کی کوشش کی جائے اور نسل چوپایہ کی افزائش اور بہتری کے لئے ایک سرکاری محکمہ تک مخصوص ہے لیکن طلبار کے معائنہ طبی کی طرف قطعاً توجہ نہ کی جائے تو ماسوائے اس کے اور کیا کہا جا سکتا ہے کہ ع

بریں عقل و دانش بباید گریست

طلبا کی اخلاقی تربیت

اکثر لوگوں نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ تعلیم و تربیت دو مختلف الاصول شعبے ہیں بلکہ نصاب کی تعلیم ہی اخلاق کی تربیت ہے۔ حالانکہ یہ درست نہیں ہے۔ ورنہ اولاً ایک محض خواندہ اور ایک کرے تربیت یافتہ کا وجود ہی مفقود ہو جائے اور ثانیاً ان میں کوئی مابہ الامتیاز صورت باقی نہ رہے۔ اس تردید کے قطع نظر علم و اخلاق کی لغوی و اصطلاحی معانی کا مختلف المطلب ہونا خیال مذکور کی تکذیب کے لئے تائید مزید کا محتاج نہیں ہے۔ ایک اور عام غلط خیال یہ ہے کہ اخلاقی تربیت زیادہ تر خوف و سزا کے ذریعہ کی جا سکتی ہے چنانچہ اس کی تائید میں ایک تند خو سزا دہندہ استاد کی ساعت تعلیم میں طلبا کی مہذب نشست و برخاست اور خاموشی

حرکات وسکنات کا بہترین اخلاقی نمونہ مقابلتاً پیش کیا جاتا ہے۔ جو در اصل دھوکے کی ٹٹی ہے
جس کی آڑ میں جبر و تشدد نے اخلاق کے حقیقی خط و خال کو پوشیدہ طور پر مسخ کر دیا ہے۔ چنانچہ
خوف و سزا کے زیر اثر افعال میں استحکام و بے تکلفی کو ہرگز دخل نہیں ہوتا۔ اور یہ دونوں حالتیں
ایسی ناگزیر ہیں کہ ان کے بغیر حسن خلق کا اطلاق سرتا پا غلط ہو جاتا ہے۔ یہ لغو خیال بھی پسند
عام ہے کہ جب طلبا کی عقل پختہ اور تعلیم موثر ہو جائے گی تو اخلاق خود بخود سنور جائیں گے
کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ جو زمانہ تعلیم و تربیت کے لئے مخصوص و مفید ہے اُسے
ناموزوں اور قبل از وقت قرار دیا جاتا ہے۔ کیا اس بین مشاہدے سے بھی اغماض
کیا جا سکتا ہے۔ کہ بدقسمتی سے جو افراد اس ناعاقبت اندیشانہ خیال کے تحت مطلق العنان
رہے ہیں وہ فارغ التعلیم ہونے کے بعد بھی اخلاقی تربیت کا کوئی عمدہ نمونہ پیش نہیں کر سکتے

خوئے بد در طبیعتے کہ نشست　　　　نرود جز بہ وقت مرگ از دست

تربیت سے عاری افراد کے لئے تعلیم طغرائے امتیاز ہونے کی بجائے کلنگ کا ٹیکہ ہو جاتی ہے
اور جب ایک تربیت یافتہ شخص کسی ناتربیت یافتہ خواندہ فرد کی غیر مہذب حرکات کا
مشاہدہ کرتا ہے۔ تو اس کے لئے یہ فیصلہ یقیناً دشوار ہو جاتا ہے کہ یہ بھی ایک انسان ہے
یہ عذر لنگ بھی پیش کیا جاتا ہے کہ اکثر افسران معائنہ کنندہ بوقت معائنہ اپنی توجہ زیادہ تر
نصاب تعلیم کی طرف منعطف کرتے ہیں۔ اور اخلاقی تربیت پر کما ینبغی زور نہیں دیتے۔
ایسی صورت میں استاد کو تربیت اطفال کی طرف متوجہ ہونے کی ترغیب یا تو ہوتی ہی نہیں
یا اگر ہوتی بھی ہے تو حسب ضرورت نہ ہونے کے سبب نتیجہ خیز نہیں ہوتی۔ اس طرز عمل کی
تمثیل یہ ہے کہ اگر کوئی طبیب کسی تیماردار سے بیمار کو دوا پلانے کی نسبت بوقت معائنہ
استفسار نہ کیا کرے تو تیماردار دوا پلانے کے اٹل فریضے کو غیر ضروری تصور کر کے ٹال سکتا ہے
کس قدر حیرت کا مقام ہے کہ ایک شخص اپنے آپ کو فرض شناس بھی کہتا ہے۔ اور
فریضہ اہم کو محض کسی کے پرسان و نگران نہ ہونے کے طفلانہ عذر کے سبب فراموش کر جاتا ہے

جس جہاز کا ناخدا ایسا ناخدا ترس ہو وہ یقیناً سلامتی کے کنارے پر پہنچ نہیں سکتا۔ ؎

گر ہمیں مکتب و ہمیں ملّا　　　کار طفلاں تمام خواہد شد

تربیت اخلاق کا فریضہ والدین اور سرپرستوں سے متعلق کیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ اس کی کامل ذمہ داری ان کے سر ہے۔ کیونکہ طلباء کے تقریباً اٹھارہ گھنٹے انہی کی ذمہ داری اور نگرانی میں گذرتے ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ بڑی حد تک خود والدین بھی اس کے ذمہ دار ہیں اور بہ لحاظ تعلق ان کو ذمہ دار ہونا بھی چاہیئے۔ مگر کامل ذمہ داری کا بار ان پر ڈال کر اساتذہ کا خود کو سبکدوش تصور کرنا کسی طرح قرین انصاف نہیں ہو سکتا اور تو اور صرف ساعات کے تناسب کے لحاظ سے بھی ان کا ذمہ دار ہونا ثابت ہے اگر تعلیم و تربیت کے چولی دامن کے تعلق پر نظر کی جائے تو یہ ذمہ داری نسبتاً اور بھی اہم ہو جاتی ہے۔ جس سے جائز انکار کرنے کی تھوڑی سی گنجایش بھی کسی پہلو نظر نہیں آتی۔ ایک اور سد سکندری جو تربیت اخلاق میں حائل ہے نصاب تعلیم ہے۔ اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ نصاب تعلیم کا حجم بہ لحاظ مدت تعلیم اس قدر زیادہ ہے کہ باوجود گھانس کانٹے کے مدت مقررہ میں اختتام کی نوبت نہیں آتی اور تکمیل نصاب کی دھن کچھ ایسی لگی رہتی ہے کہ وہ دوران تفہیم میں تربیت اخلاق کی شدید ترین ضرورت کی طرف بھی متوجہ ہونے کی مہلت نہیں دیتی۔ اس میں شک نہیں کہ اس اعتراض میں تھوڑی سی معقولیت ضرور پائی جاتی ہے۔ مگر مغز پر استخواں کو ترجیح دینی کونسی عقلمندی ہے۔ کیا حضرات اساتذہ کی تمام قوتیں اور ساری کوششیں صرف اسی ایک ادنیٰ ترین مقصد کے لئے وقف ہیں کہ ہر سال ان کے مدارس سے چند ایسے حیوان ناطق کامیاب ہو جایا کریں کہ جن کے سرمایۂ زندگی میں چند ادھوری معلومات اور ناپختہ قابلیت کی بے بھروسہ ضمانت یعنے دو چار کاغذی اسناد کے سوا اخلاق و انسانیت کا کوئی قابل قدر و لائق اعتماد جوہر موجود نہ ہو۔ کیا اس حقیقت حال کے اعتراف سے بھی اغماض کیا جا سکتا ہے کہ بعض کیا

بلکہ اکثر مدارس اخلاقی تربیت کے بدرجۂ اتم محتاج ہیں۔ جن کی در و دیوار کے کریہ منظر نقوش اور اخلاق سوز تحریرات زبان حال سے کہہ رہی ہیں کہ ہمارے تقدس کی لاج نہ سہی کم از کم اپنی عزت و آن کا تو ملتفت ہیں کیجئے اور علم و اخلاق کے مخزن اور تہذیب و شائستگی کے مسکن کو انگشت نما ہونے سے خدارا بچائیے۔ مزید برآن اخلاق ذمیمہ کی سمع خراش داستانیں جو آئے دن گوش گزار ہوا کرتی ہیں تا بہ کے جاری رہینگی۔ کیا یہ اخلاقی مرض اب اس نوبت پر پہنچ گیا ہے کہ ازالہ کی کوئی ممکن العمل صورت باقی نہیں رہی ہے۔ جب مرض لا علاج نہیں ہوا ہے اور تداوے کی صورتیں بھی موجود ہیں۔ تو پھر یہ لیت و لعل کیا ہے۔ اور تجاہل عارفانہ کیوں ہے۔ اس کی وجہ بجز اس کے اور کچھ نہیں کہ آپ نے اپنی نمائشی کارگزاری کے سبب اس کو تعلیم کا جزو لاینفک تصور نہیں کیا۔ اور حقیقی فرائض کو فراموش کر دیا مگر کیا آپ اپنے غلط عمل کے نتائج کو بھی ملاحظہ نہیں فرمائیں گے۔ تربیت سے عاری تعلیم جو آپ کے موجودہ طرز عمل کا صحیح نمونہ ہے ایک ایسے چراغ کی مانند ہے جس کا تیل اور بتی تو نصاب تعلیم ہیں اور اس کا روشن کرنا آپ کی تفہیم کا مرادف ہے، مگر جب تک حباب کثافت اور گرد و غبار سے پاک و صاف نہ ہو۔ تاریکی مبدل بہ روشنی نہیں ہو سکتی۔ اور یہ ظاہر ہے کہ جو چراغ تاریکی کو دور نہ کر سکے اس کا عدم و وجود یکساں ہے۔ اور اس کا وجود اس کے عدم سے بہتر نہیں ہوتا اس کی حقیقی قدر و قیمت بھی کچھ نہیں ہوتی۔ اس اصول کے مدنظر ضرورت اور شدید ضرورت اس امر کی ہے کہ تعلیم و تربیت ایک ہی نظر سے دیکھی جائے۔ اور جب تک ایسا نہیں ہو گا نتائج تعلیم عملاً ناقص رہیں گے جس طرح زندگی کے لئے جسم اور جان کی احتیاج ناگزیر ہے اسی طرح کامل انسانیت کے لئے تعلیم و تربیت لازم و ملزوم ہیں اور ایک کے بغیر دوسرے کا وجود اس قدر موہوم اور بے حس ہوتا ہے۔ کہ اس پر ہستی کا صحیح اطلاق کسی طرح نہیں ہو سکتا باوجود اس لزوم کے تعلیم کو تربیت سے جدا کرنا جسم و جان کے باہمی رشتۂ حیات کو منقطع کرنا ہے۔ جس کا نتیجہ بجز موت کے اور کچھ نہیں گویا تربیت سے عاری تعلیم کی زندگی

فی الحقیقت کامل انسانیت کی حیات نہیں بلکہ موت ہے۔ کیا اس بے شبہ موت کو حیات سمجھنا پرلے درجے کی غلطی نہیں ہے۔ اس تباہ کن غلطی سے محفوظ رہنے کی یہ مرتبہ اول دو صورتیں ہیں۔ ایک اصول تربیت سے کماینبغی واقفیت اور دوسری اس کی قدر و قیمت کا کماحقہٗ احساس ہے۔ چونکہ احساس کا انحصار واقفیت پر ہے اور واقفیت ہی بجا طور پر احساس کی ضامن ہے۔ اس لئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اصول تربیت کے متعلق بھی چند چھوٹی موٹی باتیں بیان کی جائیں۔ اخلاقی تربیت سے یہ مقصود ہے کہ نفس انسان میں ایسی استواری اور بے تکلفی پیدا کی جائے۔ کہ اس کے تمام افعال میں جو حواس ظاہری و باطنی کے زیر اثر صادر ہوا کرتے ہیں حسن و اعتدال موجود ہو۔ یہ مقصد اسی صورت میں حاصل ہوتا ہے جب کہ اصول تربیت قوانین قدرت کے مطابق ہوتے ہیں۔ اس طریقہ تربیت میں بچے کو اپنے افعال کے نیک و بد نتائج کا ذاتی تجربہ ہوتا ہے اور وہ اس امر حقیقت کو بالآخر تسلیم کر لیتا ہے۔ کہ قدرتی جزا و سزا مبنی بر انصاف ہوتی ہے جس کے بعد اس کی طبیعت میں مادۂ تاسف و پشیمانی گھٹنے اور جذبۂ انس و محبت بڑھنے لگتا ہے۔ چنانچہ مشاہدہ شاہد حال ہے کہ جن بچوں کی تربیت اصول فطرت کے مطابق ہوتی ہے۔ ان کو اپنے تربیت کنندگاں سے عداوت کی بجائے دلی محبت ہوا کرتی ہے اس بیان کے ثبوت میں تین مثالیں بیاں کی جا سکتی ہیں۔ جو اندرون و بیرون مکان اور مدرسہ سے متعلق ہیں۔ فرض کیجئے کہ اگر کوئی بچہ گھر والوں کے ساتھ گستاخی سے پیش آتا ہے تو بار بار ٹوکنے اور زجر و توبیخ کرنے کے بجائے اس سے اخلاق و مروّت کا برتاؤ کرنا زیادہ مفید ہوگا اور وہ بہت جلد محسوس کرے گا کہ جن کو سخت ترین برتاؤ پر حق و قدرت حاصل ہے وہ اخلاق و مروت کا ایسا دلپسند اور موثر نمونہ محض اس غرض سے پیش کرتے ہیں کہ غلطی کی اصلاح صحیح طریقے پر ہو جائے۔ نیز ایسے مواقع پر جب کہ گھر میں خویش و اقارب اور دوست احباب آیا کرتے ہیں اور عموماً ہر گھر میں ایسا ہوا کرتا ہے بچے کو ان کے سامنے آنے سے

یہ کہہ کر منع کر دینا چاہیئے کہ ہم کو یہ کسی طرح گوارا نہیں ہو سکتا کہ تم سے کچھ بُری حرکت سرزد ہو۔ اور وہ تم کو برا کہیں۔ اس ہمدردانہ و مصلحانہ طرزِ عمل سے نہ صرف جذبۂ محبت کی پرورش ہوگی بلکہ یہ اصلاحِ حال کا ضامن بھی ہوگا۔ کیونکہ بچہ رفتہ رفتہ اس حقیقت کو محسوس کرہی لے گا۔ کہ جن لوگوں کی صحبت میں اسے عمر گزارنی ہے اُنکے اقوال اور افعال میں منافرت زندگی کی خوش گوار حلاوت کو تلخ و ناگوار کر دے گی۔ بیرون مکان کی تمثیل یوں سمجھیئے کہ بچہ جب باہر جاتا ہے کچھ نہ کچھ شکایت اپنے ساتھ لاتا ہے۔ اور اس طرح گھر پر شاکیوں کا تانتا بندھا رہتا ہے۔ اس طرزِ عمل کی اصلاح کے لئے مناسب ہوگا کہ جب گھر والے سیر تماشے وغیرہ کے لئے باہر جایا کریں تو اس بچے کو اپنے ساتھ نہ رکھیں اور صاف طور پر کہہ دیں کہ تم نے گھر پر لائے ہوئے جھگڑوں کے چکانے میں ہمارا عیش و آرام اس قدر تلخ کر دیا ہے کہ اب ہم تمکو باہر لے جاکر سیر و تفریح کا لطف کرکرا نہیں چاہتے۔ اس کے ساتھ یہ بھی مفید ہوگا کہ کسی موقع مناسب پر گشت و گردش کے دلچسپ حالات و واقعات بلا تخاطب اس طرح بیان کئے جائیں کہ بچے میں حسرت و ندامت کے جذبات برانگیختہ ہو جائیں۔ یہ دونوں کیفیات ایسی پر اثر ہوں گی کہ بچہ بہت جلد شریکِ صحبت ہونے کا اہل ہو جائے گا۔ مدرسہ کے متعلق تمثیلِ ذیل غالباً خلافِ مشاہدہ اور غیر موزوں نہ ہوگی۔ فرض کیجئے کہ ایک بچے نے مدرسہ کے در و دیوار حیا سوز اشکال اور فحش تحریرات سے سیاہ کر دی۔ ایک عرصے کے بعد وہ گرفتار ہوا اور اس کا جرم پایۂ ثبوت کو بھی پہنچ گیا۔ یوں تو اس اخلاقی مجرم کو ارتکابِ جرم کی پاداش میں مختلف و متعدد مماثلِ فطرت سزائیں دی جا سکتی ہیں مگر یہاں بہ خوفِ طوالت صرف دو ایسی سزائیں اساتذہ و طلباء کی طرف سے تجویز کی جاتی ہیں۔ جن پر نہایت آسانی سے عمل ہو سکتا ہے۔ مناسب ہوگا کہ اساتذہ مختلف طرز و طریقے سے سخت نفرت و حقارت کا برتاؤ کریں مثلاً سلام نہ لیں۔ مخاطب نہ کریں۔ جواب دیں بھی تو بہ تراز خاموشی ہو۔ راستہ کترا جائیں حاضری کے وقت نام نہ پکاریں

گھر پر کیا ہوا کام بہ غرض تصحیح نہ لیں۔ جماعت میں کئے ہوئے کام کی اصلاح نہ کریں سوالات کے وقت سوال نہ کریں۔ جواب لینے کی نوبت آبھی جائے تو ٹال دیں۔ دوران تفہیم میں اس کی طرف روئے سخن ہونے نہ دیں۔ استفسار کے جواب میں پہلے پہل خاموشی اختیار کی جائے۔ اور پھر بے رخی سے یہ کہدیا جائے کہ عیب کرنے کے لئے ہنر نہیں سکھایا جا سکتا وَقِسْ عَلیٰ ھٰذا۔ طلبا بھی اسی قسم کا مناسب حال طرز اختیار کریں بازو بیٹھنے سے اجتناب کریں اگر کوئی چیز لی گئی ہو تو فوراً واپس کردیں۔ کھیل میں انتخاب نہ کریں۔ اگر خود ہی کسی جماعت میں شریک ہو جائے تو اس کو اپنا ساتھی تصور نہ کریں اور فریق مقابل بھی مدافعت سے قطعاً باز رہے اس کے باوجود بھی اگر تکلم و اشتراک عمل کے لئے اصرار و تقاضا ہو تو سب کے سب یک زبان ہو کر کہدیں کہ۔ بدنام کنندہ نکو نامے چند کے ننگ صحبت سے احتراز بہر نوع واجب ہے۔ اس کے بعد آپ خود دیکھ لیں گے کہ سنگین سے سنگین جرم کا مجرم بھی صدق دل سے تائب اور اخلاق حسنہ کا مجسم نمونہ بن جائے گا۔ مکان اور مدرسہ میں عموماً جو سراپا غلط تربیت ہوا کرتی ہے۔ اس کے متعلق فرضی تمثیلات کے بجائے حقیقی واقعات کا اظہار مناسب معلوم ہوتا ہے۔ کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ ایک ذی علم باپ جو اپنے بچے کو اس دروغ گوئی پر سخت ترین جسمانی سزا دیتا ہے کہ اس نے مدرسہ جانے کی نسبت سراسر جھوٹ کہا۔ اس واقعہ کے تھوڑی ہی دیر بعد وہی باپ اپنے اسی لڑکے سے یہ کہتا ہے کہ اس وقت مکان پر دستک دینے والے اگر فلاں صاحب ہوں تو کہہ دینا کہ مکان میں موجود نہیں ہیں۔ کہیں باہر گئے ہیں۔ نیز یہ کہ کب آئیں گے ہم کو اس کا علم نہیں ہے ۔ع

مشکلے دارم ز دانشمند محفل باز پرس ۔۔۔ توبہ فرمایان چرا خود توبہ کمتر می کنند

دو بڑی عمر کے ہم جماعت طلبا ایک مدرس صاحب کے پاس آتے ہیں۔ ان میں سے ایک یہ کہتا ہے کہ دوسرے نے اس کو طمانچہ رسید کیا۔ اس پر مدرس صاحب دریافت کرتے ہیں

کہ طمانچہ کیوں مارا تو طمانچہ رسید کرنے والا طالب علم یہ کہتا ہے کہ اس نے مجھ کو گالی دی جس کی وجہ سے مجھے غصہ آگیا۔ اور میں نے ایک طمانچہ رسید کیا۔ اس بیان کے بعد ہی مدرس صاحب نے اپنا فیصلہ یوں صادر کر دیا کہ اگر اس نے گالی دی تھی تو تم کو ہم سے شکایت کرنی چاہیے تھی نہ کہ طمانچہ مارنا چاہیئے تھا۔ قصور تمہارا ہے۔ سزا کے لئے ہاتھ بڑھاؤ۔ لڑکے نے ہاتھ بڑھانے کی بجائے یہ کہا کہ آپ نے گالی دینے کی وجہ دریافت ہی نہیں فرمائی۔ انہوں نے بلاوجہ گالی دی اگر میں باوجہ طمانچہ مارنے کا گناہ گار ہوں تو یہ بلاوجہ گالی دینے کے خطاکار ہیں۔ اس لحاظ سے دونوں قصوروار ہوئے۔ اگر سزا ملتی بھی ہو تو دونوں کو ملنی چاہیئے مگر انصاف کا تقاضا تو یہ ہے کہ صرف بانی فساد کو سزا ہونی چاہیئے۔ کیونکہ اگر گالی نہ دی جاتی تو طمانچہ بھی رسید نہ ہوتا اگر آپ مجھ اکیلے ہی کو سزا دینی چاہتے ہیں تو میں آپ کے فیصلے سے ناراض ہوں۔ براہ کرم اس قضیے کو جناب صدر صاحب کے پاس پیش کر دیجئے۔ اس تقریر سے مدرس صاحب اس قدر مشتعل ہو گئے کہ رہا سہا انصاف بھی باقی نہ رہا۔ چنانچہ فرمانے لگے کہ جب تم جیسے دریدہ دہن نے میرے ساتھ ایسی گستاخی کی ہے تو اپنے ساتھی کے ساتھ کیا کچھ کیا ہوگا۔ پہلے میں تم کو اس گستاخی کی سزا دوں گا اور پھر تمہارے حسب خواہش مزید سزا کے لئے صدر صاحب کے پاس بھیجوں گا۔ غیظ و غضب اس قدر بڑھ گیا تھا کہ سزا دہی کی ممانعت کے باوجود سزا دی اور پھر صدر صاحب کے پاس بھجوا دیا۔ مدرس صاحب کے اس طریقۂ تربیت کی اور غلطیوں سے قطع نظر اس خاص غلطی کو ملاحظہ فرمائیے کہ اگر یہ تسلیم بھی کر لیا جائے کہ گالی بلاوجہ نہیں دی گئی تھی تو بھی یہ ضرور ماننا پڑے گا کہ گالی دینے سے غصے کا پیدا ہونا لازمی ہے۔ ورنہ طمانچہ رسید کرنے کی نوبت ہی نہ آئی۔ گویا مدرس صاحب نے طمانچہ رسید کرنے والے طالب علم کو غصہ ضبط نہ کرنے کا قصوروار ٹھہرایا مگر جب اثنائے دریافت میں اس طالب علم نے اظہار حقیقت کے بعد داد خواہی کی تو خود خواہ مخواہ اس قدر مشتعل ہوئے کہ اس امتیاز تک کی سدھ نہ رہی کہ جسے ناجائز غیظ و غضب کی حالت میں سزا دی جا رہی ہے وہ فطرتی غصے کو ضبط نہ کرنے کا

محروم ہے۔ اسی طرح اخلاقی تربیت میں خود تربیت کنندہ سے مختلف و متعدد غلطیاں سرزد ہوا کرتی ہیں۔ جو اصول تربیت سے ناواقفیت کا نتیجہ ہوتی ہیں۔ اور جن کا خمیازہ صرف معصوم طلبا کو بھگتنا پڑتا ہے۔ کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ ایک طرف والدین اور دوسری طرف اساتذہ اصول تربیت سے نابلد ہوا کرتے ہیں۔ گویا ایک معصوم زندگی دو نادان دوستوں کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔ اور نادان دوست دشمن کے برابر ہوتا ہے۔ اس کی تمثیل یوں سمجھیئے کہ ایک شخص نہایت ہی گراں قدر و کثیر سرمایے سے تجارت تو کرنی چاہتا ہے مگر اصول تجارت سے بالکل بے بہرہ ہے۔ ایسی تجارت میں فائدے کی توقع کرنی کا غذا بر سے بارش کی امید رکھنی ہے۔ جو کبھی پوری نہیں ہوسکتی یا یہ کہ اگر کوئی شخص تشریح الابدان کے علم کا مبتدی بھی نہ ہوا اور وہ نازک ترین عمل جراحی کے لئے آمادہ ہو جائے تو اس کی یہ طفلانہ جسارت بجز نقصان عظیم کے قلیل ترین منفعت کی بھی ضامن ہرگز نہ ہوگی۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ان دوست نما دشمنوں سے اس خصوص میں عموماً جو غلطیاں ظاہر ہوا کرتی ہیں اور ان سے جو نقصان دہ نتائج مترتب ہوتے ہیں ہر دو اختصار کے ساتھ بیان کیے جائیں مثلاً ایک بچہ خود بخود جوتا پہن تو سکتا ہے۔ مگر دائیں اور بائیں میں تمیز نہیں کرتا تو اس کے قبل کہ وہ چلنے میں تکلف محسوس کرے یا زائد از زائد گر گر رفتہ رفتہ اپنی غلطی معلوم کرے اس کی غلطی درست کر دی جاتی ہے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بچہ فی الحال خفیف نقصان سے تو محفوظ رہتا ہے مگر ذاتی تجربہ نہ ہونے کے سبب بار بار یہی غلطی کرتا ہے اور آخر کار وہی اصلاح کنندہ جو بچے کو قدرتی طریقہ تربیت کے خفیف تکلف و ضرر سے بچانے کی کورانہ تدبیر کیا کرتا تھا۔ ہر وقت کی اصلاح سے تنگ آکر کئی گونہ سخت سزا دیتا ہے۔ باوجود اس کے اصلاح حال کی کوئی مستحکم صورت پیدا نہیں ہوتی کیونکہ اس کے بعد جب بچہ جوتا پہننے لگتا ہے تو غیر موزوں سزا کی یاد تازہ ہو کر کمزور قوت امتیاز کو جو تکلیف و راحت کے ذاتی تجربے سے محروم ہوتی ہے۔ خوف و دہشت سے تقریباً مغلوب کر دیتی ہے۔ بعض وقت بلا لحاظ سن

بچوں سے اخلاقی طرز عمل کی بہت زیادہ توقع کی جاتی ہے۔ چنانچہ ایسے صغیر سن بچوں کی جماعت میں جن کو تعظیم کا کافی احساس نہیں ہوتا جب کوئی استاد داخل ہوتا ہے اور بعض بچوں کو کسی مشغلہ میں باہم منہمک اور تعظیم کے لئے استادہ نہیں پاتا ہے تو چشم پوشی کے بجائے چشم نمائی کرتا ہے۔ جو بالکل غیر ضروری ہوتی ہے۔ کیونکہ اس سے نہ صرف طفلانہ انہماک جو بجائے خود مفید ہے۔ خلل پذیر ہو جاتا ہے۔ بلکہ جذبہ خودداری قبل از وقت ابھارنا آیندہ کی کمزوری کا پیش خیمہ ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جو بچے طفولیت میں زیادہ خلیق و مہذب نظر آتے ہیں۔ وہ بڑے ہو کر بد خلق و غیر مہذب ہو جاتے ہیں اس سے یہ نتیجہ مستخرج ہوتا ہے کہ متوسط درجوں کی تجاویز و نتائج نسبتاً زیادہ سود مند ہوتے ہیں یہ بات بھی قابل لحاظ ہے کہ تربیت میں تعجیل کرنی بھی متعدد نقصانات کا موجب ہوا کرتی ہے ظاہر ہے کہ جو قوتیں آہستہ آہستہ نشو و نما پاتی ہیں وہ مستحکم اور دیرپا ہوتی ہیں۔ برخلاف اس کے قبل از وقت اور جلد بڑھنے والی قوتیں کمزور اور ناپائیدار ہوتی ہیں۔ جب بچے ضد اور خود رائی کرتے ہیں تو اکثر اس پر اظہار افسوس کیا جاتا ہے۔ حالانکہ ایک حد تک بچوں کا یہ فطرتی طرز عمل برا نہیں ہوتا۔ کیونکہ اس سے آزادی کے شریفانہ جذبات کی پرورش ہوتی ہے اور اسی سے ضبط نفس پر قدرت حاصل ہوتی ہے۔ جس کی ہر ایک انسان کو بڑی ضرورت ہے احکام کی تعداد میں زیادتی بھی ہمیشہ مضر ہوتی ہے۔ حکم کی ضرورت صرف اسی صورت میں ہوتی ہے جب کہ طریقۂ عمل کی تدابیر بچے کی عقل سے پوشیدہ ہوتی ہیں اور ناکامی ہوا کرتی ہے اس کے ساتھ یہ بھی لازم ہے کہ حکم بہت غور و خوض کے بعد دیا جائے اور اس کی تعمیل بہر نوع کرائی جائے۔ بعض وقت جائز حکم بھی خفیف نقصان کا موجب ہوتا ہے ایسی صورتوں میں نقصان کی پروا نہ کرنی چاہئے۔ ورنہ حکم کی بے وقعتی بہت سے بڑے نقصانات کا سبب ہوگی۔ نیز لالچ اور خوف سے حکم کی تعمیل کرانی نقصان دہ ہوتی ہے۔ اور یہ عموماً اس وقت نمایاں طور پر ظاہر ہوتا ہے۔ جب کہ تعمیل کے یہ دونوں محرکات نہیں ہوتے ہیں

بچے کو ایک بے حس آلہ تصور کرنا بھی پہلے درجے کی غلطی ہے۔ کیونکہ اس طرز عمل سے اس کی تقریباً تمام قوتیں کم از کم پژمردہ ضرور ہو جاتی ہیں۔ جس کے بعد بچہ آزادی حاصل کرنے کے لئے ہر قسم کی ناجائز تدابیر اختیار کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ اور بالآخر اختیار کر لیتا ہے۔ چونکہ یہ آزادی ناجائز وسائل کے ذریعہ حاصل ہوتی ہے اس لئے فائدے کی بجائے نقصان ہو جاتا ہے اخلاقی تربیت میں اخلاقی سزا کے ساتھ جسمانی سزا کی ضرورت بھی ہوا کرتی ہے۔ سزا کسی قسم کی بھی ہو اس کا منشاء صرف یہ ہونا چاہئے کہ ارتکاب جرم کے ساتھ سزا کی تکلیف کا خیال پیوست ہو جائے۔ جس سے خطا کار کی اصلاح ہو نیز دوسرے عبرت حاصل کریں۔ سزا چونکہ غذا نہیں بلکہ دوا ہوتی ہے۔ اس لئے اس کے استعمال میں نہایت درجے احتیاط کی سخت ضرورت ہے۔ ظاہر ہے کہ دوا کا استعمال صرف بیماری کی حالت میں ہوا کرتا ہے جس کی تعداد بھی حسب ضرورت ہوتی ہے۔ سزا دینے کے قبل قصور کی مکمل تحقیقات اور سزا کی ضرورت و نوعیت پر کافی غور و خوص لازمی ہے۔ سزا قصور کے مطابق ہونی چاہئے۔ اگر مختلف قصوروں کے لئے ایک ہی قسم کی سزا دی جائے گی تو وہ مفید و موثر نہیں ہوگی۔ مگر عموماً دیکھا جاتا ہے کہ جو مدرسین تندخو ہوا کرتے ہیں وہ ہمیشہ بید کی سزا دیتے ہیں۔ اور یہ سمجھتے ہیں کہ ہم نے غلطی کی اصلاح کر دی حالانکہ یہ خیال حقیقت حال کے سراسر خلاف ہوتا ہے جس طرح دوا مریض کے مناسب حال ہوتی ہے اسی طرح سزا بھی خطا کار کے لئے ہر لحاظ سے موزوں ہونی چاہئے۔ ورنہ سزا کے اثرات یقیناً کم ہو جائیں گے۔ اگر اس موقع پر سزا دہندہ آپے سے باہر ہو جائے گا تو اس کی سزا حد انصاف سے متجاوز ہو جائے گی اور اس میں اصلاح حال کے خیالات کی بجائے انتقام کے جذبات پیدا ہو جائیں گے۔ اس کی بھی سخت ضرورت ہے کہ خاطی کو سزا دینے کے قبل اس کی خطا نہ صرف ظاہر بلکہ ثابت بھی کر دی جائے تاکہ سزا کے اثرات زیادہ موثر و مفید ہو جائیں۔ نیز خاطی اور سزا دہندہ کے باہمی تعلقات میں منافرت پیدا نہ ہو۔ بعض وقت دو طلباء سے ایک ہی قسم کا قصور سرزد ہوتا ہے۔ مگر ایک اتفاقاً اور

دوسرا عادتاً قصور کرتا ہے۔ ایسی صورت میں اتفاقیہ قصور کی سزا نسبتاً نرم اور کم ہونی چاہیے
نیز بدنی سزا میں طلبا کی صحت اور جسمانی بناوٹ کا لحاظ رکھنا بھی بہت ضروری ہے۔ بلا سوچے
سمجھے طمانچے رسید کرنا یا جو چیز ہاتھ میں ہو اسی سے خبر لینی بالکل وحشیانہ پن ہے جو اکثر اوقات
نہایت مضر نتائج پیدا کرتا ہے۔ استاد یا سرپرست کی حقارت اور نفرت بھی سزا میں داخل ہیں
جن سے عموماً خفیف خطاؤں کے موقع پر کام لیا جا سکتا ہے۔ مگر اس کا خیال بھی رہے کہ
اعتدال سے تجاوز نہ ہونے پائے۔ ورنہ خاطی لاپروا اور بے باک ہو جائے گا۔ جس کے بعد
اس کے لئے یہ طریقہ موثر اور مفید نہ ہوگا۔ جرمانہ بھی ایک قسم کی سزا ہے جو بجائے خود مفید ہے
بشرطیکہ اس کا استعمال درست ہو۔ جرمانہ صرف انہی طلبا پر ہونا چاہیے۔ جن کو اس کا پورا
احساس ہو۔ ورنہ کچھ مفید نہ ہوگا۔ اگر جرمانہ کرنے کے بعد اس کے معاف کر دینے کی ضرورت
ہوتی ہو تو مناسب یہی ہے کہ جرمانہ ہی نہ کیا جائے۔ لیکن جو جرمانہ غلطی سے ہوا ہو اس کو
ضرور معاف کر دینا چاہیئے مدرسہ جماعت اور کھیل سے عارضی طور پر باہر کر دینا بھی مفید ہوا کرتا ہے
لیکن یہ سزا صرف ان طلبا کو وہی مناسب ہے جن کو اس کا احساس ہو۔ ورنہ جماعت
اور مدرسہ سے باہر کر دینا طلبا کے لئے تعطیل کا مرادف ہو جائے گا۔ برخواست مدرسہ کے بعد
دیر تک طلبا کو روک رکھنا مناسب حال سزا ہے۔ کیونکہ خطا اور سزا کی نوعیت یکساں ہے
اس موقع پر اکثر مدارس میں تعلیمی کام لیا جاتا ہے۔ جو زیادہ تر تحریری ہوا کرتا ہے اور جس کی
نسبت عام خیال یہ ہے کہ یہ سزا کی سزا اور تعلیم کی تعلیم ہے۔ مگر اس میں بہت بڑی خرابی
یہ ہے کہ طلبا تعلیمی مشغلہ کو سزا تصور کر کے اس سے لازماً متنفر ہو جائیں گے۔ جس کا پہلا
ثبوت اور محدود اثر یہ ہوگا کہ اس عرصے میں جو کچھ بھی تعلیمی کام کیا جائے گا اس میں بجز
ظاہری نمائش اور اندرونی نقصان کے کوئی حقیقی فائدہ مطلقاً نہ ہوگا۔ بعض مدارس میں
یہ عمل ہوا کرتا ہے کہ "میں آیندہ دیر نہیں کروں گا" بار بار لکھواتے ہیں۔ جو تحریری اقرار کا
طومار ہو جاتا ہے۔ اس میں بھی دو خرابیاں پائی جاتی ہیں۔ ایک تو یہ کہ جہاں وعدے کی

تکرار ہوئی اس کا وثوق کم ہوگیا۔ اور دوسری یہ کہ اگر یہ اصولی باریکی نظر انداز بھی کردی جائے تو اس حقیقت سے انکار ناممکن ہے کہ کسی ایسے فعل کے نہ کرنے کا اقرار تکرار کے ساتھ کرانا جس کے وقوع پذیر ہونے کا امکان ہر وقت ہو صریح غلطی ہے۔ جو دیدہ و دانستہ وعدہ خلافی کی تعلیم دیتی ہے۔ ممکن ہے کہ یہ علانیہ غلطی اس غلط خیال کی آڑ میں اوجھل ہو جائے کہ تکرار کا سنگین وعدہ پہلے تو ٹوٹے گا ہی نہیں اور اگر بصد مجبوری ٹوٹا بھی تو اس کا انفعال اس قدر قوی اور دیرپا ہوگا کہ آیندہ ارتکاب کی نوبت ہی نہیں آئے گی مگر روزمرّہ کا تجربہ شاہد و ناطق ہے کہ تکرار کے سنگین وعدے ہی بار بار ٹوٹتے رہتے ہیں۔ پس ایسی حالت میں بھی مناسب ہے کہ اس موجبِ نقصان طریقۂ عمل سے احتراز کیا جائے۔ بالآخر یہ کہنا غالباً خلافِ حقیقت نہ ہوگا کہ تربیت کی کٹھن منزل کا راستہ ایسا دشوار گزار اور پیچیدار واقع ہوا ہے کہ علم النفس کی رہبری میں باوجود پھونک پھونک کر قدم رکھنے کے کج روی سے بچنا محال ہے۔

سیّد غلام محمود

تکان اور اُس کا علاج

ایک ماہرِ فن تعلیم کا قول ہے کہ کامیاب مدرس کے لئے ضروری ہے کہ سبق معمولی سے معمولی کیوں نہ ہو۔ خود خاص دلچسپی لے "سبق کو دلچسپ بنائے اور بچوں میں بھی دلچسپی پیدا کرے" آخر یہ کیوں اور کس لئے؟ بات یہ ہے کہ چھوٹے لڑکے دیر تک توجہ قائم نہیں رکھ سکتے۔ ان میں توجہ ایک سیال مادّے کی طرح ہے جو جدھر نشیب ہو بہ نکلے گا۔ مثلاً ایک ضدی لڑکا جو دیر سے کسی چیز کے لئے رو رہا ہے ڈھولکی یا سیٹی کی آواز پر ہشاش بشاش ہو جاتا ہے تھوڑی ہی دیر میں اس سے اکتا کر کسی دوسری چیز کی خواہش کرنے لگتا ہے ہمارا روز کا تجربہ شاہد ہے

دلچسپ سے دلچسپ سبق جونہی چھٹی کی گھنٹی بجتی ہے پھیکا پڑ جاتا ہے کیونکہ گھنٹی کی آواز
نیا پیام شوق لاتی ہے۔ کھیل کود کا شوق اور اس کی دلچسپیاں سب پر غلبہ پالیتی ہیں
بلحاظ عمر مختلف چیزیں مختلف نوعیت کی دلفریبیاں رکھتی ہیں لڑکے کھیل کی گھنٹی کے بعد
سبق میں جی نہ لگائیں تو یہ کوئی بڑی علامت نہیں ہے وہ یقیناً قانون قدرت کے مطابق
عمل کر رہے ہیں۔ مدرس کا غصہ میں آنا اور چیں بہ جبیں ہونا بے معنی اور بے موقع ہے
یہ بھی اکثر تجربہ کیا گیا ہے کہ مدرسین ایسی صورتوں میں بلا دلچسپی پیدا کئے پڑھا کر چلے آتے ہیں
اور سمجھتے ہیں کہ ہم اپنا کام پورا کر آئے۔ مگر جب جانچ کی جائے تو نتیجہ صفر ہی ملتا ہے جس سے
ظاہر ہے کہ مدرس نے بچوں کی حالت کا اندازہ نہیں کیا اور ایسے وقت میں تعلیم دی جب کہ
متوجہ نہ تھے ہمیں ان مثالوں سے معلوم ہوا کہ محض دلچسپی ہی ایک ایسی چیز ہے جو دیر تک
بچوں کو متوجہ رکھ سکتی ہے۔ اور ہم بلا خوف تردید کہہ سکتے ہیں کہ بغیر اس کے جماعت میں
تنکا بھی نہیں ہل سکتا ہے۔ بالفرض کسی کامیاب مدرس نے جملہ اصول حفظان صحت و تدریس
لب و لہجہ حرکات و سکنات اور فراہمی نمونہ جات و آلات تعلیمی سے بدرجہ اتم دلچسپی پیدا
کر بھی لی تو یہ یاد رہے کہ ایک وقت ایسا آنے والا ہے جب کہ ساری دلچسپی مفقود ہو جائے گی
اور لڑکے اکتا کر بے چین ہو جائیں گے۔ نہ صرف یہی بلکہ خواہش ہوگی کہ یہ بلا کسی طرح ٹلے۔
اور انہیں خوش گپوں چیخ پکار اور کھیل کود کا موقع ملے۔ ہمیں یہاں غور کرنا چاہئے کہ آخر کیوں
بچوں میں جا بجا جلد حیرت انگیز تبدیلیاں ہوتی رہتی ہیں اور ان کے اسباب کیا ہیں انسانی
مشین بہترین صناعی اور دستکاری کا ایک اہم اور پیچیدہ نمونہ ہے۔ مدتوں اس کے کل
پرزوں کی جانچ پڑتال اور تحقیقات میں ماہرین فن لگے رہے۔ اور اب بھی ہیں۔ آئے دن
کوئی نہ کوئی نئی بات معلوم ہوتی رہتی ہے اس مشین میں بے شمار رگ و پٹھے نسیں اور
باریک ریشے ہر حصہ میں موجود ہیں۔ جن کی پرورش ایک سیال مادے کے ذریعہ ہوتی رہتی ہے
جسے خون کہتے ہیں۔ جیسے انجن کے لئے کوئلے کی ضرورت ہے ویسے انسانی مشین کو بھی

ایندھن درکار ہے کوئلے سے بھاپ تیار ہوکر انجن چلتا ہے تو خون سے آکسیجن کا جسز
جل کر انسانی مشین کو مختلف سرگرمیوں میں مصروف رکھتا ہے اگر آکسیجن خون میں نہ ہو تو
یہ سارا نظام درہم برہم ہو جائے بالفاظ دیگر آکسیجن ممد حیات ہے اور اسی پر تمام عضو
اور اعصاب وغیرہ کا دارومدار ہے جب بدن کا کوئی حصہ مصروف رہے تو آکسیجن (جو
خون میں شریک ہے) رفتہ رفتہ جل کر فنا ہو جاتی ہے اور ایک قسم کا ردی مادہ جسے
ٹاکسن کہتے ہیں چھوڑ جاتی ہے جس کا زہریلا اثر رگ وپے میں دوڑ جاتا ہے بس اسی
کیفیت کا نام تکان ہے یعنی جسمانی نسوں اور باریک ریشوں کی قوت کا
(خواہ ان کا تعلق اعصاب سے ہو یا پٹھوں سے) سرگرم عمل رہ کر خون کی آکسیجن کو تحلیل
یا فنا کرنا تکان پیدا کرتا ہے۔ پس ٹاکسن کا اجتماع اور رگوں کا جواب دینا تھکنے کے اسباب ہیں
اور لطف یہ کہ خون ہی ٹاکسن کو صاف کر کے دوبارہ تازگی بھی پیدا کرتا ہے۔ خون اگر صالح ہو تو
تھکن جلد دور ہوگی۔ ورنہ یہی فاسد خون تازگی پیدا کرنے میں مانع ہوگا۔ اچھا خون پیدا کرنے
کے لئے پاک وصاف ہوا کی ضرورت ہے جس میں آکسیجن کی مقدار کافی ہو اسی وجہ سے جماعت کے
پاک وصاف رکھنے اور ہوادار ہونے پر زور دیا جاتا ہے۔ غرض کہ اعصاب کے جھتے جو
بدن بھر میں پھیلے ہوئے ہیں اور دماغی اعصاب جو ہر قسم کے شعور کے مرکز ہیں ٹاکسن کے
زہریلے اثر سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں کیونکہ دوران خون کے ذریعہ ہر حصے میں سمیت
دوڑ جاتی ہے جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جسمانی اور دماغی افعال ناقص طور پر ہونے لگتے ہیں
قوت ارادہ اور سمجھ میں فتور آجاتا ہے۔ تکان جسمانی اور دماغی دو قسم کی ہوتی ہے جس سے کوئی
ذی روح بچ نہیں سکتا ہے۔ ہر شخص پر قانون قدرت یکساں منطبق ہوتا ہے یہ ضرور ہے کہ
قوی اور سن کے اعتبار سے کوئی جلد تھکتا ہے تو کوئی بدیر مگر لازمی طور پر تھکن کا اثر ہوتا ہے
اس کا یہ مطلب نہیں کہ تکان کا خیر مقدم کیا جائے گو یہ ناگزیر صورت ہے مگر کوئی اچھی چیز
بھی نہیں ہے۔ اس لئے کہ کام کم ہوتا ہے۔ ایک تندرست شخص جو شوق سے اپنا کام

کرتا ہے جب تک پوری طرح تھک نہ جائے اس کام کو نہیں چھوڑتا ساتھ ہی وہ جلد تازہ دم بھی ہو جاتا ہے ایسے شخص کے لئے تھوڑا آرام کافی ہے بخلاف اس کے کام کی نوعیتیں اکثر ایسی ہوتی ہیں کہ جلد انسان خراب و خستہ ہو جاتا ہے اور طویل وقفے کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ رگیں اصلی حالت پر آجائیں ورنہ بسا اوقات یہی تکان ہلاکت کا باعث ہوتی ہے۔ کام کی شدت سے خون میں زہریلے اثر پیدا ہو جاتے ہیں اور یہ ہلاکت محض خون کی سمیت سے ہوتی ہے۔ بڑوں کا جب یہ حال ہے تو چھوٹے لڑکوں پر تعلیمی بار ڈالنا اور صبح سے لے کر شام تک مصروف رکھنا ان کے جسمانی اور دماغی نشو و نما کے لئے سم قاتل اور زہر ہلاہل ہے۔ لڑکے جتنے ہی چھوٹے ہوں گے اسی قدر جلد تھک جائیں گے۔ جن لڑکوں کی عمر چھ سال یا اس کے اندر ہو آدھے یا زیادہ سے زیادہ ایک گھنٹے میں کافی طور پر تھک جاتے ہیں مگر تیرہ یا چودہ سال کے لڑکے تیسرے گھنٹے سے تکان محسوس کرنے لگتے ہیں مدرس کا اہم فریضہ ہے کہ پوری جماعت پر نظر رکھے اور اس کا اندازہ کرے کہ تکان کا کس قدر اثر لڑکوں پر ہے۔ پیمایش کے مختلف طریقے ہیں مگر اس قدر جان لینا کافی ہے کہ تکان کا اثر نمایاں طور پر کلاس میں معلوم ہو جاتا ہے پہلے بے توجہی ظاہر ہوتی ہے پھر کام میں جی نہیں لگتا اور کسی قسم کی تبدیلی کی خواہش ہوتی ہے اس کے بعد سستی معلوم ہوتی ہے یہاں تک کہ تکان محسوس ہونے لگتی ہے اور آخر میں انتہا درجہ کی خستگی پیدا ہو جاتی ہے اور سوائے نیند اور آرام کے کسی چیز کو جی نہیں چاہتا ان آثار اور علامتوں سے مدرس کو پتہ چلا لینا چاہیئے گو یہ صحیح پیمایش نہیں ہو سکتی تب بھی ایک حد تک قابل اعتماد ضرور ہے۔ تکان کا نمایاں اثر کام پر پڑتا ہے غلطیاں زیادہ ہونے لگتی ہیں اور کام بھی مقابلتاً کم ہوتا ہے۔ زیادہ عمر والے اشخاص خیالات کا تسلسل قائم نہیں رکھ سکتے ہیں اور بچے کھیلنا شروع کر دیتے ہیں اس کا یہ مطلب ہے کہ غیر ارادی طور پر وہ تکان سے محفوظ رہنے کی کوشش کر رہے ہیں ہوشیار مدرس کو اس سے متنبہ ہو کر آنے والے

تکان کا انسداد کرنا چاہئے جس کی علامتیں یہ ہیں۔

(۱) عام حرکات میں اضمحلال کا ہونا۔

(۲) سر بمعہ پیٹھ اور ہاتھوں میں توازن کا نہ ہونا۔

(۳) بے ساختہ یا اضطراری حرکات کا سرزد ہونا اور بات بات پر برہم ہونا۔

(۴) آنکھ کے دیدوں کا گھومنا اور کسی چیز پر متوجہ نہ رہنا۔

(۵) چہرے پر زردی کا ہونا یا مردنی چھا جانا۔

(۶) آنکھ کے پپوٹوں کا پھول جانا۔

(۷) انگلیوں کو چٹخانا۔

(۸) سر کا ایک طرف جھکا ہونا۔

(۹) شانوں کا نیچے ڈال دینا۔

(۱۰) پیٹھ کا خمیدہ ہونا۔

(۱۱) انگوٹھے کا ہتیلی کی طرف جھک جانا وغیرہ۔

ان کے علاوہ یہ بھی ذہن نشین رہے کہ دیگر جسمانی اور دماغی حالتوں کے باعث تکان کا اثر جلد شروع ہو جاتا ہے اگر سبق دلچسپ نہ ہو یا بچے کی صحت خراب ہو یا بھوک پیاس نیز کہ لباس موسم کے لحاظ سے نہ ہو یا یہ کہ کمرے کی ہوا صاف اور اس میں کافی روشنی نہ ہو تو تکان کا اثر بہت جلد ہو گا۔ ان تمام امور کو ملحوظ رکھنے پر بھی اس سے ہم بالکل بچ نہیں سکتے البتہ اس کے اثر کو کم کیا جا سکتا ہے۔ جس کی دو تدبیریں ہیں اول بدل کر کام لینا اور آرام کا انتظام کرنا

کام میں تبدیلی سے یکسانیت باقی نہیں رہتی اور دلچسپی پیدا ہوتی ہے۔ جس سے تکان کا اثر کم ہوتا ہے۔ نئی چیز یا نیا مشغلہ چھوٹے بچوں کو جلد متوجہ کر لیتا ہے اور بڑی بات یہ ہے کہ کام کی تبدیلی سے جسم کے دوسرے حصے مصروف ہو جاتے ہیں۔ تھکے ہوئے حصوں میں تازگی آجاتی ہے اور ان کے ٹاکسن دوران خون سے دور ہو جاتے ہیں تبدیلی کو

خاص طور پر موثر اور مفید بنانے کے لئے کام کی نوعیت کا خیال بھی رہے مثلاً سخت کام کے بعد ہلکا کام حساب کے بعد خطاطی یا لکھنے پڑھنے کے بعد کمپوزیشن یا قصہ گوئی غور و خوض والے کام کے بعد تفریحی مشاغل گانا باغبانی وغیرہ

ہمیں یہ معلوم ہو چکا ہے کہ قوی کی سرگرمی کا دار و مدار خون پر ہے اور تکان سے ٹاکسن پیدا ہوتے ہیں جنہیں خون ہی صاف کرتا ہے تو جب خون کی سربراہی سے زیادہ ٹاکسن پیدا ہونے لگیں تو کسی قسم کی تبدیلی کام نہیں دیتی اور پورا جسم خراب اور خستہ ہو جاتا اس کو عام تکان کہیں گے بخلاف مختص المقام تکان کے جس کا اب تک ذکر رہا ہے دن میں مصروف رہنے کے بعد عام تکان کا غلبہ شب میں ہوتا ہے جسے نیند و آرام ہی دور کر سکتے ہیں اور کسی قسم کی تبدیلی مفید نہیں ہو سکتی۔ تکان کا غلبہ دن بھر میں کئی مرتبہ ہوتا ہے اور چھوٹے چھوٹے وقفوں سے انسان تازہ دم بھی ہوتا رہتا ہے مثلاً کھانے کے بعد عام طور پر تکان محسوس کی جاتی ہے ماہرین فن نے اس کی پیمائش یوں کی ہے صبح میں اس کا اثر نہیں ہوتا ہے مگر جوں جوں دن بڑھتا جاتا ہے تکان میں اضافہ ہونے لگتا ہے حتیٰ کہ دوپہر تک خاصا غلبہ ہوتا ہے مگر سہ پہر سے گھٹاؤ شروع ہو جاتا ہے پھر رات میں اور وقتوں سے زیادہ غلبہ ہوتا ہے یہاں تک کہ نیند کی حالت طاری ہو جاتی ہے یہ پیمائش ہر شخص کے لئے ٹھیک نہیں ہے۔ کیونکہ اس کا انحصار عادت پر بھی ہے بعض حضرات شب میں کام کرنے کے عادی ہوتے ہیں اور ان کا دماغ اسی وقت کام بھی کرتا ہے۔ بعض صبح کے عادی ہوتے ہیں۔

مدارس میں عموماً دوپہر کا وقفہ رکھا جاتا ہے لڑکے کھیلتے کودتے ہیں اور اس دوڑ دھوپ میں تازہ ہوا پھیپھڑوں میں داخل ہو کر خون کو پاک صاف کر ڈالتی ہے۔ چونکہ لڑکے از خود عین قانون قدرت کے مطابق کھیل کود میں مصروف ہو جاتے ہیں اس لئے مدرسین کو دخیل نہ ہونا چاہئے اور نہ ان کے شور شغب کو روکنے کی ضرورت ہے

بعض ماہرین تعلیم تو یہاں تک زور دیتے ہیں کہ ہر سبق کے بعد ۵ منٹ کا وقفہ دیا جائے تاکہ لڑکے دوسرے سبق کے لئے تیار ہو جائیں۔

مضامین کی ترتیب بلحاظ نوعیت و اہمیت، تکان کے چڑھاؤ اور اتار کا لحاظ کرتے ہوئے ہونا چاہئے۔ پہلا گھنٹہ کچھ اہمیت نہیں رکھتا ہے کیونکہ اس میں لڑکے اپنی سستی وغیرہ کو دور کر لیتے ہیں۔ اردو، تاریخ کے لئے یہ گھنٹہ بہتر ہے۔ دوسرے گھنٹے میں دماغی حالت عام طور پر بہت بہتر پائی جاتی ہے اس لئے یہ بہت ہی اہم ہے اور اس میں مشکل سے مشکل مضمون کو جگہ دی جانی چاہئے۔ یہاں یہ بحث پیدا ہوتی ہے کہ کونسا مضمون سب سے زیادہ مشکل اور تھکا دینے والا ہے۔ ماہرین تعلیم ریاضی کو سب سے مشکل اور ڈرائنگ کو سب سے آسان بتاتے ہیں۔ یہاں اختلاف بھی ہے بعض ڈرل کو تھکا دینے والی چیز کہتے ہیں اور بعض محض تفریحی شغلہ قرار دیتے ہیں اس کا انحصار زیادہ تر مدرسین پر ہے کہ وہ مختلف تدابیر اختیار کر کے اپنے مضمون کو دلچسپ بنائیں، یا ہل انگاری اور مار پیٹ سے لڑکوں میں نفرت پیدا کریں۔ اگر خلاف مرضی بلا شوق دلائے کام لیا گیا تو حقیقت میں ڈرل سے بڑھکر تھکا دینے والی کوئی اور چیز نہیں ہے۔ یہاں یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ مختلف مضامین کی تقسیم بلحاظ نوعیت تکان کر دی جائے تاکہ ٹائم ٹیبل کی ترتیب میں جملہ امور ملحوظ رہیں ورنہ بے تکی ترتیب نہ صرف غیر مفید بلکہ شاید مضر اور ضبط مدرسہ کے منافی ثابت ہو۔

(۱) ریاضت جسمانی (سب سے زیادہ تھکا دینے والی چیز ہے)

(۲) ریاضی (یہ نمبر ا سے کم ہے)

(۳) جدید زبانیں (جیسے فرانسیسی وغیرہ۔ ہم یہاں انگریزی اور دیسی زبانیں یا نا ہی رکھ سکتے ہیں بشرطیکہ طالب علم کی مادری زبان نہ ہو)

(۴) مادری زبان (جیسے اردو وغیرہ مگر ہندو طلبا کے لئے ریاضی کے بعد اسی کی اہمیت ہے)

(۵) طبعی جغرافیہ
(۶) تاریخ۔
(۷) اسباق الاشیا یا دینیات، قصہ گوئی۔
(۸) "ایکشن سانگ" ڈرائنگ اور گانا۔

ہم نے یہ معلوم کر لیا کہ تکان کے پیدا ہونے سے تکان محسوس کی جاتی ہے اس کا اثر جلد یا بدیر لازمی ہے اور بچنے کی کوئی صورت نہیں۔ البتہ دلچسپی مضامین کی تبدیلی ان کی ترتیب اور وقفوں کے ذریعہ تکان کا اثر کم کیا جا سکتا ہے۔ اگر مدرس ان امور اور ہدایات کی جانب تھوڑی بہت توجہ کرے تو اس کا کام نہ صرف آسان اور دل خوش کن بلکہ مفید اور موثر بھی ہوگا۔

عبدالنور صدیقی

تاریخ اور اس کا طریقہ تعلیم

یہ امر مسلم الثبوت ہے کہ تاریخ کے مطالعہ سے انسان کو تمدنی حالات کا حقیقی علم ہوتا ہے۔ برخلاف اس کے یہ بات کسی دوسرے مضمون سے معلوم نہیں ہو سکتی۔ آج ہمیں ہر چیز میں جو ترقی دکھائی دیتی ہے اگرچہ اس میں سائنس کا بھی دخل ہے مگر اس ترقی کی حقیقی روح تاریخ ہے۔ غالباً اس بیان سے بعض حضرات کو تعجب ہوگا کہ تاریخ کس طرح ترقی کی کفیل ہو سکتی ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ تاریخ ہی سے ہمیں یہ معلوم ہوا کہ ہمارے آبا و اجداد کی تہذیب۔ تمدن اور طرز معاشرت کس قسم کا تھا۔ اسی فن کی مدد سے مصر، یونان، ہندوستان، روما اور قوم عرب کی ترقی کے اسباب معلوم ہوتے ہیں

اسباب ترقی معلوم ہونے کے بعد ترقی کرنا کوئی مشکل امر نہیں جس طرح مرض کی صحیح تشخیص کے بعد ازالہ مرض آسان ہو جاتا ہے اسی طرح کسی چیز کے حصول کے اسباب کے دریافت کئے بعد اس چیز کا حاصل کرنا دشوار نہیں رہتا۔

یہ بات تشنہ تشریح نہیں کہ جس مضمون سے انسان کے اخلاق درست ہوتے ہیں وہ مضمون اخلاق ہے۔ مگر فن اخلاق صرف غیر مرئی مثالیں پیش کرتا ہے۔ برخلاف اس کے تاریخ مرئی مثالیں پیش کرتی ہے۔ مثلاً فن اخلاق یہ سکھاتا ہے کہ بادشاہ اگر رعایا کے ساتھ اچھا سلوک کرے تو رعایا بادشاہ کی طرف دار ہو جاتی ہے اور اس طرح سلطنت کو تقویت حاصل ہوتی ہے۔ اس کی مرئی مثال ہمیں ایک بادشاہ کی تاریخ میں ملتی ہے کہ ایک بادشاہ نے اپنی رعایا کے ساتھ بلا لحاظ مذہب و ملت مساویانہ اور اخلاقانہ برتاؤ کیا جس سے اس کی جملہ رعایا نہ صرف اس کی طرف دار ہو گئی تھی بلکہ اس میں کا ایک گروہ اس کو اوتار مانتا تھا۔ رعایا کی اس خوش اعتقادی کا نتیجہ تھا کہ اس بادشاہ کی مرکزی قوت ایسی مضبوط اور مستحکم ہو گئی تھی کہ اس کے فرامین کی دور سے دور مقامات میں بھی بلا چون و چرا تعمیل ہوتی تھی۔

یہ امر اظہر من الشمس ہے کہ زبان کی اصلاح علم ادب سے ہوتی ہے اور انسان علم ادب ہی کے مطالعہ سے زبان پر قدرت حاصل کر سکتا ہے۔ ظاہر ہے کہ معمولی قابلیت کا انسان علم ادب کو بغیر کسی کی مدد کے حاصل نہیں کر سکتا۔ اور پھر اس فن سے ہر شخص کو مذاق نہیں ہوتا۔ ایسی صورت میں ہر انسان اگر زبان کی اصلاح کرے تو کیونکر اور اپنے مافی الضمیر کو خوش اسلوب پیرائے میں بیان کرے تو کس طرح۔

ہم یہ دیکھتے ہیں کہ انسان کو قصوں اور کہانیوں سے طبعاً دلچسپی ہوتی ہے خصوصاً بچے تو ان کے والہ و شیدا ہوتے ہیں۔ بالعموم قصے اور کہانیاں عمدہ اور شیریں زبان میں لکھی جاتی ہیں۔ نوعمر لڑکے تو انہیں صرف دلچسپی کی خاطر پڑھتے ہیں مگر زبان کی

عمدگی اور سلاست بھی ان پر اپنا اثر کرتی رہتی ہے۔ قصے اور کہانیاں گویا ہیں تاریخ کا پیش خیمہ۔ انسان جیسے جیسے بڑھتا ہے ویسے ویسے اس کی طبیعت میں سنجیدگی پیدا ہوتی ہے اور وہ بمقتضائے طبیعت سنجیدہ مضامین کا متلاشی ہوتا ہے۔ وہ قصوں اور کہانیوں کو چھوڑ کر تاریخ کی طرف رجوع کرتا ہے۔ یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ جن نو عمروں کو ابتداءً قصے اور کہانیوں سے دلچسپی ہوتی ہے جب وہ سن شعور کو پہنچتے ہیں اور ان کا مذاق سنجیدہ ہوتا ہے تو وہ انہیں کے لگ بھگ کسی دوسرے مضمون کے جویا ہوتے ہیں لامحالہ ان کی جویندہ نگاہیں فن تاریخ پر پڑتی ہیں۔ اگر ابتدا ہی سے اس مضمون کی اصولی تعلیم ہو تو طلباء کی طبیعت میں اس کا صحیح مذاق جاگزین ہونا لازمی ہے۔

غالباً یہ بات سننے میں آئی ہوگی کہ جو شخص تاریخ کا بی۔ اے یا ایم۔ اے ہوتا ہے اس کی زبان اچھی ہوتی ہے۔ اس کو اپنے مافی الضمیر کے ظاہر کرنے پر قدرت ہوتی ہے اس سے ظاہر ہے کہ مضمون تاریخ اختیار کرنے والے کی زبان اچھی ہوتی ہے اور اسی کی بدولت ایسے اشخاص کو علم ادب کا مذاق پیدا ہوتا ہے۔

فن تاریخ کو انسان کے چال چلن کے درست کرنے میں بھی بہت بڑا دخل ہے چھوٹے چھوٹے بچے تاریخ کی کتابوں میں جب یہ پڑھتے ہیں کہ فلاں شخص کو فلاں وجوہ سے بدنامی حاصل ہوئی اور زوال آیا تو وہ ان سے متاثر ہوتے اور اپنے دلوں میں تہیہ کر لیتے ہیں ہم ان سے حتی الوسع باز رہیں گے۔ اور جب مشہور و معروف اشخاص کی شہرت و نیک نامی کے اسباب سے واقف ہوتے ہیں تو ان پر کاربند ہو کر خود بھی شہرت دوام حاصل کرنے کے متمنی ہوتے ہیں۔ چنانچہ تاریخ میں مذکور ہے کہ جب بابر۔ سیواجی اور بہرام جی ملیباری قومی سورماؤں کے قصے سنتے یا پڑھتے تو خود بھی ان جیسے ہونے کی آرزو کرتے ظاہر ہے کہ ان کی اسی آرزو نے ان کو معراج ترقی پر پہنچایا۔ المختصر اس مضمون کی تعلیم سے انسان کا دامن مراد گوناگوں فوائد سے پر ہوتا ہے۔

تاریخ کی تعلیم کو ماہران فن تعلیم نے تین مدارج پر تقسیم کیا ہے پہلے زینہ کی تعلیم میں اتفاق رائے ہے کہ طلباء کو صرف سیدھے سادھے مگر دلچسپ قصے پڑھائے جائیں اور مشہور اشخاص کے سوانح سے انہیں واقف کیا جائے۔ علم النفس سے یہ ثابت ہے کہ طلباء کو قدیم ترین سورماؤں کے حالات زندگی سننے اور پڑھنے سے بیحد دلچسپی ہوتی ہے اس لئے پہلے زینہ اس اصول کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ دوسرے زینہ میں یہ بات رکھی گئی ہے کہ اصلی تاریخ پڑھائی جائے اور یہ کہ ہر واقعہ کے اسباب اور نتیجہ پر زور دیا جائے! اخیر درجہ کی تعلیم کے لئے یہ قرار دیا ہے کہ اس زینہ پر پہنچ کر طالب علم بطور خود اس مضمون کا مطالعہ کرے اور یہ کہ اس زینہ کی تعلیم تقاریر اور حوالہ جات پر مشتمل ہونی چاہئے۔ اس زینہ میں طبقہ فوقانیہ کی اخیر اور کلیہ کی جملہ جماعتیں داخل ہیں چونکہ اس وقت صرف اول الذکر دو زینوں کی تعلیم کے متعلق عرض کرنا مقصود ہے اس لئے انہیں کے طریقہ تعلیم پر اکتفا کیا جاتا ہے۔

ابتدائی زینہ کا طریق تعلیم | سب سے اہم بات یہ ہے کہ تاریخ پڑھانے والا مدرس اپنے پر یہ بات فرض کرلے کہ تاریخ کے ہر سبق کی تیاری کی جائے۔ بہت ممکن ہے کہ دیگر مضامین بغیر تیاری کے تجربہ کی بنا پر پڑھائے جاسکیں مگر بلاخوف تردید یہ کہا جاسکتا ہے کہ مضمون تاریخ بلا تیاری کے کامیاب طریقہ پر پڑھانا محالات سے ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس مضمون کی تعلیم اصولاً زبانی ہوا کرتی ہے۔ مدرس کتنا ہی تجربہ کار کیوں نہ ہو اور اس کا حافظہ کتنا ہی قوی کیوں نہ ہو مگر وہ تسلسل کے ساتھ ایک سال تک اسباق یاد نہیں رکھ سکتا۔ اس طویل عرصہ میں بہت سے امور کا ذہن سے اتر جانا بہت ممکن ہے۔ علاوہ ازیں جدید تحقیقات کی وجہ سے ہر مضمون میں نت نئی باتوں کا اضافہ ہوتا جارہا ہے اور ان سے ہر مدرس کو کم از کم اپنے مضمون کی حد تک واقف ہونا نہایت ضروری ہے۔ ورنہ طلباء جدید تحقیقات سے محروم رہیں گے اس لئے یہ نہایت ضروری ہے کہ

مدرس بغیر تیاری کے تاریخ کا کوئی سبق نہ پڑھائے۔

طلباء میں دلچسپی پیدا کرنے اور ان کی قوت تخیلہ کو بیدار کرنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ سبق شروع کرنے سے پہلے نئے سبق پر دو تین ایسے سوالات کئے جائیں جن سے سابقہ اور نئے معلومات میں تعلق پیدا ہو۔ تاکہ نئے سبق کی عمارت معلومات سابقہ کی بنیاد پر اٹھائی جا سکے۔ اگر سبق بالکل انوکھی باتوں سے شروع ہو اور ان ابتدائی امور اور نئے سبق میں کوئی تعلق نہ ہو تو طلباء پر یہ سبق بار ہو گا۔ ظاہر ہے کہ طلباء ایسے سبق سے کماحقہ مستفیض نہیں ہو سکتے۔

عام طور پر یہ دیکھا جاتا ہے کہ تاریخ کا سبق شروع سے اخیر تک وقت واحد میں مدرس بصورت تقریر بیان کر دیتا ہے۔ ایسا نہیں ہونا چاہئے بلکہ ایک سبق اس کی نوعیت کے لحاظ سے دو یا تین حصوں میں تقسیم کیا جائے۔ مدرس کو چاہئے کہ ایک حصہ کو لے۔ اس کے ان واقعات کو جو طلباء کے علم سے باہر ہوں خود بتائے اور ایسے واقعات جو طلباء کے علم میں ہوں انہیں سے نکلوائے۔ اس عمل سے معلم اور متعلم ہر دو کا دماغ بروئے عمل رہے گا۔ جس سے نہ صرف دونوں کو لطف حاصل ہو گا۔ بلکہ دونوں کا واحد مقصد بھی پورا ہو گا۔ اگر صرف مدرس ہی کا دماغ بروئے کار رہا اور طلباء کا مجہول تو سبق ہر دو کے لئے بار گراں ہو گا۔ یہی وجہ ہے کہ مدرسہ کے اکثر طلباء حقیقی تاریخ و جغرافیہ سے کورے ہوتے ہیں۔

جو سبق پیش کیا جائے وہ نہ بہت کم ہو اور نہ بہت زیادہ ہے۔ سبق کے افراط و تفریط سے طلباء کے دماغ پر برا اثر پڑتا ہے۔ زیادتی کی وجہ سے دماغ پر بار پڑتا ہے اور وہ اچھی طرح سے دوسرے دن تیار نہیں ہو سکتا۔ کمی کی وجہ سے طلباء کا دماغ اس بات کا عادی ہو جاتا ہے کہ وہ اس سے زیادہ کام ہی نہ کریں۔

مضمون زیر بحث کے واقعات اس پیرائے میں بیان کئے جائیں کہ حقیقی امور کی

تصویر سامنے کھنیچ جائے۔ یعنے مدرس جو کیفیت طلبار میں پیدا کرنا چاہتا ہے وہ پہلے خود میں پیدا کرلے اور بعدازاں طلبار پر اس کا اثر ڈالے۔ مثلاً طلبا میں اگر یہ کیفیت پیدا کرنا مقصود ہو کہ رام جی کے بن باس اختیار کرنے سے انہیں رنج و ملال ہوا تو مدرس کو چاہیئے کہ پہلے خود اس کیفیت سے متاثر ہو۔ اس کی یہ کیفیت ضرور طلبا پر اثرانداز ہوگی۔ حقیقی امور کی تصویر کھنیچ جانے سے یہ مراد ہے کہ طلبا یہ سمجھنے لگیں کہ ان کے سامنے جو کچھ بیان ہو رہا ہے وہ محض بیان نہیں ہے بلکہ اصلی اور حقیقی واقعات ہیں۔ معتبر ذریعے سے سننے میں آیا ہے کہ ایک مجلس میں فخر شعرا انیس نے یہ مصرع۔

"کاٹا افعی ترا بھلا ہو"

پڑھ کے ہاتھ کو اس طرح پکڑ لیا کہ تمام حاضرین مجلس کو یہ شبہ ہو گیا کہ حقیقت میں انیس کے سانپ ڈس گیا اور وہ سانپ کو اِدھر اُدھر دیکھنے لگے۔

دوران سبق میں کتاب کی مطلق ضرورت نہیں۔ اس زینہ میں تو تعلیم صرف زبانی ہونی چاہیئے۔ یہاں یہ عرض کر دینا بے محل نہ ہوگا کہ اس زینہ کے طلبا، کم سن اور کسی قدر بے شعور ہوتے ہیں۔ انہیں تو صرف کھیل کھود اور مزے مزے کی باتوں میں لطف آتا ہے اس عمر کے بچے کتابی تعلیم سے گھبراتے اور کتراتے ہیں۔ چونکہ ان کا علم ادب بہت کم ور اور ان کے معلومات عامہ بہت ہی محدود ہوتے ہیں اور چونکہ درسی کتاب کی عبارت مختصر اور ان کی سمجھ سے قدرے بالا ہوتی ہے اس لئے اگر کتاب کھول کر ان کے سامنے پڑھی جائے یا انہیں پڑھنے کے لئے کہا جائے تو یہ طریقہ انہیں گراں معلوم ہوتا ہے جو چیز گراں ہو اس سے دلچسپی نہیں ہو سکتی اور جس مضمون سے دلچسپی نہ ہو اس کا کم عمر طلبا کے ذہن نشین ہونا مشکل ترین امر ہے۔ اس حقیقت حال کو اس طرح ظاہر کیا جا سکتا ہے کہ اس عمر کے طلبار جب اپنے گھر کی بوڑھی عورتوں سے قصے کہانیاں سنتے ہیں تو نہایت دلچسپی کا اظہار کرتے ہیں۔ دوران قصہ گوئی میں بچوں کو متوجہ کرنے کے لئے اس ضعیفہ کو نہ بھی

ڈانٹ بتانی پڑتی ہے اور نہ کبھی مارنا پڑتا ہے۔ باوجود اس کے ختم قصہ پر ا
یہ حالت ہوتی ہے کہ وہ دوسرے قصہ کی فرمایش کرتے ہیں۔ دوسرے دن گ
یہ سنے ہوئے قصے پوچھے جائیں تو من وعن سناتے ہیں یہ اظہار دلچسپی اور یہ
انہماک اور پھر یہ کہ پورے کا پورا قصہ یا کہانی یاد رکھنا۔ یہ تمام امور اس بات
ثبوت ہیں کہ یہ محض زبانی تعلیم کا نتیجہ ہے۔ چونکہ ہمارے مدارس میں اس زینہ کی
کتاب مقرر ہے۔ اس لئے بہت ممکن ہے کہ ہم میں سے بعض کو اس امر کا احتم
اگر اس زینہ کی تعلیم زبانی ہوتی تو کتاب رکھنے کی کیا ضرورت تھی واقعہ یہ ہے کہ ک
رکھنے سے اس امر کا لزوم ظاہر نہیں ہوتا کہ تعلیم کتابی ہو۔ کتاب مدرس کی رہنما
اور اس لئے رکھی گئی ہے کہ طلباء پڑھے ہوئے سبق کو بشرطیکہ مدرس نے اس ک
توضیح وتشریح کی ہو اگر ایک وقت کتاب کھول کر دیکھ لیں تو اس سے مفہوم ا
سمجھ سکیں۔ کتاب کھول کر مشکل الفاظ کے معنی اور ادق جملوں کے مطالب کو سمجھ
نہیں۔ اگر یہ مضمون زبان انگریزی میں پڑھایا جاتا تو غالباً اس کی ضرورت داعی
اس وجہ سے کہ طلباء پڑھائے ہوئے سبق کو اگر پڑھنا چاہیں تو الفاظ اور جملہ
تشریح کے بغیر وہ مضمون کا مفہوم نہیں سمجھ سکتے۔

یہ قصے اور واقعات طلبا ہی کی زبان میں بیان کئے جائیں۔ اگر اس کے خ
طلبا اس مضمون کی تعلیم سے کما حقہ بہرہ اندوز نہیں ہو سکتے۔ بوڑھیوں سے سنے ہوئ
بچوں کو جو یاد رہتے ہیں منجملہ بہت سے اسباب کے ایک بڑا سبب یہ ہے کہ وہ نہا
واضح زبان میں ہوتے ہیں۔ یا بالفاظ دیگر طلباء ہی کی زبان میں ہوتے ہیں۔ اس لئ
طلباء ان کے ایک ایک لفظ سے بخوبی واقف ہوتے ہیں۔

دوران سبق میں محض درسی کتاب کے امور پر اکتفا نہ کیا جائے بلکہ واقعات
توضیح وتشریح کے لئے ایسی باتوں کا اظہار ہو جو طلبا کی معلومات میں اضافہ پیدا کر

باعث ہوں۔ اگر کسی واقعہ کو ان کے ذہن نشین کرنا مقصود ہو تو اس کی توضیح کے لئے ایک دلچسپ قصہ پیش کیا جائے۔

سبق کے وقت تصاویر۔ خاکے اور نقشوں کا استعمال نہایت ضروری ہے ان کے استعمال سے سبق نہ صرف واضح ہوتا ہے بلکہ سبق میں ایک قسم کی دلچسپی پیدا ہو جاتی ہے۔ جس سے سبق کے سمجھنے اور یاد کرنے میں بڑی سہولت ہوتی ہے

ہر حصہ سبق کو اس کی نوعیت کے لحاظ سے وقت دیا جانا چاہیے اور اس کے ختم پر بذریعہ سوالات اس حصہ سبق کو دہرایا جائے۔ اور طلباء کے جوابات بعد اصلاح ضروری انہیں کی زبان میں تختہ سیاہ پر لکھے جائیں۔ اس طرح تمام حصوں کو ختم کیا جائے۔ اس زینہ میں اس کی چنداں ضرورت نہیں کہ طلباء اس خلاصۂ تختہ سیاہ کو اپنی بیاض میں لکھ لیں۔

جو کچھ لکھا گیا ہے اس سے یہ محسوس ہو رہا ہے کہ بغیر اشارات سبق کے مذکورۂ بالا طریقہ غیر واضح رہے گا۔ اس لئے انشاء اللہ آئندہ کسی دوسری اشاعت میں کسی ایک زینہ کے سبق کے اشارات پیش کئے جائیں گے تاکہ جو اصول بتائے گئے ہیں انہیں عملی صورت میں پیش کیا جا سکے۔ (باقی دارد)

غلام دستگیر فاروقی

انجمن اساتذہ ملبن

سالانہ کانفرنس انجمن ہذا کی دوسری سالانہ کانفرنس بابتہ ۱۳۳۷ف بتواریخ ۶ و ۷ ہ شہریور ۱۳۳۷ف بمقام سٹی کالج منعقد ہوگی۔ نمایش تعلیمی کے لئے اشیاء تیار کردہ مدرسین وطلباء معتمد صاحب نمایش سب کمیٹی کی خدمت میں بن ابتدائے ۲۹ ہ امرداد ۱۳۳۷ف تا ۳ ہ شہریور ۱۳۳۷ف ۹ بجے صبح سے ۲ بجے دن تک بمقام سٹی کالج روانہ کیجائیں۔

سہ ماہی پروگرام خورداد ۱۳۳۷ف میں ایک عام جلسہ ہوگا۔

تیر ۱۳۳۷ف میں بوجہ تعطیلات موسم گرما کوئی جلسہ نہ ہوگا۔

امرداد ۱۳۳۷ف میں سالانہ کانفرنس منعقد ہوگی (چونکہ مدارس ۲۶ ہ امرداد ۱۳۳۷ف تک بند رہیں گے اس لئے حسب صراحت کانفرنس تعلیمی کا انعقاد شہریور میں ہوگا)

قیام کتب خانہ انگلستان کی واپسی پر مولوی سید محمد حسین صاحب نائب ناظم تعلیمات سرکارعالی و مولوی سید علی اکبر صاحب صدر مہتمم تعلیمات مستقر بلدہ کے استقبال کے لئے مدرسین علاقہ ہذا نے جو چندہ جمع کیا تھا اس سے ایک کتاب خانہ قائم کیا جارہا ہے ترتیب فہرست کے لئے ایک کمیٹی قائم کی گئی ہے جس کے اراکین حسب ذیل اصحاب ہیں۔

(۱) احمد حسین خاں صاحب بی اے پرنسپل مدرسہ فوقانیہ عثمانیہ دارالعلوم بلدہ

(۲) ہمنت راو صاحب ایم اے۔ پروفیسر تاریخ نظام کالج

(۳) راما نوجا چاری صاحب بی اے۔ بی ٹی صدر مدرس مدرسہ فوقانیہ عثمانیہ نامپلی (معتمد)

(۴) عبدالنور صدیقی بی اے بی ٹی صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ گوشہ محل۔

(۵) جی اے چندر دارکر صاحب ایم اے صدر مدرس مدرسہ وسطانیہ رزیڈنسی بازار۔

قیام انجمن اتحادی | مرکزی انتظامی کمیٹی کی خاص کمیٹی نے باتفاق تصفیہ کیا ہے کہ انجمن اساتذۂ بلدہ کے تحت ایک مرکزی انجمن اتحادی قائم کی جائے جس کے ایک ہزار حصے ہوں گے لیکن۔

(۱) جن مدارس میں انجمن قائم ہے ان کو اختیار ہوگا خواہ وہ مقامی انجمن کو توڑ دیں یا بدستور قائم رکھیں۔

(۲) جو مدرسین مقامی انجمنوں کے رکن ہیں وہ مرکزی انجمن کے رکن ہو سکتے ہیں بشرطیکہ وہ صرف ایک انجمن سے قرضہ لیں۔

سید محمد شریف مشہدی
معتمد عمومی

بمبئی میں جبری تعلیم | حکومت بمبئی نے فیصلہ کیا ہے کہ جب تک ڈسٹرکٹ بورڈ اور محکمہ صفائی جبری تعلیم کے نفاذ کا بیڑا نہ اٹھائیں اس وقت تک تحتانی تعلیم کی توسیع کے لئے ان کی پیش کردہ تجاویز منظور نہ کی جائیں گی۔

بمبئی میونسپلٹی کارپوریشن کی تعلیمی کمیٹی نے مفت اور جبری تعلیم کی اسکیم پیش کی ہے تجویز ہے کہ بی اور ای حلقوں میں ۶۰ مدارس کھولے جائیں جن میں ۷۵۰۰ لڑکوں کی تعلیم کا انتظام ہوگا ان مدارس کی تعلیم ۱۸۰ مدرسین کے ذمہ ہوگی اور فی مدرس ۴۲ لڑکے ہوں گے۔

ایک دفتر اطفال شماری کا افتتاح بھی عمل میں آئے گا جس میں حسب ذیل عہدہ دار اور عملہ ہوگا۔

(۱) مددگار افسر حاضری مواجبی یاب [illegible]
(۲) افسر اطفال شماری " [illegible]
(۳) ۱۲ صیغہ دار " [illegible]
(۴) ۱۲ چپراسی " [illegible]

مجموعی اخراجات کا تخمینہ (۴۷۸۶۸۴) روپیہ کلدار کیا جاتا ہے۔

ہندوستان میں اسکوٹنگ | گزشتہ پانچ سال میں ہندوستانی اسکوٹس کی تعداد ۶۰۰۰ سے ۱۰۴۰۰۰ ہوگئی ہے۔

فرانس میں ثانوی تعلیم مفت | فرانسیسی پارلیمنٹ نے موازنہ ۱۹۳۸ء میں ایک رقم منظور کی ہے جس سے یکم اکتوبر سے بعض ثانوی مدارس میں مفت تعلیم کا انتظام کیا جائے گا۔ حالانکہ یہ رقم بہت قلیل ہے اور اس قانون کا نفاذ مدارس کی ایک محدود تعداد میں ہوگا لیکن اس واقعہ کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔ یہ قانون بتدریج دوسرے مدارس میں نافذ ہوگا کیونکہ فی الحال تمام مدارس میں معافی فیس سے حکومت کو بیحد نقصان برداشت کرنا پڑے گا۔ پہلے صرف ۵۶ مدارس کے لئے منظوری دی گئی تھی لیکن بڑھتے بڑھتے تعداد ۷۷ تک پہونچ گئی ہے۔

شوق کتب بینی | فارغ التحصیل ہونے کے بعد کتابوں کو خیرباد کہدینا ایک عام بیماری ہے۔ کچھ تو عدیم الفرصتی اس کا سبب ہے لیکن بڑی وجہ یہ ہے کہ مطالعہ اور امتحان میں ایتلاف ذہنی پیدا ہوگیا ہے اس لئے امتحان میں کامیابی کے ساتھ عموماً مطالعہ کا خاتمہ ہوجاتا ہے۔ اور تو اور خود مدرسین جنہیں روزانہ کتابوں سے سابقہ رہتا ہے وہ بھی اپنے مطالعہ کی دوڑ دھوپ درسی کتب تک محدود رکھتے ہیں۔ ضرورت تعلیمی سے قطع نظر کتب بینی بجائے خود ایک جانفزا مسرت بیز شغلہ ہے۔ گیا پرشاد لبریری کانپور میں تقریر کرتے ہوئے سٹرلے ایچ مکنزی ناظم تعلیمات صوبجات متحدہ آگرہ و اودھ نے کتب بینی کی لطف اندوزیوں کے متعلق فرمایا۔ "جو ماہرین تعلیم یہاں موجود ہیں وہ بخوبی واقف ہیں کہ فن تعلیم کی ہر کتاب میں مقاصد تعلیم پر ایک بسیط باب ہوتا ہے۔ نیز یہ کہ ہر مصنف مقاصد کے متعلق اپنی علیحدہ رائے رکھتا ہے۔ میری اپنی بھی الگ رائے ہے۔ میرے نزدیک مقاصد تعلیم تین ہیں۔

(۱) لوگوں کو خود سوچنا سکھانا

(۲) لوگوں کو خود کام کرنا سکھانا

(۳) لوگوں کو خود مطالعہ کرنا سکھانا

جب میں کسی گریجویٹ کے مکان پر ملاقات کے لئے جاتا ہوں تو مجھے اس کی الماری میں صرف قانونی کتابیں یا رپورٹیں نظر آتی ہیں۔ میرے خیال میں اس کا سبب یہ ہے کہ ہم نے طالب علموں کو مطالعہ کرنا نہیں سکھایا۔ ہم نے انہیں صرف پڑھنا سکھایا ہے ہم نے انہیں کتابوں سے علم حاصل کرنا سکھایا ہے لیکن ہم نے یہ نہیں بتایا کہ وہ کتابوں سے عقل و حکمت سیکھیں جو لطف و مسرت کا سرچشمہ ہے یا وہ کتابوں کو اپنی زندگی کی پریشانیوں اور مصائب میں سینہ سپر بنائیں۔ ماہرین تعلیم کے سامنے یہ سوال درپیش ہے کہ وہ کونسی کتابیں ہیں جو لوگوں میں مطالعہ کا شغف پیدا کرتی ہیں۔ اس کا جواب لارڈ آدبیری نے دیا ہے کہ کتاب کتاب میں فرق ہے۔ بعض کتابوں کا سرسری مطالعہ کافی ہے بعض بالکل بیکار اور زہریلی ہوتی ہیں اور دل و دماغ کو فاسد خیالات سے بھر دیتی ہیں بہت کم لوگوں کو احساس ہے کہ کتابوں کے انتخاب پر لطف زندگی اور تعمیر کردار کا کس درجہ انحصار ہے۔ بہت سے لوگ مشکل کتابوں کے مطالعہ سے اس لئے باز رہتے ہیں کہ شاید سمجھ میں نہ آئیں لیکن اگر وہ ان کتابوں پر کچھ بھی وقت صرف کریں تو کسی کو تنگ خیالی کی شکایت نہ رہے گی یہ بیحد ضروری ہے کہ صرف ان کتابوں کو منتخب کیا جائے جن سے دلچسپی ہو۔ جب مطالعہ کی عادت پڑ جائے تو انتخاب کرنا آسان ہو جاتا ہے۔

مطالعہ کی عادت خود بخود نہیں پڑتی۔ لوگ پڑھنے کے عادی اس طرح نہیں ہوتے جس طرح بط تیرنے کی۔ مطالعہ کی عادت کو بتدریج استوار کرنا پڑتا ہے"

جلسہ سالانہ مدرسہ فوقانیہ عثمانیہ نلگنڈہ | بتاریخ ۲۳ خورداد ۱۳۳۰ف روز جمعہ ۴ بجے شام کو احاطہ مدرسہ میں جلسہ کا انعقاد بصدارت جناب قاضی عبید اللہ صاحب اول تعلقدار عمل میں آیا۔ احاطہ مدرسہ نہایت خوبصورتی سے رنگین جھنڈیوں اور شامیانہ سے

آراستہ کیا گیا تھا۔ مہانوں کے لئے کرسیوں وغیرہ کا کافی اہتمام تھا۔ ۴ بجے تک نشست گاہیں علیٰ قدر مراتب مقامی عہدہ دار صاحبان، وکلا، معززین، ساہوکاران وعوام سے معمور ہو چکیں۔ ۴½ بجے اسپورٹس شروع ہوے۔ جو ۶ بجے تک جاری رہے۔ پرنسپل صاحب نے صدر نشین صاحب جلسہ کو پھول کے ہار پہنائے فوٹو لیا گیا، طلبائے مدرسہ نے قرأت، حمد، نعت شریف اور بھجن نہایت سریلی اور دل دوز آوازمیں سنایا۔ نماز مغرب کا وقت قریب تھا، مدرسہ میں نماز کا انتظام نہایت سلیقہ سے کیا گیا تھا۔ تمام حاضرین نے نماز ادا کی۔ جب بعد ادائی نماز سب اپنی اپنی نشست گاہوں پر آگئے تو پرنسپل صاحب نے حالات ورفتار ترقی مدرسہ سے متعلق ایک مبسوط اور جامع رپورٹ پڑھ کر سنائی رپورٹ ختم ہونے کے بعد صدر نشین صاحب جلسہ نے تقریباً ایک گھنٹہ تک تقریر فرمائی جو نہایت پرمغز اور جوش انگیز تھی۔ اور جس کے ہر لفظ سے ملک کی ترقی تعلیم کے ساتھ غیر معمولی ہمدردی اور دردمندی ٹپکتی پڑتی تھی۔ اور جس میں صاحب معزنے وعدہ بھی فرمایا کہ نادار طلباء کی ممکنہ امداد اور کامیاب طلباء کی ملازمت غرض ہر اس معاملہ میں جو مدرسہ کی بہبودی کے لئے ہو ہر طرح کی اعانت و دستگیری سے دریغ نہ کیا جائے گا آخر میں مولوی احمد عبد العزیز صاحب صدر مدرسہ کی کارگزاری اور ترقی مدرسہ کا حال بیان کرتے ہوے اسکوٹس مدرسہ کی تعریف پر تقریر ختم فرمائی۔ اس کے بعد اسناد اور انعامات تقسیم کئے گئے۔ مدح خسروی کے قصیدے کے بعد تقریباً ۸½ بجے جلسہ نہایت کامیابی کے ساتھ برخاست ہوا۔

مدرسۂ وسطانیہ نظام آباد | بتاریخ ۱۵ اسفندار ۱۳۴۳ ف ہز اکسلنسی مہاراجہ سرکشن پرشاد بہادر صدر اعظم بغرض معائنہ تشریف فرما ہوے مدرسے کے دروازہ پر مولوی عبد العزیز خان صاحب...

صدر مدرس مدرسہ و دیگر عہدہ داران تعلیمات نے خیر مقدم کیا۔ بائی اسکاوٹس نے سلامی دی۔ مدرسے کی آرائش میں طلبا اور مدرسین نے کوئی کسر اٹھا نہ رکھی تھی عالی جناب صدر اعظم بہادر آرائش کو ملاحظہ فرماتے ہوئے بڑے ہال میں تشریف فرما ہوئے' جہاں بچوں نے خوش الحانی کے ساتھ اردو' مرہٹی' تلنگی' اور انگریزی نظمیں پڑھیں۔ محمود فاتح صاحب مددگار مدرسہ نے اردو میں اور جمال خانصاحب آزاد نے فارسی میں مدحیہ نظمیں سنائیں۔ اس کے بعد مولوی عبدالعزیز خاں صاحب نے سپاسنامہ پیش کرنے کا شرف حاصل فرمایا۔ جس کے جواب میں مہاراجہ بہادر نے اظہار مسرت فرماتے ہوئے درگاہ رب العزت میں دعا کی کہ یہ ہونہار پودے قابل ہوکر اپنے ملک اور مالک کی خدمت کریں۔ اسی ضمن میں جماعتوں کا بھی معائنہ فرمایا گیا اور پچاس روپیے بغرض تقسیم شیرینی اور ایک سو ساٹھ روپیہ نظم پڑھنے والے لڑکوں کو عطا فرمائے گئے۔

تنقید و تبصرہ

نظام گزٹ | عثمانیہ یونیورسٹی کے قیام سے ملک میں ادبی فضا پیدا ہو چلی ہے۔ ہر طرف علم کی گرم بازاری کے آثار نمایاں ہیں۔ خدا کا شکر ہے کہ تصنیف و تالیف و صحافت کا کام شروع ہو گیا ہے گزشتہ چند سالوں میں مختلف جرائد اور اخبار حیدرآباد سے نکل پڑے۔ نظام گزٹ بھی اپنی زندگی کا پہلا سال کامیابی کے ساتھ ختم کر رہا ہے۔ سالگرہ نمبر جو اعلیحضرت حضور نظام کی سالگرہ کی یاد میں شائع ہوا ہے، ہمارے خیال میں باطنی خوبیوں کے اعتبار سے اپنے معاصرین پر سبقت لے گیا ہے۔ مضامین نہایت ہی بلند پایہ ہیں۔ نئے معلومات اور اچھوتے خیالات اور جذبات کا کافی ذخیرہ ہے ملک کے بہترین نثار، نقاد اور کہنہ مشق اساتذہ نے چار چاند لگا دئے ہیں۔

شذرات کی ناقدانہ طرز تحریر جو ایک ہفتہ وار اخبار کا مسلک ہونا چاہئے اس پر ظرافت کی ہلکی جھلک دل کش اور موثر ہے "چار مینار کی گپ" نے بسوق کلب اور ملا رموزی کی گلابی اردو کی یاد تازہ کر دی۔ جو کام اس کے ذریعہ لیا جا رہا ہے نہایت مفید ثابت ہوگا۔ سیاسی مسائل بھی اس کے تحت لئے جائیں تو مناسب ہے۔

نظام گزٹ بڑی تقطیع پر شائع ہو رہا ہے۔ رؤسا اور مشاہیر کے بلاکس کے اضافہ سے ایک جدت پیدا کر دی گئی ہے۔ لکھائی چھپائی اصلاح طلب ہے بعض مقامات پر دیدہ ریزی کی ضرورت پڑتی ہے۔ گو یہ شکایت عام ہے مگر اچھا ہوتا کہ نظام گزٹ میں یہ نقص بھی نہ ہو۔

قابل مدیرین نے اس کی تدوین اور ترتیب میں انتہائی محنت اور کاوش سے کام لیا ہے۔ اس کامیابی پر ہم مبارکباد دیتے ہیں۔ سالانہ چندہ (ع) سکۂ ۔

ہنر مند یہ ایک ماہوار رسالہ ہے جو لاہور سے زیرادارت جناب محبوب الٰہی صاحب بی اے ایل ایل بی پلیڈر شائع ہو رہا ہے۔ اقتصادی ضروریات کے مدنظر اس کا مقصد صنعتی، زراعتی اور تجارتی معلومات کی نشر و اشاعت ہے۔ اہل پنجاب نے نہ صرف ادبی خدمات کے لئے کمر ہمت چست باندھی ہے۔ بلکہ ملکی افلاس اور نکبت کے دور کرنے کا بیڑا بھی اٹھایا ہے مقصد اچھا اور مبارک ہے۔ مضامین مفید ہیں۔

قیمت سالانہ (ے) ہے۔ دفتر رسالہ ہنر مند لاہور سے دستیاب ہو سکتا ہے۔

"**مجلہ مکتبہ**" مکتبہ ابراہیمیہ اسٹیشن روڈ نے ملک کی شدید ضرورت کو پورا کرنے کے علاوہ بیڑا اٹھایا ہے کہ علوم جدیدہ کی ترویج اور ادبی کتب کی نشر و اشاعت سے ملک میں علمی فضا پھیلائے۔ مکتبہ کے قیام سے الحمدللہ خاصی کامیابی اور مقبولیت حاصل ہوئی اب اسی مقصد کے تحت "مجلہ مکتبہ" کا اجرا عمل میں آیا ہے جس میں دکھنی ادبیات کو مستقل طور سے جگہ دی جائے گی۔ قدیم اردو کتب میں دکھنیات کا عنصر اچھا خاصا ہے۔ بعید کیا کہ بے شمار جواہر ریزے اب بھی محفوظ ہوں۔ مقصد بہت اچھا ہے کہ دکھن کی حقیقی عظمت بے نقاب کی جائے۔

رسالہ زیر تنقید میں چار مضمون قدیم اردو سے متعلق ہیں۔ جن میں سے قابل ذکر "آٹھویں صدی کی نظم و نثر کا ایک نمونہ" ہے اور مضامین بھی اچھے ہیں مگر بحیثیت مجموعی پہلا نمبر جس آب و تاب کا ہونا چاہیئے تھا، نہیں ہے۔ قابل مدیر کا افتتاحیہ مضمون ان کی دلچسپی اور صحیح مذاق اس امر کی کافی ضمانت ہے کہ رسالہ ترقی کریگا اور ہندوستان کے بہترین رسائل میں گنا جائے گا۔

گشتی کتب خانہ حیدرآباد میں علمی گرم بازاری نے کتابوں کی مانگ بڑھادی ہے لیکن کتابوں کا خریدنا ہر شخص کے بس کی بات نہیں ہے۔ دوسری طرف معدودے چند کتاب خانوں میں وقت کی پابندیوں کی وجہ سے فرصت و اطمینان سے مطالعہ کرنا نصیب نہیں ہوتا۔ عرصہ سے ایک عام ضرورت محسوس ہو رہی تھی کہ عمدہ عمدہ کتابیں ہر کس و ناکس کے مطالعہ میں آسکیں اور کسی پر بار نہ ہو۔ یہ ضرورت گشتی کتب خانہ کے قیام سے بڑی حد تک رفع ہو گئی ہے۔ گشتی کتب خانہ کا نصب العین اولین یہ ہے "ہر جگہ اور ہر شخص کے لئے اردو کتابوں کا مطالعہ آسان کر دیا جائے"۔

چندہ ماہانہ صرف آٹھ آنے یا سالانہ (صہ) ہے اور کتابیں ممبروں کے گھر پر چپراسی پہونچا دیتا ہے سررشتہ تعلیمات کی قدردانی اور مولوی سید محی الدین صاحب بی۔اے مددگار ناظم تعلیمات سرکار عالی و مولوی سید علی اکبر صاحب صدر مہتمم تعلیمات بلدہ کی سرپرستی سے کتب خانہ کو ۱۰ ماہانہ کی امداد ملی ہے جس سے توقع کی جاتی ہے کہ قارئین کے لئے اور زیادہ سہولتیں بہم پہونچائی جائیں گی۔ لیکن ہمارے نزدیک واپسی کتاب کی مدت غیر معین رکھنے سے اراکین کو ایک قسم کی بے اطمینانی رہتی ہے اور کسی کتاب کی دستیابی کا یقین نہیں رہتا۔ اس لئے مناسب ہوگا اگر واپسی کتاب کے لئے ۱۵ دن یا ایک ماہ کی مدت کا تعین کر دیا جائے۔

گشتی کتب خانہ یورپ و امریکہ میں عام چیز ہے لیکن ہندوستان میں نئی تنظیم ہے۔ قوم کو علمی غذا مہیا کرنے کی سعی بلیغ جو فضل اللہ صاحب فرمارہے ہیں قابل تحسین و ہمت افزائی ہے ہماری دلی خواہش ہے کہ یہ بدیسی پودا ہندوستانی آب و ہوا میں بھی پنپے اور خوب پھلے پھولے۔

انجمن اساتذہ مستقر بلدہ حیدرآباد دکن کی
دوسری سالانہ کانفرنس

بصدارت عالیجناب نواب مہدی یار جنگ بہادر ایم اے (آکسن) معتمد سیاسیات سرکار عالی

بروز پنجشنبہ و جمعہ ۶ و ۷ شہر یور ماہ الٰہی ۱۳۳۷ف م ۱۲ و ۱۳ جولائی ۱۹۲۸ء

بمقام سٹی کالج منعقد ہوگی

اراکین انجمن کے علاوہ جو حضرات شریک کانفرنس ہونا چاہیں براہ کرم بہت جلد مجھے اطلاع دیں اور بلدہ پہنچکر شرکت کانفرنس کا ٹکٹ مجھ سے حاصل فرمالیں۔

کانفرنس میں پیش ہونے والی تجاویز پر صرف اراکین انجمن ہی رائے دے سکتے ہیں مدارس بلدہ کے مدرسین کے علاوہ عہدہ داران و ملازمین سررشتہ تعلیمات و معتمدین مدارس امدادی میں سے جو حضرات بہ حیثیت رکن شریک کانفرنس ہونا چاہیں۔ ان سے استدعا ہے کہ بہت جلد مبلغ (چار روپیہ) سکہ عثمانیہ چندہ کی بابت روانہ فرماکر اپنا نام درج رجسٹر کرالیں۔ اس چندہ میں انجمن کے سہ ماہی رسالہ "حیدرآباد ٹیچر" کا ایک سال کا چندہ شریک ہے۔

نوٹ۔ عالیجناب راجہ راجان مہاراجہ سرکشن پرشاد یمین السلطنتہ بہادر پیشکار و صدر اعظم باب حکومت سرکار عالی سے استدعا کی جانے والی ہے کہ از راہ علم پروری نمائش تعلیمی متعلقہ کانفرنس کا اپنے دست مبارک سے افتتاح فرمائیں۔

توقع ہے کہ ہماری یہ استدعا شرف قبولیت حاصل کرے گی فقط

المعلن

سید خیرات علی مددگار مہتمم تعلیمات مستقر بلدہ و معتمد استقبالیہ کمیٹی

One packet ... As. 2
Ten packets ... Re. 1
100 packets ... Rs. 8
Hakim Mohammed
MIRZA KHAN SAHIB
Inspector of Druggists' Shops
Hyderabad-Deccan
SAYS
IXIR-I-DANDAN
is
a cheap and reliable
Indian TOOTH POWDER
Prepared by
LATIFIAH Co.,
No. 4228, Naga Bowli,
Yakootpura,
HYDERABAD Dn.
ناظر عطاراں
اکسیر دنداں
تیار کردہ
IXIR-I-DANDAN
TRADE MARK REGTD. No 107 (1336 Fl.
ITS DAILY USE IS A SAFEGUARD AGAINST
ALL TOOTH TROUBLES.
IT CONTAINS NOTHING WHICH MAY BE INJURIOUS
OR OBJECTIONABLE IN ANYWAY.
IT CAN BE USED AT ANYTIME DURING
DAY AND NIGHT WITH EITHER
HOT OR COLD WATER.

wish to point out that until Government creates a greater demand for technically trained men by developing the economic resources of the State, Government service will continue to be the chief attraction. It is gratifying to find that the authorities are now devoting special attention to the growth of agriculture, industry and commerce in the Dominions. When the efforts which they are making in this direction bear fruit, we feel confident that there will be no lack of educated young men willing to take up agriculture, industry or trade as their profession. In the meantime, steps should be taken for providing better facilities for training in these professions. Some time ago a committee was appointed to consider this question, and we think that it is high time that the recommendations of the committee were published for the information of the public and that necessary action was taken thereon.

We heartily congratulate Nawab Haider Nawaz Jung Bahadur, Minister of Finance, Hyderabad Deccan, on the Knighthood which has been conferred on him. He richly deserved this mark of distinction for the services which he has rendered in the cause of education.

EDITORIAL.

Vocational Education in H. E. H. the Nizam's Dominions.

PRESIDING at the annual prize distribution of the Government Chadderghat High School, Nawab Nizamat Jung Bahadur, M. A., L. L. B. (Cantab), Barrister-at-law, O. B. E., Sadrul-Maham of the Political Department drew special attention to the problem of unemployment among young men who have received a purely literary education in our schools and colleges and emphasised the need for vocational education. "We have," he said, "dozens of schools at the head-quarters and perhaps hundreds of schools in the Dominions, and there is the Osmania University turning out its B. A's and M. A's with the rapidity of Ford cars! What are we going to do for all these men and what are they going to do with themselves?"

The comparison which Nawab Nizamat Jung Bahadur has drawn between the annual out-turn of graduates and the production of Ford cars has naturally given rise to a heated controversy in the local press. The ideas associated with Ford cars led some people to imagine that he was referring to the quality of the graduates of the Osmania University, but a careful perusal of his address shows that he was only thinking of numbers when he drew the above comparison. It is no fault of the University if it produces more graduates than can earn a livelihood worthy of the education which they have received. The fault, in our opinion, lies with our social and economic system, which makes it difficult for them to secure other employment than Government service. We thoroughly endorse Nawab Nizamat Jung Bahadur's appeal to young men that they should learn handicrafts and useful arts, and we agree with him that literary education should not make them superior to such vocations. But we

the 5th April, 1928. The exhibits included posters of English Railway Companies, pictures illustrating English rural and sea-side life and oil paintings and water colours prepared by local amateur artists. But the most interesting feature of the exhibition was the art and craft work of the pupils of the school. The arrangement and classification of the exhibits left nothing to be desired. A large number of teachers and students belonging to other schools availed themselves of the opportunity given them for visiting the exhibition. We congratulate Miss Kelley, Headmistress of the Primary Department, Madrase-Aliya, on the success of the exhibition and trust that other schools will follow the excellent example set by her.

A party of four cyclist scouts under the leadership of Mr. T. N. Sivan of the Government City College left Hyderabad Deccan on push bikes for Mysore, a distance of about 500 miles, on the 16th May, 1928. On arriving at Mysore, they will convey a message of congratulation from H. E. the Maharaja Sir Kishen Pershad Bahadur, President of the Executive Council, Hyderabad Deccan, to His Highness the Maharaja of Mysore on the occasion of the latter's birthday. We have no doubt that this enterprise will, besides promoting co-operation between the Hyderabad and Mysore Scouts, give an impetus to adventure-seeking young men in India. We wish the party every success.

Notes and News.

Nawab Masood Jung Bahadur, B. A. (Oxon), Barrister-at-Law, will retire in the middle of July next after having served as Director of Public Instruction, H. E. H. the Nizam's Dominions, for a period of 12 years. His impending departure from our midst is deeply regretted by all, and by none more than the members of the Hyderabad Teachers' Association, in which he has always taken a keen interest as its patron. During his tenure of office Nawab Masood Jung Bahadur has, by his sterling qualities of head and heart, won the love and esteem of all those who have come into contact with him either officially or otherwise. In order to give expression to their appreciation of the valuable and eminent services rendered by Nawab Masood Jung Bahadur and to their feelings of regard and affection towards him, the members of the Education Department will give a farewell entertainment to him on the eve of his departure. In our next issue we shall publish a review of the remarkable progress in education which has been achieved in these Dominions during his directorship.

The Second Annual Conference of the Hyderabad Teachers' Association will be held at the City College on the 12th and 13th July 1928 under the presidency of Nawab Mehdi Yar Jung Bahadur B. A., (Oxon), Political Secretary to H. E. H. the Nizam's Government. It is expected that the Conference, as well as the educational exhibition which will be held along with it, will be opened by H. E. the Maharaja Sir Kishen Pershad Bahadur, President of the Executive Council.

The Primary Department of the Madrase-Aliya, Hyderabad Deccan, held an Art Exhibition from the 28th March till

school and the Public Examination. Mr. Mayhew came to Hyderabad as an expert adviser and the Hyderabad School Leaving Certificate Examination was modelled on the Madras one.

The School Final system has been working since 1909. And it has been felt by several educationists that, in actual practice, the B group subjects *viz.* Indian History and Elementary Science, have been neglected in schools. For several obvious reasons, the managers of schools are only guided by the examination results and the B group subjects were not included among the subjects for examination. The result of this state of affairs is that a student who joins the Intermediate class in History does not possess sufficient knowledge of Indian History to enable him to follow lectures on that subject. Apart from its utilitarian value, a training in Indian History is of immense value in developing a sense of respect for the past traditions and culture of one's own country. Of course, the history of India, as presented in some of the text-books is not satisfactory. Many portions of it have to be re-written.[a] But it is very necessary that it should be removed from the insignificant place it now occupies and included in the compulsory groups.

S. HANUMANTHA RAO,
Professor of History, Nizam College.

(a) See my paper on The Teaching of History in the Educational Review, Aug. 1925.

elementary grade to attend it. This arrangement would benefit the teaching profession by helping to keep alive in the minds of its votaries the principles of teaching once learnt. The suggested course would cause no inconvenience to teachers or training schools, provided it is arranged in the off-seasons.

In Madras the intermediates are trained along with the matriculates for one year, whereas in Hyderabad the intermediates are trained separately. Our arrangement is decidedly better than that of Madras, because the intermediates have undergone a distinctly higher academic course and may be credited with a larger and wider outlook. Their usefulness as teachers is higher, and they can turn out better work as trained teachers of a superior grade. Thus Madras may very well copy Hyderabad in respect of certain educational reforms.

A. VENKATRAMIAH,
Principal, Government Normal School, Warangal.

III.

Reform of the H. S. L. C. Course.

AT the last meeting of the Academic Council of the Madras University, held on 13th March 1928, it was resolved that the existing syllabuses of the School Leaving Certificate Examination should be modified. The important change contemplated is the abolition of the B group and the inclusion of the subjects of the B group in the other two groups.

The old Matriculation Examination was abolished on the ground that it laid too much emphasis on examinations and too little on school work. It was replaced by the School Final Course, with its division into three groups and an elaborate scheme of moderation of marks obtained at the

addition to giving them professional training. By not discounting the general course the purpose of reduction of the period is defeated. It is neither possible to give satisfactory professional training nor to effect any real improvement in general education. The best place for general education is the high school; and the authorities of the training schools, instead of taking in different men and trying to make efficient teachers of them by including general education in the course, may well select men of good educational attainments from among the passed men and give them a year's sound professional training, instructing them in the right method of teaching the common school subjects. This training should include the study of discipline, psychology, principles of teaching, methods of teaching common school subjects and the actual handling of classes subject to observation and criticism. Experience leads me to make this suggestion.

For any profession to maintain its prestige and efficiency, its votaries should be keenly alive to their responsibilities and strain every nerve to discharge them in full by being up-to-date in their knowledge and enlightened in their methods of procedure. Of all professions, teaching is in danger of most readily deteriorating unless special efforts are made constantly to maintain its ideals. It is, therefore the duty of the educational authorities to provide facilities for teachers, particularly for those in the lower grades, to come into frequent contact with experienced educationists of recognised merit. According to the existing arrangement, teachers under training are discharged after a year and left, therefore, to themselves more or less for life. This arrangement does not help the teachers to be up-to-date. The danger of vegetation is greater. This must be remedied by the institution of what may be called a "Refresher course" extending over from four to six weeks at the end of every five years after training. The department must make it obligatory on all trained teachers of the secondary and

elementary teachers whose general educational qualifications were too low. Consequently orders were issued restricting admission to the three normal schools in the State to "Middle-passed" men. Quite recently additional classes were opened for matriculates and intermediates in the Hyderabad Normal School, which was thus transformed into the Osmania Training College. This was a step in the right direction. Ere long the existing College may undertake to train graduates who may thus be saved the trouble of going elsewhere for completing the B. T. Course.

The name of Nawab Masood Jung Bahadur, our able and popular Director of Public Instruction, is associated with many useful reforms in the Department of Education. The Nawab was not slow to perceive that it was not profitable to keep a teacher in a training school for two long tedious years and that the arrangement was doubly cursed, as it benefited neither the student nor the Educational Department. He found that the expenditure incurred by Government was doubled, while the return was certainly not adequate. He concluded that the interests of education would not materially suffer by having the period of training halved. Accordingly, teachers of all grades—Higher Elementary, Matriculates and Intermediates—have now to spend only one year in the training institutions. This reform should prove satisfactory and convenient to all concerned. History reminds us that it is by no means novel. A system akin to it was once in vogue in Madras and produced good enough results. The disadvantages of the two years' course are now arresting the attention of the Madras educational authorities and it is not unlikely that, in the near future, the period of training will be reduced to one year even in Madras.

True, the course is reduced to one year in Hyderabad; but that is not enough. In this *nominally* one year, but *virtually* nine months, the training schools are saddled with the work of improving the general education of teachers in

II.

Teachers' Training in H. E. H. the Nizam's Dominions.

EXPERIENCE has shown that the general education of every teacher of the young, worthy of the name, whatever the standard of instruction expected of him, whether in rural or urban areas, should be at least of the H. S. L. C. or the matriculation standard. Of course, the higher his qualifications the better must be his teaching. Mr. Thickett in his proposals for the re-organising of Training Schools very rightly points out that, in view of local conditions, the ideal to be gradually worked up to is that no one who has not successfully completed the secondary school course should be permitted to enter the teaching line.

Every teacher must take his profession seriously by making himself technically efficient. Several years ago H. E. H. the Nizam's Government recognised the imperative need for professional training by opening a normal school at Hyderabad for the special purpose of training lower and higher elementary teachers in the State. "Special passed" men and "middle-passed" men were respectively eligible for the two grades of training. The arrangement was to keep the teachers in the training school for two years—one year to add to the students' general knowledge and the other year to be devoted to their professional training.

Subsequently, two new schools arose as a consequence of the valuable recommendations of Mr. Mayhew that Telingana and Marathwadi divisions should have their own training schools on the basis of the vernacular medium of instruction. The Telugu Normal School at Warangal was opened in 1328 Fasli, and the Marathi normal school at Aurangabad in 1329 Fasli.

The proposals of Mr. Thickett made pointed reference to the utter futility of giving professional training to lower

tions by heart; what is required of them is the power to recognize the different parts of speech. The teacher must be able to discriminate language necessities from grammatical luxuries. The classification of adjectives, adverbs, prepositions and conjunctions into classes and sub-classes and of verbs into regular and irregular or into weak and strong is simply superfluous and may be safely passed over to the great relief of the children.

To come to the legitimate scope of grammar. Grammar is synonymous with the laws or principles of language. The truths that grammar teaches are to be found in the language itself. So then, the principles of language as taught theoretically are of no practical value to the child. The teacher has to guide the children to discover the truth for themselves or to draw their attention to the principles involved in the course of the lesson. They need not get the rules by heart. What children require is a working-knowledge of the principles of language which is gained not from grammar but from the language itself by means of *observation*, *inference* and *application*.

To sum up: seeing that the transformation of words has nothing to do with grammar and that the principles of language may be learnt from the language itself, we conclude that the much-dreaded grammar may be eliminated from language-study so far as English is concerned in favour of a natural and effective means of teaching the principles of language.

NARAYANA RAO,
Assistant, Government High School, Medak.

CORRESPONDENCE.

I

The Teaching of English Grammar.

I wish to draw attention to the time-honoured misconceptions regarding the nature and scope of grammar and its place in the teaching of English. English grammar is defined in books on grammar as teaching us how to speak and write English correctly. This definition limits the scope of grammar to the rules of syntax, but in practice the different forms which nouns, pronouns, verbs and adjectives assume for number, gender, case, tenses and for degrees of comparison have been brought under the rules of grammar. Besides the forms above mentioned, there are other forms, namely, noun, verbal, adjectival and adverbial, and these forms are also treated as grammatical forms. If these forms are looked upon as belonging to grammar, then a dictionary in which, besides the meaning of words, details bearing on number, gender and tense, noun, verbal and adjectival forms, and antonyms and roots are also to be found, should be treated as grammar. There is no attempt to see how grammar can create or influence forms. There is no clear notion as to what is language and what is grammar. Grammar has made unwarranted encroachments on language. In spite of the much-talked of modern improvements, there is no attempt to move out of the old groove. The truth that correlated words can be learnt and retained in memory easily as occasions arise has not been recognised as one of the vital principles of language-study. This feature which is a natural and effective means of enlarging the child's vocabulary is neglected. Similarly, the transformation of sentences including direct and indirect is also looked upon as belonging to grammar and forms a special branch of study. Again, a knowledge of the different parts of speech may be gained practically from the language itself without the aid of a grammar-book. The children need not learn the defini-

